45۔	a	46۔	c	47۔	a	48۔	b
49۔	b	50۔	b	51۔	a	52۔	c
53۔	b	54۔	a				

کلاسیکیت

1- کلاسیکیت کا آغاز کس ملک سے ہوا:

(a) جاپان (b) چین

(c) فرانس (d) برطانیہ

2- کلاسیک کے بارے میں ایک مشہور مضمون "کلاسیک کیا ہے" کس مشہور ادیب اور نقاد نے لکھا:

(a) ساں بو (Sainte Benve)

(b) سسرو (Cicero)

(c) ورجل (Virgil)

(d) بفان (Buffon)

3- لفظ کلاسیک سب سے پہلے استعمال کیا:

(a) عربوں نے (b) ایرانیوں نے

(c) رومیوں نے (d) ہندوستانیوں نے

4- رومی کلاسیکی کن لوگوں کو کہتے تھے:

(a) اشرافیہ یعنی امیر لوگ

(b) غریب اور متوسط لوگ

(c) سائنسدان (d) پروفیسر

5- رومی Infra Clssem کن افراد کو کہتے تھے:

(a) متوسط طبقے کے لوگ

(b) کم آمدنی والے لوگ

(c) زراعت سے وابستہ طبقہ

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

6- ساں بو کا کس ملک سے تعلق تھا:

(a) برطانیہ (b) امریکہ

(c) جرمنی (d) فرانس

7- مشہور ادبی شخصیت اولس گیلیس (Aulus Gellius) نے

کلاسیک سے کیا مراد لی ہے:

(a) وہ ادیب جن کی قدر اور حوصلہ افزائی ان کے منفرد اسلوب اور مخصوص انداز بیان سے کی جاتی ہو۔
(b) پُرانا اور نایاب
(c) نوادرات ادب
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

8- ورجل اور سسرو کا تعلق کس ملک سے تھا:

(a) برطانیہ (b) ترکی
(c) یونان (d) چین

9- کس ملک کے ادب میں کلاسیکت کا سرمایہ اولین کے سرمایہ گردانا گیا:

(a) روسی ادب (b) چینی ادب
(c) برطانوی ادب (d) اطالوی ادب

10- ساں بو (Sainte Benve) اپنے مشہور مضمون "کلاسیک کیا ہے" فرانسیسی اکیڈمی کا اولین لغت (۱۶۹۴ء) کے حوالے سے کلاسیک کس مصنف کو کہتا ہے:

(a) پسندیدہ ادب اور سند کا مقام ادب میں رکھتا ہو
(b) جدید ادبی معمار
(c) مشہور نقاد کو
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

11- کلاسیک کا درجہ رکھنے والے مصنف کا اسلوب کیسا ہونا چاہیے:

(a) تصنع سے بھرپور
(b) آسان ہو
(c) اس کا اسلوب ہر عہد کا آئینہ دار ہو
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

12- یونانی ادب کلاسیکی ادب میں کیوں شمار ہوتا ہے:

(a) عام فہم ہونے کی وجہ سے
(b) مشکل پسندی کی وجہ سے
(c) جس ادب میں اسلوب، ہیئت، زبان و بیان اور موضوع جیسی صفات موجود ہوں
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

13- مولیئر نے "آوارے" (Avare) تخلیق کی تا ہے۔ اس کا تعلق کس ملک سے تھا:

(a) چین (b) برطانیہ
(c) فرانس (d) اٹلی

14- "کلاسیک مصنفین دوسروں کے لیے ماڈل کا درجہ رکھتے تھے اور ان کی تخلیقات اور اصول دوسروں کے لیے مشعل راہ تھے" کس محقق کا قول ہے:

(a) ارسطو (b) افلاطون
(c) دانتے (d) ساں بو

15- "پالیوتی" اور "ہوریس" کس ادیب کی تخلیق ہیں:

(a) ساں بو (b) دانتے
(c) مولیئر (d) سسرو

16- لیسنگ (Lessing) مشہور تھا:

(a) غزل گو (b) مورخ
(c) ڈرامہ نگار
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

17- "کلاسیکی ادب صحت مند اور رومانی ادب کو بیمار کہا":

(a) دانتے نے (b) گوئٹے نے
(c) ساں بوں نے
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

18- شاہنامہ اسلام کے خالق فردوسی کلاسیک کہلاتے ہیں۔ ان کا تعلق کس ملک سے تھا:

(a) عراق (b) ایران
(c) ترکی (d) پاکستان

19- جان ملٹن کلاسیک کہلاتے ہیں ان کی کوئی تخلیق بتائیں:

(a) Paradise Lost
(b) An Approach to Literature
(c) Introduction to Literature
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

20- یہ کس نے کہا تھا کہ "جامع کلاسیک میں کسی قوم کی تمام خوبیاں اور جوہر سامنے آتے ہیں یہ اسی زبان میں ہوتا ہے جس میں اپنے تمام جوہر فوری طور پر سمیٹنے کی طاقت موجود ہو"۔

(a) ٹی ایس ایلیٹ (b) جان ملٹن
(c) گوئٹے (d) دانتے

21- گوئٹے کی شاعری دائرے میں آتی ہے:

(a) رومانی (b) ترقی پسند
(c) کلاسیک
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

22- "کلاسیکی ادب وہ ہے جس میں شعوری طور پر پرانے ادب کے اصولوں اور ضوابط کو استعمال کیا جائے اور اس تحریری حسن کی تقلید کی جائے جو پرانے ادب سے اخذ کیا جا سکے" کس کا قول ہے

(a) ہادی حسن
(b) ڈاکٹر ایم۔ ایس۔ آر
(c) یوسف زاہد (d) ڈاکٹر سلیم اختر

23- "کلاسیکیت اور رومانیت" کس نے مرتب کی:

(a) ہادی حسن (b) سلیم الرحمٰن
(c) اسلم فرخی (d) یوسف زاہد

24- میر تقی میر اور ولی دکنی کا شمار ہوتا ہے:

(a) کلاسیکی ادب میں
(b) رومانی ادب میں
(c) ترقی پسند ادب میں
(c) ان میں سے کوئی بھی نہیں

25- غالب اور آتش شاعر ہیں:

(a) کلاسیک (b) ترقی پسند
(c) صوفی
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

جوابات

1.	(c)	2.	(a)	3.	(a)	4	(a)
5.	(b)	6.	(d)	7.	(a)	8	(c)
9.	(d)	10.	(a)	11	(c)	12	(c)
13	(c)	14	(d)	15	(c)	16	(c)
17.	(b)	18	(b)	19	(a)	20	(a)
21.	(c)	22.	(b)	23	(d)	24	(a)
25.	(a)						

سوالاً جواباً

سوال: ولی دکنی کو اردو شاعری کا باوا آدم کیوں کہا جاتا ہے؟
جواب: ولی کو اس اعتبار سے یقیناً ہم باوا آدم کہہ کر اولیت کا تاج ان کے سر پر رکھ سکتے ہیں کہ انہوں نے اردو شاعری کی روایات ترتیب دیں اور ان سے باقاعدہ اردو شاعری کا آغاز ہوا۔

سوال: ولی کی شاعری میں ریختہ گوئی کا آغاز کب ہوا؟
جواب: سفر دہلی کے دوران سعد اللہ گلشن کے مشورے پر ریختہ گوئی کا آغاز ہوا۔

سوال: ولی نے غزل کی بنیاد کن عناصر پر رکھی؟
جواب: ولی نے غزل کی بنیاد فطری عناصر پر رکھی۔

سوال: اردو غزل گوؤں میں ولی کی حیثیت کیا ہے؟
جواب: اس سلسلہ میں ولی کو بجا طور پر اولیت کا مقام حاصل ہے۔

سوال: ولی کے کلام میں کون سی بحروں کا استعمال ہے؟
جواب: ولی نے اپنے کلام میں طویل اور مختصر دونوں قسم کی بحروں کو استعمال کیا ہے۔

سوال: کیا آتش کو ناسخ پر فوقیت حاصل ہے؟
جواب: آتش کو ناسخ پر فوقیت حاصل ہے۔ آتش کے یہاں الفاظ نہایت شیریں اور مزیدار ہیں بخلاف ناسخ کے۔ آتش کے یہاں اشعار نیچرل ہیں جبکہ ناسخ کے کلام میں صرف پُرشکوہ الفاظ ہیں۔

سوال: لکھنؤ کی شاعری کا نمائندہ شاعر ناسخ ہے یا آتش؟
جواب: لکھنؤ کا صحیح نمائندہ تو آتش ہی تھا ناسخ نہ تھا کیونکہ آتش کی شاعری لکھنوی شاعری کی ہی روح لطیف ہے جبکہ ناسخ کی شاعری تو صرف زبان کی شاعری ہے۔

سوال: آتش کی شاعری کی نمایاں خصوصیات کون سی ہیں؟
جواب:
☆ سرور و نشاط کی لہریں۔ ☆ بلند حوصلگی اور عالی ہمتی۔
☆ پُرامید لہجہ اور رجائیت۔ ☆ اردو غزل میں اضافہ۔
☆ قلندرانہ رجحان اور خلوص۔
☆ متوازن عاشقانہ واردات و کیفیات۔

سوال: لکھنؤ کی تہذیب کے دو اہم مقاصد کون سے تھے؟

جواب: مسرت وراحت لکھنؤ کی تہذیب کے دو اہم مقاصد تھے۔

سوال: میر کی شاعری میں الفاظ کی کون سی چار قسمیں بنتی ہیں؟

جواب: 1۔ مصورانہ   2۔ غنائی

3۔ جذباتی   4۔ فکری

سوال: میر جس زمانہ میں پیدا ہوئے اس وقت ملک کن حالات سے دوچار تھا؟

جواب: میر ایک ایسے عہد میں پیدا ہوئے جو سیاسی، سماجی اور معاشی اعتبار سے سخت انتشار اور افراتفری کا دور تھا۔ مغل حکومت کا مرکز کمزور پڑ چکا تھا۔ ہندوستان کے بہت سے صوبے اور ریاستیں خود مختار ہو چکے تھے۔ پورا ملک لوٹ مار کا شکار تھا بیرونی حملہ آور آئے دن حملہ کرتے اور عوام وخواص کو تباہ کر کے رکھ دیتے۔

سوال: میر کے تصور زندگی کے بارے میں کیا بات بڑی واضح ہے؟

جواب: میر کے تصور زندگی کے بارے میں یہ بات بڑی واضح ہے کہ ان کا زندگی کے بارے میں نقطہ نظر حزنیہ تھا۔

سوال: حزن کس غم کا نام ہے؟

جواب: حزن ایسے غم کا نام ہے جو اپنے اندر اعلیٰ تفکر اور تخلیقی صلاحیتیں بھی رکھتا ہے۔ یہ غم ذاتی مقاصد اور ذاتی اغراض کا پرتو نہیں رکھتا، اس غم میں تو سوچ، غور وفکر اور تفکر کو دخل ہے۔

سوال: مومن کی غزل کی فنی اور فکری خصوصیات کیا ہیں صرف نام لکھیے؟

جواب: 1۔ بلند خیالی۔   2۔ حسن لطافت۔

3۔ روایتی اثرات۔   4۔ رعایت لفظی۔

5۔ سہل ممتنع۔   6۔ تلمیحات۔

7۔ نزاکت آفرینی۔   8۔ معاملہ بندی۔

سوال: کیا مومن صرف غزل کے شاعر تھے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: ولی دکنی کی غزل کی نمایاں خصوصیات لکھیے؟

جواب: ولی دکنی کی غزل کی نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ حسن پرستی   2۔ تشبیہ واستعارہ۔

3۔ خارجیت   4۔ عشق

5۔ سراپا نگاری   6۔ شگفتگی وبشاشت

7۔ سلاست اور سہل ممتنع   8۔ روایتی خیالات

سوال: میر تقی میر کی اردو شاعری میں کیا حیثیت ہے؟

جواب: بقول مولوی عبدالحق میر تقی میر سرتاج شعرائے اردو ہیں۔

سوال: میر کے کلام کی نمایاں خصوصیات کون سی ہیں؟

جواب: 1۔ سادگی خلوص اور صداقت۔

2۔ عام لہجہ اور بول چال کا انداز۔

3۔ پرلطف پیرایہ ادا۔

4۔ خطابیہ انداز۔

5۔ میر کا طنز۔

6۔ خوب صورت تشبیہات واستعارات۔

7۔ موسیقی اور غنائیت۔

8۔ تکرار الفاظ اور موسیقی۔

سوال: میر نے اپنی شاعری میں کیسی مصوری کی ہے؟

جواب: میر نے مصورانہ قیمت کے ذریعے لفظوں سے پیکر تراشی کا کام لیا ہے۔

سوال: میر نے نہایت فن کاری سے اپنے کلام میں کون سی دو خصوصیات پیدا کیں؟

جواب: اول یہ کہ موضوعات ایسے چنے جو عام انسانوں کے رنگ و طبیعت کے مطابق ہیں۔ دوم یہ کہ جو انداز اپنایا اس کا لہجہ عام اور بول چال کا انداز ہے۔

سوال: میر کی شاعری کیسی ہے؟

جواب: میر کی شاعری واردات قلبی کی سچی تفسیر وتشریح سے عبارت ہے۔

سوال: میر کی شاعری میں نمایاں عنصر کون سا ہے؟

جواب: میر کی شاعری میں نمایاں عنصر درد وغم کا ہے۔

سوال: میر کی شاعری کے محرکات کیا ہیں؟

جواب: میر کے محرکات شعری اس کے عہد کی بدحالی اور نجی سانحات زندگی سے بغاوت کی حد تک ناآسودگی ہے۔ یعنی غم عشق اور غم روزگار ہی بڑے محرک ہیں۔

سوال: میر کا تصور غم کیسا ہے؟

جواب: میر کا تصور غم تخیلی اور فکری ہے۔ یہ قنوطیت پیدا نہیں کرتا۔

سوال: میر نے اپنی زندگی کے روگ کا اعتراف کیسے کیا؟

جواب: میر نے اپنی خودنوشت سوانح عمری "ذکر میر" اور اپنی مثنوی "خواب وخیال" میں کھل کر اعتراف کیا ہے۔

سوال: میر درد وغم کے شاعر کیسے بنے؟

جواب: میر لڑکپن میں یتیم ہو گئے۔ ایک یتیمی دوسرا اعزہ واقارب کی طوطا چشمی، زمانے کی بے مروتی، بے سروسامانی نے انہیں درد وغم کا شاعر بنا دیا۔

سوال: میر کی شاعری کی نمایاں علامت کون سی ہے؟

جواب: میر کی شاعری کی نمایاں علامت لالہ کاری ہے۔

سوال: کیا میر تقی میر قنوطی شاعر ہیں؟

جواب: میر کو کسی طور پر بھی قنوطی نہیں کہا جا سکتا اگرچہ ان کی زندگی حرمان و یاس اور محرومی و مایوسی کی زندگی تھی پھر بھی ان اندھیروں میں امید کی کرنیں پھوٹتی ہیں۔ میر نے اس احساس کے باوجود زندگی گزارنے کا حوصلہ دیا ہے۔

سوال: میر کی غزلوں کے کتنے دیوان ہیں؟

جواب: چھ دیوان۔

سوال: مومن کی مثنویوں کا تجزیہ کیا جائے تو کیا معلوم ہوتا ہے؟

جواب: بقول نواب کلب علی خان ان مثنویوں کا اگر تجزیہ کیا جائے تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ مومن کی فطرت میں عشق رچا ہوا تھا۔

سوال: مومن نے اردو شاعری میں بعض خوشگوار اضافے کیے ہیں اس سلسلے میں ڈاکٹر سید عبداللہ نے کیا لکھا ہے؟

جواب: بقول ڈاکٹر سید عبداللہ "مومن آخر وہی تو ہیں جن کے قلم نے اردو غزل کو "پردہ نشین" کے استعارے سے روشناس کرایا اور یہ سمجھایا کہ محبت صرف بازاری حسن میں ہی نہیں ہوتی اس کا گزر چلمن کی تیلیوں کے پیچھے بھی ہو سکتا ہے۔"

سوال: اردو زبان کے واحد صوفی شاعر کون ہیں؟

جواب: خواجہ میر درد۔

سوال: میر درد کی غزل میں تغزل کی خصوصیت کس کی بدولت پیدا ہوتی ہے؟

جواب: میر درد کی غزل میں تغزل کی خصوصیت صرف تصوف کی بدولت پیدا ہوتی ہے۔

سوال: میر درد کے کلام میں کون سے عناصر موجود ہیں؟

جواب: میر درد کے کلام میں مجازی عناصر موجود ہیں۔

سوال: میر درد کا تعارف کس نے "آب حیات" میں کرایا؟

جواب: میر درد کا تعارف محمد حسین آزاد نے "آب حیات" میں کرایا۔

سوال: خواجہ میر درد کی شاعری کی نمایاں خصوصیات کیا ہیں۔ صرف نام لکھیے:

جواب: خواجہ میر درد کی شاعری کی نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ تصوف   2۔ وحدۃ الوجود

3۔ عشق حقیقی ومجازی   4۔ احساس زیاں

5۔ سوز وگداز   6۔ عشق تعلی

سوال: درد کے یہاں کیا باہم دگر مربوط ہیں؟

جواب: درد کے یہاں عشق اور تصوف ایک دوسرے سے الگ نہیں باہم دگر مربوط ہیں۔

سوال: میر درد کا ایک شعر لکھیے؟

جواب: درد کا شعر:

نظر میرے دل کی پڑی درد جس پر
جدھر دیکھتا ہوں ادھر تو ہی تو ہے

سوال: درد کا تعلق صوفیا کے کس گروہ سے تھا؟

جواب: درد کا تعلق صوفیوں کے اس گروہ سے تھا جو قول کے ساتھ عمل کو بھی سامنے رکھتے ہیں۔

سوال: میر درد کے ہاں ہمیں تمام خیالات اور مضامین میں کیا چیز اہم ہے؟

جواب: میر درد کے ہاں ہمیں وہ تمام خیالات اور مضامین ملتے ہیں جو تصوف کی جان ہیں۔

سوال: درد کے تصوف اور عشق حقیقی کی آگ بنیادی طور پر ایک ہی شے ہیں اس کے متعلق درد کا شعر لکھیے؟

جواب: درد لکھتے ہیں:

آتش عشق جی جلاتی ہے
یہ بلا جان ہی پہ آتی ہے

سوال: کہیں کہیں درد کے ہاں وحدت الوجود کے علاوہ وحدت الشہود کا رنگ بھی دکھائی دیتا ہے، اس سلسلے میں درد کا کوئی شعر لکھیے؟

جواب: درد لکھتے ہیں:

آواز نہیں قید میں زنجیر کی ہرگز
ہرچند کہ عالم میں ہوں عالم سے جدا ہوں

سوال: کیا خواجہ میر درد نے دہلی شہر پر بیرونی اور اندرونی حملوں اور دوسرے حالات کی وجہ سے شہر چھوڑ دیا؟

جواب: درد نے دہلی شہر چھوڑ کر کہیں اور جانے کی کوشش نہیں کی۔ انہوں نے زمانے کے حالات کو اپنے اندر رچاتے ہوئے اپنی شاعری میں پیش کیا۔

سوال: غالب کی شاعری میں انسانی زندگی کے متعلق کیا کہا ہے؟

جواب: غالب کی شاعری میں انسانی زندگی کا وسیع مشاہدہ ہی نہیں بلکہ اس کے بارے میں بعض بلند اور روحانی اشارے بھی ملتے ہیں۔

سوال: غالب کی شاعری کی ایک نمایاں خصوصیت استدلالی انداز بیان ہے اس سلسلے میں پروفیسر اسلوب احمد انصاری کیا کہتے ہیں؟

جواب: پروفیسر اسلوب احمد انصاری تحریر فرماتے ہیں:

"غالب صرف جذبات کا تجزیہ ہی نہیں کرتے بلکہ ان میں باہمی تعلق پیدا کرنے کی کوشش بھی کرتے ہیں۔ محبت ان کے لیے کوئی ایسا جذبہ نہیں جو فطری طریقے سے دلکش محاکات میں ڈھل جائے بلکہ یہ ایک گرم تیز رو ہے جو شخصیت کے اندر انقلاب پیدا کرتی ہے۔"

سوال: غالب کی غزل کی نمایاں خصوصیات کے صرف نکات لکھیں:

جواب: غالب کی غزل کی نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ استدلالی انداز بیان۔
2۔ جدت پسندی۔
3۔ معانی کی پہلوداری۔
4۔ رجائیت۔
5۔ لطافت خیال اور نکتہ آفرینی۔
6۔ زندگی کا حقیقت پسندانہ تصور۔
7۔ طنز و مزاح، شوخی و ظرافت۔
8۔ زندہ دلی اور خوش طبعی۔
9۔ پیکر تراشی اور تصویر کاری۔
10۔ زبان اور طرز ادا۔

سوال: شاعری میں غالب کا لب ولہجہ کیسا ہے؟ صرف تین سطروں میں بیان کریں؟

جواب: غالب کی شاعری میں ان کا لب ولہجہ بھی قابل توجہ ہے۔ وہ سیدھے اور سپاٹ انداز کو ناپسند کرتے ہیں۔ چنانچہ ان کے اشعار کا لب ولہجہ بالعموم چونکا دینے والا ہے۔ عموماً وہ ایک ڈرامائی شان پیدا کر لیتے ہیں۔ اس ڈرامائیت سے یہ اشعار زندگی کی گہما گہمی سے قریب آ جاتے ہیں اور پڑھنے والے کی دلچسپی بھی بڑھ جاتی ہے۔

سوال: غالب کی جدت پسند طبع کے متعلق شعر لکھیے:

جواب: غالب لکھتے ہیں:

بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

ہوس کو ہے نشاط کار کیا کیا
نہ ہو مرنا تو جینے کا مزا کیا

سوال: غالب اور اقبال میں اشتراک کی شناخت کس نے کی؟

جواب: ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے غالب اور اقبال میں اشتراک کی شناخت کی۔

سوال: علامہ اقبال کی اس کتاب کا نام لکھیے جس کی غزلیں بہترین غزلوں میں شمار ہوتی ہیں؟

جواب: "بال جبریل"

سوال: اردو شاعری براہ راست کس زبان کی شاعری کے زیر اثر ہے؟

جواب: اردو شاعری براہ راست فارسی شاعری کے زیر اثر ہے۔

سوال: غالب کے تصور عشق کی پانچ خصوصیات کے صرف نکات درج کریں؟

جواب: غالب کے تصور عشق کی خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ غالب عشق کی اہمیت کے اس قدر قائل ہیں کہ وہ اس کے بغیر انجمن ہستی کو بے رونق سمجھتے ہیں۔
2۔ غالب عشق کی بزم آرائی کا دم تو عمر بھر بھرتے رہے مگر اس کی راہ میں حقیقی قربانی نہ دے سکے۔
3۔ غالب کے نزدیک عشق کی وسعت آفاق گیر ہے۔
4۔ غالب کے تصور عشق میں جینے کا مزہ عشق ہی میں ہے۔
5۔ غالب کے نزدیک عشق اپنا اثر کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔

سوال: عشق کے متعلق غالب کا ایک شعر لکھیے؟

جواب: غالب لکھتے ہیں:

عشق پر زور نہیں ہے یہ وہ آتش غالب
کہ لگائے نہ لگے اور بجھائے نہ بجھے

سوال: غالب کے تصور حسن سے کیا مراد ہے؟

جواب: غالب کے نزدیک تصور حسن ان کے محبوب کی ذات میں وہ تمام خصوصیات جمع ہو گئی ہیں جو حسن کے سلسلے میں غالب کو پسند ہیں۔

سوال: غالب کے تصور حسن کے متعلق ایک شعر درج کریں؟

جواب: غالب لکھتے ہیں:

سب کو مقبول ہے دعویٰ تیری یکتائی کا
روبرو کوئی بت آئینہ سیما نہ ہوا

سوال: اردو غزل پر کس کا اثر اب تک قائم ہے؟

جواب: غالب کا اثر اردو غزل پر اب تک قائم ہے۔

سوال: "گلزار نسیم" یا "سحر البیان" کس میں لکھنوی عناصر کم ہیں؟

جواب: "گلزار نسیم" کے مقابلے میں "سحر البیان" میں لکھنوی عناصر کم ہیں۔

سوال: مثنوی "سحر البیان" کا اسلوب اور لب ولہجہ کیسا ہے؟

جواب: اس مثنوی کا اسلوب، لب ولہجہ دہلوی ہے۔ تکلفات کا زور وہ نہیں ہے جو بعد میں "گلزار نسیم" کی صورت میں نمودار ہوا۔

سوال: غالب کی اس مثنوی کا نام لکھیے جو مشہور ہونے کے باوجود ہر دلعزیز نہ ہو سکی؟

جواب: غالب کی اس مثنوی کا نام "مثنوی درصف انبہ" ہے۔

سوال: "سحر البیان" کی کہانی میں بادشاہ کے ہاں جو بیٹا پیدا ہوا اس کا کیا نام رکھا؟

جواب: اس کا نام اس کی خوب صورتی اور مردانہ وجاہت کے پیش نظر "بے نظیر" رکھا۔

سوال: جب پری ماہ رخ بادشاہ کے بیٹے پر عاشق ہو گئی اور اسے اپنے ساتھ قبرستان لے گئی تو اس وقت اس لڑکے کی عمر کیا تھی؟

جواب: اس وقت اس کی عمر بارہ سال تھی۔

سوال: کس اعتبار سے "سحر البیان" کو دور جدید کی کہانیوں کے مقابل رکھا جا سکتا ہے؟

جواب: سیرت کشی کے اعتبار سے "سحر البیان" کو دور جدید کی کہانیوں کے مقابل رکھا جا سکتا ہے۔

سوال: "سحر البیان" کی فنی اور فکری خوبیاں کیا ہیں؟

جواب: "سحر البیان" کی فنی اور فکری خوبیاں درج ذیل ہیں:

1۔ زبان و بیان اور کردار نگاری۔
2۔ واقعات نگاری۔
3۔ جذبات نگاری۔
4۔ تہذیب و تمدن کی عکاسی۔

سوال: میر حسن نے سحر البیان میں جس معاشرت کی تصویر کھینچی ہے وہ کس کے متعلق ہے؟

جواب: وہ نوابان اودھ لکھنؤ سے متعلق ہے۔

سوال: "سحر البیان" میں جو نسوانی کردار ہیں ان کے نام لکھیے؟

جواب: 1۔ شہزادی بدر منیر 2۔ نجم النساء
3۔ ماہ رخ

سوال: "سحر البیان" ایک فرضی قصہ ہے یا حقیقی اور اس کو کیا کہہ کر پیش کیا جاتا ہے؟

جواب: "سحر البیان" ایک فرضی قصہ ہے جس کو ایران اور توران کا قصہ کہہ کر پیش کیا گیا ہے۔

سوال: مثنوی "گلزار نسیم" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: مثنوی "گلزار نسیم" از پنڈت دیا شنکر نسیم۔

سوال: "گلزار نسیم" کی فنی خصوصیات کیا ہیں، صرف نکات لکھیے؟

جواب: "گلزار نسیم" کی فنی خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ منظر نگاری 2۔ الفاظ کی بندش
3۔ اختصار 4۔ تصنع نگاری
5۔ مکالمات 6۔ جذبات نگاری

ترنیمسیات 8۔ ضرب الامثال

سوال: پانچ وہ عناصر لکھیے جو "سحر البیان" اور "گلزار نسیم" دونوں میں مشترک ہیں؟

جواب: درج ذیل عناصر مشترک ہیں:

1۔ فرضی قصص پر مشتمل ہونا۔

2۔ منظر نگاری۔

3۔ صنائع و بدائع اور بندش الفاظ۔

4۔ قصے کا بہاؤ یا ٹیمپو۔

5۔ مکالمات۔

سوال: "گلزار نسیم" میں کس کا قصہ بیان کیا گیا ہے؟

جواب: "گلزار نسیم" میں تاج الملوک اور گل بکاؤلی کا قصہ ہے۔

سوال: کہانی کا ہیرو اردو غزل کا کیا ہوتا ہے؟

جواب: کہانی کا ہیرو اردو غزل کا مثالی عاشق ہوتا ہے۔

سوال: میر انیس کا کارنامہ کیا ہے؟

جواب: میر انیس کا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے مرثیہ کو جانبہ اور صنفیہ شاعری کا بے مثال شاہکار بنادیا اور اردو میں رزمیہ (Epic) کی کمی پوری کر کے اردو شاعری کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنا دیا۔

سوال: میر انیس کی واقعہ نگاری مشاہدے کی نسبت کس بات کی مرہون منت ہے؟

جواب: میر انیس کی واقعہ نگاری مشاہدے سے زیادہ تخیل کی مرہون منت ہے۔

سوال: میر ضمیر نے کون سی زبان استعمال کی ہے؟

جواب: میر ضمیر نے دہلی کی ٹکسالی زبان استعمال کی ہے۔

سوال: میر انیس کے مرثیہ کی تین خصوصیات لکھیے؟

جواب: انیس کے مرثیہ کی خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ فصاحت۔

2۔ بحروں کا انتخاب اور حسن قافیہ و ردیف

3۔ انیس کی بلاغت۔

سوال: فصاحت کی تعریف کریں؟

جواب: فصاحت کی تعریف یہ ہے کہ شعر میں جو حروف آئیں ان میں تنافر نہ ہو الفاظ نامانوس نہ ہوں۔ قواعد حرفی کے خلاف نہ ہو

سوال: انیس کے مرثیہ کی سب سے پہلی خصوصیت کیا ہے؟

جواب: انیس کے مرثیہ کی سب سے پہلی خصوصیت ان کی فصاحت ہے۔

سوال: واقعہ نگاری کا فن کس کا خاصہ ہے؟

جواب: واقعہ نگاری کا فن انیس کا خاصہ ہے۔

سوال: میر انیس کے مرثیہ کا پہلا قطعہ لکھیے؟

جواب:

جب قطع کی مسافت شب آفتاب نے
جلوہ کیا سحر کے رخ بے حجاب نے
دیکھا سوئے فلک شہ گردوں رکاب نے
مڑ کر صدا رفیقوں کو دی اس جناب نے

سوال: میر انیس کا مرثیہ کس کے متعلق ہے؟

جواب: یہ مرثیہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت سے تعلق رکھتا ہے۔

سوال: اردو شاعری کو عوام کا ورثہ کس نے بنایا؟

جواب: نظیر اکبر آبادی نے۔

سوال: پہلا عوامی شاعر کون تھا؟

جواب: نظیر اکبر آبادی۔

سوال: نظیر کے موضوعات میں سے پانچ کے نام لکھیے؟

جواب: 1۔ شہر آشوب اور سیاسی کوائف پر تبصرہ

2۔ اقتصادیات

3۔ مفلسی کی فلاسفی اور طبقاتی شعور

4۔ اخلاقی حالت

5۔ مکافات عمل کا تصور

سوال: نظیر اکبر آبادی کا سب سے بڑا کارنامہ اردو شاعری میں کس کی ترویج ہے؟

جواب: نظیر اکبر آبادی کا سب سے بڑا کارنامہ اردو شاعری میں "مقامیت" کی ترویج ہے۔

سوال: نظیر کا من پسند موضوع کیا ہے؟

جواب: انسانی زندگی نظیر کا من پسند موضوع ہے۔

سوال: اردو کے اس پہلے شاعر کا نام بتایئے جس نے مقامی اور غیر مقامی تہواروں کے متعلق لکھا؟

جواب: نظیر اکبر آبادی۔

سوال: 27 دسمبر 1797ء کو آگرہ میں کونسا شاعر پیدا ہوا؟

جواب: مرزا غالب۔

سوال: غالب کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: مرزا اسد اللہ خاں غالب۔

سوال: یادگار غالب کس چیز پر مشتمل ہے؟

جواب: مرزا غالب کی سوانح حیات پر۔

سوال: مرزا غالب کا نثر میں مجموعہ کس عنوان سے شائع ہوا؟

جواب: اردوئے معلیٰ۔

سوال: مرزا غالب نے کس رسالہ کو سیف الحق کے فرضی نام سے لکھا؟

جواب: لطائف غیبی کو۔

سوال: سبد چین کس کی تصنیف ہے؟

جواب: مرزا غالب کی۔

سوال: مرزا غالب کی تصنیف سبد چین میں کیا شامل ہے؟

جواب: قصائد، قطعات اور خطوط۔

سوال: غالب نے اپنی تصنیف "پنج آہنگ" میں کس کے اصول بیان کیے ہیں؟

جواب: انشاء پردازی کے۔

سوال: مرزا غالب کی مثنویاں کتنی ہیں؟

جواب: گیارہ۔

سوال: "مشکلات غالب" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: علامہ نیاز فتح پوری کی۔

سوال: "روحِ غالب" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: صوفی غلام مصطفیٰ تبسم۔

سوال: کس دیوان میں غالب کی تقریباً تمام غزلیں شامل ہیں؟

جواب: "نگارستان سخن" میں۔

سوال: فتنہ آشوب غالب کس کو کہتے ہیں؟

جواب: جنگ آزادی 1857ء کو۔

سوال: دیوان غالب کو کس نے ہندوستان کی الہامی کتاب قرار دیا؟

جواب: ڈاکٹر عبدالرحمان بجنوری نے۔

سوال: نگارستان سخن کن شعراء کے دیوان کا مجموعہ ہے؟

جواب: ذوق، غالب اور مومن کے۔

سوال: "مہر نیم روز" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: مرزا اسد اللہ غالب۔

سوال: غالب کی اردو میں اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب: 1۔ دیوان غالب

2۔ عود ہندی

3۔ اردوئے معلیٰ (خطوط غالب)

4۔ مکاتیب غالب

5۔ نکات غالب و رقعات غالب

6۔ قادر نامہ وغیرہ

سوال: غالب کی فارسی میں اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب:

1۔ کلیات فارسی	2۔ قاطع برہان
3۔ دستنبو	4۔ درفش کاویانی
5۔ مہر نیم روز	6۔ سبد چین
7۔ سبد باغ دودر	8۔ دعائے صباح
9۔ نامہ غالب	10۔ کلیات نثر فارسی
11۔ پنج آہنگ	12۔ متفرقات غالب

سوال: دیوان غالب پہلی بار کب شائع ہوا؟

جواب: اکتوبر 1841ء میں۔

سوال: دیوان غالب کتنے صفحات پر مشتمل تھا؟

جواب: 108 صفحات پر۔

سوال: دیوان غالب میں اشعار کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: 1096 اشعار۔

سوال: عود ہندی کے خطوط کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: ایک سو تریسٹھ کے لگ بھگ

اُردو شاعری اٹھارہویں اور انیسویں صدی میں

1- ولی دکنی نے اپنی شاعری میں کس روپہ کو پروان چڑھایا:

(a) فارسی کے ساتھ اردو شاعری کو بھی پروان چڑھایا
(b) فارسی کی حمایت میں محاذ بن گیا
(c) فارسی، عربی اور اردو شاعری کی تین روئیں چل نکلیں
(d) فارسی کی جگہ اردو شاعری نے لینا شروع کردی

2- اردو شاعری کی مقبولیت کا فارسی شعراء نے کس طرح جواب دیا؟

(a) اردو میں شاعری شروع کردی
(b) فارسی کے دفاع میں محاذ قائم کیا
(c) اردو شاعری کی تضحیک کرکے اس کی قدر و قیمت گھٹانے کی کوشش کی
(d) اردو شاعری کو گھٹیا قرار دے دیا

3- وہ کونسا شاعر تھا جس نے دلی میں فارسی مشاعرے ترک کرکے ریختہ مشاعرے کروانے شروع کردیئے؟

(a) شاہ حاتم (b) خان آرزو
(c) میر (d) ذوق

4- اردو شاعری کو جب فارسی کا مقابلہ کرنا پڑا تو اس کا رنگ کیسا ہوگیا؟

(a) اس میں صنعت ایہام غالب آگئی
(b) اس میں نقاشی زیادہ ہوگئی
(c) فکری عناصر کی فراوانی ہوگئی
(d) فکری اور فنی عوامل زیادہ ہوگئے

5- کس عہد میں ایہام گوئی نے باقاعدہ تحریک کی صورت اختیار کرلی؟

(a) عہد شاہ جہاں میں
(b) بہادر شاہ ظفر کے دور میں
(c) فرخ سیر کے عہد میں
(d) محمد شاہی عہد میں

6- اردو شاعری میں ایہام کس زبان کی شاعری کا اثر ہے؟

(a) ہندی (b) فارسی
(c) عربی (d) ترکی

7- اردو شاعری میں ایہام کو فروغ دینے والی سب سے اہم شخصیت کونسی تھی؟

(a) شاہ مبارک آرزو (b) جعفر زٹلی
(c) خان آرزو (d) خواجہ محمد عطا

8- شاعری میں "دہلویت" سے کیا مراد لی جاتی ہے؟

(a) دل میں درد اور جذبات میں گہرائی
(b) خیالات میں بلندی ہو اور متانت ہو
(c) زبان رواں سلیس (d) سبھی

9- دبستان دلی کا پہلا دور اخیر عہد عالمگیری سے شروع ہوکر عہد فرخ سیر تک محیط ہے۔ اس دور کے قابل ذکر شاعر کونسے ہیں؟

(a) خواجہ محمد عطا (b) جعفر زٹلی
(c) اٹل (d) سبھی

10- دبستان دلی کا دوسرا دور ولی دکنی کے اثرات کا مرہون منت ہے۔ اس دور میں اردو شاعری کی نمایاں ترین خصوصیت کونسی نظر آتی ہے؟

(a) صنعت لف ونشر (b) مجاز مرسل
(c) مضمون بندی (d) ایہام گوئی

11- وہ کونسی صنعت ہے جو رعایت لفظی کا ایک مخصوص انداز ہے اور اس صنعت کا تمام تر دارومدار ذومعنی الفاظ کے فنکارانہ استعمال پر ہوتا ہے؟

(a) صنعت تضاد (b) صنعت لف ونشر
(c) مجاز مرسل (d) صنعت ایہام

12- دلی میں شاہ مبارک آبرو، مضمون اور یک رنگ کی وجہ شہرت ان کی شاعری کا کون سا مخصوص رنگ تھا؟

(a) ایہام گوئی (b) مضمون بندی
(c) ریختہ گوئی (d) تصوف

13- مغلوں کی درباری سازشوں اور بیرونی حملوں نے دہلی کے عوام کو کس طرف مائل کردیا؟

(a) شاعری کی طرف (b) تصوف کی جانب
(c) ذومعنی الفاظ کے استعمال کی جانب

(d) لوٹ مار کی طرف

14- ایہام گو شعراء نے ذومعنی الفاظ کا بے دریغ استعمال کیا اور اس وقت کی شاعری پر تصنع غالب آگیا۔ اس سے اردو شاعری کو کیا فرق پڑا؟

(a) اردو شاعری مشکل سمجھ کر ترک کردی گئی
(b) اردو شاعری فکری عناصر سے خالی ہوگئی
(c) اردو شاعری تصوف سے خالی ہوگئی
(d) کوئی نقصان نہیں ہوا

15- کن شعراء کی بدولت اردو شاعری پر ایہام گوئی کا غلبہ اتر گیا؟

(a) خان آرزو (b) شاہ حاتم
(c) درد، میر اور غالب (d) میر انیس اور دبیر

16- ایہام گوئی کے خلاف سب سے پہلے ردعمل کن شعراء نے شروع کیا؟

(a) میر اور سودا b) سودا اور شاہ حاتم
(c) میر اور غالب
(d) شاہ حاتم، مرزا مظہر جان جاناں اور سودا

17- دلی میں ایہام گوئی کے بانیوں میں سے اہم شاعر شاہ حاتم ہیں بتائیں ایہام گوئی کے ردعمل کے طور پر تحریک اصلاح زبان دلی میں کس نے شروع کی؟

(a) خان آرزو (b) یک رنگ
(c) تاباں (d) شاہ حاتم

18- شاہ حاتم نے ایہام گوئی ترک کرکے اصلاح زبان کی تحریک کا آغاز کیا جس کے زیر اثر انہوں نے اپنے کلام میں ایہام پر مبنی اشعار نکال دیے۔ باقی ماندہ دیوان کا انہوں نے کیا نام رکھا؟

(a) دیوان زادہ (b) حاتم زادہ
(c) دیوان حاتم (d) شہزادہ

19- "دیوان زادہ" کی اصلاح زبان کے علاوہ دوسری اہم خصوصیت کیا ہے؟

(a) آزاد نظمیں شامل ہیں
(b) مقدمہ فارسی میں لکھا ہوا ہے
(c) اس کے مقدمہ میں شاعری پر تنقیدی خیالات ملتے ہیں
(d) مقدمہ عربی زبان میں لکھا ہوا ہے

20- دہلی کے متقدمین شعراء کا سب سے شاندار دور کون سا تھا؟

(a) دوسرا (b) تیسرا
(c) چوتھا (d) پہلا

21- مظہر، میر، سودا، درد اور فغاں کا دبستان دلی کے کون سے دور سے تعلق تھا؟

(a) دوسرے دور سے (b) چوتھے دور سے
(c) تیسرے دور سے (d) پانچویں دور سے

22- دبستان دلی کے تیسرے دور کی شاعری کے نتیجہ میں قدیم ہندی اور دکنی زبان متروک ہوگئی اور پہلے سے زیادہ خوش تر اور زیادہ متوازن زبان وجود میں آئی جو پورے شمالی ہندوستان میں مقبول و معروف ہوگئی۔ اس زبان پر کس زبان کے الفاظ کا غلبہ تھا؟

(a) فارسی (b) عربی
(c) فارسی اور سنسکرت (d) فارسی اور عربی

23- ایہام گوئی کے خلاف ردعمل کی تحریک کو کیا نام دیا جاتا ہے؟

(a) ترک ایہام گوئی (b) سادگی کی تحریک
(c) اصلاح زبان و بیان کی تحریک
(d) اصلاح زبان کی تحریک

24- اصلاح زبان کی تحریک کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

(a) فارسی الفاظ، تراکیب اور صنعتوں کا استعمال
(b) ہندی الفاظ، تراکیب اور صنعتوں کا استعمال
(c) سنسکرت الفاظ، تراکیب اور صنعتوں کا استعمال
(d) تراکیب اور صنعتوں کا استعمال

25- درج ذیل الفاظ "نکات الشعراء" کے مصنف کے ہیں:

"فارسی کی محض وہ ترکیبیں لائی جائیں جو زبان ریختہ کے مناسب ہوں۔ ایسی ترکیبیں جو ریختہ کے لیے نامانوس ہوں، معیوب ہوں۔ اس کا جاننا بھی سلیقہ شاعری پر موقوف ہے۔ میں نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے۔ اگر فارسی ترکیب گفتگوئے ریختہ کے مطابق ہو تو مضائقہ نہیں"۔

بتائیں "نکات الشعرا" کے مصنف کون تھے؟

(a) سودا (b) غالب
(c) میرتقی میر (d) ذوق

26- کونسا دور شاعری کا "عہد زریں" کہلاتا ہے؟

(a) غالب، ذوق اور ظفر کا دور
(b) میر، سودا اور درد کا دور
(c) ولی کا دور (d) شاہ حاتم کا دور

27- وہ کونسا بادشاہ تھا جس کے دور میں سیاسی اور اخلاقی حالات اپنی انتہائی پستی کو پہنچ گئے لیکن اردو شاعری کو ترقی حاصل ہوئی؟

(a) بہادر شاہ ظفر (b) فرخ سیر
(c) محمد شاہ (d) اورنگزیب عالمگیر

28- دلی کی بربادی میں مغلیہ خاندان کی کمزوری اہم ترین وجہ تھی، اس کمزوری کے نتیجے میں 1739ء میں نادر شاہ نے دلی کی اینٹ سے اینٹ بجا ڈالی۔ 1749ء میں احمد شاہ ابدالی نے حملہ کیا اور مرہٹوں نے یلغاریں کیں۔ احمد شاہ ابدالی نے دلی میں دوبارہ کس سال آکر لوٹ مار کی؟

(a) 1750ء (b) 1751ء
(c) 1752ء (d) 1754ء

29- "نکات الشعراء" کی بدولت میر کا بحیثیت نثر نگار کیا مقام ہے؟

(a) پہلے نثر نگار قرار پائے
(b) پہلے محقق قرار دیے گئے
(c) پہلے انشائیہ نگار قرار دیے گئے
(d) پہلے نقاد قرار دیے گئے

30- کس شاعر کو "قنوطی شاعر" کہا جاتا ہے؟

(a) میر (b) سودا
(c) درد (d) حاتم

31- میر کے کتنے دواوین ہیں؟

(a) چار (b) پانچ
(c) چھ (d) سات

32- میر بنیادی طور پر غزل کے شاعر تھے لیکن انہوں نے مسدس، مخمس، رباعیات اور قطعے وغیرہ بھی کہے۔ غزل کے بعد ان کی وجہ شہرت کونسی صنف شاعری ٹھہری؟

(a) قصیدہ (b) مثنوی
(c) نظم (d) رباعیات

33- دلی کے دبستان میں وہ کونسا شاعر ہے جس کے کلام کی نمایاں خصوصیات سادگی، جذبات کا رچاؤ، احساس کی گھلاوٹ، اشعار میں گفتگو اور مکالمہ کا انداز، طویل بحروں میں مترنم الفاظ کا استعمال، موسیقیت اور مختصر بحروں میں الفاظ کی ترتیب سے صوتی آہنگ پیدا کرنا ہیں؟

(a) سودا (b) غالب
(c) میر (d) سودا

34- جگر نامہ، شعلہ عشق، جوش عشق، دریائے عشق، اعجاز عشق، معاملات عشق اور خواب وخیال اردو کی خاص اور اہم مثنویاں ہیں۔ یہ کس شاعر کی ہیں؟

(a) درد (b) غالب
(c) سودا (d) میر

35- میر کے شہر آشوب "در ہجو لشکر" اور "در حال لشکر" اردو شاعری میں نہایت اہم ہیں۔ یہ دونوں شہر آشوب کس شہر کی بربادی و تباہی کا مرثیہ ہیں؟

(a) لکھنو (b) کلکتہ
(c) دلی اور لکھنو (d) دلی

36- یہ الفاظ کس شاعر کے ہیں "میرا کلام کوئی شخص نہیں سمجھ سکتا جب تک کہ وہ اس زبان سے واقف نہ ہو جو دلی کی جامع مسجد کی سیڑھیوں پر بولی جاتی ہے"؟

(a) میرتقی میر (b) درد
(c) سودا (d) شاہ حاتم

37- دبستان دلی کو وہ کونسا شاعر ہے جس نے تصوف کو اپنی شاعری کا سب سے بڑا موضوع بنایا؟

(a) میر (b) سودا
(c) میر درد (d) ناسخ

38- دلی کی تباہی و بربادی کے نتیجے میں وہاں کے تقریباً تمام شعراء وہاں سے کوچ کر گئے۔ وہ کونسا اہم شاعر ہے جس نے دلی کو چھوڑنا گوارا نہ کیا؟

(a) ناسخ (b) درد
(c) سودا (d) میر

39- ولی کے کس شاعر کے کلام میں الفت الٰہی، توکل، تسلیم و رضا اور انسان دوستی کے ساتھ ساتھ عشق مجازی کی جھلکیاں پائی جاتی ہیں؟

(a) میر (b) درد
(c) درد (d) ناسخ

40- دبستان دلی کے تیسرے دور کے اہم ترین شعراء میں میر اور درد کے علاوہ کس کا نام آتا ہے؟

(a) ناسخ (b) خان آرزو
(c) غالب (d) مرزا محمد رفیع سودا

41- سودا کی وجہ شہرت قصیدہ نگاری اور غزل کے علاوہ اور کونسی ہے؟

(a) مثنوی (b) رباعی
(c) مرثیہ (d) ہجو نگاری

42- ہجو شیدی فولاد کوتوالی، مثنوی در ہجو امیر دولت مند بخیل، قصیدہ تضحیک روزگار کس شاعر کی ہجویات ہیں؟

(a) سودا (b) میر
(c) جعفر زٹلی (d) ناسخ

43- سودا کی قادر الکلامی کونسی صنف شاعری میں مانی جاتی ہے؟

(a) غزل گوئی (b) مرثیہ نگاری
(c) قصیدہ نگاری (d) مثنوی نگاری

44- دبستان دلی کے تیسرے دور میں اختراع اور صنعت گری کا نمائندہ کونسا اہم شاعر ہے؟

(a) میر (b) سودا
(c) غالب (d) انشاء

45- انشاء، مصحفی، جرأت اور رنگین دبستان دلی کے کس دور سے تعلق رکھتے تھے؟

(a) تیسرے (b) پانچویں
(c) چوتھے (d) چھٹے

46- دبستان دلی کے چوتھے دور میں کس شاعر نے اردو زبان کی ترقی اور توسیع کے لیے نت نئے تجربات کیے؟

(a) مصحفی (b) جرات
(c) میر (d) سید انشاء

47- دبستان دلی کے چوتھے دور کا وہ کونسا شاعر ہے جس نے شاعری کی پرانی روش کو برقرار رکھا؟

(a) رنگین (b) جرات
(c) انشاء (d) مصحفی

48- دبستان دلی میں ریختی کا موجد کونسا شاعر تھا؟

(a) رنگین (b) میر
(c) جرأت (d) مصحفی

49- ریختی کو پروان چڑھانے میں رنگین کے علاوہ کونسے اہم شاعر نے حصہ لیا؟

(a) مصحفی (b) سودا
(c) سید انشاء (d) جرات

50- دبستان دلی کے چوتھے دور کے مشہور ترین شعراء انشاء، مصحفی، جرات اور رنگین وغیرہ میں کیا بات مشترک تھی؟

(a) تمام شعراء نے قصیدے کہے
(b) یہ تمام شعراء لکھنو آ گئے
(c) تمام شعراء نے ریختی کو فروغ دیا
(d) تمام شعراء نے دہلی رہنا پسند کیا

51- دبستان دلی کے چوتھے دور کے شعراء کی لکھنو منتقلی کا شاعری پر کیا اثر پڑا؟

(a) شاعری کا مزاج بگڑ کر درباری ہو گیا
(b) دلی کی پاکیزہ شاعری پر لکھنو کا بگڑا ہوا مزاج غالب آ گیا
(c) مشاعرے کی صورت بگڑ کر مجادلے کی ہو گئی
(d) مندرجہ بالا سبھی

52- اردو کی "صرف ونحو" کس شاعر نے لکھی؟

(a) میر (b) جرات
(c) سودا (d) انشاء

53- مثنوی "خواب وخیال" کس نے کہی؟

(a) میر انیس (b) غالب
(c) میر درد (d) میر اثر

54- جرات اور میر حسن کی زندگی کا زیادہ حصہ فیض آباد اور لکھنو میں گزرا۔ دونوں نے زبان و بیان میں کس دبستان کی پیروی کی؟

(a) دبستان دلی کی (b) دبستان لکھنو کی

(c) دلی اور لکھنو کی
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

- ذوق، غالب اور ظفر دبستان دلی کے پانچویں دور سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس دور کو کس نام سے پکارا جاتا ہے؟
(a) دور آخر (b) عہد زریں
(c) دور متوسطین (d) عہد متقدمین

-5 دبستان دلی کے پانچویں دور کی نمایاں خصوصیات کیا ہیں؟
(a) اس پر تصوف غالب آ گیا
(b) اس پر دبستان لکھنو کا رنگ چڑھ گیا
(c) اس پر صنعت ایہام غالب آ گئی
(d) اس پر ریختہ کا رنگ غالب آ گیا

-57 1857ء کے بعد دبستان دلی کا چھٹا دور شروع ہوتا ہے۔ اس دور کا اہم ترین شاعر کون تھا؟
(a) غالب (b) ظفر
(c) داغ (d) ذوق

-58 داغ کی شاعری کی نمایاں خصوصیات کیا تھیں؟
(a) چلبلا پن
(b) دلی کے محاوروں اور صاف روز مرہ پر زور
(c) (a) اور (b) دونوں
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-59 شاعری کے دبستان لکھنو کی نمایاں خصوصیات کونسی ہیں؟
(a) فارسی و عربی الفاظ کا بکثرت استعمال اور قافیہ پیائی (یعنی تمام قافیوں کو ختم کر دینے کے خیال کے باعث غزلوں کی طوالت)
(b) رعایت لفظی، ضلع جگت اور مراعاۃ النظیر کی کثرت کے ساتھ مقفٰی اور مرصع اور رنگین بندش اور اسی سے بلاغت پیدا کرنے کی کوشش
(c) تشبیہ و استعارہ میں پیچ دار بار یکی، بے وارت و الفاظ صرف ان کی نشست دکھلانے کے لیے استعمال کرنا اور ابتذال و عریانی
(d) سبھی

-60 دبستان دلی کے شعراء نے اپنی شاعری کو فلسفہ، تصوف، روحانیت اور داخلیت سے چمکایا۔ اس کے برعکس دبستان لکھنو کے شعراء کی شاعری کے جوہر کیا تھے؟
(a) خارجی مضامین (b) مرثیہ نگاری
(c) لغت سازی (d) سبھی

-61 لکھنو کے دبستان کے رنگ کا سب سے بڑا محرک کیا تھا؟
(a) دولت کی فراوانی (b) غربت
(c) مذہب (d) مندرجہ بالا سبھی

-62 لکھنو کی عیش پرستانہ زندگی کے باعث وہاں نسائیت کو رواج ملا۔ اس نسائیت کی بنا پر وہاں کونسی صنف شاعری عام ہوئی؟
(a) مسدس (b) مثنوی
(c) ریختی (d) غزل

-63 لکھنو میں مذہب کے باعث کونسی صنف شاعری پروان چڑھی؟
(a) مرثیہ (b) غزل
(c) نظم (d) نوحہ

-64 دبستان لکھنو کے شعراء کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے؟
(a) چار (b) ایک
(c) دو (d) تین

-65 دبستان لکھنو کے دور اول کے شعراء کونسے تھے؟
(a) ناسخ، آتش، خلیق (b) وزیر، برق، رشک
(c) بحر آبادی، آغا، اشرف خلیل، صبا، رند اور امانت
(d) سبھی

-66 دبستان لکھنو کے دوسرے دور کے شعراء کون سے تھے؟
(a) میر انیس اور مرزا دبیر
(b) امیر مینائی اور جلال
(c) محسن کاکوروی اور میر انیس
(d) مندرجہ بالا سبھی

-67 دبستان لکھنو کے تیسرے دور کے اہم شعراء کونسے تھے؟
(a) جلیل اور احسن
(b) چکبست اور شوق قدوائی
(c) طباطبائی (d) مندرجہ بالا سبھی

-68 دبستان لکھنو کے پہلے دور کے شعراء کی تخلیقات کا رنگ کیسا تھا؟
(a) سوقیانہ (b) فنی لحاظ سے کمزور
(c) داخلیت اور تخیل پرستی (d) فحش

-69 دبستان لکھنو میں لکھنویت کا آغاز کب ہوا؟
(a) آتش اور ناسخ سے پہلے
(b) آتش اور ناسخ کے بعد
(c) دور دوم میں (d) دور سوم میں

-70 دبستان لکھنو کے شعراء کی کیا خدمات ہیں؟
(a) زبان کی تراش خراش کی
(b) زبان کو علمی حیثیت تک پہنچا دیا
(c) مرثیہ اور نعت کو معراج تک پہنچا دیا
(d) مندرجہ بالا سبھی

-71 لکھنوی دبستان پر دہلی مکتب کا رنگ کب چڑھنا شروع ہوا؟
(a) 1856ء (b) 1857ء
(c) 1900ء (d) 1850ء

-72 سلطنت اودھ کو انگریزی حکومت میں کب شامل کیا گیا؟
(a) 1857ء (b) 1858ء
(c) 1856ء (d) 1852ء

جوابات

1. (d) 2. (c) 3. (b) 4. (a) 5. (d)
6. (a) 7. (c) 8. (d) 9. (d) 10. (d)
11. (d) 12. (a) 13. (c) 14. (b) 15. (c)
16. (d) 17. (d) 18. (a) 19. (c) 20. (b)
21. (c) 22. (d) 23. (d) 24. (a) 25. (c)
26. (b) 27. (c) 28. (d) 29. (d) 30. (a)
31. (c) 32. (b) 33. (c) 34. (d) 35. (d)
36. (a) 37. (c) 38. (b) 39. (c) 40. (d)
41. (d) 42. (a) 43. (c) 44. (b) 45. (c)
46. (d) 47. (d) 48. (a) 49. (c) 50. (c)
51. (d) 52. (d) 53. (d) 54. (a) 55. (c)
56. (b) 57. (c) 58. (c) 59. (d) 60. (a)
61. (a) 62. (c) 63. (a) 64. (d) 65. (d)
66. (d) 67. (d) 68. (c) 69. (b) 70. (d)
71. (a) 72. (c)

پبلک سروس کمیشن اور این ٹی ایس میں پوچھے گئے چند اہم سوالات مع جوابات

-1 "آرائش معشوق" کس ایہام گو شاعر کی تصنیف ہے:
(a) شاکر ناجی (b) شاہ حاتم
(c) شاہ مبارک آبرو (d) شیخ شرف الدین مضمون

-2 آبرو کا اصل نام کیا تھا:
(a) نجم الدین (b) ظہور الدین
(c) نظام الدین (d) شمس الدین

-3 "آبرو میں کونسا جسمانی نقص تھا:
(a) ایک ٹانگ سے محروم تھا
(b) زبان میں لکنت تھی
(c) ایک آنکھ سے معذور تھے
(d) بہرے تھے

-4 بانی ایہام گوئی کسے کہا جاتا ہے:
(a) مظہر جان جاناں (b) اشرف علی فغاں
(c) شاکر ناجی (d) عبدالحئی تاباں

-5 ان میں سے کون سا شاعر ایہام گو شاعر کہلاتا ہے:
(a) شاہ مبارک آبرو (b) شاکر ناجی
(c) شاہ حاتم (d) مندرجہ بالا سبھی

-6 کس شاعر کا اصل نام شمس الدین تھا:
(a) انعام اللہ خاں یقین
(b) عبدالحئی تاباں
(c) مظہر جان جاناں (d) شاہ حاتم

-7 "شمع محفل" کس کی تصنیف ہے:
(a) میر تقی میر (b) خواجہ میر درد
(c) میر محمد سوز (d) میر حسن

-8 انشاء اللہ خاں انشاء کی "دریائے لطافت" کس چیز پر مبنی ہے:
(a) اردو رسالہ (b) اُردو قواعد
(c) فارسی قواعد (d) تذکرہ

-9 مناظر قدرت، ہندو مسلم مذہبی تہوار، موسموں اور پرندوں پر

بنجارے نظمیں کس نے لکھی ہیں
(a) اسماعیل میرٹھی (b) اکبرالہ آبادی
(c) نظیر اکبرآبادی (d) انشاء

10- نظیر اکبرآبادی نے زیادہ اشعار کس صنف کو بنایا
(a) غزل (b) نظم
(c) غزل اور نظم (d) مثنوی

11- انشاء نے "روز نامچہ" کس زبان میں لکھا ہے
(a) اردو (b) فارسی
(c) ترکی (d) سنسکرت

12- مرزا غالب نے کس عمر میں شعر کہنے شروع کیے
(a) ۱۰ برس (b) ۱۳ برس
(c) ۱۲ برس (d) ۱۵ برس

13- مرزا غالب کے کل کتنے بچے ہوئے جو زندہ نہ رہے
(a) دو بچے (b) پانچ بچے
(c) چھ بچے (d) سات بچے

14- مرزا غالب کے چہیتے شاگرد کون تھے
(a) میر مہدی مجروح (b) شیفتہ
(c) حالی (d) ان میں کوئی بھی نہیں

15- مرزا غالب نے کس مشہور استاد سے ابتدائی کتابیں پڑھی تھیں
(a) اکبرالہ آبادی (b) ذوق
(c) نظیر اکبرآبادی (d) مومن خاں مومن

16- غالب کے نزدیک "فتنہ آشوب" کیا تھا
(a) جنگ آزادی (b) انگریز حکومت
(c) شراب (d) غریبی ولاچاری

17- "مثنوی دریائے عشق" کس نے لکھی
(a) میر تقی میر (b) ولی دکنی
(c) خواجہ میر درد (d) حیدر علی آتش

18- رفیع سودا نے کل کتنی مثنویاں لکھی ہیں
(a) ۲۳ (b) ۲۵
(c) ۲۹ (d) ۳۰

19- مرزا غالب نے کل کتنی مثنویاں لکھی ہیں
(a) ۱۰ (b) ۱۱
(c) ۱۳ (d) ۱۴

20- غالب کی انشاء پردازی پر کونسی کتاب ہے
(a) سبد چین (b) پنج آہنگ
(c) لطائف غیبی (d) عود ہندی

21- غالب نے کل کتنے افراد کے نام خطوط لکھے
(a) ۱۷۶ (b) ۱۷۸
(c) ۱۸۰ (d) ۱۸۲

22- اردو کا "ہومر" کسے کہا جاتا ہے
(a) میر انیس (b) میر خلیق
(c) میر اثر (d) میر حسن

23- میر انیس کا ابتداء میں تخلص کیا تھا
(a) انیس (b) حزیں
(c) انجام (d) یکرو

24- کون بادشاہ شاہ نصیر پھر ذوق اور پھر غالب کے شاگرد ہوئے
(a) قلی قطب شاہ (b) سلطان محمد قطب شاہ
(c) بہادر شاہ ظفر (d) عبداللہ قطب شاہ

25- بہادر شاہ ظفر کی کتنی تصانیف ہیں
(a) ۲ (b) ۳
(c) ۴ (d) ۵

26- "تذکرہ فارسی گویاں" کس کی تصنیف ہے
(a) جرأت (b) مصحفی
(c) انشاء (d) ناسخ

27- "رموز العارفین" کس کی تصنیف ہے
(a) میر محمد سوز (b) خواجہ میر درد
(c) میر حسن (d) جعفر علی حسرت

جوابات

1.	(c)	2	(a)	3	(c)	4	(d)
5.	(d)	6	(c)	7.	(b)	8	(b)
9.	(c)	10	(b)	11	(c)	12	(b)
13.	(d)	14	(a)	15	(c)	16	(a)
17.	(a)	18	(a)	19	(b)	20	(b)
21.	(b)	22	(a)	23.	(b)	24	(c)
25.	(d)	26.	(b)	27.	(c)		

جدید اُردو شاعری

1- پاکستان کے قومی ترانے کے خالق کون ہیں؟
(a) اسماعیل میرٹھی (b) اختر شیرانی
(c) مرزا ادیب (d) حفیظ جالندھری

2- حفیظ جالندھری کا پہلا شعری مجموعہ کونسا ہے؟
(a) نغمہ زار (b) تلخابہ شیریں
(c) سوز و ساز (d) چراغ سحر

3- حفیظ جالندھری کا آخری شعری مجموعہ کونسا ہے؟
(a) سوز و ساز (b) چراغ سحر
(c) تلخابہ شیریں (d) نغمہ زار
(e) بزم نہیں رزم

4- حفیظ نے اردو ادب میں کیا کچھ تخلیق کیا؟
(a) بچوں کی نظمیں (b) رزمیہ نظمیں
(c) عام نظمیں (d) غزلیں
(e) مندرجہ بالا سبھی

5- "شاہنامہ اسلام" کے خالق کون ہیں؟
(a) مولانا الطاف حسین حالی
(b) مولانا شبلی نعمانی
(c) حفیظ جالندھری (d) علامہ محمد اقبال

6- "شاہنامہ اسلام" کی کتنی جلدیں ہیں؟
(a) ۱۵ (b) ۲۰
(c) ۱۰ (d) ۴

7- "شاہنامہ اسلام" کا موضوع ہے
(a) رسول (ﷺ) کی حیات طیبہ کے دوران تاریخ اسلام کے واقعات بڑی وسعت سے بیان ہوئے ہیں
(b) ایران کی تہذیب و تمدن کا بیان
(c) روم اور ترک کی تاریخ کا ذکر ہے
(d) برصغیر پاک و ہند کی تہذیبی تاریخ کا بیان ہے

8- ہومر کی اوڈیسی، فردوسی کی طویل مثنوی شاہنامہ اسلام، الصرتی کا علی نامہ حفیظ جالندھری کی کس تخلیق سے مشابہت رکھتی ہیں
(a) نغمہ زار (b) چراغ سحر
(c) تلخابہ شیریں (d) شاہنامہ اسلام

9- کس مشہور ادبی شخصیت نے حفیظ کے "شاہنامہ اسلام" کو بجا طور پر ایک طویل نظم قرار دیا ہے
(a) جمیل جالبی (b) ڈاکٹر وحید قریشی
(c) فرمان فتح پوری (d) پروفیسر منور مرزا

10- یہ کس کا قول ہے "کہ حفیظ نے شاہنامہ اسلام لکھ کر اپنے آپ کو حالی، اکبر اور اقبال جیسے اہم ملی شاعروں کے سلسلے سے منسلک کرلیا ہے"۔
(a) پروفیسر منور مرزا (b) ڈاکٹر خواجہ محمد ذکریا
(c) سلیم اختر (d) وزیر آغا

11- "چند اہم جدید شاعر" کس محقق کی تخلیق ہے
(a) ڈاکٹر سہیل احمد خاں (b) ڈاکٹر وحید قریشی
(c) ڈاکٹر خواجہ محمد ذکریا (d) ڈاکٹر جمیل جالبی

12- حفیظ جالندھری کو "امی شاعر" کس شخصیت نے کہا ہے
(a) ڈاکٹر خواجہ ذکریا (b) محمد طفیل
(c) عزیز ملک (d) ڈاکٹر وزیر آغا

13- عزیز ملک نے حفیظ کو امی شاعر کس رسالے کے شخصیات نمبر میں کہا ہے
(a) نقوش (b) فنون
(c) ادبی دنیا (d) سویرا

14- حفیظ کو اوائل عمری میں کس شاعر جیسا بننے کی خواہش تھی
(a) ابراہیم ذوق (b) داغ دہلوی
(c) مرزا غالب (d) قائم چاند پوری

15- حفیظ کے مجموعہ چراغ سحر کا مقدمہ کس نے لکھا
(a) فیض احمد فیض (b) مجید امجد
(c) پروفیسر محمد منور (d) جمیل الدین عالی

16- حفیظ جالندھری نے کس شخصیت کو استاد مانا ہے
(a) مولانا گرامی (b) فیض احمد فیض
(c) اختر شیرانی (d) کسی کو بھی نہیں

17- سوز و ساز کی غزلوں کی زمینیں کس کی تقلید ہیں:
(a) داغ (b) مولانا گرامی
(c) فیض احمد فیض
(d) ان میں سے کسی کی بھی نہیں

18- چراغ سحر کا بیشتر کلام
(a) قیام پاکستان سے قبل کا ہے
(b) قیام پاکستان کے بعد کا ہے
(c) عہد مغلیہ کا ذکر ہے
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

19- حفیظ کے فن کی کیا نوعیت ہے
(a) سہل گوئی (b) مشکل گوئی
(c) تصنع نگاری (d) مندرجہ بالا بھی

20- "یہ رات اور سیاہی کی علامتیں..... یہ رہزن کے اشارے حفیظ کے کس مجموعہ کلام کے بجھنے کی گونج ہیں
(a) تلخابہ شیریں (b) نغمہ زار
(c) سوز و ساز (d) چراغ سحر

21- ادھر دنیا ہے اور دنیا کے بندے
ادھر میرا خدا ہے اور میں ہوں
کس شاعر کا شعر ہے
(a) مجید امجد (b) ناصر کاظمی
(c) حفیظ جالندھری (d) علامہ محمد اقبال

22- حفیظ جالندھری (انڈیا) میں کب پیدا ہوئے:
(a) ۱۴/جنوری ۱۹۰۰ء (b) ۱۴/مارچ ۱۹۰۰ء
(c) ۱۴/اپریل ۱۹۰۰ء (d) ۱۴/مئی ۱۹۰۰ء

23- کس جماعت کا امتحان دے کر حفیظ جالندھری نے سلسلہ تعلیم منقطع کر دیا:
(a) چھٹی جماعت کے بعد
(b) ساتویں جماعت کے بعد
(c) آٹھویں جماعت کے بعد
(d) نویں جماعت کے بعد

24- حفیظ جالندھری نے کام کیے:
(a) مزدوری (b) ریلوے میں ٹائم کیپر
(c) خیاطی (d) عطر فروشی
(e) مندرجہ بالا بھی

25- حفیظ جالندھری کی اپنی خالہ زاد سے شادی کب ہوئی:
(a) ۱۹۱۷ء (b) ۱۹۱۸ء
(c) ۱۹۲۰ء (d) ۱۹۲۲ء

26- حفیظ جالندھری روزگار کے لیے لاہور کب آئے:
(a) ۱۹۱۸ء (b) ۱۹۲۰ء
(c) ۱۹۲۲ء (d) ۱۹۲۵ء

27- لاہور میں ادارت کی:
(a) شباب (b) اردو
(c) ہزار داستان (d) نونہال
(e) مندرجہ بالا بھی کی

28- حفیظ جالندھری سید ممتاز علی کے کن ادبی رسالوں کے ایڈیٹر رہے:
(a) تہذیب نسواں (b) پھول
(c) (a) اور (b) کے
(d) ان میں سے کسی کا بھی نہیں

29- مخزن کے ایڈیٹر حفیظ رہے۔ بتایئے مخزن کس شخصیت نے نکالا تھا:
(a) سید ممتاز علی (b) محمد علی لاہوری
(c) سر عبدالقادر (d) خواجہ دل محمد

30- حفیظ کے لاہور میں قیام کے وقت کونسے مشہور شعرا مشاعروں میں شریک ہوتے تھے:
(a) حسرت موہانی، اصغر گونڈوی، فانی بدایونی
(b) جگر مرادآبادی، یاس یگانہ چنگیزی، سائل دہلوی
(c) فراق گورکھپوری، آرزو لکھنوی، سیماب اکبرآبادی
(d) مندرجہ بالا بھی

31- حفیظ جالندھری گرامی جالندھری کے شاگرد کب بنے:
(a) ۱۹۱۵ء (b) ۱۹۱۸ء
(c) ۱۹۲۰ء (d) ۱۹۲۲ء

32- حفیظ کو داغ کی پیروی ترک کرنے کا کس نے مشورہ دیا:
(a) فراق گورکھپوری (b) سیماب اکبرآبادی
(c) گرامی جالندھری (d) جگر مرادآباد

33- حفیظ جالندھری کا پہلا مجموعہ کلام "نغمہ زار" کب شائع ہوا:
(a) ۱۹۲۵ء (b) ۱۹۲۷ء
(c) ۱۹۳۰ء (d) ۱۹۳۲ء

34- سر عبدالقادر کے ساتھ انگلینڈ کب گئے:
(a) ۱۹۳۵ء (b) ۱۹۳۸ء
(c) ۱۹۴۰ء (d) ۱۹۴۲ء

35- اُس انگریز خاتون کا نام بتایئے جس نے حفیظ سے نکاح لاہور میں کیا تھا:
(a) لیلیٰ (b) ایلا
(c) میری (d) ایلس

36- سونگ پبلسٹی ڈیپارٹمنٹ (Song Publicity Department) کے ڈائریکٹر کب بنے:
(a) ۱۹۳۹ء (b) ۱۹۴۰ء
(c) ۱۹۴۱ء (d) ۱۹۴۲ء

37- حفیظ جالندھری کو "خان بہادر" کا خطاب کب ملا:
(a) ۱۹۴۲ء (b) ۱۹۴۴ء
(c) ۱۹۴۵ء (d) ۱۹۴۶ء

38- ۱۹۵۸ - ۱۹۵۳ء تک کس شہر میں "دیہات سدھار" کے ڈائریکٹر رہے:
(a) ملتان (b) لاہور
(c) کراچی (d) پشاور

39- ۱۹۵۵ء میں حفیظ نے ایک بار پھر ریڈیو آرٹسٹ سے شادی کی ان کا نام بتایئے:
(a) خورشید (b) صائمہ
(c) انوری (d) رشیدہ

40- کس سال حفیظ افریشیائی رائٹرز کانفرنس تاشقند گئے:
(a) ۱۹۵۸ء (b) ۱۹۶۰ء
(c) ۱۹۶۲ء (d) ۱۹۶۴ء

41- ایوب دور میں محکمہ تعمیر نو میں مقرر ہوئے:
(a) وزیر (b) مشیر
(c) ڈائریکٹر (d) سیکرٹری

42- حفیظ کی وفات کب ہوئی:
(a) ۲۱/دسمبر ۱۹۸۲ء (b) ۲۱/دسمبر ۱۹۸۳ء
(c) ۲۱/دسمبر ۱۹۸۵ء (d) ۲۱/دسمبر ۱۹۸۶ء

43- حفیظ کا مجموعہ "سوز و ساز" کب شائع ہوا:
(a) ۱۹۳۰ء (b) ۱۹۳۲ء
(c) ۱۹۳۳ء (d) ۱۹۳۴ء

44- "تلخابہ شیریں" کس سال شائع ہوا:
(a) ۱۹۴۶ء (b) ۱۹۴۸ء
(c) ۱۹۵۰ء (d) ۱۹۵۱ء

45- "چراغ سحر" کس سال شائع ہوا:
(a) ۱۹۶۰ء (b) ۱۹۶۶ء
(c) ۱۹۷۰ء (d) ۱۹۷۳ء

46- ۱۹۳۷ء - ۱۹۴۷ء تک حفیظ نے کونسی کتاب مکمل کی:
(a) شاہنامہ اسلام (b) نغمہ زار
(c) تلخابہ شیریں
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

47- حفیظ نے نظمیں لکھیں:
(a) بہار کے پھول (b) گیت مالا
(c) ہندستان ہمارا (d) مندرجہ بالا بھی

48- حفیظ کے افسانوں کا مجموعہ بعنوان "معیاری افسانے" کب شائع ہوئی:
(a) ۱۹۳۰ء (b) ۱۹۳۳ء
(c) ۱۹۳۵ء (d) ۱۹۳۷ء

49- "افرنگ کی دُنیا" اور "نیرنگ فرنگ" حفیظ کی کس کتاب میں شامل ہیں:
(a) نغمہ زار (b) سوز و ساز
(c) تلخابہ شیریں (d) چراغ سحر

50- حفیظ کا "چیونٹی نامہ" کب شائع ہوا:

(a) ۱۹۳۳ء (b) ۱۹۳۴ء
(c) ۱۹۳۵ء (d) ۱۹۳۶ء

51- "ابھی تو میں جوان ہو" اور "رقاصہ" کس شاعر کی مشہور نظمیں ہیں:
(a) مجید امجد (b) ناصر کاظمی
(c) ن۔م۔راشد (d) حفیظ جالندھری

52- "برسات" اور "ترانہ" کس شاعر کی طرف اشارہ ہے:
(a) فراق گورکھپوری (b) مجید امجد
(c) حفیظ جالندھری (d) ناصر کاظمی

53- حفیظ کی نظموں میں ہے
(a) ترنم (b) روانی
(c) (a) اور (b) دونوں
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

54- "سنتی ترانہ" کے خالق کون ہیں
(a) ن۔م۔راشد (b) مجید امجد
(c) حفیظ جالندھری
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

55- حفیظ کے کس مجموعے میں معاشرے کی تصویریں رومانیت سے زیادہ حقیقت پسندانہ ہیں
(a) نغمہ زار (b) سوز و ساز
(c) تلخابہ شیریں (d) چراغ سحر

56- حفیظ کے کس مجموعہ کلام میں تلخی زیادہ جھلکتی ہے:
(a) نغمہ زار (b) سوز و ساز
(c) تلخابہ شیریں (d) چراغ سحر

57- "کلیات حفیظ جالندھری" کس نے مرتب کی:
(a) ڈاکٹر سہیل احمد خاں (b) ڈاکٹر سلیم اختر
(c) خواجہ محمد زکریا (d) ڈاکٹر محسین فراقی

58- "دبستانوں کا دبستان" کس کی تخلیق ہے:
(a) عظیم الحق جنیدی (b) احمد حسین صدیقی
(c) ڈاکٹر سلیم اختر (d) خواجہ محمد زکریا

59- "بیسویں صدی میں اردو ادب" کے مرتب کون ہیں:
(a) گوپی چند نارنگ (b) ڈاکٹر انوار احمد
(c) ڈاکٹر سہیل احمد خاں (d) ڈاکٹر محمد عالم خان

60- "جدید شاعری" کس نقاد کی تخلیق ہے:
(a) ڈاکٹر سلیم اختر (b) ڈاکٹر سہیل احمد خاں
(c) ڈاکٹر عبادت بریلوی (d) ڈاکٹر محسین فراقی

61- "ہفت پیکر" حفیظ کے مجموعے کا نام ہے:
(a) افسانوں کا (b) غزلوں کا
(c) نظموں کا (d) گیتوں کا

62- "ابوالاثر چشم اہل نظر" کس کی تحریر کردہ کتاب ہے:
(a) بیگم خورشید حفیظ (b) علاؤالدین مظہر
(c) محمد ارشد شہزاد
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

63- "تلخابہ شیریں" مشتمل ہے
(a) غزلوں (b) گیتوں
(c) نظموں (d) درج ذیل بھی پر

64- "تلخابہ شیریں" کا دیباچہ کس نے لکھا
(a) بیگم خورشید حفیظ (b) سر عبدالقادر
(c) پروفیسر محمد اسلم (d) حفیظ جالندھری نے خود

65- "یہ چھوٹی سی کتاب تیرہ برس کی کاوشوں کا انتخاب ہے" حفیظ نے کس کتاب کے بارے میں یہ بات اُس کے دیباچہ میں لکھی تھی:
(a) نغمہ زار (b) سوز و ساز
(c) چراغ سحر (d) بزم نہیں ازم
(e) تلخابہ شیریں

66- "میں خود اپنی ذات پر فرد جرم عائد کر چکا ہوں میں نے مراحل ادب میں وہ تیزی نہیں دکھائی جس کی مجھ سے توقع تھی"۔ حفیظ نے کس کتاب کے دیباچہ میں یہ بات لکھی:
(a) تلخابہ شیریں (b) سوز و ساز
(c) چراغ سحر
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

67- حفیظ کے بقول کس عمر میں اُنہوں نے شعر کہنے شروع کیے:
(a) ۱۰ برس (b) ۱۱ برس
(c) ۱۲ برس (d) ۱۴ برس

68- "میرے کہنے میں ذور ذور تک شوق علم تھا نہ ذوق ادب" حفیظ نے یہ اعتراف کس کتاب میں کیا ہے:

(a) سوز و ساز (b) نغمہ زار
(c) تلخابہ شیریں (d) چراغ سحر

69- حفیظ نے تلخابہ شیریں کے دیباچہ میں شاعری کی کیا خصوصیات بیان کی ہیں
(a) دل نرم ہو (b) روح گرم ہو
(c) دل آزاری سے گریز کرے
(d) جس کا ظاہر و باطن ایک ہو
(e) حسن و صداقت کا داعی ہو
(f) مندرجہ بالا بھی

70- "غزل اُس نے چھیڑی مجھے ساز دینا
ذرا عمر رفتہ کو آواز دینا"
اس شعر سے تلخابہ شیریں کا آغاز ہوتا ہے۔ بتایئے یہ شعر کس کا ہے
(a) صفی (b) میر تقی میر
(c) داغ (d) غالب

71- حفیظ نے تلخابہ شیریں کا آغاز اپنی کس نظم سے کیا ہے:
(a) حمد (b) پروردگارا
(c) ورشن درشن (d) یاد تم نہ آسکے

72- فیض کس تحریک کے بانی تھے؟
(a) انجمن پنجاب (b) رومانوی تحریک
(c) ترقی پسند تحریک (d) تازہ گوئی

73- فیض کو کونسا مرض لاحق تھا:
(a) ٹی بی (b) کالا یرقان
(c) دمہ (d) کینسر

74- ان میں سے کونسا شعری مجموعہ فیض کا ہے:
(a) نقش فریادی (b) دست صبا
(c) میرے دل میرے مسافر
(d) مندرجہ بالا بھی

75- فیض کا کلیات کس نام سے شائع ہوا؟
(a) سروادی سینا (b) زنداں نامہ
(c) نسخہ ہائے وفا (d) میزان

76- ن۔م۔راشد کو کس کا امام کہتے ہیں:
(a) نظم معریٰ (b) آزاد نظم
(c) پابند نظم (d) مندرجہ بالا بھی

77- ان میں سے راشد کی تصنیف کونسی ہے:
(a) ایران میں اجنبی (b) لا=انسان
(c) ماورا (d) مندرجہ بالا بھی

78- راشد کو کس نے زندگی سے فرار شاعر قرار دیا:
(a) راجندر سنگھ بیدی (b) کرشن چندر
(c) مجید امجد (d) فراق گورکھپوری

79- "ایالہ" کے نام سے کس شاعر کی طرف دھیان جاتا ہے:
(a) مجید امجد (b) راشد
(c) ناصر کاظمی (d) میراجی

80- ناصر کی شاعری میں کس چیز کا رنگ چھایا ہوا ہے:
(a) خوشی و نشاط (b) اداسی
(c) مایوسی (d) امید

81- ناصر کا پہلا شعری مجموعہ کونسا ہے:
(a) برگ نے (b) دیوان
(c) پہلی بارش (d) نشاط خواب

82- "سُر کی چھایا" کس چیز پر مشتمل ہے:
(a) شاعری (b) نظمیں
(c) نثر (d) منظوم ڈرامہ

83- وہ کون سی تصنیف ہے جو ناصر کی نظموں پر مشتمل ہے:
(a) خشک چشمے کے کنارے
(b) پہلی بارش
(c) نشاط خواب (d) برگ نے

84- "جلال و جمال" اور "شب رفتہ" کس کی تصنیف ہیں:
(a) قتیل شفائی (b) احمد فراز
(c) احمد ندیم قاسمی (d) احسان دانش

85- "شب رفتہ" کس کا مجموعہ ہے:
(a) میراجی (b) مجید امجد
(c) ناصر کاظمی (d) راشد

86- "غزالاں تم تو واقف ہو" کس کا شعری مجموعہ ہے
(a) پروین شاکر (b) عبدالحمید عدم
(c) ادا جعفری (d) علی سردار جعفری

87- ادا جعفری نے ۲۰۱۵ء میں کس دن وفات پائی:

(a) ۴/مارچ (b) ۶/مارچ
(c) ۱۲/مارچ (d) ۱۹/مارچ

88- مجید امجد کا کلیات کس نے مرتب کیا
(a) جمیل جالبی (b) خواجہ محمد زکریا
(c) انور سدید (d) زاہد منیر عامر

89- میراجی نے کس بنگالی لڑکی سے عشق کیا:
(a) میرا سین (b) امراؤ بیگم
(c) صفیہ بیگم (d) آمنہ بیگم

90- میراجی پہلے کیا تخلص کرتے تھے
(a) ثناء (b) ستمن
(c) ساحری (d) ثمن

91- میراجی کو کس صنف میں مجدد تسلیم کیا گیا ہے:
(a) آزاد نظم (b) جدید نظم
(c) نظم معریٰ (d) پابند نظم

92- میراجی نے کونسا رسالہ جاری کیا تھا
(a) زمانہ (b) نگار
(c) خیال (d) مشرق

93- اردو کی کون سی شاعرہ "مینا" تخلص کرتی تھیں
(a) ادا جعفری (b) پروین شاکر
(c) کشور ناہید (d) فہمیدہ ریاض

94- پروین شاکر نے اسلام آباد میں کیسے وفات پائی ہے
(a) ٹرین حادثے میں (b) عارضہ دل
(c) کار حادثے میں (d) اونچائی سے گر کر

95- پروین شاکر نے عملی زندگی کی ابتداء کیسے کی:
(a) سکول ٹیچر (b) لیکچرار
(c) ڈراما ایکٹرس (d) فلم ڈائریکٹر

96- پروین شاکر کو آدم جی انعام کب ملا:
(a) ۱۹۷۸ء (b) ۱۹۷۹ء
(c) ۱۹۸۰ء (d) ۱۹۸۲ء

97- پروین شاکر کا پہلا شعری مجموعہ کونسا ہے:
(a) صد برگ (b) خود کلامی
(c) انکار (d) خوشبو

98- ان میں سے کون سا شعری مجموعہ پروین شاکر کا ہے:
(a) بات شناسائی کی (b) ماہ تمام
(c) انکار (d) مندرجہ بالا بھی

99- ظفر اقبال کہاں پیدا ہوئے:
(a) لاہور (b) ملتان
(c) بہاول نگر (d) ساہیوال

100- صحافت کے پیشے سے کونسے شاعر منسلک رہے یاد رہے ان کا تعلق کراچی سے ہے:
(a) محسن بھوپالی (b) جون ایلیا
(c) محسن نقوی (d) اعتبار ساجد

101- فشار، عکس اور برزخ کس کے شعری مجموعے ہیں:
(a) محسن نقوی (b) ظفر اقبال
(c) شہزاد احمد (d) امجد اسلام امجد

102- ناصر کاظمی کے علاوہ اور کون سے شاعر انبالہ سے تعلق رکھتے تھے
(a) منیر نیازی (b) حبیب جالب
(c) ساغر صدیقی (d) خیال امروہی

103- ساغر صدیقی نے زیادہ عرصہ کہاں بسر کیا
(a) انبالہ (b) لاہور
(c) جالندھر (d) ہوشیار پور

104- ان میں سے کونسا شعری مجموعہ ساغر صدیقی کا ہے:
(a) مقتل گاہ (b) برگ خزاں
(c) عہد سزا (d) مندرجہ بالا بھی

105- "خالی آسمان" اور "صدف" کس کی تصانیف ہیں:
(a) حبیب جالب (b) شہزاد احمد
(c) خیال امروہی (d) افتخار عارف

106- کون سے شاعر نے کراچی یونیورسٹی سے انجینئرنگ کا ڈپلومہ حاصل کیا:
(a) حبیب جالب (b) محسن بھوپالی
(c) اعتبار ساجد (d) محسن نقوی

107- "لب گویا" اور "بے نام مسافت" کس کی تصانیف ہیں:
(a) کشور ناہید (b) فہمیدہ ریاض
(c) عبدالعزیز خالد (d) کیفی اعظمی

108- "یہ شام تمہارے نام" کے مصنف کون ہیں:
(a) امجد اسلام امجد (b) اعتبار ساجد

(c) افتخار عارف (d) ساغر صدیقی

109- فہمیدہ ریاض کی تصنیف کون سی ہے:
(a) بدن دریدہ (b) پتھر کی زبان
(c) کیا تم پورا چاند نہ دیکھو گے
(d) مندرجہ بالا بھی

110- "سفر نامہ کیوبا" کس اردو شاعر کا سفر نامہ ہے:
(a) میراجی (b) فیض احمد فیض
(c) ن۔م۔راشد (d) مجید امجد

111- کونسے شاعر اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر بھی رہے۔ ان کا تعلق جھنگ سے تھا
(a) مجید امجد (b) قیوم نظر
(c) یوسف ظفر (d) حفیظ ہوشیار پوری

112- "خود کلامی" کس کا شعری مجموعہ ہے:
(a) پروین شاکر (b) یوسف ظفر
(c) قیوم نظر (d) شکیل بدایونی

113- مری ٹرانسپورٹ کے بکنگ کلرک بھی رہے ہماری مراد کون سے شاعر ہیں
(a) مصطفیٰ زیدی (b) ساحر لدھیانوی
(c) قتیل شفائی (d) ضیاء جالندھری

114- ان میں سے کون سی تصنیف قتیل شفائی کی ہے:
(a) منزل شب (b) برگد
(c) گریبان (d) مندرجہ بالا بھی

115- شاعری میں فیض سے متاثر غزلوں کو جوش کی طرح عنوان لکھتے:
(a) کیفی اعظمی (b) جمیل الدین عالی
(c) ساحر لدھیانوی (d) عبدالعزیز خالد

116- منیر نیازی کا انتخاب غزل کس نام سے شائع ہوا:
(a) تیز ہوا اور تنہا پھول (b) جنگل میں دھنک
(c) اس بے وفا کا شہر (d) ماہ منیر

117- ادا جعفری کا کلیات کس نام سے شائع ہوا:
(a) شہر در شہر (b) حرف شناسائی
(c) غزل نما (d) موسم

118- کس لیے دیکھتی ہو آئینہ
تم تو خود سے بھی خوبصورت ہو
یہ کس کا شعر ہے:
(a) فیض (b) ساحر لدھیانوی
(c) جون ایلیا (d) احمد ندیم قاسمی

119- کتنی دلکش ہو تم کتنا دل جو ہوں میں
کیا ستم ہے کہ ہم لوگ مر جائیں گے
یہ شعر کس کا ہے:
(a) جون ایلیا (b) ساغر صدیقی
(c) میراجی (d) منیر نیازی

120- "تنہا تنہا"، "دردآشوب"، "نایافت"، "جاناں جاناں"، "شب خون"، "میرے خواب ریزہ ریزہ"، "بے آواز گلی کوچوں میں"، "نابینا شہر میں آئینہ"، "پس انداز موسم"، "سب آوازیں میری ہیں"، "خواب گل پریشاں ہے"، "بودلک"، "غزل بہانہ کروں" اور "اے عشق جنوں پیشہ" کس شاعر کے شعری مجموعے ہیں:
(a) ناصر کاظمی (b) امجد اسلام امجد
(c) احمد فراز (d) مجید امجد

121- "پاکستان ٹائمز" لاہور سے کس نے نکالا؟
(a) فیض احمد فیض (b) خوشی محمد ناظر
(c) ناصر کاظمی (d) مجید امجد

جوابات

1.	(d)	2.	(a)	3	(c)	4.	(c)
5.	(c)	6,	(d)	7.	(a)	8.	(d)
9.	(d)	10.	(b)	11	(c)	12.	(c)
13.	(a)	14.	(b)	15.	(c)	16.	(a)
17.	(a)	18.	(b)	19.	(a)	20.	(d)
21.	(c)	22.	(a)	23.	(b)	24.	(c)
25.	(a)	26.	(c)	27.	(c)	28.	(c)
29	(c)	30.	(d)	31.	(b)	32.	(c)
33	(a)	34.	(b)	35.	(b)	36.	(c)
37	(d)	38.	(c)	39.	(a)	40.	(a)
جواب: اس میں روایت حسن وعشق کا بیان اور دربار شاہی کے احوال کوائف، قدیم ایشیائی حکومت کا طرز حکومت تہذیب اثر اخلاق ومعاشرت اور اردو ادب، درباری حالات وواقعات و اطوار وآداب کے علاوہ اس زمانے کے معاشرتی رجحانات و تہذیبی وتمدنی میلانات کا بھی سراغ ملتا ہے۔

سوال: وجہی کی کوئی سی چار خصوصیات لکھیں؟

جواب: وجہی کی چار خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ وجہی اپنے دور کا نابغہ روزگار تھا

2۔ وہ بلند پایہ ادیب تھا

3۔ زمانے کا نبض شناس تھا

4۔ اس کے افکار میں گہرائی اور گیرائی تھی

سوال: ابن نشاطی کس بادشاہ کے دور کا مشہور شاعر تھا؟

جواب: ابن نشاطی قطب شاہ کے دور کا مشہور اور اہم ترین شاعر تھا۔

سوال: ابن نشاطی کی مثنوی "پھول بن" کس صدی عیسوی کے ابتدائی معاشرتی حالات کی بہترین تصویر ہے؟

جواب: یہ مثنوی سترہویں صدی عیسوی کے ابتدائی معاشرتی حالات کی بہترین تصویر ہے۔

سوال: وجہی نے کون سے چار بادشاہوں کے زمانے دیکھے ان بادشاہوں کے نام لکھیں؟

جواب: 1۔ محمد قلی قطب شاہ

2۔ محمد قطب شاہ

3۔ ابراہیم قطب شاہ

4۔ عبداللہ قطب شاہ

سوال: ایلیگری تمثیل کی تین خصوصیات لکھیں؟

جواب:

1۔ ایلیگری کے کردار عموماً مجرد ہوتے ہیں۔ مصنف کیفیات کو مجسم کرکے کردار بنا دیتا ہے۔

2۔ ایلیگری کا یہ مقصد بھی نہیں کہ قصہ پن کے لوازمات کو نظر انداز کر دیا جائے۔ چنانچہ جس طرح کرداروں میں شخصیت کو ابھارنا ضروری ہوتا ہے اسی طرح قصہ پن کا بھی بہت ضروری ہے۔

3۔ دوسرے قصوں کی طرح ایلیگری کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ اس کی کہانی میں دلچسپی کا عنصر برقرار رہے۔

سوال: ایلیگری کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: ایلیگری کی تین بڑی قسمیں ہیں۔

سوال: ایلیگری کی سب سے بڑی خصوصیت کیا ہے؟

جواب: ایلیگری کی سب سے بڑی خصوصیت اس کی Personification ہے۔ اس کے کردار جس قدر دلچسپ اور قریب الفہم ہوں گے اسی قدر ایلیگری کامیاب ہوگی۔

سوال: "مہر نیم روز" کا مواد کس نے فراہم کیا اور غالب نے اس پر کیا کام کیا؟

جواب: کیونکہ مہر نیم روز کا مواد فراہم کرنے کی ذمہ داری بہادر شاہ کے وزیر حکیم احسن اللہ خان کی تھی اور غالب کا کام محض اسے انشاء کے قالب میں ڈھال دینا تھا۔

سوال: غالب نے کب فارسی میں ایک مختصر رسالہ مکتوب نویسی کے متعلق لکھا تھا؟

جواب: غالب نے 1825ء میں فارسی میں ایک مختصر رسالہ مکتوب نویسی کے متعلق لکھا تھا۔

سوال: غالب کے بہترین خطوط تین اشخاص کے نام سے مشہور ہیں صرف ان تین اشخاص کے نام لکھیں؟

جواب: 1۔ منشی ہرگوپال تفتہ 2۔ میر مہدی

3۔ حاتم علی بیگ مہر

سوال: الغرض غالب کے خطوط کے متعلق کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: الغرض خطوط غالب ادب کا وہ لازوال سرمایہ ہیں جن سے ہر زمانہ میں لطف اٹھایا جاتا رہے گا ان کی زبان کا چٹخارہ کبھی کم نہ ہوگا۔

سوال: غالب کی خطوط نویسی کی اہم ترین خصوصیت کون سی ہے۔ صرف تین خصوصیات لکھیں؟

جواب:

1۔ پہلی خصوصیت یہ ہے کہ انہوں نے پرتکلف نامہ نگاری کی بجائے بے تکلف خطوط نویسی کی طرح ڈالی۔

2۔ ثانیاً انہوں نے اظہار بیان کا جو طریقہ اختیار کیا وہ نہ صرف مروجہ طریقہ اظہار سے مختلف تھا بلکہ اس نے مستقبل کے انداز تحریر کو متاثر کرنے کا راستہ بھی نکالا۔

3۔ انہوں نے مکتوب کو سراپا ادب بنا دیا چنانچہ یہ خیال حقیقت پر مبنی ہے کہ غالب نے "محمد شاہ روشیں" ترک کر کے اردو مکتوب نویسی کو نئی راہ دکھائی۔

سوال: نثر غالب کے وہ کون سے امتیازی خصائص ہیں جو غالب کو اردو نثر نگاری میں بلند مرتبہ عطا کرنے میں مددگار ثابت ہوئے۔ پانچ اسباب درج کریں؟

جواب: مختصراور مجملاً وہ اسباب حسب ذیل ہیں:

1۔ نثر کی مختلف انواع کے تقاضوں کا مرزا کو پورا پورا احساس تھا۔

2۔ نثر کی خصوصاً خط میں ابلاغ کی اہمیت اور مخاطب کی دلچسپی کا خیال۔

3۔ بے ساختگی کے باوصف حسن وزیبائش کا بے تکلف اظہار۔

4۔ اثر آفرینی اور نکتہ آفرینی کے مختلف طریقے۔

5۔ نثر کو شدید اور غیر معتدل جذباتیت سے بچانے کے لیے شوخی وظرافت کا استعمال۔

سوال: اردوئے معلٰی کے انداز بیان کے بارے میں میر مہدی کی رائے کیا ہے؟

جواب: اردو معلٰی کے انداز بیان کے بارے میں میر مہدی کی رائے یہ ہے:

"یہ سلاست عبارت وروانی مطالب دیکھی نہ سنی، سطریں ہیں کہ موتی کی لڑیاں ہیں، باتیں ہیں کہ مصری کی ڈلیاں۔"

سوال: خطوط غالب کے چار خصائص لکھیں؟

جواب:

1۔ غالب نے عبارت آرائی اور خوش زیبائی کی بجائے اردو نثر کو سادہ اور رواں دواں بنا دیا۔

2۔ لمبے لمبے القابات کی بجائے سادہ القابات رائج کیے۔ یہ القابات معنی خیز لطیف اور رس بھرے ہیں۔

3۔ آرائش بیان اور لفظی صنعت گری کو چھوڑ کر بے ساختہ انداز بیان اختیار کیا۔

4۔ بول چال کی زبان استعمال میں لائی گئی جس سے مراسلہ مکالمہ کی صورت اختیار کر گیا اور یہ اردو ادب میں ایک نیا اور انوکھا اضافہ ثابت ہوا جس کی تقلید بہتوں نے کی لیکن بوجوہ ناکام رہے۔

سوال: پریم چند نے انسانی فطرت کے متعلق کیا لکھا؟

جواب: پریم چند نے ایک جگہ لکھا ہے کہ انسانی فطرت نہ سفید ہوتی ہے نہ سیاہ بلکہ دونوں رنگوں کا ایک مجموعہ، حالات موافق ہوں تو انسان فرشتہ بن جاتا ہے ورنہ شیطان۔ بعض اوقات ایک

انسان اپنے آپ کو فرشتہ سمجھتا ہے حالانکہ اس میں شیطانیت کے جراثیم موجود ہوتے ہیں۔ بات اتنی آسان نہیں ہے وہی شخص ایک کے ساتھ فرشتہ ہے اور دوسرے کے ساتھ شیطان۔

اردو نثر میں غالب کی مکتوب نگاری کے متعلق مولانا حالی نے کیا لکھا ہے؟

مولانا حالی نے یادگار غالب میں لکھا ہے کہ:

''مرزا کی عام شہرت ہندوستان میں جس قدر ان کی نثر کی اشاعت سے ہوئی ویسی نظم اردو اور نظم فارسی سے نہیں ہوئی۔''

نثر میں غالب کا سرمایہ کون سے خطوط ہیں؟

حقیقت یہ ہے کہ غالب جیسے بے نظیر شاعر ہیں ویسے ہی بلند پایہ نثر نگار بھی۔ نثر میں غالب کا سرمایہ صرف وہ خطوط ہیں جو دوستوں، عزیزوں اور بزرگوں کے نام لکھے گئے ہیں جن میں دلی کیفیات کو ایک سیدھے سادے اور بے تکلف انداز میں بیان کیا گیا ہے لیکن اس سادگی میں جو حسن اور تاثیر ہے وہ شاید ہی اردو کے کسی نثار کو میسر آئی ہو۔

سوال: فورٹ ولیم کالج کی سرپرستی میں جو نثر لکھی گئی وہ کن اثرات سے وجود میں آئی؟

جواب: فورٹ ولیم کالج کی سرپرستی میں جو نثر لکھی گئی وہ بعض مصلحتوں کے اثر سے وجود میں آئی اور کوئی باقاعدہ تحریک نہ بن سکی اگرچہ میر امن کی "باغ و بہار" اردو نثر کا شاہکار ہے لیکن اس نے اپنے دور کو متاثر نہیں کیا۔

سوال: ادبی حیثیت سے سرسید سے قبل کس کی نثر قابل وقعت اور قابل تقلید ہے؟

جواب: ادبی حیثیت سے سرسید سے قبل اگر کوئی نثر قابل وقعت اور قابل تقلید ہے تو مرزا کی نثر ہے۔

سوال: غالب اپنے خطوط میں نہ صرف اپنے مخاطب کو غائب فرض کرتے ہیں بلکہ کہیں کہیں اپنے آپ کو بھی غائب فرض کر لیتے ہیں۔ اس سلسلے میں مرزا صاحب کی ایک مثال دے کر وضاحت کریں؟

جواب: مثلاً ایک خط میں میر مہدی مجروح ہی لکھتے ہیں: ''مولانا غالب علیہ الرحمتہ ان دنوں بہت خوش ہیں پچاس ساٹھ جز کی کتاب امیر حمزہ کی داستان کی اور اسی قدر حجم کی ایک جلد بوستان خیال ان کے ہاتھ آ گئی ہے سترہ بوتلیں بادہ ناب کی توشک خانہ میں موجود ہیں دن بھر کتاب دیکھا کرتے ہیں رات بھر شراب پیا کرتے ہیں۔''

سوال: مرزا غالب کی اردو نثری کتاب کا نام لکھیں؟

جواب: ''اردوئے معلیٰ'' ہے۔

سوال: ''سب رس'' کے مصنف کا نام لکھیں؟

جواب: ملا وجہی۔

سوال: سرسید احمد خاں کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: سرسید احمد خاں کی تاریخ پیدائش اکتوبر 1817ء بمقام دہلی میں ہوئی۔

سوال: سرسید احمد خاں ملازمت کے اختتام کے وقت کہاں تھے؟

جواب: 1867ء میں جج سمال کاز کورٹ بنارس میں ملازمت کے اختتام تک یہیں رہے۔

سوال: اردو زبان و ادب میں سرسید احمد کی کوئی دو نمایاں خدمات بیان کریں؟

جواب: سرسید احمد خان کی سب سے زیادہ خدمت ان کی دلچسپی اردو زبان و ادب سے ہے۔

1۔ انہوں نے نہ صرف اردو زبان کی بلکہ اس کو غیر معمولی ترقی دے کر اردو ادب کے نشوونما و ارتقاء میں نمایاں حصہ لیا۔ اس سلسلے میں ان کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے نثر اردو کو اجتماعی مقاصد سے روشناس کیا اور اس کو سہل اور سلیس بنا کر عام اجتماعی زندگی کا ترجمان اور علمی مطالب کے اظہار کا وسیلہ بنایا۔

2۔ سرسید احمد خاں کی اہم خدمت یہ بھی ہے کہ انہوں نے اردو نثر کی حدود کو وسیع تر کر دیا چنانچہ انہوں نے مختلف مضامین مثلاً مذہب، تاریخ، سیاست، تعلیم وغیرہ پر قلم اٹھایا۔

سوال: مولانا حالی نے سرسید کی تصنیفی زندگی کے کتنے دور مقرر کیے ہیں؟

جواب: مولانا حالی نے سرسید کی تصنیفی زندگی کے تین دور مقرر کیے ہیں؟

سوال: سرسید کی زندگی کے اولین دور میں ان کے رجحانات کن دو الگ رنگ میں صاف نظر آتے ہیں؟

جواب:

1۔ دور اول کے پہلے حصے میں وہ خالص پرانے رنگ میں ڈوبے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔

2۔ دوسرے حصے میں انگریزوں سے میل جول کی بناء پر مغربی طرز زندگی اور جدید خیالات کا ان پر کچھ اثر دکھائی دیتا ہے مگر ابھی یہ اثر سطحی اور ہلکا ہے۔

سوال: سرسید احمد خان نے اپنے پہلے تصنیفی دور میں جو رسائل تحریر کیے ان میں سے آٹھ کے نام قلم بند کریں؟

جواب: 1۔ جام جم (فارسی) 2۔ انتخاب الاخرین

3۔ تحفہ حسن 4۔ آثار الصنادید

5۔ کلمۃ الحق 6۔ فوائد الافکار فی اعمال الفرجار

7۔ راہ سنت در رد بدعت 8۔ کیمیائے سعادت۔

سوال: سرسید نے ''جام جم'' (فارسی) میں کیا بیان کیا ہے؟

جواب: 1839ء اس رسالے میں امیر تیمور صاحبقران سے لے کر ابوظفر بہادر شاہ تک اہم 43 بادشاہوں کا مختصر حال ہے۔

سوال: آثار الصنادید سرسید احمد نے کب لکھی اور اس میں کیا بیان کیا گیا؟

جواب: 1847ء میں جب سرسید فتح پور سے دہلی آئے تو اس زمانے میں انہوں نے دہلی کی عمارات کا حال لکھا۔

سوال: سرسید کی تصانیف کا دوسرا دور کب شروع ہوا؟

جواب: سرسید کی تصانیف کا دوسرا دور اپریل 1858ء سے شروع ہوتا ہے۔

سوال: سرسید صاحب نے ''رسالہ احکام طعام اہل کتاب'' کب لکھا اور اس میں کیا ثابت کیا؟

جواب: 1868ء میں اس رسالہ میں یہ ثابت کیا گیا کہ مسلمان انگریزوں کے ساتھ کھانا کھا سکتے ہیں اور اس میں کوئی شرعی قباحت نہیں۔

سوال: سرسید کے تیسرے دور کی تصانیف کے نام لکھیں؟

جواب: 1۔ سفر نامہ 2۔ خطبات احمدیہ

3۔ تہذیب الاخلاق۔ 4۔ ڈاکٹر ہنٹر کی کتاب پر ریویو۔

سوال: خطبات احمدیہ میں سرسید نے کن اعتراضات کو بیان کیا ہے؟

جواب: یہ سر ولیم میور کی کتاب لائف آف محمدؐ کے اعتراضات کا جواب ہے۔ اس میں حضرت رسول کریمؐ کی ذات بابرکات کو ہر عیب سے مبراء قرار دیا ہے۔ پوری کتاب 12 خطبات پر مشتمل ہے۔

سوال: سرسید نے اردو ادب کے کون سے بڑے بڑے عنوانات کو نیا ذہن دیا؟

جواب: سرسید نے اردو ادب کو جو ذہن دیا اس کے عناصر ترکیبی کی اگر فہرست تیار کی جائے تو اس کے بڑے بڑے عنوان یہ ہوں گے۔ مادیت، عقلیت، اجتماعیت اور حقائق نگاری۔

سوال: سرسید کی مذہب کے موضوع سے متعلق کتابوں کے نام لکھیں؟

جواب: اس میں ان کی بڑی کتابیں تفسیر القرآن اور تبیین الکلام ہیں۔

سوال: سائنٹفک سوسائٹی کا سب سے بڑا مقصد کیا تھا؟

جواب: اس کا بڑا مقصد انگریزی کتابوں کا ترجمہ کرنا اور اردو میں سائنس کی تعلیم کو عام کرنا تھا۔

سوال: اردو مضمون نگاری کی صنف کے بانی کون تھے؟

جواب: اردو مضمون نگاری کی صنف کے بانی بھی سرسید ہی ہیں۔

سوال: سرسید کے مضامین کتنی قسم کے ہیں، نام لکھیں؟

جواب: سرسید کے مضامین تین اقسام کے ہیں:

1۔ خالص مذہبی 2۔ سیاسی

3۔ اصلاحی

سوال: شبلی نے تالیف سیرت کا اعلان کب فرمایا؟

جواب: شبلی نے 1912ء میں تالیف سیرت کا اعلان فرمایا؟

سوال: شبلی نے اپنی تصنیف ''سیرت النبی'' میں کتنے اصولوں پر عمل کیا؟

جواب: تین اصولوں پر۔

سوال: مقالات شبلی کون سے اخبارات و رسائل میں وقتاً فوقتاً شائع ہوتے رہے؟

جواب: مقالات شبلی حسب ذیل اخبارات و رسائل میں وقتاً فوقتاً شائع ہوتے رہے۔

1۔ معارف علی گڑھ 2۔ دکن ریویو۔

3۔ شعریت 4۔ انسٹیٹیوٹ گزٹ

5۔ تہذیب الاخلاق 6۔ الندوہ

7۔ مسلم گزٹ

سوال: شبلی کے انداز بیان کی نمایاں اور اہم ترین خصوصیات کون سی ہیں؟ صرف نام لکھیں؟

جواب: 1۔ جوش بیان 2۔ ایجاز واختصار
3۔ شعریت 4۔ حسن کاری
5۔ بے ساختگی 6۔ طنز وتعریض
7۔ بیانیہ نگاری 8۔ منظر نگاری
9۔ ادبی شان

سوال: حالی کی حیات جاوید میں کس کی شخصیت پوری آب و تاب کے ساتھ جلوہ گر ہے؟

جواب: سرسید احمد خان کی شخصیت۔

سوال: حالی نے "حیات سعدی" میں کہاں کا تذکرہ کیا ہے؟

جواب: حالی نے "حیات سعدی" میں بہت دلچسپ انداز میں پہلے فارس اور شیراز کا حال لکھا ہے پھر شیخ سعدی کے بچپن کے حالات کا ذکر کیا ہے۔

سوال: حالی کی دوسری سوانح نگاری کی تصنیف کا نام لکھیں؟

جواب: "یادگار غالب"

سوال: "یادگار غالب" کو حیات سعدی پر فوقیت کیوں حاصل ہے؟

جواب: یہ تصنیف "حیات سعدی" پر اس لحاظ سے فوقیت رکھتی ہے کہ غالب کو حالی نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا اور ان کی صحبت بھی پائی تھی۔

سوال: "یادگار غالب" کو حالی نے کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے؟

جواب: دو حصوں میں۔

سوال: حالی نے کون سی سوانح عمریاں لکھیں؟

جواب: 1۔ حیات سعدی 2۔ یادگار غالب
3۔ حیات جاوید

سوال: کیا محمد حسین آزاد صرف اردو کے انشاء پرداز ہی تھے؟

جواب: آزاد اردو کے منفرد انشاء پرداز تھے آزاد تو ایک صاحب طرز انشاء پرداز تھے۔

سوال: منفرد انشاء پرداز اور طرز انشاء پرداز میں کیا فرق ہے؟

جواب: منفرد انشاء پرداز کو اس کی تحریریں معاصرین سے ممتاز کرتی ہیں لیکن صاحب طرز انشاء پرداز کے بیان نری انفرادیت ہی نہیں بلکہ یہ ایک ایسی انفرادیت ہوتی ہے جو اسے ایک دور کا ہی نہیں بلکہ ساری تاریخ اسلوب میں الگ خصوصیت کا آدمی تسلیم کراتی ہے۔

سوال: نثر میں آزاد کو کون سی حیثیتوں سے دیکھا جا سکتا ہے؟

جواب: 1۔ مؤرخ 2۔ مضمون نگار
3۔ انشاء پرداز 4۔ شاعر
5۔ نقاد

سوال: "آب حیات" اور "نیرنگ خیال" کے مصنف کا نام لکھیں؟

جواب: محمد حسین آزاد۔

سوال: تاریخ اور تنقیدی کمزوریوں کی باوصف مرقع نگاری کا نادر نمونہ کیا ہے؟

جواب: "آب حیات"

سوال: مولوی عبدالحق کے دو ان مقدمات کے نام لکھیں جن میں انہوں نے تحقیقی انکشافات کیے ہیں؟

جواب: 1۔ مقدمہ باغ و بہار 2۔ مقدمہ قواعد اردو۔

سوال: کیا پطرس کی مزاح نگاری میں بڑی حد تک مغربی رنگ ہے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: نذیر احمد کی کہانی اور یادگار مشاعرہ کے مصنف کا نام لکھیں؟

جواب: فرحت اللہ بیگ۔

سوال: مرزا فرحت نے یاد ماضی کے خوب صورت مرقع جن کتابوں میں پیش کیے ہیں ان کے نام لکھیں؟

جواب: 1۔ دلی کا یادگار مشاعرہ 2۔ نذیر احمد کی کہانی۔

سوال: نذیر احمد کی کہانی اور یادگار مشاعرہ کی مرقع نگاری میں نمایاں فرق کیا ہے؟

جواب: "نذیر احمد کی کہانی" کے بارے میں دو آراء نہیں صرف ایک ہے لیکن یادگار مشاعرہ کے بارے میں نقاد مختلف آراء کا اظہار کرتے ہیں۔

سوال: "نذیر احمد کی کہانی" اور "یادگار مشاعرہ" ان دونوں میں سے کس میں مرزا فرحت کی شخصیت زیادہ نمایاں ہے؟

جواب: نذیر احمد کی کہانی "کچھ میری کچھ ان کی زبانی"۔

سوال: حالی کی مشہور کتاب کا نام لکھیں؟

جواب: مقدمہ شعر و شاعری (مدوجزر اسلام)۔

سوال: شبلی نعمانی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: 1857ء کو اعظم گڑھ میں پیدا ہوئے۔

سوال: رشید احمد صدیقی کی مزاح نگاری کے بارے تین نکات لکھیے؟

جواب:
1۔ وہ بات سے بات نکالتے ہیں اور ہر بات میں نئی بات پیدا کرتے چلے جاتے ہیں۔
2۔ قول محال کی برجستگی رشید احمد صدیقی کی ظرافت کا بنیادی ستون ہے۔
3۔ رشید صاحب مزاح نگار پہلے ہیں طنز نگار بعد میں۔

سوال: پطرس کی مزاح نگاری کے بارے میں اہم نکات لکھیں؟

جواب:
1۔ پطرس اردو زبان و ادب کے منفرد مزاح نگار ہیں۔
2۔ وہ روزمرہ کی زندگی کو ڈرامائی انداز میں پیش کرنے کی قدرت رکھتے ہیں۔

سوال: "دلی کا یادگار مشاعرہ" کے مصنف کا نام لکھیں؟

جواب: فرحت اللہ بیگ۔

سوال: گنج ہائے گراں مایہ میں آپ کس کی شخصیت سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں؟

جواب: مولانا سلیمان اشرف کی۔

سوال: مزاح اور طنز کے لیے کون سی دو باتیں ضروری ہیں؟

جواب: مزاح اور طنز کے لیے دو بنیادی باتوں کی ضرورت ہے۔ ایک ذہانت اور دوسری ذکاوت کی۔

سوال: مولانا ابوالکلام آزاد نے "الہلال" کب جاری کیا؟

جواب: 1912ء میں۔

سوال: "الہلال" کتنی جلدوں اور کتنے صفحات پر مشتمل تھا؟

جواب: 2880 صفحات کے جہازی سائز پر پھیلا ہوا تھا۔ تصویری صفحات کو شامل کرنے سے صفحات کی تعداد تین ہزار ہو جاتی ہے۔

سوال: مولانا ابوالکلام آزاد پر جو کتابیں لکھی گئی ہیں، ان میں سے صرف تین کے نام لکھیں؟

جواب: 1۔ آثار ابوالکلام آزاد (قاضی عبدالغفار)
2۔ مولانا آزاد فکر و فن (ملک زادہ منظور احمد)
3۔ مولانا ابوالکلام (رضی الدین صدیقی)

سوال: مولانا ابوالکلام آزاد کی لکھی ہوئی چار کتابوں کے نام لکھیں؟

جواب: 1۔ تذکرہ۔
2۔ آزاد کی کہانی خود آزاد کی زبانی
3۔ غبار خاطر
4۔ تحریک آزادی

سوال: مولانا ابوالکلام آزاد کی کتاب "تحریک آزادی" کس دوسرے عنوان سے شائع ہوئی؟

جواب: یہی کتاب "آزادی کی حیثیت" اور "ہندوستان آزادی حاصل کرتا ہے" کے عنوان سے بھی شائع ہوئی۔

سوال: مختار مسعود کے مضامین کا مجموعہ کون سا ہے؟

جواب: آواز دوست۔

سوال: آواز دوست مضامین کے مجموعے کا نام کہاں سے لیا گیا؟

جواب: مولانا جلال الدین رومی کے شعر سے۔

سوال: تحریک پاکستان کے منظر کو مختار مسعود نے کس مضمون میں پیش کیا؟

جواب: مینار پاکستان کے مضمون میں۔

سوال: "لوح ایام" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: مختار مسعود کی۔

سوال: "سفر نصیب" کس کی تصنیف ہے:

جواب: مختار مسعود

جدید نثری ادب

1۔ ''گلی کوچے'' ''کنکریاں'' اور ''آخری آدمی'' کس کے افسانوں کا مجموعہ ہائے ہیں؟
(a) انتظار حسین (b) اشفاق احمد
(c) احمد شجاع پاشا (d) احمد ندیم قاسمی

2۔ ''زمین اور فلک'' کس کے سفر نامہ کا عنوان ہے؟
(a) احمد ندیم قاسمی (b) انتظار حسین
(c) اشفاق احمد (d) امجد اسلام امجد

3۔ ''علامتوں کا زوال'' کس مشہور ادیب کی کتاب ہے؟
(a) انتظار حسین (b) اشفاق احمد
(c) امجد اسلام امجد (d) انوار احمد

4۔ ''دھڑکنیں'' کس ادیب کا پہلا مجموعہ تھا؟
(a) امجد اسلام امجد (b) اشفاق احمد
(c) احمد ندیم قاسمی (d) عبداللہ حسین

5۔ ''چوپال'' کس کے پہلے افسانوی مجموعہ کا نام ہے؟
(a) احمد ندیم قاسمی (b) امجد اسلام امجد
(c) کرشن چندر (d) جمال احمد

6۔ ''کپاس کا پھول'' کس کی تصنیف ہے؟
(a) عبداللہ حسین (b) احمد ندیم قاسمی
(c) اشفاق احمد (d) انوار احمد

7۔ ''آنکھوں کا شہر'' کس کا سفر نامہ ہے؟
(a) ابن انشاء (b) احمد ندیم قاسمی
(c) خورشید احمد (d) نواز حسن

8۔ ''چاند نگر'' ''آوارہ گرد کی ڈائری'' ''دنیا گول ہے'' کس کی تصانیف ہیں؟
(a) پطرس بخاری (b) شوکت بخاری
(c) ابن انشاء (d) نذیر احمد

9۔ ''شہاب نامہ'' اور ''ماں جی'' کے خالق کون ہیں؟
(a) رفیع اللہ شہاب (b) قدرت اللہ شہاب
(c) نصر اللہ شہاب (d) احمد اللہ شہاب

10۔ ''جانگلوس'' ایک مشہور ناول ہے جس میں پنجاب کی دیہی زندگی کی عکاسی کی گئی ہے اس کے مصنف کا نام بتایئے؟
(a) شوکت صدیقی (b) بانو قدسیہ
(c) رضیہ بٹ (d) جیلانی بانو

11۔ ''لالی'' کس مشہور ناول کا کردار ہے؟
(a) جانگلوس (b) وارث
(c) اداس نسلیں (d) وحشی

12۔ ''ابن بطوطہ کے تعاقب میں'' کس کا آخری سفر نامہ ہے؟
(a) احمد ندیم قاسمی (b) عطاء الحق قاسمی
(c) ابن انشاء (d) انتظار حسین

13۔ ''چند ہم عصر'' کس کی تصنیف ہے؟
(a) مولوی عبدالحق (b) سرسید احمد خاں
(c) محمد حسین آزاد (d) حالی

14۔ ''راجہ گدھ'' کس کا مشہور ناول ہے؟
(a) سائرہ ہاشمی (b) بشریٰ رحمٰن
(c) بانو قدسیہ (d) صائمہ احمد

15۔ ''بھاگ'' اور ''اداس نسلیں'' کس کی تصانیف ہیں؟
(a) عبداللہ حسین (b) اشفاق احمد
(c) کرنل محمد خاں (d) انتظار حسین

16۔ ''شناخت پریڈ'' کس کی تصنیف ہے؟
(a) پطرس بخاری (b) یونس بٹ
(c) عطاء الحق قاسمی (d) اشفاق حسین

17۔ ''شہر در شہر'' کس کا سفر نامہ ہے؟
(a) امجد اسلام امجد (b) اشفاق احمد
(c) عطاء الحق قاسمی (d) انتظار حسین

18۔ ''محمد بن قاسم'' اور ''کوارڈ وٹ گلی'' کس کی تصانیف ہیں؟

(a) نسیم احمد (b) احمد ندیم قاسمی
(c) نسیم حجازی (d) احمد انور

19۔ ''وارث'' کس کا مشہور ڈرامہ ہے؟
(a) امجد اسلام امجد (b) اصغر ندیم سید
(c) اشفاق احمد (d) انتظار حسین

20۔ ''ابریشم'' کس کی مشہور تصنیف ہے؟
(a) سائرہ ہاشمی (b) بانو قدسیہ
(c) رضیہ بٹ (d) جیلانی بانو

21۔ ''جنت کی تلاش'' کس کی تصنیف ہے؟
(a) رحیم گل (b) اشفاق احمد
(c) احمد ندیم قاسمی (d) محسن احمد

22۔ ''[illegible]'' کس کی مشہور تصنیف ہے؟
(a) رحیم گل (b) افضل حق
(c) خضر ہاشمی (d) فضل محمد

23۔ ''علی پور کا ایلی'' کس کی مشہور تصنیف ہے؟
(a) انور مسعود (b) قدرت اللہ شہاب
(c) ممتاز مفتی (d) انور مفتی

24۔ ''[illegible]ری آواز'' کس کی آپ بیتی ہے؟
(a) رضا علی (b) طارق وحید بٹ
(c) فخر الزماں (d) اشفاق احمد

25۔ ''کار جہاں دراز'' کس کی تصنیف ہے؟
(a) قرۃ العین حیدر (b) بانو قدسیہ
(c) بشریٰ رحمٰن (d) عمیرہ احمد

26۔ ''[illegible]'' کس کا مشہور ناول ہے؟
(a) بانو قدسیہ (b) خدیجہ مستور
(c) رضیہ بٹ (d) پروین شاکر

27۔ ''[illegible] سکرین'' کس کا مشہور ناول ہے؟
(a) طارق اسماعیل ساگر (b) امجد اسلام امجد
(c) اے حمید (d) انوار احمد

28۔ ''بہار کا آخری پھول'' کس کی تصنیف ہے؟
(a) عطاء الحق قاسمی (b) اشفاق احمد
(c) اے حمید (d) انتظار حسین

29۔ ''کالی برف'' کس کی مشہور تصنیف ہے؟
(a) خلیل جبران (b) مرزا ادیب
(c) احمد ندیم قاسمی (d) منیر نیازی

30۔ ''نقاب پوش'' کس کا مشہور ناول ہے؟
(a) رضیہ فصیح احمد (b) ام ایمن ہاشمی
(c) بانو قدسیہ (d) کوئی بھی درست نہیں

31۔ ''تلاش منزل'' کس کا مشہور ناول ہے؟
(a) اشفاق احمد (b) عطاء الحق قاسمی
(c) قمر نقوی (d) کوئی بھی درست نہیں

32۔ ''سمندر میں محراب'' کس کا سفر نامہ ہے؟
(a) اجمل نیازی (b) منیر نیازی
(c) احسن نیازی (d) کوئی بھی درست نہیں

33۔ ''دھنک پر قدم'' کس کا مشہور سفر نامہ ہے؟
(a) بانو قدسیہ (b) سائرہ ہاشمی
(c) بیگم اختر ریاض الدین (d) کوئی بھی درست نہیں

34۔ ''لبیک'' حج کا سفر نامہ ہے مصنف کا نام بتایئے؟
(a) ممتاز مفتی (b) قدرت اللہ شہاب
(c) اشفاق احمد (d) کوئی بھی درست نہیں

35۔ ''جنرل ضیاء الحق کے گیارہ سال'' کس کی تصنیف ہے؟
(a) اظہر احمد (b) اظہر سہیل
(c) محمد احمد (d) کوئی بھی درست نہیں

36۔ ''شہید صدر'' کس کی تصنیف ہے؟
(a) ڈاکٹر یٰسین (b) احسن عباس
(c) احمد عباس (d) کوئی بھی درست نہیں

37۔ ''ذوالفقار علی بھٹو سے بے نظیر تک'' کس کی تصنیف ہے؟
(a) فخر الزماں (b) خالد یزدانی

(c) احمد حسن (d) کوئی بھی درست نہیں

38۔ ''یادعہد رفتہ'' کے مصنف کا نام بتایئے؟

(a) ڈاکٹر عبادت بریلوی (b) اشفاق احمد

(c) پطرس بخاری (d) کوئی بھی درست نہیں

39۔ ''گرد راہ'' کس کی آپ بیتی ہے؟

(a) شاہد حسین دہلوی (b) منور احمد

(c) اختر حسین رائے پوری

(d) کوئی بھی درست نہیں

40۔ ''اوراق گم شدہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) مولانا شوکت علی جوہر

(b) مولانا حسرت موہانی

(c) مولانا شبلی نعمانی (d) کوئی بھی درست نہیں

41۔ ''مردم دیدہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) مولانا ابوالکلام آزاد

(b) مولانا حسرت موہانی

(c) محمد حسین آزاد (d) کوئی بھی درست نہیں

42۔ ''کلوز اپ'' کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

(a) محمد طفیل (b) اعجاز رضوی

(c) خورشید برنی (d) کوئی بھی درست نہیں

43۔ ''مکرم'' اور ''محترم'' کس کے خاکے ہیں؟

(a) محمد طفیل (b) یونس بٹ

(c) رحیم گل (d) کوئی بھی درست نہیں

44۔ ''اونچے لوگ'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) قدرت اللہ شہاب (b) رفیع اللہ شہاب

(c) ممتاز مفتی (d) کوئی بھی درست نہیں

45۔ ''جناب'' کس کی تخلیق ہے؟

(a) محمد طفیل (b) اعجاز رضوی

(c) خورشید برنی (d) کوئی بھی درست نہیں

46۔ ''چند یادیں'' کس کی مشہور تصنیف ہے؟

(a) نظیر صدیقی (b) خواجہ جمیل احمد

(c) احسان احمد (d) کوئی بھی درست نہیں

47۔ ''سفر نصیب'' ''آواز دوست'' اور ''لوح ایام'' کس مشہور ادیب کی تصانیف ہیں؟

(a) اشفاق احمد (b) انتظار حسین

(c) مختار مسعود (d) کوئی بھی درست نہیں

48۔ ''آب گم'' اور ''زرگزشت'' کس کی تصانیف ہیں؟

(a) مشتاق احمد یوسفی (b) پطرس بخاری

(c) یونس بٹ (d) کوئی بھی درست نہیں

49۔ ''مسائل اقبال'' کس نے مرتب کی؟

(a) رفیع الدین ہاشمی (b) ڈاکٹر سید عبداللہ

(c) اشفاق احمد (d) کوئی بھی درست نہیں

50۔ ''اردو ادب کی تحریکیں'' کس کی مشہور کتاب ہے؟

(a) ڈاکٹر انور سدید (b) ڈاکٹر وزیر آغا

(c) ڈاکٹر سلیم اختر (d) کوئی بھی درست نہیں

جوابات

1۔	a	2۔	b	3۔	a	4۔	c
5۔	a	6۔	b	7۔	a	8۔	c
9۔	b	10۔	a	11۔	a	12۔	c
13۔	a	14۔	c	15۔	a	16۔	b
17۔	a	18۔	c	19۔	a	20۔	b
21۔	a	22۔	b	23۔	c	24۔	b
25۔	a	26۔	b	27۔	a	28۔	c
29۔	a	30۔	a	31۔	c	32۔	a
33۔	c	34۔	a	35۔	b	36۔	a
37۔	b	38۔	a	39۔	c	40۔	a
41۔	b	42۔	b	43۔	a	44۔	c
45۔	a	46۔	b	47۔	c	48۔	a
49۔	b	50۔	a				

پبلک سروس کمیشن اور این ٹی ایس میں پوچھے گئے چند اہم سوالات مع جوابات

1- "آسیب الفت" ایک ناولٹ کا ترجمہ ہے یہ کس نے کیا:

(a) سجاد حیدر یلدرم (b) انتظار حسین

(c) غلام عباس (d) نیاز فتح پوری

2- سجاد حیدر یلدرم میں "یلدرم" کے کیا معنی ہیں:

(a) آتشی (b) برق

(c) انقلابی (d) بہادر

3- "جھانسی کی رانی" کس کی تصنیف ہے:

(a) حجاب امتیاز علی (b) مجنوں گورکھ پوری

(c) مرزا ادیب (c) نیاز فتح پوری

4- "جھانسی کی رانی" کس صنف میں ہے:

(a) افسانوی مجموعہ (b) تنقید

(c) سوانح (d) تاریخ

5- "گل خانہ" کس کا ناول ہے:

(a) مرزا ادیب (b) حجاب امتیاز علی

(c) قاضی عبدالغفار (d) افضل حق

6- "دو" کس کی تصنیف ہے:

(a) احسان دانش (b) حامد اللہ افسر

(c) عظمت اللہ خاں (d) نادر کاکوروی

7- ان میں سے کون سی شخصیت ترکی ادب سے متاثر تھی:

(a) عبدالعزیز فلک پیا (b) مہدی افادی

(c) سجاد حیدر یلدرم (d) حجاب امتیاز علی

8- "منٹو کا فن" کس کی تصنیف ہے:

(a) ممتاز شیریں (b) وقار عظیم

(c) ڈاکٹر سہیل احمد (d) پرویز انجم

9- "منٹو کا اسلوب" کس کی تصنیف ہے:

(a) عبادت بریلوی (b) وارث علوی

(c) طاہرہ اقبال (d) سید وقار عظیم

10- "نیلا پتھر، سناٹا اور آس پاس" کس کے افسانوی مجموعے ہیں:

(a) کرشن چندر (b) غلام عباس

(c) احمد ندیم قاسمی (d) اشفاق احمد

11- "جگا، شہر ادلیس اور پہلا پتھر" کس کی تصانیف ہیں:

(a) قدرت اللہ شہاب (b) بلونت سنگھ

(c) آغا بابر (d) جوگندر پال

12- "مٹی کا ادراک" کس کا افسانوی مجموعہ ہے:

(a) جوگندر پال (b) سریندر پرکاش

(c) محمد خالد اختر (d) آغا بابر

13- "دکھ سکھ" اور "پریم پتر" کس کی تصانیف ہیں:

(a) مسز عبدالقادر (b) خواجہ حسن نظامی

(c) اعظم کریوی (d) علی عباس حسینی

14- "فن افسانہ نگاری" کس کی کتاب ہے:

(a) ڈاکٹر سید عبداللہ (b) سید وقار عظیم

(c) ممتاز شیریں (d) عبادت بریلوی

15- "افسانے کی حمایت میں" کس کی تصنیف ہے؟

(a) ڈاکٹر سید عبداللہ (b) سید خاور عظیم

(c) وحید قریشی (d) شمس الرحمان فاروقی

16- "افسانہ اور افسانے کی تنقید" کے مصنف کون ہیں:

(a) عبادت بریلوی (b) ڈاکٹر سید عبداللہ

(c) محمد طفیل (d) مبین مرزا

17- "معیار ادب" کے مئولف کون ہیں:

(a) شہزاد منظر (b) شوکت سبزواری

(c) سراج منیر (d) حامد حسن قادری

18- "فن اور فن کار" کس نے لکھی ہے:

(a) عبادت بریلوی (b) طاہرہ اقبال

(c) سید وقار عظیم (d) ڈاکٹر سید عبداللہ

19- کون اپنے افسانے منٹو کے پاس اصلاح کے لیے بھیجتا تھا:

(a) غلام عباس (b) احمد ندیم قاسمی
(c) ممتاز شیریں (d) انتظار حسین

20- "آوارہ گرد" کس کا افسانہ ہے:
(a) انتظار حسین (b) احمد ندیم قاسمی
(c) ممتاز شیریں (d) قرۃ العین حیدر

21- "سیتا ہرن" اور "دلربا" کس کے ناولٹ ہیں:
(a) قرۃ العین حیدر (b) عبداللہ حسین
(c) رضیہ فصیح احمد (d) الطاف فاطمہ

22- "چاردیواری" کس کا ناول ہے:
(a) نسیم حجازی (b) جمیلہ ہاشمی
(c) شوکت صدیقی (d) عبداللہ حسین

23- "دشت سوس" تو جمیلہ ہاشمی کا ناول ہے۔ یہ بتائیں "دستک نہ دو" کس کا ناول ہے:
(a) الطاف فاطمہ (b) جمیلہ ہاشمی
(c) خدیجہ مستور (d) بانو قدسیہ

24- "بندھن، بنتی اور دارنگ" کس کے ناول ہیں
(a) حاجرہ مسرور (b) رضیہ بٹ
(c) عصمت چغتائی (d) بانو قدسیہ

25- غلام عباس کا نمائندہ افسانہ کونسا ہے:
(a) کن رس (b) جاڑے کی چاندنی
(c) آنندی (d) کتبہ

26- "میرے بھی صنم خانے" کس کا پہلا ناول ہے:
(a) بانو قدسیہ (b) قرۃ العین حیدر
(c) خدیجہ مستور (d) حاجرہ مسرور

27- نسیم حجازی کے پہلے ناول کا نام کیا ہے:
(a) انسان اور دیوتا (b) محمد بن قاسم
(c) خاک اور خون (d) آخری چٹان

28- "صدف" تو شہزاد احمد کی تصنیف ہے یہ بتائیں: "گیت اور انگارے" کے مصنف کون ہیں:
(a) غیاث احمد گدی (b) بانو قدسیہ
(c) دیوندر اسر (d) جوگندر پال

29- بانو قدسیہ کی تصنیف "مرد ابریشم" کس شخصیت کے بارے میں ہے:
(a) قدرت اللہ شہاب (b) اشفاق احمد
(c) ممتاز مفتی (d) واجد علی شاہ

30- یادداشتوں پر مبنی کتاب "بندگی میں شام" کے مصنف کون ہیں:
(a) شہزاد احمد (b) توصیف تبسم
(c) غلام رسول مہر (d) عبدالمجید سالک

31- انتظار حسین نے کس عنوان سے آپ بیتی لکھی:
(a) اپنی تلاش (b) میری دنیا
(c) کاروان زندگی (d) جستجو کیا ہے؟

32- "بازگشت" اور "امربیل" کس کے افسانوی مجموعے ہیں:
(a) اشفاق احمد (b) بانو قدسیہ
(c) ممتاز مفتی (d) غلام عباس

33- "طلسم خیال" کس کا افسانوی مجموعہ ہے:
(a) راجندر سنگھ بیدی (b) کرشن چندر
(c) موہن لال (d) خشونت سنگھ

34- "پت جھڑ کی آواز" کس کا ناول ہے:
(a) قرۃ العین حیدر (b) جمیلہ ہاشمی
(c) حاجرہ مسرور (d) کشور ناہید

35- عصمت چغتائی کے پہلے ناول کا نام لکھیں:
(a) رات (b) ضدی
(c) ٹیڑھی لکیر (d) لحاف

36- معروف نقاد انور سدید نے کب وفات پائی:
(a) ۱۳/مارچ ۲۰۱۶ء (b) ۲۰/مارچ ۲۰۱۶ء
(c) ۲۴/اپریل ۲۰۱۶ء (d) ۲۷/جون ۲۰۱۶ء

37- علامہ اقبال کے فرزند ڈاکٹر جاوید اقبال نے کب وفات پائی:
(a) ۱۰/اکتوبر ۲۰۱۵ء (b) ۱۳/اکتوبر ۲۰۱۵ء

(c) ۱/نومبر ۲۰۱۵ء (d) ۳/دسمبر ۲۰۱۵ء

38- "شگوفے" کے مصنف کون ہیں:
(a) شوکت تھانوی (b) ضمیر جعفری
(c) فرحت اللہ بیگ (d) رشید احمد صدیقی

39- "مشق عشق" اور "پشیماں" کس کے افسانوی مجموعے ہیں:
(a) صالحہ عابد حسین (b) بشریٰ رحمٰن
(c) مہندر ناتھ (d) ڈاکٹر میمونہ انصاری

40- "اے بنی اسرائیل" قدرت اللہ شہاب کی تصنیف ہے۔ اس کی صنف کونسی ہے:
(a) سوانح (b) آپ بیتی
(c) سفرنامہ (d) ناولٹ

41- ڈاکٹر جاوید اقبال کی کتاب "زندہ رود" کس کے بارے میں ہے:
(a) نوجوانوں کے بارے میں
(b) علامہ اقبال کے بارے میں
(c) جاوید اقبال کے بارے میں
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

42- "زندہ رود" تین حصوں پر مشتمل ہے۔ اس کے کتنے ابواب ہیں:
(a) ۷ (b) ۱۴
(c) ۲۱ (d) ۲۷

43- "زرگزشت" کے مصنف کون ہیں:
(a) مشتاق یوسفی (b) غلام عباس
(c) فرحت اللہ بیگ (d) محسن نقوی

44- "گھر سے گھر تک" اور "سناٹا" تو قاسمی کے افسانوی مجموعے ہیں۔ "سپنوں کا قیدی" کے مصنف کون ہیں:
(a) راجندر سنگھ بیدی (b) کرشن چندر
(c) پریم چند (d) احمد ندیم قاسمی

45- "خس و خاشاک زمانے" کس کا ناول ہے:
(a) قرۃ العین حیدر (b) انتظار حسین
(c) بشریٰ رحمٰن (d) مستنصر حسین تارڑ

46- "راہ رواں" کس کی خودنوشت ہے:
(a) بشریٰ رحمٰن (b) عزیز جہاں
(c) بانو قدسیہ (d) زہرہ حیدر

47- "اقبال جرم" کس کتاب کے پیش لفظ کا عنوان ہے:
(a) زرگزشت (b) شہاب نامہ
(c) جہان دانش (d) زاویہ

48- غلام عباس کا ناولٹ کونسا ہے:
(a) آنندی (b) جاڑے کی چاندنی
(c) کن رس (d) گوندنی والا تکیہ

جوابات

1.	(a)	2.	(b)	3.	(c)	4.	(c)
5.	(b)	6.	(b)	7.	(c)	8.	(b)
9.	(c)	10.	(c)	11.	(b)	12.	(a)
13.	(c)	14.	(b)	15.	(d)	16.	(a)
17.	(b)	18.	(c)	19.	(b)	20.	(d)
21.	(a)	22.	(c)	23.	(a)	24.	(b)
25.	(c)	26.	(b)	27.	(a)	28.	(c)
29.	(a)	30.	(b)	31.	(d)	32.	(b)
33.	(b)	34.	(a)	35.	(b)	36.	(b)
37.	(b)	38.	(c)	39.	(b)	40.	(c)
41.	(b)	42.	(c)	43.	(a)	44.	(b)
45.	(d)	46.	(c)	47.	(b)	48.	(d)

اُردو زبان کی ابتداء

1- اردو زبان کی ابتدائی نشوونما میں سب سے زیادہ حصہ کس قوم کا ہے؟

(a) ہندوؤں کا (b) انگریزوں کا

(c) سکھوں کا (d) مسلمانوں کا

2- بعض محققین کا کہنا ہے کہ "اردو" فارسی زبان کا لفظ ہے۔ دوسرے محققین "اردو" کو کس زبان کا لفظ قرار دیتے ہیں؟

(a) ترکی کا (b) انگریزی کا

(c) سنسکرت کا (d) عربی کا

3- "اردو" کا کیا مطلب ہے؟

(a) بازار (b) بھیڑ

(c) لشکر (d) جلسہ

4- آغاز میں اردو کو "ہندی" یا "ہندوی" کس نسبت سے کہا گیا؟

(a) ہندوؤں کی (b) ہندوستان کی

(c) سنسکرت کی

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

5- لفظ ہندی سب سے پہلے کس کتاب میں استعمال ہوا؟

(a) تزک جہانگیری (b) دیوان امیر خسرو

(c) تزک بابری (d) دیوان ولی

6- کس شخصیت نے 1791ء میں قرآن پاک کا ترجمہ کرنے کے بارے لکھا تھا کہ یہ (ترجمہ) ہندی میں ہے ریختہ میں نہیں؟

(a) شاہ ولی اللہؒ (b) شاہ عبدالعزیزؒ

(c) شاہ نصیر الدینؒ (d) شاہ عبدالقادرؒ

7- ملا وجہی نے جب اپنی مشہور کتاب "سب رس" 1635ء میں لکھی تو اردو کو کس نام سے منسوب کیا؟

(a) سنسکرت (b) فارسی

(c) عربی (d) ہندی

8- کس مغل شہنشاہ نے ہندی کا رسم الخط نسخ سے تبدیل کر کے خط نستعلیق میں تبدیل کروادیا؟

(a) شاہ جہاں (b) جہانگیر

(c) بابر (d) اکبر

9- انگریزوں نے جب فورٹ ولیم کالج میں پہلی مرتبہ چھاپہ خانہ لگایا تو اس میں کون سا رسم الخط اپنایا؟

(a) نسخ (b) دیوناگری

(c) نستعلیق

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

10- اُردو کے لیے ابتداء میں ریختہ کا نام بھی استعمال ہوا، بتائیں کہ ریختہ کے معنی کیا ہیں؟

(a) بنانا یا ایجاز و اختراع کرنا

(b) نئے سانچے میں ڈھالنا

(c) موزوں کرنا

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

11- اُردو زبان کے ارتقاء میں ہندی راگوں اور فارسی کو ملا کر ہندوستانی موسیقی میں اختراع پیدا کی گئی، بتائیں کہ اس میں اختراع کو کس نام سے پکارا گیا؟

(a) ہندوی (b) سنسکرت

(c) ریختہ (d) راگ

12- اردو کو "ریختہ" کیوں کہا گیا؟

(a) اس کی جڑیں مضبوط تھیں

(b) عوامی بولی تھی

(c) رابطے کی زبان کی وجہ سے

(d) مختلف بولیوں اور زبانوں کے امتزاج کی وجہ سے

13- شہنشاہ اکبر کے زمانے میں ریختہ کا لفظ "زبان" کے لیے استعمال ہوا۔ بعد ازاں یہ لفظ کن معنی میں استعمال ہوا۔

(a) فکر

(b) خیالات کی بلند پردازی

(c) نثر (d) شاعری

14- ریختہ میں سب سے پہلا دیوان کس نے مرتب کیا؟

(a) امیر خسرو (b) سعد سلمان

(c) ولی دکنی (d) بھگت کبیر

15- امیر خسرو کے زمانے میں لفظ ریختہ "شاعری" کے معنوں میں استعمال ہوتا تھا۔ خسرو نے اپنی شاعری کو کیا قرار دیا؟

(a) ہندی

(b) ہندی اور فارسی کا ملاپ

(c) ہندوی

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

16- لفظ "ریختہ" کو کس نے متروک قرار دیا؟

(a) غالب نے (b) ناسخ نے

(c) سودا نے (d) میر نے

17- لفظ "اردو" کا پہلی مرتبہ استعمال کہاں ہوا؟

(a) تزک جہانگیری میں (b) کربل کتھا میں

(c) تزک بابری میں (d) آئین اکبری میں

18- اردو کے لیے سب سے پہلے کس نے لفظ "اردوئے معلی" تجویز کیا؟

(a) بابر (b) اکبر

(c) جہانگیر (d) شاہجہاں

19- بعض محققین کا کہنا ہے کہ اردو لفظ Horde سے نکلا ہے۔ Horde کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) فرانسیسی (b) انگریزی

(c) یونانی (d) لاطینی

20- محمد حسین آزاد نے اردو کی پہلی نثری تصنیف کسے قرار دیا؟

(a) فضلی کی دہ مجلس یا کربل کتھا

(b) آب حیات (c) معراج العاشقین

(d) قصہ چہار درویش

21- مولوی عبدالحق اور پروفیسر احسن مارہروی نے اردو کی پہلی نثری تصنیف کسے قرار دیا؟

(a) آب حیات (b) کربل کتھا

(c) معراج العاشقین (d) قصہ چہار درویش

22- "معراج العاشقین" کے مصنف کا کیا نام ہے؟

(a) حضرت داتا گنج بخشؒ

(b) حضرت خواجہ بندہ نوازؒ

(c) حضرت معین الدین چشتی

(d) امیر خسرو

23- ہندوستان کی کس زبان کو دکن میں دکنی، گجرات میں گوجری، لاہور میں لاہوری، دہلی میں زبان دہلوی اور ہریانہ میں ہریانوی کا نام دیا گیا؟

(a) ہندی (b) سنسکرت

(c) اردو (d) دیوناگری

24- ہندوستان میں سب سے پہلی مطبوعہ کتاب کون سی ہے؟

(a) کربل کتھا (b) معراج العاشقین

(c) آب حیات (d) باغ و بہار

25- محمد حسین آزاد نے "آب حیات" میں اردو زبان کا ماخذ کون سی زبان کو قرار دیا؟

(a) سنسکرت (b) دیوناگری

(c) فارسی (d) برج بھاشا

26- انشاء اللہ خان نے "دریائے لطافت" میں اردو کی ابتداء کو کس عہد سے منسوب کیا؟

(a) عہد شاہجہانی (b) عہد بابری

(c) عہد جہانگیری (d) عہد اورنگزیب

27- یہ خیال کس کا ہے کہ ہندوستان پر تیمور کے حملے کے وقت اردو زبان کی بنیاد پڑی؟

(a) ڈاکٹر شپر نگر (b) محمد حسین آزاد

(c) ڈاکٹر گلکرائسٹ (d) حافظ محمود شیرانی

28- حافظ محمود شیرانی نے اردو زبان کی بنیاد کا وقت کونسا قرار دیا؟

(a) عربوں کی آمد

(b) علاؤالدین خلجی کی فتوحات (d) بابر کی فتح

(c) اکبر کا عہد

29- "پنجاب میں اردو" کس محقق کی تحقیق ہے؟

(a) محمد حسین آزاد (b) مولوی عبدالحق

(c) حافظ محمود شیرانی

(d) ان میں سے کوئی نہیں

30- حافظ محمود شیرانی نے اردو کا سب سے پہلا شاعر کسے قرار دیا؟

(a) ولی (b) امیر خسرو

(c) بھگت کبیر (d) مسعود سلیمان

31- اردو زبان کی ابتداء کے بارے میں یہ استدلال کس کا ہے کہ "کیونکہ شمال مغرب سے آنے والے مسلمانوں کا سب سے پہلے پڑاؤ پنجاب میں تھا اور انہوں نے اسی علاقے میں زیادہ تر قیام کرنے کے بعد فتوحات کرتے ہوئے دہلی کا رخ کیا، لہٰذا مختلف زبانوں کا طویل اختلاط اسی علاقے میں آیا جس کے بعد اس زبان نے دہلی اور جنوبی ہند کی جانب روانگی اختیار کی"۔

(a) امیر خسرو (b) مسعود سعد سلیمان

(c) بھگت کبیر (d) حافظ محمود شیرانی

32- امیر خسرو نے غیاث الدین اور خسرو خان کی جنگ کے حالات غیاث الدین کو کونسی زبان میں لکھ کر دیے جو کہ (زبان) ابتداء ہی سے اردو کے خون میں شامل ہے؟

(a) پنجاب کی زبان (b) سندھ کی زبان

(c) دلی کی زبان (d) بنگال کی زبان

33- یہ نظریہ کس نے پیش کیا کہ اردو کی ابتداء دکن میں ہوئی؟

(a) سید سلیمان ندوی (b) حافظ محمود شیرانی

(c) نصیر الدین ہاشمی (d) مسعود سعد سلیمان

34- نصیر الدین ہاشمی نے کس کتاب میں دکن میں اردو کی ابتداء کا نظریہ پیش کیا؟

(a) اردو ادب دکن میں (b) دکن میں اردو

(c) اردو کی ابتداء ہندوستان سے

(d) ابتدائے اردو

35- ہندوستان کے سمندروں میں مسلمانوں کا پہلا بیڑا 636ء میں کس نے بھیجا؟

(a) حضرت ابوبکر صدیقؓ

(b) حضرت عثمان غنیؓ

(c) حضرت عمر فاروقؓ (d) حضرت علیؓ

36- شمالی اور جنوبی ہند میں سیاسی روابط کا آغاز کس واقعہ سے ہوا؟

(a) 1294ء میں علاؤالدین خلجی کا دکن پر پہلا حملہ

(b) دکن میں دیوگری، ورنگل یا تلنگانہ، دوار سمدر اور مجری کی خلجی کے سپہ سالار ملک کافور کے ہاتھوں فتح

(c) دونوں میں سے کوئی بھی نہیں

(d) (a) اور (b) دونوں

37- شمال اور جنوب کے درمیان سیاسی رابطوں کے نتیجے میں اردو زبان کو کیا فائدہ پہنچا؟

(a) اس نے سنسکرت کا اثر قبول کرنا شروع کیا۔

(b) اس نے فارسی کا اثر قبول کرنا شروع کیا۔

(c) اس میں فارسی کے خلاف مزاحمت پیدا ہوئی۔

(d) اس نے جنوب کی جانب سفر اختیار کیا۔

38- 1326ء میں کس بادشاہ نے دہلی سے 700 میل دور واقع دکن کے شہر دیوگری کو اپنا دارالحکومت بنایا؟

(a) محمد بن تغلق (b) فیروز تغلق

(c) علاؤالدین خلجی (d) ابراہیم لودھی

39- محمد بن تغلق نے دیوگری کو دارالحکومت بنا کر اس کا کیا نام رکھا؟

(a) تغلق آباد (b) دکنی

(c) دولت آباد (قبۃ الاسلام)

(d) لکھنو

40- دیوگری کو دارالحکومت بناتے وقت تغلق کس اہم فرمان کا عمل ہوا جس کے باعث دہلی میں بولی جانے والی مقامی زبان دکن جا پہنچی؟

(a) دلی کے دفاتر کی نئے دارالحکومت منتقلی

(b) اہل دہلی کی نئے دارالحکومت میں منتقلی

(c) تمام فوج کی نئے دارالحکومت منتقلی

(d) تمام کتب خانوں کی نئے دارالحکومت منتقلی

41- جنوب میں اردو کس نام سے موسوم ہوئی؟

(a) ریختہ (b) مہدی

(c) دکھنی (d) ہندوی

42- یہ نظریہ کس نے پیش کیا کہ اردو کی ابتداء سندھ سے ہوئی؟

(a) نصیر الدین ہاشمی (b) سید حافظ محمود شیرانی

(c) امیر خسرو (d) سید سلیمان ندوی

43- سلیمان ندوی نے اپنی کس کتاب میں "سندھ میں اردو" کا نظریہ پیش کیا؟

(a) اردو سندھ کے ساحلوں پر

(b) سندھ میں اردو

(c) اردو کی ابتداء (d) نقوش سلیمانی

44- سلیمان ندوی کے نظریے کے مطابق محمد بن قاسم نے 712ء میں سندھ فتح کر کے اسے مسلم حکومت کا صوبہ بنا دیا اور مسلمان یہاں آباد ہونا شروع ہو گئے۔ بتائیں کہ اس وقت سندھ میں کونسی زبان بولی جاتی تھی جس کا ملاپ عربی سے شروع ہو گیا؟

(a) ڈراچڑ (یا "پراچہ") (b) سندھی

(c) بلوچی (d) دیوناگری

45- سید سلیمان ندوی نے اپنے نظریے میں کہا ہے کہ یعقوب بن لیث نے سندھ فتح کر کے اسے اپنی سلطنت میں بطور صوبہ شامل کر لیا۔ بتائیں کہ اس واقعہ کا لوگوں کی زبان پر کیا اثر ہوا؟

(a) عربی بھی مقامی بولی میں شامل ہونا شروع ہو گئی

(b) فارسی کے خلاف مزاحمت پیدا ہونا شروع ہو گئی

(c) فارسی بھی مقامی بولی میں شامل ہونا شروع ہو گئی

(d) عربی کے خلاف مزاحمت پیدا ہونا شروع ہو گئی

46- محمود غزنوی نے جس وقت سندھ فتح کیا تو وہاں کن کی حکومت تھی؟

(a) راجپوتوں کی (b) جاٹوں کی

(c) مرہٹوں کی (d) سکھوں کی

47- ڈاکٹر سہیل بخاری نے اردو کی تاریخ کا پہلا سہرا کسے قرار دیا؟

(a) سنسکرت (b) دیوناگری

(c) رگ وید

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

48- ڈاکٹر سہیل بخاری نے اردو کی پیدائش کا علاقہ کونسا قرار دیا ہے؟

(a) پنجاب (b) دکن

(c) سندھ (d) مشرقی مہاراشٹر

49- ڈاکٹر شوکت سبزواری نے اپنی کتاب "اردو زبان کا ارتقاء" میں اردو کو کس ہندوستانی بولی کی ترقی یافتہ شکل قرار دیا ہے؟

(a) سنسکرت (b) دراوڑی

(c) دیوناگری (d) پالی

50- اردو کی پیدائش کے بارے میں یہ نظریہ کس نے پیش کیا؟
"جب آریہ ہندوستان میں وارد ہوئے تو سندھ میں انہیں ایک بہتر تہذیب اور اعلیٰ تر تمدن کے حامل افراد سے دوچار ہونا پڑا۔ یہ ہڑپہ اور موہنجوداڑو کے لوگ تھے جو دراوڑی زبان بولتے تھے۔ انہوں نے نو وارد آریوں کی زبان کو بھی متاثر کیا۔ چنانچہ اردو کی اساس میں دراوڑی زبان ہے"۔

(a) عین الحق فریدکوٹی (b) ڈاکٹر سہیل بخاری

(c) ڈاکٹر شوکت سبزواری (d) سید سلیمان ندوی

51- اردو کی ابتدائی نشوونما میں صوفیائے کرام نے کس طرح اہم کردار ادا کیا؟

(a) وہ جہاں بھی گئے وہاں کی زبان کو اپنا لیا۔

(b) لوگوں سے مجلسی گفتگو کے دوران اردو اور فارسی سے

الفاظ استعمال کیے۔
(c) تمام مذاہب کے پیروکاروں سے مخلوط زبان میں گفتگو کی جس سے اردو کی بنیاد پڑی
(d) سبھی

-52 وہ کونسا زمانہ ہے جس میں صوفیائے اکرام کی مدد سے اردو کا ابتدائی خاکہ تیار ہوا اور جس میں اردو پورے ہندوستان میں رائج ہوئی؟
(a) چودھویں صدی
(b) پندرھویں اور سترھویں صدی
(c) گیارھویں صدی (d) سولھویں صدی

-53 سب سے پہلے ہندی زبان کس مبلغ اسلام نے استعمال کی؟
(a) حضرت بندہ نوازؒ
(b) حضرت داتا گنج بخشؒ
(c) خواجہ معین الدین چشتیؒ
(d) خواجہ فرید الدین گنج شکرؒ

-54 اردو ادب کے لیے خواجہ فرید الدین مسعود شکر گنج کی کیا خدمات ہیں؟
(a) پنجاب سے اردو بول چال
(b) پنجاب سے نثر کی ابتداء کی
(c) سندھ سے تخلیق شعر کی ابتداء کی
(d) انہوں نے سرزمین پنجاب سے تخلیق شعر کی ابتداء کی

-55 درج ذیل اشعار کس شاعر کے ہیں؟

تن دھونے سے دل جو ہوتا پوک
پیش رواصفیا کے ہوتے وک
خاک لانے سے گر خدا پائیں
گائے بیلاں بھی واصلاں ہو جائیں

(a) حضرت بندہ نوازؒ
(b) حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ
(c) امیر خسرو
(d) خواجہ فرید الدین مسعود شکر گنج

-56 خواجہ معین الدین چشتیؒ نے اجمیر کو اپنی تبلیغ کا مرکز بنایا۔ اجمیر آنے سے قبل انہوں نے کس شہر میں مقامی بولی میں مہارت حاصل کی؟
(a) ملتان (b) لاہور
(c) پاکپتن (d) بہاولپور

-57 خواجہ فرید الدین گنج شکرؒ نے اپنی رشد و ہدایت کا مرکز کس شہر کو بنایا؟
(a) لاہور (b) اجمیر
(c) پاکپتن (d) ملتان

-58 صوفیاء کرام کا رجحان درج ذیل میں سے کس طرف تھا؟
(a) آرٹ کی طرف (b) موسیقی کی طرف
(c) تاریخ لکھنے کی طرف (d) علم نحو کی طرف

-59 صوفیائے کرام کی شاعری کی ایک بڑی خصوصیت درج ذیل میں کونسی تھی؟
(a) فارسی الفاظ کی کلام میں کثرت تھی
(b) عربی الفاظ کی کلام میں کثرت تھی
(c) وہ گائی بھی جا سکتی تھی
(d) الفاظ مشکل استعمال ہوئے

-60 پندرھویں سے سترھویں صدی کے دوران صوفیائے کرام نے سب سے زیادہ شاعری کونسی صنف میں کی؟
(a) نظم (b) مسدس
(c) غزل (d) دوہا

-61 دوہا کے علاوہ صوفیائے کرام نے موسیقیت کے ذریعے کس صنف شاعری کو فروغ دیا؟
(a) غزل کو (b) نظم کو
(c) مسدس کو (d) گیت کو

-62 صوفیائے کرام نے ہندوستان کو عربی اور فارسی کے الفاظ و تہذیبوں سے روشناس کرایا۔ اردو ادب کے ابتدائی فروغ میں ان کا مزید کس طریقے سے ہاتھ ہے؟
(a) تراجم کے ذریعے صوفی لٹریچر کو عام کیا
(b) لوگوں کو اردو سکھائی
(c) عوام کو شاعری کرنے کی طرف راغب کیا
(d) عوام کو نثر لکھنے کی ترغیب دی

-63 ہندوستان کی مقامی بولیوں کو عربی رسم الخط میں ڈھالنے کا سہرا کس کے سر ہے؟
(a) بابر (b) تغلق
(c) صوفیائے کرام (d) شعراء

-64 اردو (ہندی) کو سب سے پہلے کہاں کے شاہی دفتروں میں رائج کیا گیا؟
(a) لکھنو (b) دکن
(c) دلی (d) کلکتہ

-65 دکن میں کس دور میں اردو (ہندی) کو سرکاری دفتروں میں رائج کیا گیا؟
(a) قطب شاہی دور میں (b) بہمنیہ دور کے بعد
(c) سلاطین بہمنیہ کے دور میں
(d) بہمنیہ دور سے قبل

-66 دکن میں بہمنی دور کب سے کب تک رہا؟
(a) 1247ء تا 1495ء (b) 1495ء تا 1590ء
(c) 1120ء تا 1495ء (d) 1347ء تا 1495ء

-67 دکنی دور کی اردو کے حوالے سے کیا اہمیت ہے؟
(a) اس میں شاعری کی جانے لگی
(b) اسے عوامی زبان مان لیا گیا
(c) اسے بادشاہوں نے اپنا لیا
(d) یہ زبان بول چال کے دور سے گزر کر تحریری صورت میں آ گئی

-68 حضرت سید محمد حسینی 815 ہجری میں سلطان فیروز شاہ بہمنی کے عہد میں گلبرگہ آئے اور یہاں تبلیغ کی۔ عربی اور فارسی سے ناواقف لوگوں کے لیے آپ دکنی میں تقریر کرتے تھے۔ آپ کی چند تصانیف جن کا موضوع تصوف ہے سامنے آئی ہیں۔ ان میں معراج العاشقین، ہدایت نامہ، تلاوت الوجود اور شکار نامہ اور رسالہ سہ بارہ وغیرہ شامل ہیں۔ بتائیں کہ حضرت سید محمد حسینی کس نام سے مشہور ہیں؟
(a) خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ
(b) شاہ حسینؒ
(c) خواجہ معین الدین چشتیؒ
(d) حسین بخش حسینیؒ

-69 دکن میں کس سلطنت کا شیرازہ بکھرنے پر یہ سلطنتیں وجود میں آئیں: گولکنڈہ، بیجاپور، احمد نگر، برار اور بیدر؟
(a) احمد آباد (b) احمد نگر
(c) بہمنی (d) برار آباد

-70 بہمنی سلطنت کے زوال کے بعد کس سلطنت نے دکنی زبان کو بطور سرکاری زبان کا درجہ دیا؟
(a) گولکنڈہ (b) بیجاپور
(c) یوپی (d) سہارنپور

جوابات

1.	(d)	2.	(a)	3.	(c)	4.	(b)	5.	(c)
6.	(d)	7.	(d)	8.	(a)	9.	(c)	10.	(d)
11.	(c)	12.	(d)	13.	(d)	14.	(a)	15.	(c)
16.	(b)	17.	(c)	18.	(d)	19.	(d)	20.	(a)
21.	(c)	22.	(b)	23.	(c)	24.	(d)	25.	(d)
26.	(a)	27.	(c)	28.	(a)	29.	(c)	30.	(d)
31.	(d)	32.	(a)	33.	(c)	34.	(b)	35.	(c)
36.	(d)	37.	(d)	38.	(a)	39.	(c)	40.	(b)
41.	(c)	42.	(d)	43.	(d)	44.	(a)	45.	(b)
46.	(b)	47.	(c)	48.	(d)	49.	(d)	50.	(a)
51.	(d)	52.	(b)	53.	(c)	54.	(d)	55.	(d)
56.	(a)	57.	(c)	58.	(b)	59.	(c)	60.	(d)
61.	(d)	62.	(a)	63.	(c)	64.	(b)	65.	(c)
66.	(d)	67.	(d)	68.	(a)	69.	(c)	70.	(b)

تاریخ زبان وادب

1۔ برصغیر پاک و ہند میں آریاؤں نے کس زبان کو ترقی دی؟
(a) فارسی (b) ہندی
(c) سنسکرت (d) کوئی بھی درست نہیں

2۔ سکندر اعظم کے حملے کے وقت پراکرتوں کے ساتھ ساتھ کون سی زبان رائج تھی؟
(a) پنجابی (b) برج بھاشا
(c) اردو (d) کوئی بھی درست نہیں

3۔ اردو پنجابی سے مشتق ہے یہ نظریہ کس نے پیش کیا؟
(a) حافظ محمود شیرانی (b) نصیر الدین ہاشمی
(c) مسعود حسن خان (d) کوئی بھی درست نہیں

4۔ "پنجاب میں اردو" کس مشہور شخصیت کی کتاب ہے؟
(a) نصیر الدین ہاشمی (b) ڈاکٹر وحید قریشی
(c) حافظ محمود شیرانی (d) کوئی بھی درست نہیں

5۔ اردو کی ابتدا دکن سے ہوئی یہ نظریہ کس نے پیش کیا؟
(a) نصیر الدین ہاشمی (b) حافظ محمود شیرانی
(c) سلیمان ندوی (d) کوئی بھی درست نہیں

6۔ اردو کی ابتدا سندھ سے ہوئی یہ کس محقق کا نظریہ ہے؟
(a) محمود شیرانی (b) سید سلیمان ندوی
(c) نصیر الدین ہاشمی (d) کوئی بھی درست نہیں

7۔ قدیم تاریخ میں لاہور کے بعد دارالحکومت کا درجہ کس شہر کو ملا؟
(a) لکھنؤ (b) مدراس
(c) دہلی (d) کوئی بھی درست نہیں

8۔ لفظ "اردو" جس کے معنی لشکر کے ہیں بتایئے کس زبان کا لفظ ہے؟
(a) فارسی (b) ترکی
(c) عربی (d) کوئی بھی درست نہیں

9۔ اردو کا پہلا شاعر کون تھا اس نے مثنوی "پدم راؤ" لکھی؟
(a) ملا وجہی (b) میراں جی عشاق
(c) نظام بیدری (d) کوئی بھی درست نہیں

10۔ "لازم المبتدی" اور "واحد باری" کس کے مشہور رسائل ہیں؟
(a) اشرف بیابانی (b) امین الدین
(c) شمس العشاق (d) کوئی بھی درست نہیں

11۔ ارشاد نامہ، حجتہ البقاء، وصیت الحاوی کس شخصیت کے نثری رسائل ہیں؟
(a) امین الدین (b) شاہ برہان الدین جانم
(c) اشرف بیابانی (d) کوئی بھی درست نہیں

12۔ "فتح نامہ نظام شاہ" کس کی مشہور مثنوی ہے؟
(a) حسن احمد (b) حسن شوقی
(c) نصرتی (d) کوئی بھی درست نہیں

13۔ ملک الشعراء نصرتی کس کے دربار کا بڑا شاعر تھا؟
(a) دہلوی دور (b) لکھنوی دور
(c) دکنی دور (d) کوئی بھی درست نہیں

14۔ علی نامہ، سکندر نامہ اور گلشن عشق کس کی مشہور مثنویاں ہیں؟
(a) نصرتی (b) حسن شوقی
(c) میراں ہاشمی (d) کوئی بھی درست نہیں

15۔ سلطان علی عادل شاہ کا درباری شاعر کون تھا؟
(a) نصرتی (b) سید میراں ہاشمی
(c) حسن شوقی (d) کوئی بھی درست نہیں

16۔ مثنوی "یوسف زلیخا" کس نے لکھی؟
(a) سید میراں ہاشمی (b) نصرتی
(c) حسن شوقی (d) کوئی بھی درست نہیں

17۔ ریختی کے موجد کون ہیں؟
(a) نصرتی (b) سید میراں ہاشمی
(c) حسن شوقی (d) کوئی بھی درست نہیں

18۔ مثنوی "نجات نامہ" کس کی ہے؟
(a) ایاغی بیجاپوری (b) مختار بیجاپوری
(c) معظم بیجاپوری (d) کوئی بھی درست نہیں

19۔ "معراج نامہ" کس کی مثنوی ہے؟
(a) نصرتی (b) ایاغی

(c) مختار بیجاپوری (d) کوئی بھی درست نہیں

20۔ "پنج گنجی" کے مصنف کون ہیں؟
(a) شاہ معظم بیجاپوری (b) شوقی
(c) نصرتی (d) کوئی بھی درست نہیں

21۔ وجہی کا دکنی زبان میں پہلا کارنامہ کون سا ہے؟
(a) سب رس (b) قطب مشتری
(c) ان میں سے کوئی نہیں

22۔ گولکنڈہ کا ملک الشعراء کس کو مانا جاتا ہے؟
(a) غواصی (b) نشاطی
(c) شاہ میراں جی (d) کوئی بھی درست نہیں

23۔ اردو شاعری کا باوا آدم ولی دکنی ہے یہ کس نے کہا تھا؟
(a) الطاف حسین حالی (b) محمد حسین آزاد
(c) شبلی نعمانی (d) کوئی بھی درست نہیں

24۔ ولی دکنی کی شاعری میں کس زبان کو زیادہ دخل حاصل ہے؟
(a) فارسی (b) ہندی
(c) عربی (d) کوئی بھی درست نہیں

25۔ کس شاعر کے دیوان کو "سراپا انتخاب" کہا جاتا ہے؟
(a) میر تقی میر (b) مرزا غالب
(c) خواجہ میر درد (d) کوئی بھی درست نہیں

26۔ دبستان لکھنؤ کا بانی کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) امام بخش ناسخ (b) حیدر علی آتش
(c) نواب سید محمد خاں (d) کوئی بھی درست نہیں

27۔ تذکرہ گلشن بے خار کے مصنف کون ہیں؟
(a) میر تقی میر (b) میر درد
(c) نواب محمد مصطفیٰ خاں شیفتہ
(d) کوئی بھی درست نہیں

28۔ نکات الشعراء کے مصنف کون ہیں؟
(a) میر تقی میر (b) میر درد
(c) مرزا غالب (d) کوئی بھی درست نہیں

29۔ "گل مغفرت" کس کی تصنیف ہے؟
(a) مظہر علی ولا (b) حیدر بخش حیدری
(c) للو لال (d) کوئی بھی درست نہیں

30۔ "نام آوری" اور "آرائش محفل" کے مصنف کون ہیں؟
(a) میر شیر علی افسوس (b) حیدر بخش حیدری
(c) للو لال (d) کوئی بھی درست نہیں

31۔ "پریم ساگر" کے مصنف کون ہیں؟
(a) للو لال (b) حیدری
(c) مظہر ولا (d) کوئی بھی درست نہیں

32۔ "مذہب عشق" کے مصنف کون ہیں؟
(a) للو لال (b) نہال چند لاہوری
(c) مظہر ولا (d) کوئی بھی درست نہیں

33۔ "تذکرہ گلشن ہند" کس کی تصنیف ہے؟
(a) مرزا علی لطف (b) للو لال
(c) نہال چند لاہوری (d) کوئی بھی درست نہیں

34۔ انجمن پنجاب کب قائم ہوئی؟
(a) 1865ء (b) 1860ء
(c) 1868ء (d) کوئی بھی درست نہیں

35۔ "اودھ پنچ" کے مدیر کون تھے؟
(a) سجاد حیدر یلدرم (b) منشی سجاد حسین
(c) مظہر ولا (d) کوئی بھی درست نہیں

36۔ "نوابی دربار" ایک مشہور ڈرامہ ہے۔ اس کے مصنف کا نام بتایئے؟
(a) نواب سید محمد (b) مظہر ولا
(c) منشی سجاد حسین (d) کوئی بھی درست نہیں

37۔ "مثنوی بہار" کس کی تحریر ہے؟
(a) للو لال (b) مظہر ولا
(c) جوالا پرشاد (d) کوئی بھی درست نہیں

38۔ "خضر راہ" کس عظیم شاعر کی مشہور نظم ہے؟
(a) علامہ محمد اقبال (b) فیض احمد فیض
(c) اختر شیرانی (d) کوئی بھی درست نہیں

39۔ اردو کا پہلا اخبار کون سا تھا جو 1822ء میں کلکتہ سے شائع ہوا تھا؟

(a) ہمدرد (b) جام جہاں نما
(c) پیسہ اخبار (d) کوئی بھی درست نہیں

40- داستان امیر حمزہ اردو زبان میں کس نے لکھی؟
(a) خلیل علی خاں اشک
(b) للو لال
(c) مظہر علی ولا (d) کوئی بھی درست نہیں

41- گورنمنٹ کالج لاہور کب قائم ہوا؟
(a) 1869ء (b) 1866ء
(c) 1868ء (d) کوئی بھی درست نہیں

42- "جام جم" کس مشہور مصلح کی تصنیف ہے؟
(a) سرسید احمد خاں (b) علامہ محمد اقبال
(c) مولانا شبلی نعمانی (d) کوئی بھی درست نہیں

43- "کلام نیرنگ" اور "غبار افق" کس کی تصانیف ہیں؟
(a) احمد ندیم قاسمی (b) غلام بھیک نیرنگ
(c) راشد الخیری (d) کوئی بھی درست نہیں

44- پریم چند کا آخری ناول کون سا ہے؟
(a) گئودان (b) پرتاب چندر
(c) ان میں سے کوئی نہیں

45- شاہنامہ اسلام کس مشہور شاعر کی تخلیق ہے؟
(a) اختر شیرانی (b) علامہ محمد اقبال
(c) حفیظ جالندھری (d) کوئی بھی درست نہیں

46- شمع و پروانہ، شعاع امید اور پیکر زبان کس شاعر کی مشہور نظمیں ہیں؟
(a) سرور جہاں آبادی (b) نادر علی خان نادر
(c) حفیظ جالندھری (d) کوئی بھی درست نہیں

47- "تہذیب الاخلاق" سرسید احمد خاں نے کب جاری کیا؟
(a) 1870ء (b) 1872ء
(c) 1874ء (d) کوئی بھی درست نہیں

48- "جامع الاخلاق" اور "ہدایات الاسلام" کس کی تصانیف ہیں؟
(a) مولوی امین الدین
(b) مولوی امانت اللہ
(c) مولوی لطف اللہ خاں
(d) کوئی بھی درست نہیں

49- "نثر بے نظیر" کس کی تخلیق ہے؟
(a) میر بہادر علی حسینی (b) للو لال
(c) نہال چند لاہوری (d) کوئی بھی درست نہیں

50- فورٹ ولیم کالج سے منسلک مثنویوں کی تعداد بتائیے؟
(a) 15 (b) 18
(c) 20 (d) کوئی بھی درست نہیں

جوابات

[illegible]	c	2-	b	3-	a	4-	c
[illegible]	a	6-	b	7-	c	8-	b
[illegible]	c	10-	a	11-	b	12-	b
[illegible]	c	14-	a	15-	b	16-	a
[illegible]	b	18-	a	19-	c	20-	a
[illegible]	b	22-	a	23-	b	24-	a
[illegible]	c	26-	a	27-	b	28-	a
[illegible]	b	30-	a	31-	a	32-	b
[illegible]	a	34-	a	35-	b	36-	a
[illegible]	c	38-	a	39-	b	40-	a
[illegible]	a	42-	a	43-	b	44-	a
[illegible]	c	46-	b	47-	a	48-	b
[illegible]	a	50-	c				

لسانیات

1- لسانیات کے نظریے ہیں:
(a) الہامی نظریہ
(b) قدیم ترین زبانوں کا نظریہ
(c) فطری نظریہ
(d) معاہداتی نظریہ
(e) بصری پیکروں کا نظریہ
(f) مندرجہ بالا سبھی نظریے لسانیات سے متعلق ہیں جو گیان چند جین نے پیش کیے ہیں

2- "...زبانی مطالعے" کس کی تخلیق ہے:
(a) ڈاکٹر سہیل بخاری (b) ڈاکٹر عبدالغفار شکیل
(c) ڈاکٹر گیان چند جین (d) وارث سرہندی

3- "انسان اضطراری طور پر جو آوازیں منہ سے نکالتا ہے جو بعد میں مخصوص تجربے کے مفہوم میں رچ بس جاتی ہیں اور اس سے زبان وجود میں آتی ہے"۔ کس کا قول ہے:
(a) ایڈگر اسٹر ٹیوانت
(b) گراہم بیلی
(c) مرزا خلیل بیگ (d) عین الحق فرید کوٹی

4- "زبان دہلی و پیرامنش اردو کا اصل منبع اور سرچشمہ ہے اور حضرت دہلی اس کا حقیقی مولد و منشاء ہے"۔ کس کا قول ہے:
(a) ڈاکٹر سہیل بخاری (b) مسعود حسین خاں
(c) ڈاکٹر شوکت سبزواری
(d) ڈاکٹر محی الدین زور قادری

5- "اردو زبان کا ارتقاء" اور "اردو لسانیات" تو ڈاکٹر شوکت سبزواری کی کتب ہیں۔ بتائیے "مقدمہ تاریخ زبان اردو" کس کی تخلیق ہے:
(a) ڈاکٹر گیان چند جین
(b) عین الحق فرید کوٹی
(c) مسعود حسین خاں (d) محمود شیرانی

6- گریرسن نے اپنی کتاب "لسانیاتی جائزہ ہند" میں زبان کو تقسیم کیا ہے:
(a) بیرونی زبانیں (b) وسطی زبانیں
(c) اندرونی زبانیں (d) پہاڑی زبانیں
(e) مندرجہ بالا سبھی

7- گریرسن کی تقسیم زبان کے مطابق شمالی ہندوستانی کی جدید آریائی زبانیں کتنے گروہوں میں تقسیم ہو جاتی ہیں:
(a) اندرونی زبانیں (b) بیرونی زبانیں
(c) (a) اور (b) دونوں
(d) کوئی بھی درست نہیں

8- محمد حسین آزاد نے "آب حیات" میں کس زبان کو اردو کا ماخذ بتایا ہے:
(a) برج بھاشا (b) پنجابی
(c) دکنی
(d) ان میں سے کوئی بھی درست نہیں

9- شورسینی اور ماگدھی پراکرتیں کس علاقے میں بولی جاتی تھیں:
(a) جنوبی پنجاب (b) مشرقی پنجاب
(c) بہار سے الہ آباد تک (d) کوہستان

10- پشاچی پراکرت کس علاقے کی زبان تھی:
(a) لاہور (b) راولپنڈی
(c) کشمیر اور پنجاب
(d) مندرجہ بالا سبھی علاقوں کی

11- گریرسن نے کھڑی بولی کو کیا نام دیا تھا:
(a) ہندوستانی (b) پنجابی
(c) کشمیری (d) کوہستانی

12- کھڑی بولی یا ہندوستانی ہندوستان کے کس علاقے کی زبان تھی:
(a) مغربی ہند (b) شمالی ہند
(c) (a) اور (b) دونوں
(d) کہیں بھی نہیں بولی جاتی تھی

13- "ہندوستانی لسانیات" تو ڈاکٹر محی الدین زور کی کتاب ہے بتائیے۔ "دریائے لطافت" کس کی کتاب ہے:
(a) انشاء اللہ خاں انشاء (b) مولوی عبدالحق
(c) خلیل صدیقی (d) گوپی چند نارنگ

14- "ابتداء میں ذخیرہ الفاظ یقیناً کم تھا۔ لطیف اور مجرد خیالات کے اظہار کے الفاظ ناپید تھے"۔ کس محقق کے الفاظ ہیں:
(a) ڈاکٹر سہیل بخاری (b) ڈاکٹر گیان چند جین
(c) ڈاکٹر محی الدین قادری زور
(d) خلیل صدیقی

15- "تحریکی لسانیات" تو ڈاکٹر سہیل بخاری کی کتاب ہے۔ بتائیے "لسانی مقالات" کس کی تصنیف ہے:
(a) محمود شیرانی (b) ڈاکٹر سلیم اختر
(c) ڈاکٹر سہیل بخاری (d) مولوی عبدالحق

16- "اردو سے ہندی تک" تو ڈاکٹر عبدالودود کی کتاب ہے۔ بتائیے "اردو کی کہانی" کس کی تخلیق ہے:
(a) مسعود حسین خاں (b) ڈاکٹر سہیل بخاری

(c) مرزا خلیل بیگ (d) محمود شیرانی

-17 "آواز شناسی" اور "زبان کیا ہے؟" خلیل صدیقی کی کتب ہیں بتائیے۔ "اُردو کی لسانی تشکیل" کس کی کتاب ہے:

(a) مرزا خلیل بیگ (b) مسعود حسین خاں

(c) ڈاکٹر شوکت سبزواری

(d) مولوی عبدالحق

-18 دانتے نے کتنی اطالوی بولیوں کی نشاندہی کی:

(a) ۱۲ (b) ۱۴

(c) ۱۶ (d) ۲۰

-19 "اُردو کے روپ" تو ڈاکٹر سہیل بخاری کی کتاب ہے۔ بتائیے "لسانی رشتے" کے مصنف کون ہیں:

(a) ڈاکٹر گیان چند جین

(b) مولوی عبدالحق

(c) ڈاکٹر محی الدین زور (d) محمود شیرانی

-20 "ہند یورپی زبانوں کے بعد تعریفی زبانوں کا دوسرا سب سے بڑا خاندان سامی ہے۔ جس کی دو زبانیں زندہ کہلاتی ہیں۔ ایک عربی اور دوسری عبرانی۔ بتائیے لسانی لحاظ سے سامی زبانوں کی کونسی شاخیں ہیں

(a) آرامی (b) کنعانی

(c) عبرانی اور فونیقی (d) مندرجہ بالا بھی

-21 اُردو زبان کا خاندان کونسا ہے

(a) سامی (b) دراوڑی

(c) (a) اور (b) دونوں

(d) ان میں سے کوئی بھی درست نہیں

-22 اُردو کا زبانوں کے کس خاندان سے تعلق ہے:

(a) عربی (b) روسی

(c) انگلش (d) عبرانی

-23 قدیم ہند آریائی زبانیں ہیں:

(a) پالی (b) پراکرت

(c) اپ بھرنش (d) ویدک بھاشا

(e) مندرجہ بالا بھی

-24 ماہرین لسانیات کی نشاندہی کریں:

(a) ڈاکٹر سینتی کمار چٹرجی

(b) ڈاکٹر سہیل بخاری

(c) عین الحق فرید کوٹی

(d) مسعود حسین خاں (e) مندرجہ بالا بھی

-25 لسانیات سے مراد ہے:

(a) اس علم کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ سے زبان کی ماہیت و تشکیل ارتقاء زندگی اور وفات کے متعلق آگاہی حاصل ہوتی ہے

(b) ادبی تاریخ

(c) سیاسی و عمرانی تاریخ

(d) شعراء کی ادبی خدمات ادبی کا جائزہ

جوابات

1.	(f)	2.	(c)	3.	(a)	4.	(b)
5.	(c)	6.	(e)	7.	(c)	8.	(a)
9.	(c)	10	(d)	11.	(a)	12.	(c)
13.	(a)	14.	(b)	15.	(c)	16.	(b)
17.	(a)	18.	(b)	19.	(a)	20.	(d)
21.	(a)	22.	(a)	23.	(c)	24.	(e)
25	(a)						

سوالاً جواباً

سوال: بھگتی تحریک کب اور کہاں سے شروع ہوئی؟

جواب: بھگتی تحریک جنوبی ہند میں آٹھویں صدی عیسوی میں شروع ہوئی۔

سوال: بھگتی تحریک کب اور کس کے ہاتھوں پہنچ کر ہندو فلسفہ کی بنیاد بن گئی؟

جواب: گیارہویں اور بارہویں صدی عیسوی تک راما نند اور اچاریہ کے ہاتھوں پہنچ کر ہندو فلسفہ کی بنیاد بن گئی۔

سوال: جنوبی ہند کس زبان کا مرکز ہے؟

جواب: [illegible] زبان کا مرکز ہے۔

سوال: ابراہیم ذوق نے کس بادشاہ کا قصیدہ پڑھا؟

جواب: اکبر شاہ ثانی کا۔

سوال: "تشبیب" کس کا قصیدہ ہے؟

جواب: خالد احمد کا۔

سوال: حکیم مومن خان مومن نے رئیس پٹیالہ راجہ اجیت سنگھ کے کتنے قصیدے لکھے؟

جواب: دو۔

سوال: مرزا غالب نے فارسی میں کتنے قصیدے لکھے؟

جواب: 64۔

سوال: محسن کاکوروی کے قصیدوں میں سب سے مشہور قصیدہ کون سا ہے؟

جواب: مدح خیر المرسلین ﷺ۔

سوال: سید انشاء اللہ خاں انشاء نے ایک بے نقط قصیدہ بھی لکھا ہے بتایئے اس کی اشاعت کتنی زبانوں میں ہوئی؟

جواب: سات۔

سوال: عربی شاعر فرزدق نے کس کی مدح میں قصیدہ لکھا؟

جواب: حضرت زین العابدین علی بن حسین۔

سوال: سندھی شاعر سید ثابت علی شاہ نے کس کے قصیدے لکھے؟

جواب: میاں سرفراز خاں کلہوڑا (حکمران سندھ)

سوال: علامہ ابن خلدون نے ایک محفل میں لیلۃ المیلاد میں اپنا کون سا مشہور قصیدہ پڑھا؟

جواب: بائیہ۔

سوال: والیہ قصیدہ کے مصنف کے نام بتایئے؟

جواب: لسان الدین الخطیب اندلسی۔

سوال: ایران کے اس قصیدہ گو شاعر کا نام بتایئے جس نے آخری عمر میں قصیدہ گوئی کو ترک کر دیا تھا؟

جواب: ظہیر فاریابی۔

سوال: عنصری، فرخی، منوچہری، انوری سپہر کس ملک کے قصیدہ گو شاعر تھے؟

جواب: ایران کے۔

سوال: بنام خیر الانام ایک طویل قصیدہ ہے بتایئے اسے کس نے اور کب لکھا؟

جواب: قمر اجنالوی نے جون 1990ء میں۔

کافیاں

سوال: پنجابی کے صوفی شاعر شاہ حسین نے کافیاں لکھ کر بڑی مقبولیت حاصل کی بتایئے وہ کب پیدا ہوئے اور ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب: پیدائش 1539ء۔ وفات 1593ء۔

سوال: حضرت بابا بلھے شاہ کا بیشتر کلام کافیوں میں ملتا ہے بتایئے ان میں وہ کس موضوع پر بات کرتے ہیں؟

جواب: دنیا سے دوری، قرب الٰہی کی آرزو، ریاکاری سے نفرت اور مرشد کا توسل۔

سوال: صوفی شاعر خواجہ غلام فرید کا کلام شاعری کی کس صنف میں [illegible]

[illegible] کافیوں میں۔

[illegible] "تھیا تھیا" پنجابی کے ایک معروف شاعر کی کافیوں کا مجموعہ ہے شاعر کا نام بتایئے؟

[illegible] اشرف پال۔

[illegible] "میں ناہیں سب تو" کس کی کافیوں کا مجموعہ ہے؟

[illegible] شہزاد قیصر۔

[illegible] کافی کس زبان کا بگڑا ہوا لفظ ہے؟

[illegible] عربی زبان کے قوافی سے ماخوذ۔

[illegible] شہزاد قیصر نے اپنے شعری مجموعے "میں ناہیں سب توں" میں کتنی کافیاں لکھی ہیں؟

[illegible] چار سو۔

[illegible] "بارو تھل" کس کی کافیوں کا مجموعہ ہے؟

[illegible] صاحبزادہ سلطان علی ذوالغنی۔

مسدس

[illegible] تاریخ ادب کے مصنف رام بابو سکسینہ نے کس کتاب کے بارے میں یہ الفاظ کہے تھے؟

[illegible] "یہ ایک الہامی کتاب ہے اس کو تاریخ ارتقائے اردو ادب میں ایک سنگ نشان سمجھنا چاہیے یہ ایک تارہ ہے جو اردو کے افق شاعری پر طلوع ہوا؟"

[illegible] مولانا الطاف حسین حالی کی مسدس۔

[illegible] مسدس حالی کا مسدس ابوجھو کے نام سے سندھی میں کس نے ترجمہ کیا؟

[illegible] سید اللہ بخش ابوجھو نے۔

[illegible] مسدس کے ایک بند میں مصرعوں کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟

جواب: چھ۔

سوال: مسدس حالی کے پہلے شعر میں کس سائنس دان اور فلسفی کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب: بقراط۔

سوال: مولانا الطاف حسین حالی کی مشہور مسدس "مد و جزر اسلام" میں اشعار کی کتنی تعداد ہے؟

جواب: 2800۔

سوال: بتایئے مسدس "اسلام" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: مولانا غلام اعظم۔

سوال: مرثیے کے لئے مسدس کو کس شاعر نے مخصوص کیا؟

جواب: میر ضمیر لکھنوی نے۔

سوال: مسدس کے کتنے مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں؟

جواب: چار۔

سوال: مسدس کہنے والے شعراء میں سے کس کا درجہ سب سے بلند ہے؟

جواب: مولانا الطاف حسین حالی کا۔

سوال: مسدس ابوجھو کے پہلے حصے میں سندھ مدرسے کے قیام کی تاریخ نظم کی گئی ہے بتایئے دوسرے میں کیا ہے؟

جواب: مسدس حالی کا سندھی ترجمہ۔

سوال: "دارین" احسان دانش کی مسدس ہے بتایئے اس کے کتنے بند ہیں؟

جواب: 74۔

سوال: صدیق احمد بے نظیر نے کس جنگ کے موقع پر مسدس لکھ کر اس کا اسی انداز میں ترجمہ کیا؟

جواب: جنگ بلقان۔

سوال: حج لقا کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: نسیم لیہ۔ انہوں نے یہ مسدس شاہ حسین میں لکھی۔

مثنوی اور مرثیہ

مثنوی

سوال: حسن شوقی نے دو مثنویاں لکھیں نام بتائیے؟
جواب: فتح نامہ نظام شاہ اور میزبانی نامہ سلطان محمد عادل شاہ۔
سوال: مثنوی "من لگن" کے مصنف کا نام کیا تھا؟
جواب: محمود بحری۔
سوال: وجدی نے کس نام سے مثنوی لکھی؟
جواب: "پنچھی بچھا"
سوال: مرزا مقیم خاں نے سلطان محمد عادل شاہ کی فتوحات پر جو مثنوی لکھی اس کا نام بتائیے؟
جواب: "فتح نامہ بکھیری"
سوال: مرزا مقیم خاں نے ایک رومانی مثنوی بھی لکھی نام بتائیے؟
جواب: مہیار اور چندر بھان۔
سوال: کمال خاں رستمی نے مثنوی خاور نامہ لکھی بتائیے اس کا موضوع کیا ہے؟
جواب: حضرت علیؓ کی لڑائیوں کا بیان۔
سوال: مثنوی نجات نامہ محمد امین ایاغی کی تصنیف ہے مثنوی معراج نامہ کے مصنف کا نام بتائیے؟
جواب: سید بلاقی۔
سوال: ملک خوشنود نے مثنوی "جنت سنگار" میں کس کا قصہ منظوم کیا ہے؟
جواب: بہرام کا قصہ۔
سوال: قدیم دکنی شاعروں کی چند مثنویوں کے نام بتائیے؟
جواب: شمس العشاق (میراں جی) سیف الملوک و بدیع جمال (غواصی) ماہ پیکر (جنیدی) رضوان شاہ و روح افزا (فیض) قصہ لعل و گوہر (عاجز)
سوال: مثنوی من لگن محمود بحری کی مثنوی ہے بھنگ نامہ کے مصنف کا نام کیا ہے؟
جواب: محمود بحری۔
سوال: مثنوی خوش نغز، مثنوی شہادت الحقیقت اور مثنوی خوش نغز کے مصنف کا نام بتائیے؟
جواب: میراں جی۔
سوال: مثنوی اسرار عشق عبدالمومن خان مومن کی مثنوی ہے بتائیے کس کے اصولوں پر مبنی ہے؟
جواب: مہدویہ کے بانی سید محمد جونپوری کی زندگی اور اصولوں کے بیان پر۔
سوال: مثنوی میزبانی نامہ کا موضوع کیا ہے؟
جواب: یہ سلطان محمد عادل شاہ کی شادی کے موقع پر جشن کے بیان پر مشتمل ہے۔
سوال: مثنوی پنچھی بچھا شیخ عطار کی کس کتاب کا ترجمہ ہے؟
جواب: "منطق الطیر"۔
سوال: ملا محمد نصرت نصرتی نے گلشن عشق میں کس کی کہانی کو اردو میں منظوم کیا ہے؟
جواب: منوہر کنور اور مدھ مالتی کے رومان کی قدیم ہندو کہانی کو۔
سوال: سید میراں ہاشمی نے کون سی مثنوی لکھی؟
جواب: "یوسف زلیخا"
سوال: مومن خان مومن نے مثنوی اسرار عشق کس سن میں لکھی؟
جواب: 1682ء میں۔
سوال: محمود بحری کی مثنوی من لگن کا موضوع کیا ہے؟
جواب: تصوف۔
سوال: حضرت امیر خسرو نے قطب الدین مبارک کے عہد کو کس مثنوی میں نظم کیا ہے؟
جواب: نہ سپہر۔
سوال: حضرت امیر خسرو نے مثنوی قرآن السعدین کس کی فرمائش پر لکھی؟
جواب: کیقباد کی فرمائش پر۔
سوال: غزل کے بعد میر تقی میر نے کس صنف میں طبع آزمائی کی؟
جواب: مثنوی میں۔

سوال: [illegible] البیان" کے علاوہ میر حسن کی اور کون سی مثنویاں [illegible]
جواب: [illegible] العارفین مثنوی جو دو یلی۔
سوال: [illegible] نے ایک مثنوی بھی یادگار چھوڑی نام بتائیے؟
جواب: "[illegible]"
سوال: مثنوی گلزار نسیم کو کس دبستان کی نمائندہ کہا جاتا ہے؟
جواب: دبستان لکھنؤ۔
سوال: فریاد داغ نامی مثنوی کے مصنف داغ دہلوی کب اور کہاں پیدا ہوئے اور ان کا انتقال کہاں ہوا؟
جواب: دلی پیدائش 24 مئی 1831ء۔ وفات 17 فروری 1905ء۔
سوال: لکھنؤ میں سب سے پہلے مثنوی لکھنے کا آغاز کس نے کیا تھا؟
جواب: میر غلام حسن نے۔
سوال: افضل پانی پتی نے بارہ ماسے کی روایت میں کون سی مثنوی لکھی؟
جواب: بکٹ کہانی۔
سوال: بتائیے مثنوی "خواب وخیال" کس نے لکھی؟
جواب: میر درد کے چھوٹے بھائی میر محمد اثر نے۔
سوال: کس شاعر نے میر تقی میر کی مشہور مثنوی "شعلۂ عشق" کو نثر میں منتقل کیا؟
جواب: سودا نے۔
سوال: مثنوی "سحر البیان" اور "گلزار ارم" کے مصنف کا نام بتائیے؟
جواب: میر حسن۔
سوال: "سراج نظم" نامی مثنوی کے مصنف کون ہیں؟
جواب: امام بخش ناسخ۔
سوال: دیا شنکر نسیم کی ایک مثنوی میں گل بکاؤلی کی مشہور کہانی بھی شامل ہے مثنوی کا نام بتائیے؟
جواب: "گلزار نسیم"۔
سوال: "خاور نامہ" رستمی کی ایک طویل نظم ہے بتائیے اس میں کتنے اشعار ہیں؟
جواب: 24 ہزار۔
سوال: عبدل کی مثنوی "ابراہیم نامہ" کس بادشاہ کی مدح میں لکھی گئی تھی؟
جواب: محمد عادل شاہ۔
سوال: "گلشن عشق" اور "علی نامہ" دونوں مشہور مثنویاں کس نے لکھی تھیں؟
جواب: نصرتی نے۔
سوال: "گلشن عشق" میں کس کی داستان عشق بیان کی گئی ہے؟
جواب: منوہر اور مدھو مالتی کی۔
سوال: مثنوی مراۃ الحشر کے مصنف کا نام بتائیے؟
جواب: سید محمد فراقی۔
سوال: بدر منیر اردو کی کس مثنوی کا کردار ہے؟
جواب: مثنوی سحر البیان۔
سوال: مثنوی گلزار ارم کے مصنف کا نام بتائیے؟
جواب: میر حسن۔
سوال: کیا آپ حضرت امیر خسرو کی پہلی مثنوی کا نام بتا سکتے ہیں؟
جواب: قرآن السعدین۔
سوال: نصرتی نے تین کتابیں لکھیں اور سب مثنوی کی ہیئت میں آپ کسی دو کا نام بتائیں؟
جواب: 1۔ گلشن عشق۔ 2۔ علی نامہ۔
سوال: ابن نشاطی نے کس نام سے مثنوی لکھی؟
جواب: "پھول بن"۔
سوال: خوب محمد چشتی نے "خوب ترنگ" کے نام سے ایک مثنوی لکھی لیکن یہ اس قدر مشکل تھی کہ اس کی خود ہی شرح لکھی شرح کا نام بتائیے؟
جواب: "معراج خوبی"۔
سوال: قاضی محمود بحری کی ایک مثنوی "من لگن" ہے بتائیے اس میں کیا بیان کیا گیا ہے؟
جواب: مسلک صوفیاء کے اسرار۔
سوال: مثنوی آرائش معشوق کے مصنف کا نام بتائیے؟
جواب: شاہ مبارک آبرو۔

سوال: مثنوی ''ہشت بہشت'' کس مشہور شاعر کی فارسی تصنیف ہے؟

جواب: امیر خسرو۔

سوال: مثنوی ''یوسف زلیخا'' کے مصنف لطف علی بیگ آذر کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: اصفہان میں۔

سوال: مثنوی ''سحرالبیان'' کس نواب کے عہد میں اور کس نے لکھی؟

جواب: نواب آصف الدولہ---میر حسن۔

سوال: مثنوی گلزار نسیم کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: دیا شنکر نسیم۔

سوال: دکن کی مثنویوں میں کس کی مثنویاں زیادہ مشہور ہیں؟

جواب: نصرتی کی گلشن عشق اور قلی قطب شاہ کی قطب مشتری۔

سوال: بتایئے مثنوی کی ابتداء کس علاقے سے ہوئی؟

جواب: حیدرآباد دکن سے۔

سوال: حفیظ جالندھری نے بھی ایک طویل مثنوی لکھی ہے کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: ''شاہنامہ اسلام''۔

سوال: کیا آپ مثنوی ''زہر عشق'' کے مصنف کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: میرزا شوق لکھنوی۔

سوال: قطب مشتری وجہی کی مشہور مثنوی ہے بتایئے اس میں مصنف نے کس بادشاہ کے عہد جوانی کی داستان محبت نظم کی ہے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ۔

سوال: قطب شاہی عہد کا تیسرا بڑا شاعر ابن نشاطی تھا اس کی مثنوی کا نام بتایئے؟

جواب: ''پھول بن''۔

سوال: سراج اورنگ آبادی کی مثنوی بوستان خیال میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب: 1160۔

سوال: اردو شاعری میں ہندوستانی عنصر اور ہندوستانی قصوں سے ماخوذ مثنویاں کس کی تصانیف ہیں؟

جواب: ڈاکٹر گوپی چند نارنگ۔

سوال: اس مثنوی کا نام بتایئے جس میں غالب نے فارسی کے شعراء کو اپنا معنوی استاد کہا ہے؟

جواب: مثنوی باد مخالف۔

سوال: مومن خاں مومن کے ایک دیوان میں چھ مثنویاں ہیں۔ بتایئے یہ دیوان کس نے مرتب کیا؟

جواب: ان کے شاگرد نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ نے۔

سوال: میر حسن نے کل کتنی مثنویاں لکھیں؟

جواب: گیارہ۔

سوال: مثنوی ''سیر کراچی'' کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: شبنم رومانی۔

سوال: گل بکاؤلی کس مثنوی کا کردار ہے؟

جواب: ''گلزار نسیم'' کا کردار۔

سوال: مرزا غالب کی مثنویوں کی تعداد بتایئے؟

جواب: گیارہ۔

سوال: مثنوی ''قہر البیان'' کے خالق کا نام بتایئے؟

جواب: راجہ مہدی علی خاں۔

سوال: محسن کاکوروی کی مثنویوں کے نام بتایئے؟

جواب: صبح تجلی اور چراغ کعبہ۔

سوال: خواجہ الطاف حسین حالی کی کس مشہور مثنوی کا ترجمہ غیر ملکی زبانوں میں بھی ہو چکا ہے؟

جواب: ''مناجات بیوہ''۔

سوال: بحر المحبت نامی مثنوی مشہور شاعر---نے لکھی؟

جواب: مصحفی۔

سوال: ملا احمد راہی نے 1880ء میں میر حسن کی کس مثنوی کا پشتو میں منظوم ترجمہ کیا؟

جواب: مثنوی سحرالبیان۔

سوال: اعجاز عشق میر تقی میر کی مشہور مثنوی ہے اس میں شعروں کی تعداد کیا ہے؟

جواب: 297۔

سوال: میر تقی میر نے کل کتنی مثنویاں لکھیں؟

جواب: 35۔

سوال: مثنوی بوستان خیال اردو کی ایک مشہور مثنوی ہے شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: سراج اورنگ آبادی۔

سوال: محمد حسین آزاد کی فرمائش پر اسماعیل میرٹھی نے انجمن پنجاب لاہور کے شاعروں کے لئے کل کتنی مثنویاں تحریر کیں۔

جواب: تین مثنویاں۔

سوال: اردو کی پہلی مثنوی کون سی ہے نیز اس کے خالق کا نام بھی بتایئے؟

جواب: کدم راؤ پدم راؤ -- نظامی۔

سوال: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سعادت یار خاں رنگین نے کتنی بحروں میں مثنوی کہی؟

جواب: گیارہ۔

سوال: مثنوی لذت فنا اور مثنوی امید و بیم کے خالق مرزا محمد ہادی رسوا ہیں یا کوئی اور؟

جواب: مرزا محمد ہادی رسوا۔

سوال: غواصی کی مثنوی ''سیف الملوک و بدیع الجمال'' میں کس بادشاہ کی داستان بیان کی گئی ہے؟

جواب: شاہ مصر کی۔

سوال: ابن نشاطی نے اپنی مثنوی ''پھول بن'' میں کس قسم کے مسائل بیان کیے ہیں؟

جواب: تصوف کے۔

سوال: مثنوی ''رضوان شاہ'' اور ''روح افزا'' کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: فائز۔

سوال: سید قطب الدین قادری فیروز نے حضرت عبدالقادر جیلانی کی مدح میں مثنوی کی شکل میں ایک نظم لکھی ہے بتایئے اس میں کتنے اشعار ہیں اور اس کا عنوان کیا ہے؟

جواب: 121 اشعار---پرت نامہ۔

سوال: بیار محمد قریشی کی مثنوی کا نام بتایئے؟

جواب: ''بھوگ بھل''۔

سوال: اردو کی پہلی باقاعدہ رزمیہ مثنوی کس کو تسلیم کیا گیا ہے؟

جواب: خاور نامہ کو۔

سوال: نصرتی کی مثنوی تاریخ سکندری کس بادشاہ کے زمانے کے متعلق ہے؟

جواب: سکندر شاہ عادل۔

سوال: مثنوی ''خوب ترنگ'' کے مصنف شیخ خوب محمد چشتی کا انتقال کب ہوا؟

جواب: 1614ء میں۔

سوال: مثنوی ''سحرالبیان'' میں کس کی عشقیہ داستان بیان کی گئی ہے؟

جواب: شہزادہ بے نظیر اور پری بدر منیر کی۔

سوال: حمید کشمیری کو کس مثنوی کے لکھنے پر فردوسی کشمیر کا لقب ملا؟

جواب: ''اکبر نامہ''

سوال: ہیمال تاگرائے کس کی مثنوی ہے؟

جواب: ولی اللہ متو۔

سوال: مثنوی دلپذیر کس کی تخلیق ہے نیز اس میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب: سعادت یار خان رنگین کی-----2 ہزار۔

سوال: غزال صحرائی کس پاکستانی شاعر کی مثنوی ہے؟

جواب: برگ یوسفی۔

سوال: مثنوی اینیڈ (Aneid) کس رومی شاعر کی تخلیق ہے؟

جواب: ورجل۔

سوال: مثنوی ''برکھارت'' کے خالق کا نام بتایئے؟

جواب: الطاف حسین حالی۔

سوال: مولانا محمد حسین آزاد کی مثنویوں کے نام بتایئے؟

جواب: شب قدر، صبح امید، گنج قناعت، دار انصاف اور خواب امن۔

سوال: کیا آپ شیخ فرید الدین عطار کی مشہور مثنوی کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: ''پند نامہ عطار''

سوال: عبدالسلام قاضی نے ایک عشقیہ مثنوی بھی لکھی بتایئے کس کے رنگ میں؟

جواب: غنیمت کے رنگ میں۔

سوال: تاجیک اور فارسی زبان کے عظیم شاعر عالمی شہرت کی رزمیہ مثنوی شاہ نامے کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: ابوالقاسم فردوسی۔

سوال: بیجاپور کے شاعر ہاشمی نے یوسف زلیخا لکھی یہ مثنوی ملا جامی کی مشہور تخلیق ہے بتایئے اس میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب: کم وبیش بارہ ہزار۔

سوال: کامدی مدن کس کی مشہور مثنوی ہے؟

جواب: بیدل کی۔

سوال: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اردو کے کس شاعر نے بے نقط مثنوی لکھی؟

جواب: انشاء اللہ خاں انشاء نے۔

سوال: انشاء اللہ خاں انشاء نے مثنوی شیر برنج فارسی زبان میں ترکی کے کس عظیم صوفی شاعر کی طرز پر لکھی؟

جواب: مولانا جلال الدین رومی۔

سوال: حضرت امیر خسرو نے غیاث الدین تغلق کے نام پر کون سی مثنوی لکھی؟

جواب: تغلق نامہ۔

سوال: جرم آگہی کس کی مثنوی ہے؟

جواب: حسن مہدی کی۔

سوال: تین مصرعوں والی ایسی نظم کو مثلث کہا جاتا ہے جس کے پہلے دو مصرے ہم قافیہ ہوتے ہیں بتایئے مثمن سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ نظم جس میں چار مطلع ہو تین ہم قافیہ جب کہ ایک جداگانہ ہو۔

سوال: بتایئے سات مصرعوں والی نظم کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: مسبع۔

سوال: چند ہم وزن اور ہم قافیہ مصرعوں کے مجموعہ کو ______ کہتے ہیں؟

جواب: مسمط۔

سوال: افسانہ ایک مختصر کہانی ہوتی ہے جسے ایک ہی نشست میں پڑھا جاسکتا ہے۔ بتایئے ناول سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایک طویل کہانی جسے ایک نشست میں نہ پڑھا جا سکے اس کی بہت سی اقسام ہیں جن میں رومانی' تاریخی' جاسوسی اور اصلاحی ناول شامل ہیں۔

سوال: نثر کی تین قسمیں بتایئے؟

جواب: 1۔ مسجع۔ 2۔ مرجز۔ 3۔ عاری۔

سوال: مثنوی درمکنون کس نے اور کس سن ہجری میں لکھی؟

جواب: فقیر اللہ نے 1204ھ میں۔

سوال: مثنوی ابر گہر بار کس نے لکھی ہے؟

جواب: مرزا غالب نے۔

سوال: مرزا غالب کی دو اور مثنویوں کے نام لکھیے؟

جواب: مثنوی امتناع النظیر' مثنوی چراغ دیر۔

سوال: مثنوی خوان کرم فضائل علی خاں بے قید کی تصنیف ہے تاہم اس سے متاثر ہو کر میر حسن نے کون سی مثنوی لکھی تھی؟

جواب: مثنوی سحر البیان۔

سوال: مثنوی مظہر الآثار کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: جہانگیر ہاشمی (سندھ کے صوفی شاعر)

سوال: ہست قرآن دوز بان پہلوی کس مصنف کی مثنوی کے بارے میں کہا جاتا ہے؟

جواب: مولانا جلال الدین رومی۔

سوال: مثنوی کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب: ایران سے۔

سوال: 1942ء میں ''مغرب زدہ'' کے نام سے ایک مثنوی [illegible] ہوئی شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: قتیل شفائی۔

سوال: خواب وخیال نامی مثنوی میر درد کے بھائی نے تحریر کی تھی، درد کے بھائی کا نام بتایئے؟

جواب: میر اثر۔

سوال: امیر خسرو نے ''سکندر نامہ'' کے جواب میں کون سی مثنوی [illegible] کی؟

جواب: ''آئین سکندری''۔

سوال: شوق قدوائی نے معرکہ چکبست وشرر کے سلسلے میں [illegible] سے ایک مثنوی لکھی بتایئے اس کا نام کیا تھا؟

جواب: خار زار نسیم۔

سوال: مثنوی خار زار نسیم میں کاکوری کے خر سے مراد کیا لی جاتی ہے؟

جواب: [illegible] جن کا وطن کاکوری تھا۔

سوال: [illegible] نے جو مثنویاں لکھیں ان کے نام بتایئے؟

جواب: [illegible] شوق' مثنوی حسن' مثنوی قاسم زہرہ' مثنوی عالم [illegible] مثنوی عالم خیال جدید۔

سوال: مثنوی گلزار نسیم میں پنڈت دیا شنکر نسیم نے کس قصے کو نظم کیا ہے؟

جواب: گل بکاولی۔

سوال: نظامی گنجوی کی مثنوی ساقی نامہ کی طرز پر مرزا غالب نے کون سی مثنوی لکھی تھی؟

جواب: ابر گہر بار۔

سوال: امام بخش ناسخ نے بھی ایک مثنوی لکھی ہے مثنوی کا نام بتایئے؟

جواب: نظم سراج۔

سوال: رودکی نے کس کی فرمائش پر مثنوی کلیلہ ودمنہ کا ترجمہ فارسی میں کیا تھا؟

جواب: نصر بن احمد سامانی۔

سوال: فردوسی نے محمود غزنوی کے ایماء پر کون سی مثنوی لکھی تھی؟

جواب: شاہنامہ ایران۔

سوال: دو رزمیہ مثنویوں کے نام بتایئے؟

جواب: شاہنامہ (فردوسی) سکندر نامہ (نظامی)۔

سوال: مقیمی نے کون سی مثنوی لکھی؟

جواب: چندر بدن ومہیار۔

سوال: حکیم محمد واصل نے سندھی میں گلزار واصل نامی مثنوی لکھی ہے بتایئے اس میں کس کی داستان عشق بیان کی گئی ہے؟

جواب: سسی پنوں۔

سوال: شاہ حسین ذوقی نے ابوالحسن تانا شاہ کی سبرس کا جو منظوم ترجمہ کیا تھا بتایئے اس کا نام کیا تھا؟

جواب: وصال العاشقین۔

سوال: میر تقی میر نے تیس مثنویاں لکھیں بتایئے ان کی سب سے مشہور مثنوی دریائے عشق میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب: تقریباً 200۔

سوال: جرأت کی سب سے پہلی مثنوی کارستان الفت میں شعروں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: 383۔

سوال: مولانا روم کی طرز پر خواجہ میر درد کے چھوٹے بھائی نے کون سی مثنوی لکھی؟

جواب: خواب وخیال۔

سوال: مومن خاں مومن کی مثنویوں کے نام بتایئے؟

جواب: شکایات تبسم' قصہ غم' قول غمیں' تف آتشیں' حنین معموم۔

سوال: قول غمیں نامی مثنوی میں کتنے اشعار ہیں؟

جواب: 440۔

سوال: علامہ اقبال نے کون کون سی مثنویاں لکھیں؟

جواب: اسرار خودی' رموز بے خودی اور پس چہ باید کرد اے اقوام شرق۔

مرثیہ

سوال: مرثیہ کس لفظ سے مشتق ہے نیز اس کا مطلب کیا ہے؟

جواب: رثا یا رثاء سے' کسی کی موت پر کرب وملال اور غم ورنج کا اظہار کرنا۔

سوال: اس پہلے مرثیہ گو شاعر کا نام بتایئے جس کی غزلیات وقصائد اور مثنویات میں مرثیے شامل ہیں؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ۔

سوال: نوسر بار نامی نظم کس شاعر نے لکھی؟

جواب: اشرف نے۔

سوال: اردو میں زیادہ تر مرثیے کن کے بارے میں لکھے گئے ہیں؟

جواب: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے اصحاب کے بارے میں۔

سوال: میر ببر علی انیس اور مرزا سلامت علی دبیر میں کون سی قدر مشترک ہے؟

جواب: دونوں مرثیہ گو شاعر ہیں۔

سوال: کیا آپ مرزا سلامت علی دبیر کے مرثیوں کی تعداد بتا سکتے ہیں؟

جواب: کم و بیش تین ہزار۔

سوال: کس مرثیہ گو شاعر کے دو بھائی اور تین بیٹے مرثیہ نگار تھے؟

جواب: میر انیس۔

سوال: اردو مرثیہ نگاری کا آغاز کس شہر سے ہوا؟

جواب: دکن سے۔

سوال: سربکف مرثیوں کا مجموعہ ہے شاعر کا نام بتائیے؟

جواب: صبا اکبر آبادی۔

سوال: بتائیے مرثیے کے ایک بند میں شعروں کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟

جواب: تین۔

سوال: مرزا دبیر نے ایک بے نقط مرثیہ بھی لکھا بتائیے اس کا مطلع کیا تھا؟

جواب: ہم طالع ہما مراد و ہم رسا ہوا۔

سوال: بے نقط مرثیے میں مرزا دبیر نے اپنا تخلص کیا لکھا؟

جواب: عطارد۔

سوال: لکھنؤ میں مرثیہ پڑھنے کے دو گروہ بن گئے ایک گروہ کو سلامت علی دبیر کی نسبت سے دبیرے کہا جاتا ہے بتائیے میر انیس کے گروہ کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: انیسیے۔

سوال: کیا آپ میر انیس کے کلیات کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: کلیات مراثی۔

سوال: شاد عظیم آبادی نے مرثیے میں زبان و خیال کے اعتبار سے کس کی پیروی کی ہے؟

جواب: میر انیس کی۔

سوال: شاد عظیم آبادی مرثیے میں فریاد عظیم آبادی کے علاوہ کس سے اصلاح لیتے رہے؟

جواب: دبیر سے۔

سوال: مرثیے کے ابتدائی حصے کو شاعری کی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: چہرہ۔

سوال: واقعہ کربلا سے متعلق فارسی مرثیے کا آغاز طہماسپ صفوی کے حکم سے سولہویں صدی عیسوی میں ہوا بتائیے پہلے فارسی مرثیہ گو کا نام کیا ہے؟

جواب: محتشم کاشی۔

سوال: قیصر بارہوی کو ان کی گولڈن جوبلی کے موقع پر لاہور میں 1990ء میں ایرانی ثقافتی مرکز کے ڈائریکٹر جنرل آغا صادق گنجی نے کیا خطاب دیا؟

جواب: انیس وقت۔

سوال: نصیر الدین ہاشمی نے اردو کا سب سے قدیم مرثیہ گو کسے قرار دیا؟

جواب: ملا وجہی کو۔

سوال: مرثیہ کی ذیلی اصناف کون کون سی ہیں؟

جواب: سلام، نوحہ، سوز اور مرثیہ۔

سوال: دور آصفیہ کے چند مشہور مرثیہ گوؤں کے نام بتائیے؟

جواب: ہاشم علی، میر محمد قاسم اور امامی برہام پوری۔

سوال: مرثیہ کس اہم واقعہ کی یاد دلاتا ہے؟

جواب: واقعہ کربلا کی۔

سوال: 1944ء میں سید آل رضا کے دو تبلیغی مرثیے شائع ہوئے، آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: 1۔ شہادت سے پہلے۔ 2۔ شہادت کے بعد۔

سوال: 1967ء میں سید آل رضا کا ایک مرثیہ شائع ہوا جس میں افراد کے تبصرے بھی شامل تھے نام بتائیے؟

جواب: عظمت انسان۔

سوال: حسین اور انقلاب نامی مرثیہ کس نے لکھا ہے؟

جواب: جوش ملیح آبادی نے۔

سوال: بصیرت کس خاتون کے مرثیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب: تصویر فاطمہ۔

سوال: نسیم امروہوی کے دادا مرثیہ گو تھے نام بتائیے؟

جواب: فہیم امروہوی۔

سوال: 1938ء میں نسیم امروہوی کا کون سا مرثیہ شائع ہوا؟

جواب: فلسفہ غم۔

سوال: قندیل صبر، ایثار و پیکار اور روح انقلاب کس کے مرثیے ہیں؟

جواب: ہلال نقوی۔

سوال: مرثیے کی ترکیب تو بتائیے؟

جواب: چہرہ، آمد، سراپا، رجز، جنگ، شہادت، خاتمہ و دعا۔

سوال: مرثیے کے غزلیہ کو کیا اصطلاحی نام دیا جا سکتا ہے؟

جواب: سلام۔

سوال: سلام کے اشعار کی تعداد کم سے کم چار ہوتی ہے بتائیے زیادہ سے زیادہ کتنی ہوتی ہے؟

جواب: 27۔

سوال: مرثیے کے ادائیے کا نام بتائیے؟

جواب: سوز خوانی۔

سوال: ایران میں مرثیہ خوانی کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: روضہ خوانی۔

سوال: مشہور مرثیہ گو آغا سکندر مہدی 30 جون 1928ء کو پیدا ہوئے بتائیے ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب: 1976ء میں بہاولپور میں۔

سوال: امید فاضلی نے کب مرثیہ کہنا شروع کیا؟

جواب: 1973ء میں۔

سوال: میر ضمیر نے مرثیہ میں کیا کیا نئی ایجادیں کیں؟

جواب: رزمیہ، سراپا، تلوار اور گھوڑوں وغیرہ کا اضافہ۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ میر مستحسن خلیق اس قدر غریب تھا کہ وہ غزلیں بیچ کر زندگی کے دن گزارتا تھا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: اردو مرثیے کی سرگزشت (آغاز سے زمانہ حال تک) کے مصنف کا نام بتائیے؟

جواب: ڈاکٹر اسد اریب۔

سوال: شاہ قلی، افضل کاظم اور مرزا لطیف مرثیہ گو ہیں بتائیے ان کا تعلق کس علاقے سے ہے؟

جواب: گولکنڈہ۔

سوال: بتائیے مرثیے کو مسدس کی شکل کس نے دی؟

جواب: رفیع سودا نے۔

سوال: میر انیس کا یہ مشہور مرثیہ کس کے بارے میں ہے؟
یارب چمن نظم کو گلزار ارم کر

جواب: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں۔

سوال: سندھی شاعر سید ثابت علی شاہ کے مرثیوں میں کن باتوں کا ذکر ملتا ہے؟

جواب: وضاحت، تمثیل نگاری، سوز و گداز، واقعات کے بیان کی قوت۔

سوال: پشتو ادب کے چند مرثیہ گو شعراء کے نام بتائیے؟

جواب: ملا نعمت اللہ، نور اللہ شاہ، خدائے نظر، ملا ہوس، قیصر علی خاں، ملا دوست علی اور میران شاہ۔

سوال: سید ابو علی شاہ کے طویل مرثیے کا نام بتائیے؟

جواب: جنگ نامہ حسینؓ وبی بی سکینہ۔

سوال: قائم نقوی کا پہلا شعری مجموعہ کون سا ہے؟

جواب: بیلے رحزاں دے۔

سوال: مشعل جاں محسن برلاس کی غزلوں کا مجموعہ ہے بتائیے اس میں کتنی غزلیں شامل ہیں؟

جواب: 62۔

سوال: 1914ء کو طفیل ہوشیار پوری سے کیا نسبت ہے؟

جواب: یہ ان کا سن پیدائش ہے۔

سوال: نفیس فاطمہ کی کتاب مرزا دبیر اور ان کی مرثیہ نگاری کب شائع ہوئی؟

جواب: 1989ء میں۔

سوال: بہاولپور میں سب سے پہلے مرثیہ کہنے کا اعزاز سید مسعود حسن شہاب دہلوی کو حاصل ہوا بتایئے وہ کب پیدا ہوئے؟

جواب: 20 اکتوبر 1922ء کو دہلی میں۔

سوال: یہ بتایئے کہ ڈاکٹر صفدر حسین نے کون سا مقالہ لکھ کر پی ایچ ڈی کی ڈگری لی؟

جواب: مرثیہ بعد انیس۔

سوال: ڈاکٹر اسد ادیب کی مرثیوں کی کون سی کتاب 1989ء میں طبع ہوئی؟

جواب: اردو مرثیہ کی سرگزشت۔

سوال: سید ناظر حسین ناظر سیتاپوری کے مرثیوں کی تعداد بتایئے؟

جواب: چالیس۔

سوال: قاری یعقوب علی خاں کا کتنے بند پر مشتمل بے نقط مرثیہ ملتا ہے؟

جواب: پچاس۔

سوال: جوش ملیح آبادی کا خط ہلال نقوی کے کس مرثیہ میں شائع ہوا ہے؟

جواب: "جدید مرثیہ کے تین معمار" میں۔

سوال: مراثی یادر کس کے مرثیوں کا مجموعہ ہے؟

جواب: یادر اعظمی۔

سوال: قمر جلالوی کے کس مجموعے میں مرثیے بھی شامل ہیں؟

جواب: غم جاوداں۔

سوال: نظیر اکبر آبادی نے جو مرثیے کہے وہ کس شکل میں ہیں؟

جواب: مخمس۔

سوال: مجم آفندی کا مرثیہ فتح مبین کب منظر عام پر آیا؟

جواب: 1940ء میں۔

سوال: سید آل رضا کا مرثیوں کا مجموعہ مراثی رضا کتنے مرثیوں پر مشتمل ہے؟

جواب: 20۔

سوال: واقعہ کربلا کے بعد پہلا مرثیہ عربی میں فرزدق نے لکھا بتایئے فارسی میں کس نے لکھا؟

جواب: شیخ سعدیؒ نے۔

سوال: مرثیہ گو شاعر فرزدق کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: ابو فراس ہمام بن غالب تمیمی۔

سوال: خاقانی نے کن کھنڈرات پر کھڑے ہو کر مرثیہ کہا؟

جواب: مدائن۔

سوال: ایران کے بادشاہ شاہ طہماسپ صفوی کے ایماء پر محتشم کاشی نے کس نام سے مرثیہ کہا؟

جواب: ہفت بند۔

سوال: مرثیہ گو دکنی شاعروں کے نام بتایئے؟

جواب: ملا وجہی، غواصی، لطیف، کاظم، افضل اور ہاشمی۔

سوال: میر انیس اور میرزا دبیر کے بعد کن مرثیہ نگاروں نے شہرت پائی؟

جواب: مرزا عشق، میر محمد نواب مونس، انس، نفیس، مرزا تعشق، ابو صاحب عارف، جلیس، پیارے صاحب، رشید اور مرزا اوج۔

ہائیکو اور ہجو

ہائیکو

سوال: ہائیکو شاعری کی ابتداء کا سہرا کس جاپانی شہنشاہ کے سر ہے؟

جواب: شہنشاہ ہوری کاوا۔

سوال: جاپانی ہائیکو کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: سترہ۔

سوال: اردو میں ہائیکو کو سب سے پہلے کس نے متعارف کرایا؟

جواب: ماہنامہ "ساقی" دہلی کے جاپان نمبر نے جو جنوری 1936ء میں شائع ہوا۔

سوال: ہائیکو سے مماثلت رکھنے والی جو اصناف پہلے سے موجود ہیں ان کے نام بتایئے؟

جواب: مثلث۔

سوال: نئے شعراء کے ہاں ثلاثی کے نمونے ملتے ہیں بتایئے اس میں کون کون سا مصرعہ ہم قافیہ ہوتا ہے؟

جواب: پہلا اور تیسرا۔

سوال: یہ بتایئے کہ اردو میں ہائیکو کا تعارف براہ راست ہوا یا ترجمے کی مدد سے؟

...ریزی ترجمے کی مدد سے۔

...کے پھول کس شاعر کی ہائیکو کا مجموعہ ہے؟

...ار نثار۔

...ہائیکو نامی کتاب کے مرتب کا نام بتایئے؟

...نسیم سحر۔

ہائیکو کو فروغ دینے کے لئے کن جرائد نے اہم کردار ادا کیا؟

اوراق لاہور۔ اردو ادب۔

اردو ادب نامی جریدے کا ہائیکو نمبر کس نے مرتب کیا؟

بشیر سیفی نے۔

ہائیکو کے مشہور شعراء کے نام بتایئے؟

جمیل ملک، نصیر احمد ناصر، بشیر سیفی، خاور اعجاز، علی محمد قریشی، اختر شمار، محمد امین وغیرہ۔

اردو میں ہائیکو نگاری کے مصنف کا نام بتایئے؟

محمد امین۔

جاپانی ہائیکو کے تین بنیادی اصول کون کون سے ہیں؟

جمالیاتی رویہ۔ جمالیاتی تجزیہ اور لمحہ ہائیکو۔

اردو ہائیکو کا آغاز ترجموں سے ہوا بتایئے اولین ترجمہ نگاروں میں کن کے نام شامل ہیں؟

عبدالعزیز خالد، ظفر اقبال، محمد امین اور ڈاکٹر پرویز پروازی۔

ہائیکو شاعری کی ایک صنف ہے اس کا آغاز کس ملک سے ہوا؟

جاپان سے۔

تین مصرعوں کی مختصر نظم کو کیا کہا جاتا ہے؟

ہائیکو۔

اردو میں ہائیکو کی پہلی کتاب کس نے اور کب لکھی؟

محمد امین نے 1982ء میں۔

ہائیکو شاعری کا سب سے بڑا جاپانی شاعر کس کو کہا جاتا ہے؟

باشوماتساؤ۔

جاپانی ہائیکو تین سطروں پر مشتمل ہوتی ہے بتایئے اس کے ارکان کتنی کون کون سے ہیں؟

پانچ سات اور پانچ ارکان ہجے۔

ڈاکٹر رانا سعید اقبال سعدی کی ہائیکو کا مجموعہ شائع ہو چکا ہے بتایئے کس نام سے؟

جواب: تہی دامن۔

سوال: ہسپانوی زبان میں جاپان ہائیکو کو کس نے متعارف کرایا؟

جواب: یورگا کیرار ندرے۔

سوال: کرنل دلنواز کے ہائیکو کے پہلے مجموعے کا نام بتایئے؟

جواب: نکوتا سورج۔

ہجو

سوال: ہجو کو پہلی بار بطور فن کس نے پیش کیا؟

جواب: مرزا سودا نے۔

سوال: مولانا ظفر علی خاں نے کس عظیم شاعر کو "سر" کا خطاب ملنے پر ان کی ہجو لکھی؟

جواب: علامہ اقبال۔

سوال: ہجو سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی کے عیوب بیان کرنے کو ہجو کہا جاتا ہے؟

سوال: فرزدق کی ہجویات کن کے خلاف ہیں؟

جواب: جریر اور اخطل۔

سوال: اردو میں کن شاعروں نے ہجو نگاری کی ہے؟

جواب: شاکر ناجی، میر ضاحک، مرزا سودا، بقا اللہ بقا اور انشاء اللہ خاں انشاء۔

سوال: ہجو اردو کی کس صنف کی ضد ہے؟

جواب: قصیدے کی۔

سوال: دبیر کا یہ نامکمل ہجویہ شعر مکمل کریں؟

ارزق یہاں برابر قاسم پہنچ گیا

جواب: وہ صرصر خزاں یہ گل باغ مجتبیٰ

سوال: عہد جدید میں کن شعراء نے اس صنف کو اپنایا؟

جواب: مولانا حالی اور مولوی اسماعیل۔

خطابات، القابات وانعامات

1۔ پاکستان کا ساحر لدھیانوی کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
(a) قتیل شفائی (b) ناصر کاظمی
(c) محسن نقوی (d) کوئی بھی درست نہیں

2۔ آزاد جمال بلوچی شاعر کو کیا کہتے ہیں؟
(a) بابائے بلوچستان (b) بابائے بلوچی
(c) بابائے زیارت (d) کوئی بھی درست نہیں

3۔ اردو کا برنارڈ شا کس شخصیت کو کہا جاتا ہے؟
(a) میاں بشیر احمد (b) ریاض خیرآبادی
(c) میاں عبدالعزیز فلک پیما

4۔ انقلابی احساسات کا شاعر کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) پشکن (b) شیلے
(c) ناصر کاظمی (d) کوئی بھی درست نہیں

5۔ "مصورِ غم" کس شخصیت کو کہا جاتا ہے؟
(a) صادق الخیری (b) راشد الخیری
(c) عاشق الخیری (d) کوئی بھی درست نہیں

6۔ "مصورِ فطرت" کس شاعر کا خطاب ہے؟
(a) ابراہیم ذوق (b) خواجہ حسن نظامی
(c) میر تقی میر (d) کوئی بھی درست نہیں

7۔ اردو کا "عمر خیام" کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) ریاض خیرآبادی (b) راشد الخیری
(c) صادق خیرآبادی (d) کوئی بھی درست نہیں

8۔ اردو کا "ہومر" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
(a) خواجہ میر درد (b) میر ببر علی انیس
(c) خواجہ حسن نظامی (d) کوئی بھی درست نہیں

9۔ مشہور ادیب کرم حیدری نے کس خاتون کو جین آسٹن کا خطاب دیا؟
(a) بانو قدسیہ (b) رضیہ بٹ
(c) بشریٰ رحمٰن (d) کوئی بھی درست نہیں

10۔ جدید اردو شاعری کا امام کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) مولانا الطاف حسین حالی
(b) ناصر کاظمی (c) فیض احمد فیض

11۔ 1904ء میں کس شخصیت کو "شمس العلماء" کا خطاب ملا؟
(a) ڈپٹی نذیر احمد (b) الطاف حسین حالی
(c) نظیر اکبرآبادی (d) کوئی بھی درست نہیں

12۔ "شاعرِ اعظم" اور "شاعرِ انقلاب" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
(a) ریاض خیرآبادی (b) جوش ملیح آبادی
(c) ناصر کاظمی (d) کوئی بھی درست نہیں

13۔ "صدر الشعراء" کا خطاب کس شاعر کو دیا گیا ہے؟
(a) میر تقی میر (b) مرزا غالب
(c) ایرج مرزا (d) کوئی بھی درست نہیں

14۔ "لسان قوم" کس کا خطاب تھا؟
(a) مرزا سودا (b) خان آرزو
(c) صفی لکھنوی (d) کوئی بھی درست نہیں

15۔ علامہ شبلی نعمانی کو "شمس العلماء" کا خطاب کب ملا؟
(a) 1894ء (b) 1895ء
(c) 1896ء (d) کوئی بھی درست نہیں

16۔ اردو شاعری میں "خدائے سخن" کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) امیر خسرو (b) مرزا غالب
(c) میر تقی میر (d) کوئی بھی درست نہیں

17۔ اردو کا "عوامی شاعر" کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) صفی لکھنوی (b) نظیر اکبرآبادی
(c) نیاز فتح پوری (d) کوئی بھی درست نہیں

18۔ اردو کا "ٹالسٹائی" کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) راجندر سنگھ بیدی (b) منشی پریم چند
(c) کرشن چندر (d) کوئی بھی درست نہیں

19۔ "سریلے بول" کا شاعر کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) آرزو لکھنوی (b) اکبر الہ آبادی
(c) عظمت اللہ خان (d) کوئی بھی درست نہیں

20۔ "سریلی بانسری" کا شاعر کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) آرزو لکھنوی (b) عظمت اللہ خان
(c) مرزا سودا (d) کوئی بھی درست نہیں

21۔ سید الاحرار اور شہنشاہ تغزل کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) [illegible] (b) مولانا حسرت موہانی
(c) [illegible] (d) کوئی بھی درست نہیں

22۔ "[illegible]" کا خطاب کس شاعر کو دیا گیا؟
(a) [حسرت] موہانی (b) جوش ملیح آبادی
(c) اکبر الہ آبادی (d) کوئی بھی درست نہیں

23۔ پشتو ادب میں بابائے آدم کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
(a) رحمان بابا (b) میر احمد یار
(c) نواب احسن الدین (d) کوئی بھی درست نہیں

24۔ "بابائے پنجابی" کس کا لقب ہے؟
(a) وارث شاہ (b) ڈاکٹر فقیر محمد فقیر
(c) میاں محمد بخش (d) کوئی بھی درست نہیں

25۔ پنجابی زبان کا شیکسپیئر کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) وارث شاہ (b) بلھے شاہ
(c) محمد بخش (d) کوئی بھی درست نہیں

26۔ غالب کو غزل کی مروجہ روایات سے انحراف پر کیا کہتے ہیں؟
(a) اردو زبان کا پہلا باغی شاعر
(b) عربی زبان کا پہلا باغی شاعر
(c) فارسی زبان کا پہلا باغی شاعر

27۔ مزاحیہ شاعری کا امام کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) پطرس بخاری (b) چراغ حسن حسرت
(c) اکبر الہ آبادی (d) کوئی بھی درست نہیں

28۔ "خیام الہند" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
(a) مرزا رفیع سودا (b) حیدر دہلوی
(c) ناسخ (d) کوئی بھی درست نہیں

29۔ "اداس نسلیں" کس کا انعام یافتہ ناول ہے؟
(a) عبداللہ حسین (b) بانو قدسیہ
(c) اشفاق احمد (d) کوئی بھی درست نہیں

30۔ مشتاق احمد یوسفی کو کس مضامین کے مجموعہ پر آدم جی ادبی انعام ملا؟
(a) آبِ گم (b) خاکم بدہن
(c) زرگزشت (d) کوئی بھی درست نہیں

31۔ کس مشہور شاعر کو لینن انعام ملا؟
(a) ناصر کاظمی (b) جوش ملیح آبادی
(c) فیض احمد فیض (d) کوئی بھی درست نہیں

32۔ اردو افسانے کا پہلا آدم جی انعام کس کو ملا؟
(a) کرشن چندر (b) مرزا حامد بیگ
(c) غلام عباس (d) کوئی بھی درست نہیں

33۔ "دھنک پر قدم" سفرنامہ ہے جسے آدم جی ادبی انعام ملا۔ اس کے مصنف کا نام بتائیں؟
(a) سائرہ ہاشمی (b) بانو قدسیہ
(c) بیگم اختر ریاض الدین

34۔ ڈاکٹر وحید قریشی کو کون سا ایوارڈ دیا گیا؟
(a) آدم جی ادبی انعام (b) نقوش ادبی انعام
(c) رائٹرز گلڈ انعام (d) کوئی بھی درست نہیں

35۔ ساحر لدھیانوی کو ان کی تصنیف "متاعِ غیر" پر کون سا انعام ملا؟
(a) آدم جی ادبی انعام (b) رائٹرز گلڈ انعام
(c) لینن انعام (d) کوئی بھی درست نہیں

36۔ "بابائے اُردو" مولوی عبدالحق کا لقب ہے۔ بتایئے "بابائے صحافت" کن کو کہا جاتا ہے؟
(a) محمد علی جوہر (b) ظفر علی خاں
(c) عبدالمجید سالک (d) چراغ حسن حسرت

37۔ علامہ اقبال "مفکرِ مشرق" کے لقب سے ملقب ہیں۔ بتایئے "مصورِ مشرق" کن کو کہا جاتا ہے؟
(a) صادقین (b) استاد اللہ بخش
(c) عبدالرحمٰن چغتائی (d) بشیر موجد

38۔ بہادر شاہ ظفر نے اپنے کس درباری شاعر کو "خاقانیٔ ہند" کا لقب دیا تھا؟

(a) آغا جان عیش (b) صدرالدین آزردہ
(c) استاد ابراہیم ذوق (d) مرزا غالب

39- "شاعر کشمیر" کے لقب سے کون ملقب ہیں؟
(a) محمد دین فوق (b) چودھری خوشی محمد ناظر
(c) حفیظ جالندھری (d) علامہ اقبال

40- اردو قصیدہ نگاری کے حوالے سے بتائیے کہ اردو کے کون سے شاعر "خاقانی ہند" کے لقب سے ملقب ہوئے؟
(a) محمد رفیع سودا (b) مومن خان مومن
(c) محمد ابراہیم ذوق (d) مرزا غالب

جوابات

1-	a	2-	b	3-	c	4-	a
5-	b	6-	b	7-	a	8-	b
9-	c	10-	a	11-	b	12-	b
13-	c	14-	c	15-	a	16-	c
17-	b	18-	c	19-	c	20-	a
21-	b	22-	c	23-	a	24-	b
25-	a	26-	a	27-	c	28-	b
29-	a	30-	b	31-	c	32-	b
33-	c	34-	b	35-	c	36.	b
37.	c	38.	c	39.	a	40.	c

ادب کے نوبل انعامات

سوال: لوگی پیرانڈیلو (Luigi pirandello) کا تعلق کس ملک سے ہے نیز انہیں کب ادب میں نوبل انعام ملا؟
جواب: اٹلی سے 1934ء میں۔
سوال: رابندر ناتھ ٹیگور کو کس سن میں ادب کا نوبل انعام ملا؟
جواب: 1913ء میں۔
سوال: 1982ء میں ادب کا نوبل انعام کس کو دیا گیا تھا؟
جواب: گابرل گارشیا مارکوئز کو۔
سوال: علامہ اقبال کے ایک مغربی معاصر اور نوبل انعام یافتہ ادیب نے ایک بار کہا تھا مشرق' مشرق ہے اور مغرب' مغرب یہ دونوں کبھی نہیں مل سکتے۔ معاصر کا نام بتائیے؟
جواب: رڈیارڈ کپلنگ۔
سوال: 1968ء میں ادب کا نوبل انعام کس جاپانی ادیب نے حاصل کیا تھا؟
جواب: یاسوناری کاواباتانے۔
سوال: ادب کے نوبل انعام کا فیصلہ کون کون سے ممالک کی کمیٹیاں کرتی ہیں؟
جواب: سویڈش اکیڈمی آف لٹریچر' اکیڈمی آف سپین اور اکیڈمی آف فرانس۔
سوال: ادب کے نوبل انعامات سب سے زیادہ تعداد میں کن دو ممالک نے حاصل کیے؟
جواب: امریکہ اور فرانس نے۔
سوال: برصغیر پاک و ہند میں سب سے پہلے کسے ادب کا نوبل انعام ملا؟
جواب: رابندر ناتھ ٹیگور کو۔
سوال: فرانس کے ایک ادیب ژاک پال سارتر نے 1964ء میں ادب کا انعام مسترد کر دیا تھا بتائیے بعد ازاں انہوں نے یہ انعام کب وصول کیا؟
جواب: 1975ء میں۔
سوال: علامہ عنایت اللہ المشرقی کی کون سی کتاب نوبل انعام کے لئے زیر غور رہی؟
جواب: تذکرہ۔
سوال: 1987ء میں روس کے جس ادیب نے ادب کا نوبل انعام حاصل کیا وہ جلاوطن تھا ادیب کا نام بتائیے؟
جواب: جوزف براڈسکی۔
سوال: One Hundred years of solitude ایک نوبل انعام یافتہ ادیب کی کتاب ہے مصنف کا نام بتائیے؟
جواب: کولمبیا کا گابریل گارشیا مارکوئز۔
سوال: ادب کا پہلا نوبل انعام فرانس کے سلی پرودہوم کو کب دیا گیا؟
جواب: 1901ء میں۔

سوال: کیا آپ پہلے جرمن نوبل انعام یافتہ کا نام بتا سکتے ہیں؟
جواب: سی ایم ٹی ماسن۔
سوال: ناروے کے پہلے انعام یافتہ ادیب کا نام بتائیے؟
جواب: بی لورن سن۔
سوال: کیا آپ سپین کے پہلے نوبل انعام یافتہ شخص کا نام بتا سکتے ہیں؟
جواب: جوزا یکی گارے۔
سوال: بتائیے 1904ء میں پہلی بار ادب کا نوبل انعام مشترکہ طور پر کن دو ادیبوں کو دیا گیا؟
جواب: ایف مسترل (فرانس) اور جوزا یکی گارے (سپین)۔
سوال: 1905ء میں پولینڈ کے کس فرد کو پہلی بار ادب کا نوبل انعام ملا؟
جواب: ہیزک سینکی وکر۔
سوال: پہلے اطالوی کی حیثیت سے جی کارڈوچی کو کب نوبل انعام ملا؟
جواب: 1906ء میں۔
سوال: رڈیارڈ کپلنگ برطانیہ کا پہلا ادیب ہے جسے نوبل انعام ملا بتائیے کس سن میں؟
جواب: 1907ء میں۔
سوال: 1909ء میں سویڈن کے کس شخص کو پہلی بار نوبل انعام ملا؟
جواب: ایس لاگرلوف کو۔
سوال: بلجیم کے اس فرد کا نام بتائیے جسے پہلی مرتبہ نوبل انعام ملا؟
جواب: کاؤنٹ مارلیس میسٹر لینک۔
سوال: کس سن میں پہلی مرتبہ نوبل انعام نہ دیا گیا؟ نیز کیوں؟
جواب: 1914ء میں پہلی جنگ عظیم کی وجہ سے۔
سوال: بتائیے پہلی مرتبہ ڈنمارک کے کن افراد کو مشترکہ طور پر نوبل انعام دیا گیا؟
جواب: کارل اے جیلروپ اور لیزک پانڈ پیڈن کو۔
سوال: دوسری مرتبہ 1918ء میں ادب کا نوبل انعام تقسیم نہ کیا گیا بتائیے کیوں؟
جواب: پہلی جنگ عظیم کی وجہ سے۔
سوال: سوئٹزر لینڈ کے کس ادیب نے 1919ء میں نوبل انعام لیا؟
جواب: کارل ایف جی سپٹلر۔
سوال: 1923ء میں پہلی مرتبہ آئرلینڈ کے کس دانشور کو نوبل انعام ملا؟
جواب: ولیم بٹلر ییٹس کو۔
سوال: امریکہ کے کس دانشور نے پہلی مرتبہ اور کب نوبل انعام حاصل کیا؟
جواب: 1930ء میں سینکلر لیوس۔
سوال: 1918ء اور 1939ء کے مابین کس سن میں نوبل انعام تقسیم نہ کیا گیا؟
جواب: 1935ء میں۔
سوال: بتائیے پہلی مرتبہ لگاتار چار برس نوبل انعام تقسیم نہ کیا گیا بتائیے کن برسوں میں؟
جواب: 1940ء تا 1943ء (جنگ عظیم دوم کی وجہ سے)
سوال: گابریل مسترل کس ملک کا دانشور ہے جس نے 1945ء کا نوبل انعام لیا؟
جواب: چلی۔
سوال: اس دوسرے امریکی کا نام بتائیے جسے ادب کا نوبل انعام دیا گیا؟
جواب: اونیل یوجین۔
سوال: فن لینڈ کے پہلے نوبل انعام یافتہ ادیب کا نام بتائیے؟
جواب: فرانزای سیلانپا۔
سوال: 1955ء میں آئس لینڈ کے پہلے دانشور کو نوبل انعام ملا ادیب کا نام بتائیے؟
جواب: ہیلڈر کے لیکس نیس۔
سوال: روس کے اس دانشور کا نام بتائیے جس نے نوبل انعام لینے سے انکار کر دیا؟
جواب: بورس ایل پیسٹرناک۔
سوال: پہلے یونانی نوبل انعام یافتہ کا نام بتائیے؟
جواب: جارج سفرز۔
سوال: آسٹروی نژاد باشندے شموئیل یوسف ایگن کو پہلے اسرائیلی

کی حیثیت سے کب نوبل انعام ملا؟

جواب: 1966ء میں۔

سوال: برطانیہ کے اس پہلے وزیراعظم کا نام بتایئے جسے 1953ء میں نوبل انعام ملا؟

جواب: سرونسٹن چرچل۔

سوال: روس کے ایک ادیب سولژے نسن الیگزینڈر کو 1970ء کا نوبل انعام ملا بتایئے روسی حکومت نے انہیں کس سن میں ملک بدر کیا؟

جواب: 1974ء میں۔

سوال: آئیوا اینڈرک نے 1961ء میں کس ملک کے پہلے باشندے کی حیثیت سے نوبل انعام لیا؟

جواب: یوگوسلاویہ۔

سوال: گوئٹے مالا کے پہلے دانشور کا نام بتایئے جس نے 1967ء کا نوبل انعام حاصل کیا؟

جواب: ایم اینجل ایسٹوریس۔

سوال: ارنسٹ ہیمنگوے کو ان کی کون سی کتاب پر ادب کا نوبل انعام دیا گیا؟

جواب: دی اولڈ مین اینڈ دی سی۔

سوال: نوبل انعام یافتہ امریکی ادیب ارنسٹ ہیمنگوے نے دوسری جنگ عظیم میں 11 اگست 1942ء کو کتنے افراد پر مشتمل کروک فیکٹری (عیاروں کا ٹولہ) تشکیل دی تھی؟

جواب: 26 افراد۔

سوال: عالمی شہرت یافتہ جرمن ادیب ہائزش بوئل کو کس سن میں نوبل انعام ملا؟

جواب: 1972ء میں۔

سوال: 1948ء میں ادب کا نوبل انعام کسے دیا گیا تھا؟

جواب: ٹی ایس ایلیٹ کو۔

سوال: رابندر ناتھ ٹیگور کو کس کتاب پر ادب کا نوبل انعام ملا؟

جواب: گیتانجلی۔

سوال: جارج برنارڈ شا کو جب ادب کا نوبل انعام ملا تو انہوں نے کس قسم کے ردعمل کا اظہار کیا؟

جواب: انعامی رقم لینے سے انکار کر دیا۔

سوال: برٹرینڈ رسل کو کس سن میں نوبل انعام دیا گیا؟

جواب: 1950ء میں۔

سوال: 1985ء کا نوبل انعام مسٹر کلاڈ سائمن کو ملا بتایئے ان کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب: فرانس سے۔

سوال: نوبل انعام یافتہ ادیب پرل ایس بک کو نوبل انعام کب ملا نیز ان کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: 1938ء میں---پرل کمفرٹ سائیڈن اسٹرائیکر۔

سوال: وائنٹ الیز ینڈر نوبل انعام یافتہ شاعر ہیں بتایئے ان کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب: سپین سے۔

سوال: چیکوسلواکیہ کے کس پہلے شاعر کو اور کب ادب کا نوبل انعام ملا؟

جواب: جیر وسلاف سیفرٹ کو 1894ء میں۔

سوال: برطانوی ناول نگار ولیم گولڈنگ کو ان کی کس کتاب پر 1983ء کا نوبل انعام ملا نیز انعامی رقم کتنی تھی؟

جواب: لارڈ آف فلائیز پر انعامی رقم 190000 ڈالر تھی۔

سوال: 1987ء کا نوبل انعام کس روسی شاعر کو ملا جو امریکہ میں جلاوطنی کی زندگی گزار رہا تھا؟

جواب: جوزف براڈسکی۔

سوال: گابریل گارشیا مارکوس کو 54 سال کی عمر میں 1982ء میں ادب کا نوبل انعام ملا بتایئے اس ادیب نے جلاوطنی کی زندگی کن شہروں میں گزاری؟

جواب: پیرس، میڈرڈ اور میکسیکو میں۔

سوال: فرانس کے نوبل انعام یافتہ ادیب کلاڈ سائمن کا تعلق فرانس کی کس ادبی تحریک سے رہا ہے؟

جواب: نوویو رومن تحریک۔

سوال: علامہ اقبال نے نوبل انعام نہ ملنے پر کن خیالات کا اظہار کیا تھا؟

جواب: میرے یہاں سب کچھ مغرب کے خلاف ہے اس لئے "

...نوبل انعام کیسے دے سکتے ہیں۔

سوال: ...کے کس ناول نویس کو کینسر وارڈ نامی کتاب لکھنے پر 1970ء میں ادب کا نوبل انعام ملا؟

جواب: الیگزینڈر رسال زینٹسن۔

سوال: جان گالز وردی کو کس سن میں ادب کا نوبل انعام ملا؟

جواب: 1932ء میں۔

سوال: 1976ء کا ادب کا نوبل انعام کس امریکی ادیب کو دیا گیا؟

جواب: ساؤل بیلو کو۔

سوال: سر نارمن اینجل کو کس سن میں نوبل انعام ملا؟

جواب: 1933ء میں۔

سوال: نوبل انعام یافتہ مصنفہ پرل ایس بک 1882ء میں پیدا ہوئیں بتایئے ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب: 1973ء میں۔

سوال: 1949ء کے نوبل انعام یافتہ امریکی مصنف ولیم فاکز نے کتنی کتابیں لکھیں؟

جواب: 19 ناول---80 مختصر کہانیاں۔

سوال: لاطینی امریکہ کے شاعر پابلو نرودا کو کس سن میں نوبل انعام ملا؟

جواب: 1971ء میں۔

سوال: الجزائر نژاد فرانسیسی ڈرامہ نگار، ناول نگار اور فلسفی ایلبرٹ کاموس کو کب نوبل انعام دیا گیا؟

جواب: 1957ء میں۔

سوال: ...ریکیسن کو 1969ء میں نوبل انعام ملا بتایئے اس کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب: فرانس۔

سوال: بتایئے یہ تصانیف کس نوبل انعام یافتہ مصنف کی ہیں؟ دی جنگل بکس۔ دی لائٹ دیٹ فلیڈ۔ کم۔

جواب: روڈیارڈ کپلنگ۔

سوال: یوجین اے نیل کو ادب کا پلٹزر انعام اور نوبل انعام مل چکا ہے بتایئے ان کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب: امریکہ۔

سوال: روس کے کس ناول نگار کو ڈاکٹر ژواگو لکھنے پر ادب کا نوبل انعام ملا؟

جواب: پیسٹرناک بورس لیونڈووچ۔

سوال: فرانس کے اس ادیب کا نام بتایئے جو گاندھی جی کا دوست تھا اور جس نے 1915ء میں نوبل انعام لیا؟

جواب: رومین رولینڈ۔

سوال: امریکی ناول نگار اور صحافی جان سٹین بیک کو نوبل انعام کس سن میں ملا؟

جواب: 1964ء میں۔

سوال: اوڈیسس ایلیٹس ایک یونانی شاعر، مضمون نگار اور مصنف کو کب نوبل انعام دیا گیا؟

جواب: 1979ء میں۔

سوال: سارتر کو جب ادب کا نوبل انعام ملا تھا تو اس نے کس شاعر کے بارے میں یہ کہا تھا کہ یہ انعام اسے ملنا چاہیے؟

جواب: پابلو نیرودا۔

سوال: فیئر ویل ٹو آرمز کا مصنف 'شکار پسندیدہ مشغلہ' 1954ء میں ادب کا انعام ملا' کیوبا میں گولی مار کر خودکشی کر لی۔ مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: ہیمنگ وے۔

دیگر ادبی انعامات

سوال: مولانا عبدالمجید سالک کو ان کی کس کتاب پر یونیسکو نے 480 ڈالر کا انعام دیا۔

جواب: ہندوستان میں اسلامی تمدن۔

سوال: عبیداللہ علیم کو کس سن میں ان کی کتاب "چاند چہرہ ستارہ" پر آدم جی ادبی انعام ملا؟

جواب: 1974ء میں۔

سوال: کس سندھی ادیب کو 1980ء میں سیرت مصطفیٰ لکھنے پر صدارتی انعام ملا؟

جواب: مولوی محمد عظیم شیدا سوہگی۔

سوال: اردو میں کس نے ہادی عالم کے نام سے حضور اکرمؐ کی سیرت لکھی

سیرت لکھ کر صدارتی انعام پایا؟

جواب: محمد ولی رازی۔

سوال: کیف بنارسی کو ان کے کس مجموعے پر ینگ کلچرل ویلفیئر سوسائٹی نے قائداعظم ایوارڈ دیا؟

جواب: "چراغ آشیاں سرحد"۔

سوال: جیلہ ہاشمی کو ان کے ناول جشن بہاراں پر کون سا انعام ملا؟

جواب: آدم جی ایوارڈ۔

سوال: صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کو ان کی ادبی خدمات کے صلے میں کون سا اعزاز دیا گیا؟

جواب: نشان سپاس۔

سوال: ناصر کاظمی کو ان کی کس تصنیف پر آدم جی ادبی انعام ملا تھا؟

جواب: دیوان۔

سوال: ایک چادر میلی سی کو ساہیہ اکیڈمی نے انعام سے نوازا تھا مصنف کا نام بتایئے؟

جواب: راجندر سنگھ بیدی۔

سوال: امریکی ادبی انعام پلٹزر کا آغاز کب ہوا تھا؟

جواب: 1917ء میں۔

سوال: ساحر لدھیانوی کو ان کی کس تصنیف پر نہرو انعام دیا گیا تھا؟

جواب: متاع غیر۔

سوال: Rapik is Rich پر ایک امریکی جان اپڈائیک کو پلٹزر انعام ملا بتایئے کب؟

جواب: 1982ء میں۔

سوال: 1987ء کا نقوش ادبی ایوارڈ کن شخصیات کو دیا گیا؟

جواب: نثار فاروقی' اعجاز حسین بٹالوی' آغا بابر' حمایت علی شاعر' جمیل ملک۔

سوال: پہلا نقوش ادبی ایوارڈ کس کو دیا گیا تھا؟

جواب: ڈاکٹر وحید قریشی کو۔

سوال: آسٹریلیا کے کس ناول نگار کو 1982ء میں برطانیہ کا بکر انعام ملا؟

جواب: تامس کینلے کو ان کی کتاب شینڈلرز آرک پر۔

سوال: جونی چیرو تانی زاکی کو کس سن میں جاپان کا سب سے بڑا ادبی انعام امپیریل پرائز ان لٹریچر ملا؟

جواب: 1949ء میں۔

سوال: اقبال کی حب الوطنی نامی کتاب لکھنے پر بنگلور یونیورسٹی کے ایک طالب علم کو 1985ء کے لئے ادب کا سروجنی نائیڈو ایوارڈ دیا گیا طالب علم کا نام بتایئے؟

جواب: مسز محمد ابراہیم۔

سوال: 1982ء کا بنکم چندر میموریل پرائز مسز گور کشوری گھوش کو دیا گیا بتایئے ان کے کس ناول پر؟

جواب: Prem Nei انعامی رقم دس ہزار روپے۔

سوال: بتایئے ازبک اکیڈمی نے محمود درویش کو بوعلی سینا ایوارڈ کس سن میں دیا؟

جواب: 1982ء میں۔

سوال: بھارت میں 1986ء کا غالب ایوارڈ کن ادیبوں اور شاعروں کو ملا؟

جواب: آنند نرائن' جگن ناتھ آزاد (شاعر) پروفیسر نور الحسن انصاری (عالم) اسلوب احمد انصاری (ادیب) ابراہیم یوسف (ڈرامہ نگار) امجد جمال پاشا (مزاح نگار)

سوال: مسز جیلانی کو ان کی تحقیق پرایا گھر کے لئے سوویت لینڈ نہرو ایوارڈ دیا گیا بتایئے اس ایوارڈ کے تحت سات ہزار پانچ سو (بمطابق 1986ء) روپے کی انعامی رقم کے علاوہ اور کون سی مراعات دی جاتی ہیں؟

جواب: سوویت یونین کے دورے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔

سوال: آل انڈیا میر اکیڈمی لکھنؤ نے 1983ء میں پروفیسر جگن ناتھ آزاد کو کون سا ایوارڈ دیا تھا؟

جواب: افتخار میر ایوارڈ۔

سوال: جب امرتسر جل رہا تھا' ایک ادبی کتاب ہے بتایئے اس کے مصنف کون ہیں؟

جواب: خواجہ افتخار۔

سوال: 1988ء کا آل انڈیا قومی اردو انعام منجانب مہاراشٹر اسٹیٹ اردو اکیڈمی ادیبوں کو دیا گیا؟ ان میں سے تین کے نام بتایئے؟

جواب: اپندر ناتھ اشک (اردو) گیارہ ہزار روپے' شفیق ناظمہ (شاعری) قیصر الجعفری (وشت بے تمنا' شاعری)

سوال: ادبی خدمات کے صلے میں راجندر سنگھ بیدی کو بھارتی حکومت نے کون سا انعام دیا تھا؟

جواب: پدم شری ایوارڈ۔

سوال: ابوالمنصور میموریل لٹریری ایوارڈ کا تعلق جنوبی ایشیاء کے کس ملک سے ہے؟

جواب: بنگلہ دیش۔

سوال: مولانا صلاح الدین احمد کو ان کی ادبی خدمات کے صلے میں کب صدارتی انعام ملا؟

جواب: 23 مارچ 1965ء کو۔

سوال: اردو افسانے کا پہلا آدم جی انعام یافتہ مجموعہ کس کا ہے نیز اس کا نام کیا ہے؟

جواب: عرش صدیقی -- باہر کفن کے پاؤں۔

سوال: بتایئے 1983ء میں پہلا علامہ اقبال ہجری ایوارڈ محسن احسان کو ان کی کس کتاب پر دیا گیا؟

جواب: ناتمام پر۔

سوال: سات سمندر پار اور دھنک پر قدم میں سے کس تصنیف پر بیگم اختر ریاض الدین کو آدم جی ادبی انعام ملا؟

جواب: دھنک پر قدم۔

سوال: مشتاق احمد یوسفی کو ان کے مزاحیہ مضامین کے دوسرے مجموعے پر آدم جی ادبی انعام ملا کتاب کا نام بتایئے؟

جواب: خاکم بدہن۔

سوال: بتایئے مشہور شاعرہ بسمل صابری کو کس سن میں فرید اکیڈمی ساہیوال سے بہترین شاعرہ کا اکیڈمی ایوارڈ ملا؟

جواب: 1981ء میں۔

سوال: گجراتی زبان کے اس مصنف کا نام بتایئے جسے ناول مانوی بھوائی لکھنے پر 1985ء کا بھارتیہ گیان پیٹھ انعام ملا؟

جواب: پنالال پٹیل۔

سوال: حسن اکبر کمال کو شاعری پر کس سن میں آدم جی ادبی انعام دیا گیا؟

جواب: 1980ء میں۔

سوال: جرمنی کی اس پہلی ادیبہ کا نام بتایئے جس نے 23 مارچ 1983ء کو پاکستان کا اعزاز (ہلال امتیاز) پانے کا اعزاز حاصل کیا؟

جواب: این میری شمل۔

سوال: امریکہ کے صدر جان ایف کینیڈی کی اس کتاب کا نام بتایئے جس پر انہیں پلٹزر انعام ملا؟

جواب: پروفائلز ان کیریج۔

سوال: کیفی اعظمی کو کس سن میں ایفرو ایشین رائٹرز ایسوسی ایشن کی جانب سے لوٹس ایوارڈ ملا؟

جواب: 1984ء میں۔

سوال: محمد علی صدیقی کو 1976ء میں اپنی تخلیق توازن پر کون سا انعام ملا؟

جواب: آدم جی ادبی انعام۔

سوال: رفعت سروش کو ان کی کس طویل نظم پر نہرو ایوارڈ ملا؟

جواب: White Night۔

سوال: بتایئے سب سے پہلے کس شاعر کو آدم جی ادبی انعام دیا گیا؟

جواب: جعفر طاہر کو ہفت کشور لکھنے پر۔

سوال: خدا کی بستی پر شوکت صدیقی کو کس ادارے کی جانب سے پہلے انعام ملا؟

جواب: آدم جی۔

سوال: جیلہ ہاشمی کی کتاب تلاش بہاراں کو کون سا ادبی انعام دیا گیا؟

جواب: آدم جی ادبی انعام۔

ادبی رسائل وجرائد

سوال: اردو زبان کا اولین بین الاقوامی ہفت روزہ "اُردو مورچہ" ہے بتایئے یہ بھارت کے کس شہر سے شائع ہوتا ہے؟
جواب: نئی دہلی۔
سوال: قاضی احمد میاں اختر جونا گڑھی نے جونا گڑھ سے ایک ادبی رسالہ جاری کیا تھا؟ رسالے کا نام بتایئے؟
جواب: شہاب۔
سوال: لاہور کا ادبی جریدہ "فنون" کس کی ادارت میں شائع ہوتا تھا؟
جواب: احمد ندیم قاسمی۔
سوال: ماہنامہ اردو معلیٰ کس نے جاری کیا تھا؟
جواب: مولانا حسرت موہانی نے۔
سوال: کیا آپ اردو کے پہلے ماہنامہ کا نام بتا سکتے ہیں؟
جواب: خیر خواہ ہند۔
سوال: پنڈت رتن ناتھ سرشار لکھنؤ کے کس جریدے کے مدیر تھے؟
جواب: اودھ اخبار۔
سوال: مولانا عبدالحلیم شرر نے 1887ء میں اپنا کون سا مشہور رسالہ نکالا؟
جواب: دلگداز۔
سوال: 1877ء میں اردو کا مشہور مزاحیہ ہفتہ وار اودھ پنچ نکلا بتایئے اس کے پہلے مدیر کون تھے؟
جواب: سجاد حسین۔
سوال: سر عبدالقادر نے لاہور سے کون سا رسالہ جاری کیا؟
جواب: مخزن۔
سوال: مشہور جریدہ "زمانہ" کہاں سے شائع ہوتا تھا؟
جواب: کان پور سے۔
سوال: علامہ نیاز فتح پوری نے 1922ء میں کس ماہنامے کا اجراء کیا؟
جواب: "نگار" کا۔
سوال: فنون، اوراق، نقوش، نگار نامی ادبی جرائد کن شہروں سے نکلتے ہیں؟
جواب: لاہور، سرگودہا اور کراچی سے۔
سوال: ادبی جریدہ ماہ نو کب سے شائع ہو رہا ہے؟
جواب: 1948ء سے۔
سوال: ادب لطیف اور سویرا میں سے کون سا رسالہ ادبی ہے؟
جواب: دونوں ادبی جرائد ہیں۔
سوال: ماہنامہ "شام وسحر" لاہور سے کب سے جاری ہے؟
جواب: 1974ء سے۔
سوال: "نتیجہ سخن" بنگال کا سب سے پہلے ماہنامہ اور ادبی رسالہ تھا بتایئے اس کا اجراء کب ہوا اور یہ کب تک شائع ہوتا رہا؟
جواب: فروری 1881ء ---- جنوری 1986ء
سوال: جدید اردو کلکتہ سے نکلنے والا مشہور علمی و ادبی جریدہ تھا بتایئے اس جریدے نے 1941ء میں کس مشہور بنگالی دانشور کے بارے میں نمبر شائع کیا؟
جواب: رابندر ناتھ ٹیگور۔
سوال: شمس علامہ وحشت کلکتوی کے استاد کی یاد میں شائع ہونا شروع ہوا استاد کا نام بتایئے؟
جواب: ابوالقاسم شمس فرید پوری۔
سوال: "فاران" بھی ایک ادبی رسالہ ہے بتایئے اسے کس نے جاری کیا تھا؟
جواب: مولانا ماہر القادری نے۔
سوال: ادبی ماہنامہ علامت لاہور سے کب نکلنا شروع ہوا؟
جواب: 1989ء میں۔
سوال: علامہ نیاز فتح پوری کا رسالہ "نگار" کب اور کہاں سے شائع ہونا شروع ہوا؟
جواب: فروری 1922ء میں بھوپال سے۔
سوال: کس جسٹس کے انتقال کی یاد میں میاں بشیر احمد نے رسالہ جاری کرنے کا فیصلہ کیا؟
جواب: جسٹس شاہ دین۔
سوال: علامہ اقبال نے میاں بشیر احمد کو ادبی رسالہ نکالنے کی بجائے کس کی تصانیف کو اردو میں منتقل کرنے کے لئے کہا؟
جواب: گارساں دتاسی۔

سوال: [illegible] کا اجراء کس نے کیا؟
جواب: [illegible] نے امرتسر سے۔
سوال: [illegible] ٹیگور نے 1885ء میں ایک ادبی رسالے کی [illegible] کے فرائض انجام دیئے۔ رسالے کا نام بتایئے؟
جواب: بنگالی ادبی سادھن۔
سوال: سید عابد علی عابد نے مولانا تاجور نجیب آبادی کے کن دو رسائل کی ادارت کے فرائض انجام دیئے؟
جواب: ادبی دنیا -- شاہکار۔
سوال: صبا لکھنوی کس ادبی جریدے کے مدیر تھے؟
جواب: افکار۔
سوال: جون 1990ء میں کراچی سے ایک ادبی جریدے کا اجراء ہوا بتایئے کس نام سے؟
جواب: تشکیل (مدیر احمد ہمیش)
سوال: فتح پور (بھارت) سے نکس نو ادبی ڈائجسٹ شائع ہوتا ہے یہ بتایئے کس کی ادارت میں شائع ہوتا تھا؟
جواب: ظفر اقبال۔
سوال: "شاعر" نامی ادبی رسالہ پاکستان سے نکلتا ہے یا بھارت سے؟
جواب: بھارت سے۔
سوال: ادبی جریدہ تحریک کس سن میں گوپال متل نے جاری کیا؟
جواب: 1950ء میں۔
سوال: ادبی پرچے تجدید کی مدیرہ کا نام بتایئے؟
جواب: صفر۔
سوال: ماہنامہ "ایوان اردو" دہلی سے کس کے زیر انتظام شائع ہوتا ہے؟
جواب: اردو اکادمی دہلی۔
سوال: ادبی رسالہ اردو پنچ راولپنڈی سے شائع ہوتا ہے بتایئے شگوفہ کہاں سے چھپتا ہے؟
جواب: حیدر آباد سے۔
سوال: 1989ء میں کراچی سے شائع ہونے والا ادبی رسالہ اقدار کس کی ادارت میں طبع ہوا؟
جواب: ممتاز شاعر شبنم رومانی۔

اولیات ادب

سوال: اردو کی پہلی کتاب کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟
جواب: حضرت خواجہ گیسو دراز بندہ نواز کی تصنیف "معراج العاشقین" کو۔
سوال: بتایئے سب سے پہلے مسدس کس نے لکھی تھی؟
جواب: محمد رفیع سودا نے۔
سوال: ہیر رانجھا کا قصہ سب سے پہلے کس نے لکھا تھا؟
جواب: دمودر نے۔
سوال: اردو کی پہلی مطبع کتاب کا نام بتایئے؟
جواب: انجیل۔
سوال: سو کتابوں کی ایک کتاب کا نام دنیا کی سو عظیم کتابیں ہے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب: ستار طاہر۔
سوال: اردو میں سب سے پہلی ترجمہ شدہ کتاب ملا وجہی کی کتاب تھی بتایئے اس کا نام کیا ہے؟
جواب: سب رس۔
سوال: اردو کے پہلے ناول نگار کا نام بتایئے؟
جواب: ڈپٹی نذیر احمد۔
سوال: اردو کے پہلے ناول کا نام کیا تھا؟
جواب: مراۃ العروس۔
سوال: اردو کا پہلا عوامی شاعر کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: نظیر اکبر آبادی کو۔
سوال: اردو کی پہلی خاتون ناول نگار کا نام بتایئے؟
جواب: رشیدۃ النساء۔
سوال: دنیا کی سب سے پہلی کتاب کب اور کہاں شائع ہوئی اور اس کا نام کیا تھا؟
جواب: "ڈائمنڈ سترا" یہ کڑی کے بلاکوں سے شائع ہوئی تھی اور اسے

چمن میں شائع کیا گیا تھا۔

سوال: شیخ زبان کا پہلا شاعر کون سا ہے؟

جواب: ڈینیل کھمپ۔

سوال: اردو کے پہلے صاحب کلیات شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ۔

سوال: انگریزی (Essay) کو اردو میں سب سے پہلے کس نے رواج دیا؟

جواب: سرسید احمد خاں نے۔

سوال: فسانۂ آزاد اردو ادب کا پہلا اور کامیاب ترین مزاحیہ ناول ہے بتایئے اسے کس نے لکھا؟

جواب: رتن ناتھ سرشار نے۔

سوال: اردو کا پہلا افسانہ نگار کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: سجاد حیدر یلدرم کو۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ مرزا مظہر جان جاناں پہلے شخص ہیں جنہوں نے صنعت ایہام سے زبان کو محفوظ رکھنے کی کوشش کی؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: بچوں کے پہلے اردو شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: اسماعیل میرٹھی۔

سوال: سعودی عرب کا پہلا اردو شاعر ہونے کا اعزاز کسے حاصل ہے؟

جواب: نعیم حامد علی کو۔

سوال: اردو میں انشائیہ نگاری کا اعزاز سب سے پہلے کسے حاصل ہوا؟

جواب: سرسید احمد خاں کو۔

سوال: کیا آپ سندھی زبان کے پہلے ناول کا نام بتا سکتے ہیں نیز یہ کب طبع ہوا؟

جواب: ناسیاس 1870ء میں۔

سوال: پاکستان کی پہلی خاتون شاعرہ کا نام بتایئے؟

جواب: ادا جعفری۔

سوال: قرآن پاک کا اردو میں سب سے پہلے ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: حضرت شاہ رفیع الدین دہلوی نے۔

سوال: قرآن پاک کے فارسی کے پہلے مترجم کا نام بتایئے؟

جواب: شاہ ولی اللہ۔

سوال: اردو نثر کی باقاعدہ ابتداء کس کالج سے ہوئی نیز اس کالج کا افتتاح کب ہوا؟

جواب: فورٹ ولیم کالج کلکتہ -- 1800ء۔

سوال: اردو کی پہلی لغت کس نے اور کب لکھی؟

جواب: ایم ٹی مین نے 1704ء میں۔

سوال: اردو کے پہلے رومانی نقاد کا نام بتایئے؟

جواب: شبلی نعمانی۔

سوال: اردو کے پہلے باغی شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: مرزا غالب۔

سوال: اردو میں سیرت کی پہلی کتاب کس کتاب کو کہا جا سکتا ہے؟

جواب: خطبات احمدیہ (سرسید احمد خاں)

سوال: کیا آپ اردو کے پہلے شاعر کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: مسعود سعد سلمان۔

سوال: اردو زبان کے پہلے ہندو شاعر کا نام بتایئے؟

جواب: نام دیو۔

اصطلاحات

...ی جنف سے کیا مراد ہے؟

...کی تحریریں جن میں بیک وقت رومانیت اور جمالیات موجود ...ہوں۔

...مخضرم شعراء کن شعراء کو کہا جاتا ہے؟

...شعراء جنھوں نے زمانہ جاہلیت اور قبول اسلام کے بعد بھی شعر کہے یعنی دونوں رنگ پانے والے شعراء۔

...طویل نظم جس میں ہر شعر کے مختلف قافیے اور شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں اسے اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟

...مثنوی۔

...تصوف کسے کہتے ہیں؟

...عشق حقیقی کی واردات و کیفیات کے بیان کو اصطلاح میں تصوف کہا جاتا ہے۔

...ئے مرثیے کے ابتدائی حصے کو شاعری کی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟

...چہرہ۔

...قطعہ سے کیا مراد ہے؟

...اردو شاعری کی وہ قسم جس میں کم سے کم شعروں کی تعداد دو ہوتی ہے زیادہ کی حد مقرر نہیں۔

...بسمل کسے کہا جاتا ہے؟

...ذبح کیا ہوا وہ جانور جو ابھی ذبح نہ ہوا ہو۔

...استعارہ کسے کہتے ہیں؟

...حقیقی اور مجازی معنی کے درمیان تشبیہ کا تعلق قائم کرنا۔

...غزل کا لغوی مطلب کیا ہے؟

...عورتوں سے یا عورتوں سے متعلق بات چیت کرنا۔

...کسی دوسرے شاعر کے مصرعہ پر مصرعہ یا بند لگانے کو شاعری میں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: تضمین

سوال: ریختہ کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: ملا جلا گرا پڑا اور کھچڑی کی طرح مخلوط کو۔

سوال: واسوخت سے کیا مراد ہے؟

جواب: یہ نظم کی وہ قسم ہے جس میں عاشق اپنے معشوق کی بے وفائی، ظلم و ستم، رقیب کے ساتھ محبت اور جدائی کی تکلیف و مصیبت کی شکایتیں کرتا ہے۔

سوال: سپاسنامہ کس تحریر کو کہا جاتا ہے؟

جواب: اس میں کسی معزز مہمان کی آمد کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے اس کے علاوہ اس میں مختلف النوع باتیں بھی درج ہوتی ہیں جن کی جانب توجہ مبذول کرانے کے لئے معزز مہمان کے سامنے پڑھا جاتا ہے۔

سوال: اشعار کے اس مجموعے کو جس کے آخر میں تمام مصرعوں میں قافیہ ہو اور پہلے مصرعے میں قافیہ نہ ہو اس کے اشعار دو سے کم نہیں ہوتے زیادہ حد مقرر نہیں کیا کہتے ہیں؟

جواب: قطعہ۔

سوال: ادب سے کیا مراد ہے؟

جواب: ادب دراصل کسی قوم کے اجتماعی احساسات، جذبات اور اس کی زندگی اور جدوجہد کی داخلی تاریخ کا نام ہے اسے قوموں کی زندگی میں بڑی اہمیت حاصل ہے۔

اصل نام

(پاکستانی ادبا اور شعرا کے)

قلمی نام	اصل نام
آثم فردوسی	میاں عبدالحمید
احمد راہی	غلام احمد
آثم میرزا	میرزا احمد طفیل بیگ
احمد ندیم قاسمی	احمد شاہ
آذر سرحدی	وزیر محمد خاں
اختر الحامدی	سید محمد مرغوب
آذر نایاب بدایونی	غلام حامد حیدر
اختر امان	امان اللہ ملک
آرزو اکبرآبادی	عبدالرحمٰن
اختر انصاری اکبرآبادی	محمد ایوب انصاری
آرزو لکھنوی	سید انور حسین
اختر راہی	سفیر اختر
آزاد جمال دینی	واحد بخش
اختر شیرانی	محمد داؤد خان
آسی خانپوری	میاں نیاز احمد
اختر کاشمیری	محمد طفیل
آسی خیالی	امان اللہ خان
اختر مونگا	غلام احمد
آصف شاہکار	اعجاز حسین
اختر ہاشمی	محمد جلیل
آغا بابر	سجاد حسین
اختر وارثی	عبدالعزیز
آغاز برنی	شمعون عالم خان
اختر ہوشیارپوری	عبدالسلام
آئرن علوی	ویرونیکا آئرن حیدر علوی

قلمی نام	اصل نام
ادا جعفری	عزیز جہاں
آئی آئی قاضی	امداد امام علی قاضی
ادیب سہیل	سید محمد ظہور الحق
ابن انشاء	شیر محمد خان
ارشد جالندھری	غلام رسول
ابن حنیف	مرزا ظریف بیگ
ارشد میر	ارشد حسین
ابن صفی	اسرار احمد
ارمان سرحدی	امان اللہ خاں
اثر افغانی	عبدالحلیم قاضی
ارمان عثمانی	عبدالرشید
اثر جلیلی	سید عبدالاحد
اسلم راہی	محمد اسلم ملک
اثر صہبائی	عبدالسمیع پال .
اسیر عابد	غلام رسول
اثر لدھیانوی	شیخ محمد فضل حق
افسر صدیقی امروہوی	حاجی منظور احمد صدیقی
اجمل وجیہہ	محمد اجمل خان
افسر ماہ پوری	ظہیر عالم صدیقی
احسن زیدی	مہدی احسن زیدی
افضل منہاس	وزیر احمد
احمد پراچہ	محمد یعقوب
انجم اعظمی	مشتاق احمد
انجم رضوانی	قاضی احمد دین
تاثیر وجدان	عبدالحق
انجم رومانی	فضل دین
تاج قائم خانی	گلاب خاں
انجم فوقی بدایونی	ظہور محمد
تاجور نجیب آبادی	احسان اللہ خاں
انجم وزیرآبادی	محمد جان

قلمی نام	اصل نام
…ر ضوان	حبیب اللہ
…یوسف زئی	مصطفیٰ علی خان
…م کاشمیری	ڈاکٹر محمد صالحین
…ر لدھیانوی	محمد رمضان
…سین فراقی	منظور اختر
…ر سدید	محمد انورالدین
…ر بخاری	فقیر محمد
…س ناگی	یعقوب علی
…و پراچہ	محمد حیات
…ر فتح	شیخ مبارک علی
…ب حزیں	محمد غلام مصطفیٰ
…نا صدیقی	سائیں محمد افضل
…ب زیروی	محمد صدیق
…یا امیں گیلوی	محمد امیر اسلام
…ر جالندھری	محمد شریف
…سندھی	محمد رمضان لاشاری
…ب قریشی	محمد صابر
…گ علی	شفیع اللہ خان
…محوی بدایونی	ظفریاب حسین
…کی آغائی	حاجی عبدالرحمٰن
…جتوئی	غلام رسول خان
…رازی	محمد حفیظ
…جان کاشمیری	محمد نصیر
…ر کوئی	محمود الحسن خان
…سوز	فتح محمد
…لکھنوی	سردار حسن خان
…قیصر	عبدالجبار خاں
…سرحدی	محمد بخت
…بلوچ	غلام جعفر
…ویلہ	مختار علی خان

قلمی نام	اصل نام
جلیل حسمی	جلیل الرحمٰن
پریشان خٹک	محمد غم جاں
جلیل قدوائی	جلیل احمد
پطرس بخاری	سید احمد شاہ
جمال پانی پتی	گلزار احمد
پیام شاہ جہانپوری	محمد عین خاں
جمیل جالبی	محمد جمیل خان
پھل آگردی	سید عبدالحمید
جوش ملیح آبادی	شبیر حسین
تابش انوری	سردار علی سید
جوگی جہلمی	اللہ دتہ
تابش دہلوی	مسعود الحسن
جونسر پراچہ	عبدالستار
تابش صدیقی	جماعت علی
حافظ امرتسری	محمد شریف
حافظ بصیرپوری	محمد منظور حسین
روحی کنجاہی	امرالٰہی
حافظ لدھیانوی	سراج الحق
روشن نگینوی	سلطان احمد
حبیب جالب	حبیب احمد
رئیس امروہوی	سید محمد مہدی
حزیں صدیقی	عفیف الدین
زبیر کنجاہی	محمد صادق
حزیں کاشمیری	معین الدین
زیبا ناروی	صیر حسن
حزیں لدھیانوی	علی حسین
ساقی گجراتی	مختار احمد
حسرت امرتسری	محمد یونس
سجاد حارث	ادریس احمد خاں
حسن عسکری	محمد حسن

قلمی نام	اصل نام
سحر انصاری	انور مقبول
حسین سحر	خادم حسین
سحر صدیقی	محمد فاروق
حسین شاد	محمد حسین
سرور اکبر آبادی	سید نور محمد
حکیم ناصر	شیر محمد
سرور بارہ بنکوی	سید سعید الرحمن
ناظر غزنوی	محمد ابراہیم بیگ
سرور بجنوری	محمد یونس
خالد بزمی	محمد یونس
سلطان مہر	فاطر
خضر تمیمی	مولا بخش
سہیل بخاری	محمود نقوی
خلش لہدانی	احمد الطاف
سیدہ حنا	سیدہ سکینہ اختر
خلیق قریشی	غلام رسول
سیماب اکبر آبادی	عاشق حسین
خیال مہتائی	نبی حسن
شاعر لکھنوی	حسین پاشا
دلشاد کلانچوی	عطا محمد
شبلی ایم کام	عبدالرحمن
ذوقی مظفر نگری	محمود الحسن
شبنم رومانی	عظیم محمد بیگ
راجا رسالو	محمد صادق
شرر نعمانی	فراست علی خان
راز کاشمیری	عبدالمنان
شکیب جلالی	حسن رضوی
راز مراد آبادی	ساجد علی خان
شمیم ملتانی	فدا حسین
راسخ عرفانی	عبدالواحد

قلمی نام	اصل نام
شمیم بھیروی	خواجہ عبداللطیف
ن۔م۔راشد	نذر محمد
شورش کاشمیری	عبدالکریم
راغب مرادآبادی	سید اصغر حسین
شورش ملک	خاں ملک
رفعت ہاشمی	فدا حسین
شوکت تھانوی	محمد عمر
شہاب دہلوی	مسعود حسن
غافل کرنالی	محمد یلسین
شہرت بخاری	محمد انور
فارغ بخاری	احمد شاہ
شہزاد منظر	ابراہیم عارف
فاطمہ حسین	سیدہ انیس اعظم
صابر آفاقی	چوہدری احمد دین
فرمان فتح پوری	سید دلدار علی
صائمہ چشتی	محمد ابراہیم
فلک پیا	عبدالعزیز
صبا اکبر آبادی	محمد امیر
قابل اجمیری	عبدالرحیم
صحرائی گورداسپوری	عبدالرحیم
قتیل شفائی	اورنگ زیب
صدیق سالک	محمد صدیق
قدرت آفاقی	بشیر احمد
صہبا اختر	اختر علی رحمت
قمر اجنالوی	عبدالستار
نائب المولی	محمد زمان
قمر جلالوی	محمد حسین
غالب ہاشمی	محمد یونس
کامل القادری	شاہ محمد
طاہر تونسوی	حفیظ الرحمٰن

قلمی نام	اصل نام
کاش[illegible]	غلام رسول
طرب [illegible] صدیقی	محمد امین
[illegible] سعدی	فقیر اللہ بخش
ظہور نظر	ظہیر احمد
[illegible] جہانی	احتشام الحق
ظہوری قصوری	محمد علی
[illegible] نیازی	محمد حیات
[illegible] کرنالی	شریف احمد
[illegible] مانپوری	محمد دلشاد
عارف [illegible]الوی	گلزار احمد
گوہر ملسیانی	طفیل محمد
[illegible] صدیقی	ارشاد الرحمن
گوہر ہوشیار پوری	محمد اشرف
[illegible] تسلیم	تسلیم اختر
[illegible] ساحل	محمد خالد
عشرت رحمانی	امتیاز علی خاں
[illegible]	عطا محمد چشتی
[illegible] شاد	محمد اسحاق
[illegible] صدیقی	عاشق حسین
[illegible] درانی	عطاء اللہ خاں
[illegible] القادری	منظور حسین
عقیل روبی	غلام حسین سوز
مجنوں گورکھپوری	احمد صدیق
[illegible] چغتائی	محمد طاہر
[illegible] بھوپالی	عبدالرحمن
عندلیب شادانی	وجاہت حسین
محسن نقوی	غلام عباس
معین الحق فریدکوٹی	فضل الٰہی
[illegible] بدایونی	فاروق احمد
[illegible] رسول نگری	نثار احمد
[illegible] نیازی	محمد عبداللہ خاں

قلمی نام	اصل نام
مشفق خواجہ	عبدالحی
نسیم امروہوی	سید قاسم رضا
ملا واحدی	سید محمد ارتقی
نسیم حجازی	محمد شریف
ممتاز منگلوری	اورنگ زیب
نسیم سید	محمد سمیع
منصور تابش	منظور احمد
نشتر جالندھری	محمد عبدالحکیم
منو بھائی	منیر احمد
نظیر لدھیانوی	اصغر حسین
میرزا ادیب	دلاور علی
نعیم صدیقی	فضل الرحمن
میکش	مرتضیٰ احمد
نگار زریں شاہد	پروین ملک
نادر جاجوی	امانت علی
نیر واسطی	علی احمد
نادم عصری	اللہ داد
وزیری پانی پتی	محمد سبط نبی
نازش حیدری	محمد خورشید حسن
وقار راشدی	عبدالستار
نازش کشمیری	محمود صادق
وفا صدیقی	وصی احمد
نثار بزمی	قلندر بخش
وقار انبالوی	ناظم علی
نجمی نگینوی	صاحب عالم
بلال جعفری	سید اشرف علی
نجیب احمد	محمد طفیل
ہوش ترمذی	سید سبط حسن
ندیم ماری	فقیر محمد
یزدانی جالندھری	عبدالرشید

ہندوستانی شعراء اور اُدبا کے اصل نام

قلمی نام	اصل نام
آتش	خواجہ حیدر علی
ذوق	محمد ابراہیم
آزاد	محمد حسین
راسخ	شیخ غلام علی
آزاد انصاری	الطاف احمد
داغ	نواب مرزا خاں
آغا شاعر دہلوی	آغا مظفر بیگ قزلباش
دبیر	مرزا سلامت علی
ابوالکلام آزاد	محی الدین احمد
سرشار	پنڈت رتن ناتھ
احسن مارہروی	سید شاہ علی احسن
ساحر لدھیانوی	عبدالحئی
اصغر گونڈوی	اصغر حسین
سودا	مرزا محمد رفیع
افسوس	میر شیر علی
شرر نعمان	فراست علی
امانت لکھنوی	سید آغا حسن
شیفتہ	نواب محمد مصطفیٰ خاں
اکبر الٰہ آبادی	سید اکبر حسین
فراق گورکھپوری	رگھوپتی سہائے
امیر مینائی	امیر احمد
فانی بدایونی	شوکت علی
انیس	میر ببر علی
مصحفی	غلام ہمدانی
بے خود دہلوی	سید وحید الدین
میراجی	ثناء اللہ ڈار
بیدل	مرزا عبدالقادر

قلمی نام	اصل نام
مجاز لکھنوی	اسرار الحق
پریم چند	دھنپت رائے
ناسخ	شیخ امام بخش
جذبی	معین احسن
نظیر اکبر آبادی	شیخ محمد ولی
تاباں	غلام ربانی
نظم طباطبائی	سید حیدر علی
جوش ملیسانی	پنڈت لبھو رام
مرزا غالب	اسد اللہ خان
جرأت	یحییٰ امان
نسیم	پنڈت دیا شنکر کول
جگر مراد آبادی	علی سکندر
یاس یگانہ چنگیزی	مرزا واجد حسین
حالی	مولانا الطاف حسین
ولی دکنی	شمس الدین محمد ولی
چکبست	پنڈت برج نرائن
ولی ویلوری	میر فیض علی
حسرت موہانی	فضل الحسن
وامق جونپوری	احمد مجتبیٰ
درد	خواجہ میر
محروم	تلوک چند
امام غزالی	ابو حامد محمد بن غزالی
امیر خسرو	ابوالحسن یمین الدین
شیخ سعدی	شرف الدین/مصلح الدین
عمر خیام	غیاث الدین ابوالفتح
بلھے شاہ	سید عبداللہ
اشرف صبوحی	ولی اشرف
بچل سرمست	عبدالوہاب
گرامی	غلام قادر
خواجہ غلام فرید	خورشید عالم

اہم کردار

نام کردار	خالق	کتاب کا نام
آدم	جے ملٹن	پیراڈائز لاسٹ
آئی وان ہو	والٹر سکاٹ	آئی وان ہو
ایلس	لیوس کیرول	ایلس ان ونڈر لینڈ
اولیور ٹوسٹ	چارلز ڈکنز	اولیور ٹوسٹ
ایریل (Ariel)		شیکسپیئر ٹیمپسٹ
اینا کیری نینا	لیو ٹالسٹائی	اینا کیری نینا
ایسٹ میرانز	ایس ٹی کولرج	ایسٹ میرانز
بروٹس	شیکسپیئر	جولیس سیزر
[illegible]	شیکسپیئر	جولیس سیزر
[illegible]	تھیکرے	ہنری ایسمنڈ
پیری میسن	ارل اسٹینلے گارڈنر	ہنری ایسمنڈ
پپ	ڈکنز	گریٹ ایکسپیکٹیشن
ٹارزن	ایڈگر راس بروز کی	گریٹ ایکسپیکٹیشن
جیکس	شیکسپیئر	ایز یو لائک اٹ
جیمز بانڈ	ائن فلیمنگ	ایز یو لائک اٹ
جیوز	پی وڈ ہاؤس	ایز یو لائک اٹ
ڈاکٹر فاسٹس	میرلو	ڈاکٹر فاسٹس
ڈاکٹر واٹسن	کونن ڈائل	ایڈونچر آف شرلک ہومز
ڈان جوان	بائرن	ڈان جوان
ڈان کوئکسٹ	سروانٹس	ڈان کوئکسٹ
ڈیسڈی مونا	شیکسپیئر	اوتھیلو
ڈیوڈ کوپر فیلڈ	ڈکنز	ڈیوڈ کوپر فیلڈ
شکنتلا	کالیداس	شکنتلا
ڈریکولا	برام اسٹوکر	
ڈاکٹر ژواگو	بورس پیسٹرناک	ڈاکٹر ژواگو
رپ وان ونکل	واشنگٹن ارونگ	
سام ویلر	ڈکنز	پک وک پیپرز
سانچو پانزا	سروانٹس	ڈان کوئکسٹ
شرلک ہومز	کونن ڈائل	ایڈونچرز آف شرلک ہومز

نام کردار	خالق	کتاب کا نام
شائی لاک	شیکسپیئر	مرچنٹ آف وینس
کم	کپلنگ	کم
کرسچین	بنین	پلگرمز پراگریس
کلیر اینجل	تھامس ہارڈی	ٹیس
قلوپطرہ	شیکسپیئر/شا	انتونی قلوپطرہ/سیزر اور قلوپطرہ
گورا	رابندر ناتھ ٹیگور	کنگ لیئر
گلیور	جوناتھن سوئفٹ	گورا
میرنڈا	شیکسپیئر	ٹیمپسٹ
میفسٹوفلیز	میرلو	ڈاکٹر فاسٹس
میکبتھ	شیکسپیئر	میکبتھ
میلا پراپ	شیریڈن	دی رائیول
میکابر	ڈکنز	ڈیوڈ کاپر فیلڈ
ہائیڈ	سٹیونسن	ڈاکٹر جیکل اور مسٹر ہائیڈ
ہرکولیس پوئرٹ	اگاتھا کرسٹی	—
ہیکٹر	ہومر	ایلیڈ
ہاکنز	سٹیونسن	ٹریژر آئی لینڈ
ہیملٹ	شیکسپیئر	ہیملٹ
اصغری اور اکبری	ڈپٹی نذیر احمد	مراۃ العروس/بنات النعش
حاتم طائی	حیدر بخش حیدری	آرائش محفل
ظاہر دار بیگ	ڈپٹی نذیر احمد	توبۃ النصوح
آزاد اور خوجی	رتن ناتھ سرشار	فسانۂ آزاد
سگ پرست	میر امن	باغ و بہار
قمرن چوڑی والی	پنڈت رتن ناتھ سرشار	
کریمن بوا	خدیجہ مستور	آنگن
حاجی بغلول	منشی سجاد حسین	----
قاضی جی	شوکت تھانوی	----
رمضانی	مجید لاہوری	----
سلمیٰ	اختر شیرانی	----
جمن بی	ڈپٹی نذیر احمد	مراۃ ال[illegible]
شیخ علی وجودی	عبدالحلیم شرر	فردوس[illegible]

اسی طرح اُردو ادب میں چاچا عبدالباقی، تلمیذ جیسے مزاحیہ کردار شامل ہیں۔

ادبی اصطلاحات وتراکیب

1- آفاقیت

آفاق کے لغوی معنی اس کنارے سے اُس کنارے تک، عالم، دنیا اور جہاں کے ہیں۔ ہر وہ چیز جو پوری دنیا سے تعلق رکھنے والی اور عالمگیر ہو وہ آفاقی کہلاتی ہے۔ آفاقیت کے ضمن میں یہ بات بنیادی ہے کہ اس کا تعلق اساسی طور پر موضوعات ومضامین اور مواد کے ساتھ ہے۔

بقول غالب:

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

ہوس کو ہے نشاط کار کیا کیا
نہ ہو مرنا تو جینے کا مزا کیا!

غم ہستی کا اسدؔ کس سے ہو جز مرگ علاج
شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہونے تک

بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

2- آمد اور آورد

آمد، آمدن سے حاصل مصدر ہے جس کا مطلب ہے آنا بلا کوشش ذہن میں مضامین کے آنے اور خیالات کے پے در پے پیدا ہونے اور کلام کے خودرو، بے ساختہ، تکلف سے عاری اور بناوٹ سے خالی ہونے کے لیے یہ ادبی اصطلاح مستعمل ہے۔ اس کے برعکس آورد، آوردن سے حاصل مصدر ہے جس کا مطلب ہے لانا فطری تقاضے کے بغیر، کاوش سے کسی بات کے طبیعت میں لانے کا تکلف سے شعر کہنے اور کلام میں کھڑت اور بناوٹ ہونے کے لیے یہ ادبی اصطلاح مستعمل ہے۔ بیسویں صدی کے نامور اردو شاعر مجید امجد کی پرتاثیر شاعری کے بارے میں ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا لکھتے ہیں۔

"ان کے کلام میں زبردست آورد پائی جاتی ہے اس کے باوجود جذباتی گہرائی جتنی ان کے ہاں ملتی ہے وہ عصر حاضر میں کسی اور کے ہاں نایاب ہے۔"

3- ابتذال

ابتذال کے لغوی معنی بے ہودہ خرچ کرنا، کھو دینا، بے اعتباری، بے قدری، پامالی، اخلاقی پستی، عمومیت، عامیانہ پن، ہلکا پن اور کمینہ پن کے ہیں۔ اسی سے مبتذل ہے جس کے معنی ذلیل، حقیر، رذیل، سفلہ، کمینہ، بے قدر اور حقیقت کے ہیں اصطلاحاً شاعری میں رکیک، بازاری، عامیانہ، فرسودہ اور پامال الفاظ ومضامین کا استعمال واظہار ابتذال کہلاتا ہے۔ گویا ابتذال الفاظ کی سطح پر بھی ہوتا ہے اور مضامین کی سطح پر بھی۔ مگر عام طور پر اسے الفاظ کی حد تک محدود سمجھا گیا ہے۔ یوں تو ابتذال کی مثالیں دوسرے شاعروں کے ہاں بھی مل جاتی ہیں لیکن شبلی نعمانی کے بقول ابتذال کے صاف اور بین مثال نظیر اکبرآبادی کا کلام ہے۔

4- ابہام

کھلے گا نہ مضمون وصف دہن کا
جو نکلے گی بات اس میں ابہام ہو گا

گویا ایسی گول مول اور پوشیدہ بات جس کا مطلب صاف نہ ہو ابہام کا شکار یا مبہم کہلائے گی۔ یوں ابہام تحریر و تقریر اور نظم و نثر کا عیب ...ہے۔ اس رجحان کے علمبرداروں میں ن۔م۔راشد کا نام خاص طور سے اہمیت رکھتا ہے۔

اگر اپنا کہا تم آپ ہی سمجھے تو کیا سمجھے
مزا کہنے کا جب ہے اک کہے اور دوسرا سمجھے

5- بلاغت

بلاغت کے لفظی معنی شیریں کلامی، بلند پروازی، خوش بیانی اور عالی دماغی کے ہیں۔ "بلاغت ہر وہ ذریعہ ہے۔ جس سے آپ اپنے معنی ...یل اور خوبصورت انداز میں (یعنی فصاحت کے ساتھ) سامع تک پہنچائیں اور سامع کے دل میں ایسا نقش بٹھائیں جیسا کہ آپ کے اپنے دل ...ی ہے۔"

ایسا اسی صورت میں ممکن ہے کہ کلام حُسن کا حامل ہو۔ حسن کلام کا زیور استعارات وتشبیہات ہیں۔ یہ بڑے سے بڑے مطالب ومعانی کو ...ارے کے ساتھ پیش کرنے کا حسین اور موثر ذریعہ ہیں لیکن ان میں تکلف اور اجنبیت نہیں ہونی چاہیے۔ اس طرح سے صنائع بدائع خصوصاً معنوی ...ئع کا استعمال بھی بلاغت کا اچھا اظہار ہے۔ اگرچہ بلاغت کا اصل تعلق مضامین ومعانی سے اور فصاحت کا الفاظ سے ہے لیکن جس طرح لفظ و معنی ...ہ الگ نہیں کیا جاسکتا اسی طرح فصاحت بلاغت کا لازمی جزو اور بلاغت فصاحت کی اگلی منزل ہے۔ فصاحت کے بغیر کلام بلیغ ہو ہی نہیں سکتا۔ ...غت کی پہلی شرط یہ ہے کہ کلام فصیح ہو کیونکہ کلام اس وقت تک بلیغ نہیں ہو سکتا جب تک اس کے تمام الفاظ، مفردات ومرکبات فصیح نہ ہوں۔

6- ترفّع یا ارفعیت

یہ پہلی صدی عیسوی کے نامور نقاد لانجائنس (LONGINUS) کی وضع کردہ اصطلاح ہے۔ انگریزی میں اس کے لیے SUBLIMITY یا ELEVATION) اور اردو میں ترفع یا ارفعیت کے الفاظ رائج ہیں۔ ڈاکٹر سجاد باقر رضوی کے بقول: "اس سے وہ عنصر مراد ...ے جس کے باعث اسلوب عام سطح سے بلند ہو کر خاص امتیاز کا حامل ہو جاتا ہے۔"

عظیم ادب کی یہ صفت قاری یا سامع کو ایک بلند تر، انبساط آگیں اور وجد انگیز جذباتی اور تخیلی سطح تک لے جاتی ہے اور وہ از خود رفتہ ہو ...کر فضوں کو چھونے لگتا ہے۔ مختصر یہ کہ جب کسی ادب پارے میں مندرجہ بالا عناصر ایک وحدت میں ڈھل کر شامل ہو جاتے ہیں تو وہ ترفع یا ارفعیت ...کی صفت سے مملو ہو جاتا ہے۔ عالمی ادبیات کے عظیم شاعروں اور ادیبوں کی تحریریں اس عظیم خصوصیت کی حامل ہیں۔ اردو میں بھی ایسے عظیم ...شاعروں اور ادیبوں کی کمی نہیں ہے۔ میر، غالب، اقبال اور بعض دوسرے شاعروں اور ادیبوں کے ہاں قاری کو عالم وجد میں پہنچانے والی لا زوال ...مثالیں موجود ہیں۔

12- تنوّع

تنوع کا لفظ نوع سے نکلا ہے جس کے معنی قسم، جنس، ذات، وضع اور ڈھنگ کے ہیں۔ تنوع کے معنی رنگارنگی، گوناگونی اور بوقلمونی کے ہیں۔ ادبی اصطلاح کے طور پر تنوع کا مفہوم یہ ہے کہ ادب پارے میں یا کلام نظم و نثر میں کسی ایک مضمون اور موضوع کو تکرار سے پیش کرنے کے بجائے نئے نئے اور مختلف النوع مضامین اور موضوعات پیش کیے جائیں۔ موضوعات کے ساتھ ساتھ تنوع اسالیب میں بھی ہوتا ہے۔

اگر ہم کائنات کے مادی اور غیر مادی حقائق کا جائزہ لیں تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ ان میں بہت رنگارنگی اور تنوع ہے۔ انسان کا رشتہ کائنات کے خالق کے ساتھ بھی ہے اپنے جیسے دوسرے انسانوں کے ساتھ بھی اور کائنات کے مظاہر کے ساتھ بھی۔ انسان اور خالق کا رشتہ غیر مرئی اور مابعد الطبیعاتی حقائق کا پتا دیتا ہے۔ ازل، ابد، حشر، حیات بعد الموت، سزا، جزا، فرشتوں وغیرہ جیسی غیر مادی حقیقتوں کا علم ہوتا ہے۔ انسان جب دوسرے انسانوں کے ساتھ تعلق قائم کرتا ہے تو اس کی مختلف شکلیں ماں، باپ، بیٹا، بیٹی، بھائی، بہن، بیوی، محبوب، دوست، دشمن وغیرہ سامنے آتی ہیں۔ انسانی جذبات و احساسات کے مختلف رنگ غم، خوشی، حسرت، غصہ، پیار، نفرت، رحم، ظلم وغیرہ منظر پر آتے ہیں۔

تنوع موضوعات کے ساتھ ساتھ اسالیب میں بھی ہوتا ہے موضوع کے بدلنے کے ساتھ اسلوب بھی بدل جاتا ہے۔ کہیں فارسی آمیز یا عربی آمیز زبان استعمال ہوتی ہے۔ کہیں ہندی آمیز۔ اور کہیں سادہ اردو استعمال ہوتی ہے۔ کہیں شاعرانہ اور فنی وسائل کا استعمال زیادہ ہوتا ہے اور کہیں کم۔ اسی طرح سے تنوع تکنیک اور ہیئت میں بھی ہوتا ہے۔

اردو میں بہت سے ادیب اور شاعر تنوع کی خصوصیت کے حامل ہیں مثلاً غالب کے ہاں حیات و کائنات کے مسائل بھی ہیں، حسن و عشق کے موضوعات بھی ہیں تصوف بھی ہے۔ مادی مسئلے بھی ہیں اور تہذیبی معاملے بھی اسی طرح سے کہیں انہوں نے ظرافت کا پیرایہ اختیار کیا ہے، کہیں سنجیدگی کا، کہیں قول محال کا غالب کی بعض غزلیں دقیق پیرایہ بیان کا نمونہ ہیں اور بعض سہل ممتنع کا درجہ رکھتی ہیں۔ جدید شعرا میں مجید امجد کے ہاں بطور خاص موضوعات، تکنیک اور ہیئتوں مثلاً، بند نظم، معرا نظم، آزاد نظم، مخلوط نظم وغیرہ کا تنوع ملتا ہے۔ نثر نگاروں میں اسلوب اور تکنیک کے لحاظ سے سعادت حسن منٹو کے ہاں بے حد تنوع پایا جاتا ہے۔

13- ثنویت

ثنویت اثنی سے ہے جس کا مطلب ہے "دو"۔ اور ثنویت کے لغوی معنی دوئی، دو ہونا یا دوہرا پن کے ہیں۔ بنیادی طور پر یہ فلسفے کی اصطلاح ہے اور (DUALISM) کے متبادل کے طور پر مستعمل ہے۔

ثنویت کے مختلف روپ ادب کی تخلیق میں بھی بنیاد کا کام دیتے ہیں۔ حق و باطل کے تصادم ہو یا خیر و شر کی آویزش، فرد اور سماج کی جنگ ہو یا فرد کے ظاہر اور باطن کی لڑائی، نظم و نثر میں اس کا اظہار ہوتا رہتا ہے۔ ڈاکٹر وزیر آغا نے اردو شاعری (غزل، نظم، گیت) کے مزاج کو ثنویت کے مختلف پہلوؤں کے حوالے سے سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ غلام عباس کے افسانوی کردار ثنویت کی اعلیٰ مثال ہیں۔ ان کے بعض افسانوں میں ثنویت دو دو کرداروں میں مجسم ہوگئی ہے۔

14- حقیقت نگاری

حقیقت کے لغوی معنی اصلیت، اصل، حال، کیفیت، صداقت اور سچائی کے ہیں۔ جب کہ نگاری کا لفظ نگارش سے ہے جس کے معنی تحریر کے ہیں۔ گویا حقیقت حال کو صاف صاف اور سچے اور کھرے انداز میں قلمبند کرنے کا عمل حقیقت نگاری ہے۔ انگریزی میں اسے (REALISM) کہتے ہیں۔ میکسم گورکی نے اس کے بارے میں لکھا ہے۔

"بغیر کسی رنگ و روغن کے آدمیوں اور ان کی زندگی کا سچا بیان حقیقت نگاری کہلاتا ہے۔"

[illegible] حقیقت نگاری کے سلسلے میں کرشن چندر، احمد ندیم قاسمی، راجندر سنگھ بیدی وغیرہ کا افسانوی ادب بطور خاص دیکھا جا سکتا ہے۔ [illegible] میں فیض احمد فیض، احمد ندیم قاسمی، سجاد ظہیر، علی سردار جعفری وغیرہ کا کلام حقیقت نگاری کے نمونوں کا حامل ہے۔ حقیقت نگاری کا ایک [illegible] اور جنسی بھی ہے۔ ایسی حقیقت نگاری فرائڈ کی نفسیات سے متاثر ہے۔ بعض ادیب اور شاعر مثلاً منٹو، عصمت چغتائی، ممتاز مفتی، امرتا [illegible] فہمیدہ ریاض وغیرہ جنسی جذبوں کا برملا اظہار کرتے ہیں بلکہ کہیں کہیں ان کی حقیقت نگاری عریاں نگاری بن جاتی ہے۔ ظاہر ہے کہ اخلاقی [illegible] ایسی حقیقت نگاری پسندیدہ نہیں ہو سکتی کیونکہ اس میں لذتیت کا منفی پہلو پایا جاتا ہے اور ایسی تحریریں جنسی جذبات کے لیے مہمیز کا کام [illegible] اسی لیے حقیقت نگاری کے اس پہلو پر اعتراض کیا جاتا ہے۔

15- خارجیت

خارجیت خارج کا اسم صفت ہے جو داخل کی ضد ہے۔ خارج کے لغوی معنی ظاہر، باہر اور باہر نکلی ہوئی شے کے ہیں۔ خارجیت کے معنی [illegible] ظاہریت، ظاہر پرستی اور مادی و ظاہری امور پر زور دینے کے بنتے ہیں۔ ادبی اصطلاح کے طور پر خارجیت کا مفہوم یہ ہے کہ کلام میں [illegible] واردات اور جذبات و احساسات اور کیفیات کے اظہار کے بجائے ظاہری حسن کے بیان، سراپا نگاری اور محبوب کے خد و خال کی تصویر [illegible] جائے۔ خارجیت کی اصطلاح خاص طور سے شاعری کے ساتھ وابستہ ہے۔ ایسی شاعری جو خارجیت کی حامل ہوتی ہے اس میں حسن و [illegible] حسرت کی ان کیفیات کو بیان نہیں کیا گیا ہوتا جو سوز و گداز پیدا کرتی ہیں۔ بلکہ اس میں حسن و عشق کے بدنی اور جنسی پہلو اور سرمستی اور [illegible] کا اظہار کیا گیا ہوتا ہے۔ ایسی شاعری میں شاعر خارجی کوائف، جو عموماً محبوب کے اعضائے جسمانی اور اس کے لباس اور سامان [illegible] سے متعلق ہوتے ہیں، کی مصوری کرتے ہوئے جزئیات و تفصیلات کا خیال رکھتا ہے۔ حالانکہ غزل کا حقیقی حسن داخلیت میں مضمر ہے۔ ان [illegible] خارجی رنگ بہت نمایاں ہو گیا ہے اور انہوں نے جذبات، احساسات اور کیفیات کی جگہ خارجی متعلقات اور لوازم یعنی محبوب کے جسم [illegible] اس کے کپڑوں، زیورات اور سامان آرائش کا ذکر کثرت کے ساتھ کیا ہے۔ ناسخ کا یہ شعر دیکھیے۔

بالے کے موتی ہیں تارے، روئے تاباں آفتاب
تیرے آنے سے ابھی بام آسماں ہو جائے گا

16- داخلیت

داخلیت داخل کا اسم صفت ہے جس کے معنی اندر، باطن اور اندر پہنچا ہوا کے ہیں ادبی اصطلاح کے طور پر داخلیت کا مفہوم یہ ہے کہ کلام میں [illegible] واردات و کیفیات، نازک احساسات اور لطیف جذبات کو پیش کیا جائے۔ جس کلام میں کوئی ذاتی تجربہ، ذاتی کتھا اور اپنے دل کی کہانی [illegible] ہو اسے داخلیت سے متصف قرار دیا جائے گا۔ گویا داخلیت کا تعلق بنیادی طور پر گرد و پیش کی نظر آنے والی خارجی دنیا اور اس کے مظاہر [illegible] فرد کی داخلی دنیا سے ہے۔ اگرچہ داخلی دنیا کی واردات کو خارجی دنیا کے واقعات سے الگ نہیں کیا جا سکتا لیکن جس کلام میں غالب [illegible] دنیا کی واردات کی طرف ہو اسے اصطلاحاً داخلیت کا حامل کہا جاتا ہے۔ داخلیت کی اصطلاح عام طور پر شاعری کے ساتھ مخصوص سمجھی [illegible] ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا لکھتے ہیں۔

"داخلیت سے مراد یہ ہے کہ شاعر باہر کی دنیا سے غرض نہیں رکھتا بلکہ اپنے دل کی دنیا میں جھانک کر اس کی واردات کا اظہار کرتا ہے۔ اگر باہر کی دنیا کے بارے میں کچھ کہتا ہے تو اسے بھی شدید داخلیت میں ڈبو کر پیش کرتا ہے۔"

اس سلسلے میں خاص طور سے دبستان دلی کی غزل دیکھی جاسکتی ہے۔جس میں داخلی شاعری اپنی تمام رعنائی اور سحر آفرینی کے ساتھ موجود ہے۔اس میں عشق ومحبت اور غم وحسرت کے مضامین کو کثرت ملتی ہے۔جو داخلی دنیا سے متعلق ہیں میر کہتے ہیں۔

مجھ کو شاعر نہ کہو میر کہ صاحب میں نے
درد و غم کتنے کیے جمع تو دیوان کیا

داخلی شاعری اگرچہ بڑی حد تک ذاتی شاعری ہوتی ہے مگر چونکہ اس میں عام انسان کے جذبات نظم کیے جاتے ہیں اس لیے وہ آفاقی شاعری بھی ہوجاتی ہے۔بقول خواجہ میر درد۔

میں اپنا درد دل چاہا کہوں جس تس عالم میں
بیان کرنے لگا قصہ وہ اپنی ہی خرابی کا

17- رجائیت

اردو میں رجائیت کی اصطلاح ،انگریزی کی اصطلاح (OPTIMISM) کے ترجمے کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ رجائیت قنوطیت کی ضد ہے۔ رجائیت کا لفظ رجا سے بنا ہے جس کے لغوی معنی امید کے ہیں۔ادبی اصطلاح کے طور پر رجائیت کا مفہوم یہ ہے کہ نظم ونثر میں مایوسی کا رویہ اختیار کرنے کے بجائے امید کا مثبت رویہ اختیار کرنا۔زندگی کا روشن پہلو دکھانا، اچھے خیالات پیش کرنا اور آرزو اور امید کا دامن تھامے رکھنا۔ رجائیت کی اصطلاح بنیادی طور پر فلسفے کی اصطلاح ہے۔ جرمن فلسفی لائبنز کا نقطہ نظر یہ ہے کہ اچھی سے اچھی دنیا جو پیدا کی جا سکتی تھی وہ ہماری دنیا ہے۔ یہ نظریہ دنیا کے بارے مایوس ہونے سے محفوظ رکھتا ہے اور اس خیال کو فروغ دینے کا باعث بنتا ہے کہ اگر دنیا کی موجودہ حالت خراب بھی ہے اور شر خیر پر حاوی بھی ہے تو کوئی بات نہیں۔ایک نہ ایک دن خیر کو شر پر غلبہ حاصل ہوکر رہے گا اور خرابیاں دور ہو جائیں گی۔

جہاں تک شعر وادب کا تعلق ہے اشیا و واقعات کا روشن پہلو دیکھنا اور مستقبل کے بارے میں پرامید نقطہ نظر رکھنا رجائیت کہلاتا ہے۔ ایسے شخص کو جس کے افکار میں رجائیت ہو رجائی کہا جاتا ہے۔علامہ اقبال خود بھی رجائی تھے اور انہوں نے رجائیت کو اچھے قومی ادب کے لیے ضروری قرار دیا ہے۔

شب گریزاں ہو گی آخر جلوہ خورشید سے
یہ چمن معمور ہو گا نغمہ توحید سے

18- رمزیت وایمائیت

رمزیت کا لفظ رمز سے نکلا ہے اور اور ایمائیت کا ایما سے دونوں لفظ قریب قریب ہم معنی ہیں۔دونوں لفظوں کا لغوی مفہوم اشارہ کنایہ، بھید ارہات، سر، بھید، راز، نکتہ، باریکی، پوشیدہ بات اور پہلودار بات ہے۔یہ تمام معانی رمزیت وایمائیت کے اصطلاحی مفہوم کو واضح کرتے ہیں۔ ادبی اصطلاح کے طور پر رمزیت وایمائیت سے مراد یہ ہے کہ کلام میں کسی بات کا واضح اور صریح لفظوں میں براہ راست اظہار کرنے کے بجائے مبہم اور غیر واضح انداز میں کیا جائے رمزیہ وایمائیہ عبارت یا اشعار میں الفاظ کی حیثیت اشارات کی سی ہوتی ہے جو معانی کی کسی بلند تر یا لطیف تر سطح کی طرف اشارہ کرتے ہیں اس لیے رمزیت وایمائیت کے وصف کو اشاریت بھی کہتے ہیں۔ رمزیت وایمائیت الفاظ کے ایسے استعمال سے پیدا ہوتی ہے جو ان کے مفہوم میں سطحی اور ظاہری معانی کے علاوہ معانی کے ایک نئے سلسلے کا باعث بن سکے۔

رمزیت وایمائیت کی ضرورت خاص طور سے شاعری میں پڑتی ہے کیونکہ شاعری میں نثر کی طرح تفصیل اور وضاحتی انداز اختیار کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ شاعری کا اصل حسن ایجاز یعنی کم سے کم لفظوں میں زیادہ سے زیادہ بات کہہ دینے میں مضمر ہے۔ اشعار میں ایک ایک لفظ کے اندر معنی پوشیدہ ہوتا ہے۔ اس بات کو مرزا غالب نے یوں کہا ہے۔

گنجینۂ معنی کا طلسم اس کو سمجھیے
جو لفظ کہ غالب مرے اشعار میں آوے

شعر کی پرتیں کھلنے پر جب معانی تک رسائی ہوتی ہے تو قاری شعر کا صحیح لطف اور مسرت محسوس کرتا ہے۔

19- رومانیت

اردو میں رومانیت کی اصطلاح ،انگریزی کی اصطلاح (ROMANTICISM) کے ترجمے کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔انگریزی کی (ROMANTICISM) رومان (ROMAN) اور رومانس (ROMANCE) سے بنی ہے۔ پس منظر کچھ یوں ہے کہ تیسری صدی عیسوی میں رومیوں کی فتح اور یونانیوں کی شکست کے نتیجے میں "یونانی" زبان بھی اپنی ساکھ کھو بیٹھی اور "لاطینی" زبان نے اس کی جگہ لے لی۔لیکن روم میں رائج یہ کلاسیکی زبان یعنی "لاطینی" بھی سات آٹھ صدیوں تک قواعد وضوابط کی جکڑ بندیوں اور زمانے کی مار کھانے کے باعث اپنی اہمیت کھونے لگی اور قریباً ایک ہزار عیسوی تک جنوبی یورپ میں مقامی زبانیں یعنی فرانسیسی، ہسپانوی اور اطالوی وغیرہ ابھر کر ترقی کرنے لگیں۔ان زبانوں کو رومیوں کے حوالے سے (ROMANCE LANGUAGES) کہا گیا۔ابتدا میں بعض لوگوں نے ان زبانوں میں قصے نظم کیے اور ان کا بھاٹ گاؤں گاؤں قریہ قریہ پہنچ کر لوگوں کو اپنے منظوم قصے سناتے۔ یہ قصے عام طور پر عشق ومحبت کی واردات اور جنگجویانہ واقعات پر مبنی ہوتے تھے۔ان کہانیوں میں تخیل اور جذبات کی کارفرمائی بہت زیادہ ہوتی تھی اور اسلوب بیان میں آرائش وآراستگی، جوش وولولہ اور شان وشکوہ کی خصوصیات پائی جاتی تھیں۔ چنانچہ (ROMANCE LANGUAGES) کے ادب کی شناخت انہی حوالوں سے کی جانے لگی اور اس کے مخصوص معنی متعین ہوگئے۔ یورپ میں رومانیت (ROMANTICISM) کا لفظ ادبی اصطلاح کے طور پر اٹھارویں صدی عیسوی میں استعمال ہونا شروع ہوا۔اس کا اطلاق جس قسم کے ادب پر ہوا اس میں بنیادی طور پر تو انہی خصوصیات کو ملحوظ رکھا گیا جو رومانس لینگویجز کے ادب میں پائی جاتی تھیں لیکن رومانیت کے مفہوم میں وسعت آنے لگی اور یہ اصطلاح کلاسیکیت اور حقیقت پسندی کی اصطلاحوں کی متضاد اور مخالف اصطلاح بن گئی۔ رومانیت کی خصوصیات ان دونوں ادبی رجحانوں کے برعکس اور الٹ ہیں۔کلاسیکیت اور حقیقت پسندی کے برخلاف رومانیت حقائق واقعی، عقلی و منطقی طریقہ، راسخ قدما، رسم وروایت، کائناتی ضابطوں، سماجی واخلاقی بندھنوں، اجتماعی معاملات ومسائل اور معاشرتی قدروں کے خلاف بغاوت اور باغیانہ اظہار کا نام ہے۔رومانیت پابندی کی بجائے آزادی کی قائل ہے۔

اردو ادب میں رومانیت کا رجحان بیسویں صدی عیسوی کے ساتھ ہی شروع ہوا نثر میں سجاد حیدر یلدرم، مہدی افادی، سجاد ظہیر، نیاز فتح پوری، مجنوں گورکھپوری، عبدالغفار، مرزا ادیب اور شاعری میں عظمت اللہ، اختر شیرانی اور حفیظ جالندھری وغیرہ نے رومانیت کے اچھے نمونے پیش کیے۔ سجاد حیدر یلدرم کے افسانے اور اختر شیرانی کی غزلیں اور نظمیں بطور خاص رومانیت کے اکثر پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہیں۔ رومانی تحریک کم و بیش قریباً بیس پچیس سال تک زوروں پر رہی پھر رفتہ رفتہ ماند پڑ گئی لیکن اس تحریک کے اردو ادب پر اثرات نمایاں ہیں۔

20- علامتیت

اردو میں علامتیت کی اصطلاح ،انگریزی کی اصطلاح (SYMBOLISM) کے متبادل کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ علامتیت کا لفظ علامت سے نکلا ہے جس کے لغوی معنی نشان، سراغ، اشارہ، مہر اور مالک کی طرف سے شناخت کا نشان کے ہیں۔ ادبی اصطلاح کے طور پر

تراکیب ومعانی

تراکیب	معنی
خلقِ خدا:	اللہ کی مخلوق جس میں انسان، جانور، پرندے سب شامل ہیں۔
زیرِ زمیں:	زمین کے نیچے یعنی زمین کی تہ میں پوشیدہ۔ دورِ حاضر میں سیاسی کارکنوں کو گرفتاری کا خوف ہو تو وہ چھپ جاتے ہیں اسے بھی ''زیرِ زمین چلے جانا'' کہتے ہیں۔
بکف	لفظی معنی ہیں: ہتھیلی پر سونا لیے ہوئے۔
رخشِ عمر:	عمر کا گھوڑا، مراد ہے: عمر، زندگی، اس کے ایام۔
طبل وعلم:	طبل کے معنی ہیں: ڈھول، نقارہ۔ علم کے معنی: جھنڈا۔ پرانے زمانے میں طبل بالعموم، میدان جنگ میں، لڑائی شروع ہونے پر بجایا جاتا تھا۔ جھنڈا، بادشاہوں کے اقتدار کی علامت ہوتا تھا اور لڑائی کے دوران اسے بلند رکھا جاتا۔ جھنڈے کا گرنا، شکست کی علامت سمجھا جاتا۔ ''طبل وعلم'' کا مفہوم ہے، اقتدار، شان و شوکت۔
ملک ومال:	بادشاہت اور دولت۔
شاقِ راحتِ منزل:	منزل پر پہنچ کر جو راحت اور سکون نصیب ہوتا ہے اس کے حصول کا شوق۔
ظہورِ آدمِ خاکی:	خاکی انسان کا ظہور۔ فانی انسان کی دنیا میں آمد۔
پیش نگاہِ واپسیں:	موت سے پہلے، آخری نگاہ یا وقت موت کی نگاہ سے پہلے۔
طبیعتِ اہلِ وطن:	اہلِ وطن کا مزاج، اہلِ وطن کے احوال۔
عشاق وبوالہوس:	عاشق صادق اور جھوٹے بناوٹی عاشق۔
صورتِ بیمار وتندرست:	بیمار اور صحت مند انسان کی صورت وحالت۔
دماغ ہوائے چمن:	چمن کی فضا، چمن کا ماحول۔
رعنائی خیال:	خیالات کی رنگینی، خوبصورتی، دل کشی۔
فکرِ دنیا:	دنیا کا فکر، دنیا کی پریشانی، دنیا کے غم۔
سنگ وخشت:	پتھر اور اینٹ۔
خدا پرست:	خدا کی عبادت کرنے والا، دین دار، نیک۔
دین ودل:	دین اور دل۔
بازیچۂ اطفال:	''بازیچہ'' بازی کا اسم تصغیر ہے۔ بازی کا معنی ہے کھیل۔ یعنی بچوں کا معمولی کھیل، یہ ترکیب، ''حقیر شے'' کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔
شب وروز:	دن رات یعنی ہمیشہ، ہر وقت۔

تراکیب	معنی
اورنگِ سلیمان	اورنگ سلیمان (حضرت سلیمان کا تخت) بے پناہ طاقت اور اقتدار کی علامت ہے۔
اعجازِ مسیحا	اعجاز مسیحا (حضرت عیسیٰ کا معجزہ) حضرت عیسیٰ مردوں کو زندہ کرنے کی بنا پر اعجاز مسیحا کے نام سے مشہور ہوئے۔
خونِ جگر	ایک مفہوم ہے: محنت ومشقت۔ غالب کی غزل میں ''خون جگر'' سے مراد ہے وہ توانائی اور طاقت جو شاعر کے لیے لطف ولذت کا باعث ہے۔
بہشت شمائل	جنت جیسی یعنی پاکیزہ، جیسے جنت کی حور ہوتی ہے۔
حسرتِ تعمیر	گھر بنانے کی تمنا۔
عرضِ ہنر:	فن کو پیش کرنا، کسی صلاحیت (شاعری، ادب، مصوری وغیرہ) کا اظہار۔
مسرت فزا	خوشی میں اضافہ کرنے والا۔
ذکرِ اغیار:	پرائے لوگوں (غیروں) کا ذکر۔
حرفِ ناصح:	پند ونصیحت کرنے والے کی بات۔
...دل	دل کی پریشانیوں کا علاج، دل۔
عرضِ مضطرب:	بے چین و بے قرار اور پریشان حال انسان کی فریاد، گزارش۔
غبارِ دل:	دل میں پیدا ہونے والا غصہ، شکوہ، شکایت۔
برقِ تبسم:	مراد ہے، تبسم یا مسکراہٹ۔ دراصل محبوب کی مسکراہٹ کو ''برق تبسم'' کہا جاتا ہے۔
فصلِ گل:	موسم بہار، پھولوں کا موسم۔
سوئے دشت:	جنگل، بیاباں کی طرف۔
گلۂ ملامتِ اقربا:	عزیزوں اور رشتہ داروں (اپنوں) کی طرف سے کی جانے والی ملامت کا گلہ۔
مومنِ مبتلا:	اس کے دو مفہوم ہیں: اول: عشق کی مصیبت میں گرفتار ہونے والا نیک اور صاحب ایمان شخص۔ دوم: شاعر مومن خان مومن، جو عشق و عاشقی کے چکر میں پھنسے ہوئے ہیں۔
کج رائی:	ٹیڑھی رائے، غلط سوچ۔
واقعاتِ دہر:	زمانے کے واقعات، حالات زمانہ۔
راست گوئی:	سچ بات کہنا، سچائی کا راستہ، حق گوئی۔
نیشِ عشق:	جذبہ عشق ایک لحاظ سے تکلیف دہ بھی ہے اس وجہ سے راہ عشق کی تکلیف کو ''نیش عشق'' (عشق کا ڈنگ) کیا گیا ہے۔
کون ومکاں:	دونوں جہاں، دنیا اور آخرت
دلِ وحشی:	انسانوں اور آبادیوں سے دور بھاگنے والا دل
کنارہ گیر:	تنہائی پسند

تراکیب	معنی
خانماں خراب:	جس کا گھر خراب یا برباد ہو چکا ہو۔
چراغ لالہ	چراغ لالہ سے مراد چراغ لالہ وصحرا ہے۔ مراد ہے لالے کا پھول جس کی شکل چراغ جیسی ہوتی ہے۔ اس کا شوخ رنگ چراغ کے شعلے جیسا ہوتا ہے۔
حسن بے پروا	بے نیاز حسن جسے کوئی پروانہیں کہ اس کی داد دینے والا بھی کوئی ہے یا نہیں۔ اور جو حسن انسانی تعریف کا محتاج نہیں۔
سراغ زندگی	زندگی کی حقیقت اور اصلیت کا کھوج۔
حقیقت منتظر:	ایسی حقیقت جس کا انتظار کیا جائے، یہاں مراد ہے ذات خداوندی۔
لباس مجاز	مادی لباس، شاعر حق تعالیٰ کو مجسم دیکھنا چاہتا ہے اس لیے چاہتا ہے کہ وہ مادی لباس میں یعنی مادی روپ میں سامنے آئے۔ (حالانکہ یہ خواہش خیال خام ہے۔)
جبین نیاز:	سراپا عجز و انکسار۔ عاجزی سے جھکا ہوا سر، ماتھا۔
آشنائے خروش:	شور شرابے سے بھرپور آواز کو جاننے والا، اس کا عادی۔
محرم گوش	جس سے کان واقف یا مانوس ہوں۔
سکوت پردہ ساز:	ساز کے پردے کی خاموشی۔ ''پنہاں'' بھی مراد ہو سکتا ہے۔
نگاہ آئینہ ساز:	آئینہ بنانے والے کی نگاہ، مراد اللہ تعالیٰ کی ذات۔
حکایت سوز:	(شمع کی) جلنے کی داستان یعنی دلوں کو عشق خداوندی سے تڑپانے والی بات۔
جرم خانہ خراب:	ایسا جرم، جو تباہی و خانہ خرابی کا باعث ہو۔
دل بینا:	دیکھنے والا دل، مراد ہے حقیقتوں کا ادراک رکھنے والا دل۔ بابصیرت اور روشن دل۔
صاحب سرور:	بھید جاننے والا مراد ہے۔ روحانی مسرت سے سرشار۔
راوی و نیل و فرات	یہ تین دریاؤں کے نام ہیں۔ ان کے نام لے کر اقبال نے جتلایا ہے کہ مسلمان مختلف قومیتوں میں بٹ گئے ہیں۔ ان میں اتحاد نہیں ہے۔
بحر بیکراں:	اتھاہ سمندر جس کے کنارے کا پتا نہ چلے۔
اندیشہ عجم:	فکر عجم یعنی غیر عربی خیالات، غیر اسلامی تعلیمات۔
زیب داستاں	اصل کہانی میں فرضی اضافہ، جس سے کہانی کو دلچسپ بنایا جائے۔ بات کو بلاوجہ طول دینا۔ اپنا مطلب نکالنے کے لیے الجھاؤ پیدا کرنا۔
پاس وفا:	اپنے وعدے کا پاس۔
نثار دوست:	دوست کے لیے قربان (ہونا)
شادی مرگ:	خوشی سے مر جانا۔
آتش گل:	لفظی معنی: پھولوں کی آگ۔ مراد ہے بہار میں سرخ پھولوں کی کثرت۔

معنی

ظلم و ستم ڈھانے والے، ظالم۔

شعر و شاعری سننے سنانے کی لذت اور لطف۔

راز دان، رازوں سے واقف

قسمت کی خوبی، اچھائی۔

دنیا و آخرت کی فکر

ایسا حسن، جس سے کوئی انہونی بات یا کرشمہ ظہور پذیر ہو۔

دنیا، جہاں کا غم، دوسروں کا غم۔

ظاہر، نمودار ہونا، پردہ نہ رہنا۔

زندگی کا راز

کائنات کی حقیقت

تقدیر، قسمت کے خلاف

اس کے دو معنی ہیں: اول: قصور، غلطی۔ دوم: کمی، کوتاہی۔

حالات کی نوعیت۔

زندگی کا مرحلہ، عمر کی منزل

کشف کے معنی ہیں: کھول دینا، چھپی ہوئی چیز کا واضح ہونا۔ کرامات کرامت کی جمع، عجیب و غریب چیز، انہونی بات۔

باتیں اور کہانیاں، یہ ایک اخباری کالم کا عنوان بھی ہے۔

اللہ کا ڈر۔

گلے کا کانٹا، گلے کی پھانس۔

موسم بہار۔

موسم بہار کا بادل۔

وفا کا وعدہ۔

وفا کا پاس، وفا کا لحاظ۔

ہوا کا رخ، زمانے کا چلن۔

محبوب کی گلی۔

وفاداری، وفا کا سلسلہ۔

خاندانی تعلق، آباؤ اجداد کا سلسلہ۔

کلی کے چٹک کر پھول بننے کی آواز جسے گھنٹی کے مشابہ قرار دیا گیا ہے۔

Scanned by CamScanner

تراکیب	معنی
یار کا شبستان:	شبستان کے معنی ہے وہ جگہ جہاں رات چھائی ہوئی ہو یعنی رات، مراد ہے یادوں کی دنیا۔
قافلے سحر کے:	صبح کا چھا جانا۔
غم دنیا:	دنیا کی پریشانیاں، تفکرات، غم دوراں۔
خیال و خواب:	محض خیالات جو حقیقت سے بعید ہوں، خواب کی طرح۔
منہ اندھیرے:	صبح سویرے، بہت جلد۔
فصل گل:	موسم بہار۔
روداد سفر:	سفر کی داستان، سفر کے واقعات۔

تراکیب و جملے

تراکیب	جملے
وقت مرگ:	اللہ کے نیک بندوں کو وقت مرگ کوئی خوف دامن گیر نہیں ہوتا۔
تاراج خزاں	پورا چمنستان آناً فاناً تاراج خزاں ہو گیا۔
سبزہ بیگانہ	موسم بہار میں باغوں میں کھیتوں میں سبزہ بیگانہ کی کثرت ہوتی ہے۔
کثرت موہوم	اگر توحید پر انسان کا ایمان پختہ ہو تو کسی طرح کا توہم یا کثرت موہوم اسے نقصان نہیں پہنچا سکتی۔
ہوس رنگ و بو:	اس فانی دنیا میں ہوس رنگ و بو کرنا نادانی کی بات ہے۔
زاہدان شہر:	افسوس ناک بات ہے کہ سب زاہدان شہر جمع ہو کر اس بدقماش کی رہائی کا مطالبہ کرنے لگے۔
ہستی بے بود:	دنیا کی چند روزہ زندگی کو ہستی بے بود سمجھنا چاہیے۔ اس پر اترانا حماقت ہے۔
مونس ہجراں:	بوڑھی عورت کا اکلوتا بیٹا، امریکہ میں رہتا ہے، اس کی واپسی کا تصور ہی بڑھیا کے لیے مونس ہجراں ہے۔
تا مقدور	میں نے اس کے مظالم پر تا مقدور صبر کیا لیکن جب وہ حد سے بڑھا تو میں خاموش نہ رہ سکا۔
مذہب عشق:	مذہب عشق کے تقاضے گوناگوں اور سخت ہیں ان پر پورا اترنا آسان نہیں۔
تخم خواہش:	کامیابی یا ناکامی تو خدا کے اختیار میں ہے، تخم خواہش بونے میں کیا حرج؟
نشان عشق:	اگرچہ انسان مختلف واقعات اور کیفیات بھلا دیتا ہے۔ مگر نشانات عشق مٹائے نہیں مٹتے۔

ادبی تراکیب (MCQs)

رسم مشایعت سے کیا مراد ہے؟

(a) کسی کو الوداع کرنے کیلئے اس کے ساتھ کچھ دور چلنا

(b) ہاتھ ملانا

(c) بغل گیر ہونا (d) رسمی گفتگو کرنا

"دختر رز" کی ترکیب سے کیا مراد ہے؟

(a) انگور کی بیٹی (شراب)

(b) مے فروش کی بیٹی

(c) سود خور کی بیٹی (d) کسان کی بیٹی

"شیخ و شباب" کی ترکیب سے کیا مراد ہے؟

(a) بوڑھے (b) بوڑھے اور جوان

(c) رند اور پارسا (d) پرہیزگار اور متقی

"ریشہ خطمی" کی ترکیب سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟

(a) نفرت کی آگ (b) بہت ہنسنے والا

(c) ریشہ دار چیز (d) ریشہ دوانیاں کرنے والا

"دلبری گفتگو" سے کیا مراد ہے؟

(a) مخرب اخلاق گفتگو

(b) عجز و انکسار کی گفتگو

(c) ڈینگ کی گفتگو (d) لیت و لعل کی گفتگو

رجائیت (Optimism) سے کیا مراد ہے؟

(a) مایوسی اور نا امیدی

(b) امید اور مثبت رویہ

(c) بے جا طرف داری

(d) حیران ہونا

"بے نقط شاعری" سے کیا مراد ہے؟

(a) بے ہنگم شاعری

(b) بے نقط الفاظ کی شاعری

(c) بُرے الفاظ کی شاعری

(d) جامع مفہوم کی شاعری

-8 "شاعرانہ تعلی" سے کیا مراد ہے؟

(a) کسی دوسرے شاعر کی تعریف کرنا

(b) کسی دوسرے شاعر پر چوٹ کرنا

(c) شعر میں اپنی تعریف آپ کرنا

(d) تخلص استعمال کرنا

-9 "تاریخ گوئی" سے کیا مراد ہے؟

(a) تاریخ کہنا (b) سن کا حساب لگانا

(c) حروف کو ترتیب دینا

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-10 اُردو ادب میں "شین قاف درست ہونا" سے کیا مراد ہے؟

(a) فقرات کا درست کرنا

(b) محاروں کا استعمال

(c) تلفظ درست ہونا

(d) املا کی اغلاط درست ہونا

-11 "جام سفال" سے کیا مراد ہے؟

(a) ٹوٹا ہوا پیالہ (b) تانبے کا پیالہ

(c) مٹی کا پیالہ (d) چاندی کا پیالہ

-12 "آشفتہ حال" کی ترکیب سے کیا مراد ہے؟

(a) پریشان حال (b) خوشحال

(c) حیران کن (d) ان میں سے کوئی نہیں

-13 "گردش ایام" سے کیا مطلب ہے؟

(a) زمانہ حال (b) گذرے ہوئے دن

(c) زمانہ مستقبل (d) بُرے دن

-14 "حجت اتمام" سے کیا مراد ہے؟

(a) دلیلیں پر دلیل دینا

(b) بلا وجہ لڑنا (c) بحث کرنا

(d) کسی بات پر آخری بار سمجھوتہ کرنا

-15 "مرگ یاراں دیدہ" کی ترکیب سے کیا مراد ہے؟

(a) آزمودہ کار (b) چھپارستم
(c) لائق شاگرد (d) بھیڑیا

16- ''نان شعیر'' سے کیا مراد ہے؟
(a) جو کی روٹی (b) لذیز روٹی
(c) خمیری روٹی (d) باسی روٹی

17- ''ریختی'' سے کیا مراد ہے؟
(a) عورتوں کی بول چال میں نظم کہنا
(b) زمانہ حال کے حالات
(c) زمانہ ماضی کی شاعری
(d) مزاحیہ شاعری

18- ''ہم صفیر'' سے کیا مراد ہے؟
(a) ہم آواز (b) ہم سفر
(c) ہم عصر (d) ہم چشم

19- بنت العنب سے کیا مراد ہے؟
(a) آزمودہ کار عورت کی بیٹی
(b) انگور کی بیٹی (شراب)
(c) سپاہی کی بیٹی (d) مزدور کی بیٹی

20- پابجولاں سے کیا مراد ہے؟
(a) پاؤں میں رسی ہونا
(b) پاؤں کا سوجھنا
(c) پاؤں میں بیڑیاں ہونا
(d) پاؤں میں کپڑا باندھنا

21- تجاہل عارفانہ سے کیا مراد ہے؟
(a) جان بوجھ کر انجان بننا
(b) کچھ معلوم نہ ہونا
(c) غفلت کرنا
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں۔

22- توبہ نصوح سے کیا مراد ہے؟
(a) جھوٹی توبہ (b) پکی توبہ
(c) بہانہ کرنا
(d) پریشانی کی حالت میں محض وقتی توبہ

23- جگت استاد سے کیا مراد ہے؟
(a) سب کا مانا ہوا استاد
(b) ناتجربہ کار
(c) مزاحیہ آدمی (d) زمانے میں ناکام آدمی

24- ٹکسالی زبان سے کیا مراد ہے؟
(a) غیر مکمل گفتگو (b) فصیح و مستند زبان
(c) غیر مستند زبان
(d) اغلاط سے بھری زبان

جوابات

1- (a)	2- (a)	3- (b)	4- (b)
5- (c)	6- (b)	7- (a)	8- (c)
9- (a)	10- (c)	11- (c)	12- (a)
13- (b)	14- (d)	15- (a)	16- (a)
17- (a)	18- (a)	19- (b)	20- (c)
21- (a)	22- (b)	23- (a)	24- (b)

علم صنائع بدائع

1- کلام کو علم بیان کے اُصولوں کے مطابق سنوارنے کے بعد لفظی اور معنوی خوبیوں سے مزین کرنا کیا کہلاتا ہے؟
(a) علم بدائع (b) کنایہ
(c) تشبیہ (d) کوئی بھی درست نہیں

2- بدیع کے لغوی معنی کیا ہیں؟
(a) اَچھوتا (b) پوشیدہ
(c) a اور b دونوں (d) کوئی بھی درست نہیں

3- علم بدائع کی کتنی اقسام ہیں؟
(a) 1 (b) 2
(b) 3 (d) کوئی بھی درست نہیں

4- علم بدیع کی اقسام کونسی ہیں؟
(a) صنائع لفظی (b) صنائع معنوی
(c) a اور b دونوں (d) کوئی بھی درست نہیں

5- تلمیح عربی زبان کا لفظ ہے اس کے لغوی معنی کیا ہیں؟
(a) بیان کرنا (b) اشارہ کرنا
(c) خوبصورت نثر پارہ (d) کوئی بھی درست نہیں

6- تلمیح کے اصطلاحی معنی کیا ہیں؟
(a) کلام میں ایسے الفاظ لانا جو کسی مشہور تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ کریں۔
(b) سابقوں اور لاحقوں کا کلام میں لانا
(c) کسی چیز میں وہم کا پایا جانا

7-
طوفان نوح نے تو ڈبوئی زمین فقط
میں ننگ خلق ساری خدائی ڈبو گیا
بتایئے ''طوفان نوح'' اصطلاح میں کیا ہے؟
(a) کنایہ (b) تشبیہ
(c) تلمیح (d) کوئی بھی درست نہیں

8- علم بدائع میں کلام میں دو یا دو سے زائد ایسے الفاظ لانا جو بظاہر تو مشابہ ہوں لیکن باعتبار مفہوم مختلف ہوں کیا کہلاتا ہے؟
(a) صنعت لف ونشر (b) صنعت تجنیس
(c) صنعت ایہام (d) کوئی بھی درست نہیں

9-
آہنگ نہ تھا یاں تک آنے کا وسلے
سن کر آہنگ ساز محفل آئے
اس شعر میں صنعت تجنیس کی کونسی قسم استعمال ہوئی ہے؟
(a) تجنیس تام (b) تجنیس مرکب
(c) تجنیس ناقص (d) کوئی بھی درست نہیں

10-
بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق
عقل ہے محو تماشائے لب بام ابھی
اس شعر میں آتش نمرود کیا ہے؟
(a) تشبیہ (b) کنایہ
(c) تلمیح (d) کوئی بھی درست نہیں

11-
خدا کی دین کا موسیٰ سے پوچھیے احوال
کہ آگ لینے کو جائیں پیغمبری مل جائے
اس شعر میں علم بدائع کی کونسی قسم استعمال ہوئی ہے؟
(a) صنعت لف ونشر (b) صنعت ایہام
(c) تلمیح (d) کوئی بھی درست نہیں

12- میر تقی میر کے اس مشہور شعر میں علم بیان کی کونسی قسم استعمال ہوئی ہے؟
میر ان نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی شراب کی سی ہے
(a) تشبیہ (b) استعارہ
(c) کنایہ (d) کوئی بھی درست نہیں

13- اس شعر میں علم بیان کی کونسی قسم استعمال ہوئی ہے؟
کیا کیا خضر نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی
(a) صنعت ایہام (b) صنعت لف ونشر
(c) تلمیح (d) کوئی بھی درست نہیں

14- تعلیل کے لفظی معنی کیا ہیں؟
(a) وجہ بیان کرنا (b) ایہام گوئی
(c) نشاندہی کرنا (d) کوئی بھی درست نہیں

15- کسی شے کے وقوع پزیر ہونے کی کوئی ایسی وجہ بیان کی جائے جو حقیقت پر مبنی نہ ہو بلکہ شاعرانہ استدلال سے کام لیا گیا ہو کیا کہلاتا ہے؟
(a) صنعت حسن تعلیل (b) صنعت ایہام
(c) صنعت لف ونشر (d) کوئی بھی درست نہیں

16- اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
سب کہاں کچھ لالہ وگل میں نمایاں ہو گئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں
(a) صنعت مراۃ النظیر (b) صنعت حسن تعلیل
(c) صنعت لف ونشر (d) کوئی بھی درست نہیں

17-
پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی
ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی
اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
(a) صنعت حسن تعلیل (b) صنعت ایہام
(c) صنعت لف ونشر (d) کوئی بھی درست نہیں

18- اگر کلام میں دو ایسے الفاظ لائے جائیں جن کے معنی ایک دوسرے سے متصادم اور متضاد ہوں تو اسے علم بدائع میں کیا کہیں گے؟
(a) صنعت تضاد (b) صنعت ایہام
(c) صنعت لف ونشر (d) کوئی بھی درست نہیں

19-
صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے زندگی یونہی تمام ہوتی ہے
اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
(a) صنعت ایہام (b) صنعت حسن تعلیل
(c) صنعت تضاد

20- اگر کلام میں کوئی ایسا لفظ لایا جائے جس کے دو معنی ہوں ایک معنی قریب اور دوسرے بعید کلام کو سنتے ہیں معنی قریب سمجھ میں آ جائیں مگر غور وفکر کے بعد معلوم ہو کہ معنی بعید مراد ہیں تو یہ گرائمر میں کیا کہلاتا ہے؟
(a) صنعت ایہام (b) تشبیہ
(c) استعارہ (d) کوئی بھی درست نہیں

21- علم صنائع بدائع میں کس صنعت کو "توریہ" بھی کہتے ہیں؟
(a) صنعت لف ونشر (b) صنعت حسن تعلیل
(c) صنعت ایہام (d) کوئی بھی درست نہیں

22- مومن خان مومن کے اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
شب جو مسجد میں جا پھنسے مومن
رات کاٹی خدا خدا کر کے
(a) صنعت حسن تعلیل (b) صنعت ایہام
(c) صنعت تضاد (d) کوئی بھی درست نہیں

23- اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
کوئی ویرانی سی ویرانی ہے
دشت کو دیکھ کر گھر یاد آیا
(a) صنعت ایہام (b) صنعت تضاد
(c) صنعت لف ونشر (d) کوئی بھی درست نہیں

24- اس شعر میں علم صنائع وبدائع کی کون سی قسم استعمال ہوئی ہے؟
کعبے میں جاں بلب تھے ہم دوری بتاں سے
آئے ہیں پھر کے یارو اب کے خدا کے یاں سے
(a) لف ونشر معکوس (b) ایہام مجردہ
(c) ایہام مرشحہ (d) کوئی بھی درست نہیں

25-
مصر ہستی میں شام آتی ہے
رنگ اپنا جمائے جاتی ہے
اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
(a) ایہام مجردہ (b) لف ونشر مرتب
(c) لف ونشر غیر مرتب (d) کوئی بھی درست نہیں

26- اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
گلدستہ معنی کو عجب ڈھنگ سے باندھوں
اک پھول کا مضموں ہو تو سو رنگ سے باندھوں
(a) صنعت حسن تعلیل (b) صنعت ایہام
(c) صنعت تضاد (d) کوئی بھی درست نہیں

27-
ان بتوں کو ہم فقیروں سے کہو کیا کام ہے
یہ تو طالب زر کے ہیں اور یاں خدا کا نام ہے

...کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
(a) صنعت ایہام (b) صنعت حسن تعلیل
(c) صنعت لف ونشر معکوس (d) کوئی بھی درست نہیں

...شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
کہوں ... نے مرے دیکھی جو وہ مانگ
کی ہے یہ رات آدمی کچھ دعا مانگ
(a) صنعت تجنیس تام مستوفی
(b) صنعت تضاد (c) صنعت لف ونشر معکوس

قاتل نے لگایا نہ مرے زخم پہ مرہم
حسرت یہ رہی جی ہی کی جی میں گئے مرہم
(a) صنعت تجنیس تام مستوفی
(b) صنعت تجنیس مرکب
(c) صنعت تجنیس ناقص

مندرجہ ذیل شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
گلے سے تھے ہی جتنے گلے تھے بھول گئے
وگرنہ یاد تھیں مجھ کو شکایتیں کیا کیا
(a) صنعت تجنیس زائد (b) صنعت تجنیس مکرر
(c) صنعت تجنیس ناقص (d) کوئی بھی درست نہیں

صنائع وبدائع کے اعتبار سے کونسی قسم درج ذیل شعر میں استعمال ہوئی ہے؟
زور و زر کچھ نہ تھا تو بارے میر
کس بھروسے پہ آشنائی کی
(a) صنعت تجنیس زائد (b) صنعت ایہام
(c) صنعت حسن تعلیل (d) کوئی بھی درست نہیں

صنائع وبدائع میں وہ کونسی صنعت ہے جس میں الفاظ کا پہلا اور آخری حرف ایک جیسا نہ ہو؟
(a) صنعت تجنیس زائد (b) صنعت تجنیس مکرر
(c) صنعت تجنیس مطرف (d) کوئی بھی درست نہیں

33- ایک صنعت جس میں حروف لکھنے میں مشابہ ہوں مگر نقطوں میں اختلاف ہو کیا کہلاتی ہے؟
(a) صنعت تجنیس خط (b) صنعت تجنیس مکرر
(c) صنعت تجنیس لاحق (d) کوئی بھی درست نہیں

34- اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
تیاری تیغ و تبرو تیر ہوئی ہے
تدبیر گرفتاری شبیر ہوئی ہے
(a) صنعت مزیل (b) صنعت خط
(c) صنعت لف ونشر (d) کوئی بھی درست نہیں

35- ایسی صنعت کیا کہلاتی ہے جس میں دو ہم جنس لفظوں میں سے ایک لفظ کے آخر میں دو حرفوں کی زیادتی ہو؟
(a) صنعت تجنیس مزیل (b) صنعت تجنیس لاحق
(c) صنعت تجنیس مضارع (d) کوئی بھی درست نہیں

36- اس شعر میں علم بدیع کی کونسی قسم استعمال ہوئی ہے؟
مانگ ہے اس کی مانگتی ہے بھیک
مہ کا کاسہ لے شب تاریک
(a) صنعت تجنیس لاحق (b) صنعت تجنیس مزیل
(c) صنعت تلمیح (d) کوئی بھی درست نہیں

37- جب دو ہم جنس لفظوں کے بعض حروف میں اختلاف ہو اور یہ اختلاف ایک حرف سے زائد نہ ہو تو علم بدیع میں یہ کونسی صنعت ہوگی؟
(a) صنعت حسن تعلیل (b) صنعت لف ونشر
(c) صنعت تجنیس مضارع (d) کوئی بھی درست نہیں

جوابات

1-	(a)	2-	(a)	3-	(b)	4-	(c)
5-	(b)	6-	(a)	7-	(c)	8-	(b)
9-	(a)	10-	(c)	11-	(c)	12-	(a)
13-	(c)	14-	(a)	15-	(a)	16-	(b)
17-	(a)	18-	(a)	19-	(c)	20-	(a)
21-	(c)	22-	(b)	23-	(a)	24-	(c)
25-	(a)	26-	(b)	27-	(a)	28-	(a)
29-	(b)	30-	(c)	31-	(a)	32-	(c)
33-	(a)	34-	(b)	35-	(a)	36-	(b)
37-	(c)						

علم بیان اور اس کی اقسام

-1 اس شعر میں علم بیان کی کون سی قسم بیان ہوئی ہے؟

دل میں چبھ جاتی ہے اس حور کی پلکیں
کبھی خنجر، کبھی ناوک، کبھی نشتر، کبھی پلکیں

(a) مجازمرسل (b) کنایہ
(c) استعارہ (d) تشبیہ

-2 علم بیان کی کون سی قسم اس شعر میں موجود ہے؟

ہر اک خار ہے گل، ہر گل ایک ساغر عیش
ہر ایک دشت چمن، ہر چمن بہشت نظیر

(a) کنایہ (b) استعارہ
(c) تشبیہ (d) مجازمرسل

-3 یہ شعر علم بیان کی کس قسم کو ظاہر کر رہا ہے؟

قد تیرا صنوبر باغ دو عالم میں دلے
راستی جو ہے تیرے قد میں صنوبر میں کہاں

(a) استعارہ (b) تشبیہ
(c) کنایہ (d) مجازمرسل

-4 علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں موجود ہے؟

تو خدا ہے نہ میرا عشق فرشتوں جیسا
دونوں انسان ہیں تو پھر کیوں اتنے حجابوں میں ہیں

(a) کنایہ (b) استعارہ
(c) تشبیہ (d) مجازمرسل

-5 یہ شعر علم بیان کی کس قسم کو ظاہر کر رہا ہے؟

ترقی کا جس دم خیال ان کو آیا
اک اندھیرا تھا ربع مسکون پر چھایا

(a) مجازمرسل (b) کنایہ
(c) تشبیہ (d) استعارہ

-6 علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں جھلکتی ہے؟

تم ہی کچھ ایسے نہ دنیا میں جفا کار ملے
جو ملے ہم کو سو ایسے ہی وفادار ملے

(a) کنایہ (b) مجازمرسل
(c) استعارہ (d) تشبیہ

-7 علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں موجود ہے؟

ان گل رخوں کی قامت لچکے ہے یوں ہوا میں
جس رنگ سے کچکتی پھولوں کی ڈالیاں ہوں

(a) استعارہ (b) کنایہ
(c) تشبیہ (d) مجازمرسل

-8 علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں استعمال ہوئی ہے؟

ہلال عید کو ابروئے یار کیوں کہیے
جو کہہ چکے ہیں اسے بار بار کیوں کہیے

(a) تشبیہ (b) استعارہ
(c) کنایہ (d) مجازمرسل

-9 اس شعر میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟

میر ان نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی شراب کی سی ہے

(a) مجازمرسل (b) کنایہ
(c) استعارہ (d) تشبیہ

-10 علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں موجود ہے؟

تشبیہ رگ گل سے انہیں دوں تو ہے زیبا
ڈورے ہیں تیری آنکھ کے رشک چمن

(a) استعارہ (b) مجازمرسل
(c) تشبیہ (d) کنایہ

-11 یہ شعر علم بیان کی کس قسم کو ظاہر کر رہا ہے؟

یاقوت کوئی ان کو کہے ہے کوئی گل برگ
ٹک ہونٹ ہلا تو بھی کہ اک بات ٹھہر جائے

(a) کنایہ (b) تشبیہ
(c) مجازمرسل (d) استعارہ

-12 علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں نظر آتی ہے؟

خاک کو مسند کمخواب سمجھتے ہیں فقیر
اور وہ جانتے ہیں مسند کمخواب کو خاک

(a) تشبیہ (b) استعارہ
(c) کنایہ (d) مجازمرسل

... میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟

... جیسے صدائے خندہ گل
... جیسے خرام ابر بہار

(a) استعارہ (b) مجازمرسل
(c) کنایہ (d) تشبیہ

یہ شعر علم بیان کی کس قسم کو ظاہر کر رہا ہے؟

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

(a) استعارہ (b) تشبیہ
(c) مجازمرسل (d) کنایہ

علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں نظر آتی ہے؟

زمیں پہ بھیج دیا، خیر مصلحت اس کی
تمہیں تو چاند بنایا تھا آسمان کے لیے

(a) تشبیہ (b) استعارہ
(c) کنایہ (d) مجازمرسل

تجنیس کی کون سی صنعت اس شعر میں موجود ہے؟

ناصر ہیں یہ بصیر ہیں اہل وفا ہیں یہ
قادر ہیں یہ قدیر ہیں اہل سخا ہیں یہ

(a) صنعت ترصیع (b) صنعت حسن تعلیل
(c) صنعت تضاد (d) صنعت ایہام

یہ شعر علم بیان کی کس قسم کو ظاہر کر رہا ہے؟

جگنو کی روشنی ہے کاشانہ چمن میں
یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں

(a) استعارہ (b) مجازمرسل
(c) تشبیہ (d) کنایہ

علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں نظر آتی ہے؟

لذت سرود کی ہو چڑیوں کے چہچہوں میں
چشموں کی شورشوں میں باجا سا بج رہا ہو

(a) استعارہ (b) تشبیہ
(c) مجازمرسل (d) کنایہ

-19 اس شعر میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟

پر ہوں میں شکوے سے یوں راگ سے جیسے باجا
اک ذرا چھیڑیے پھر دیکھیے کیا ہوتا ہے

(a) مجازمرسل (b) کنایہ
(c) تشبیہ (d) استعارہ

-20 علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں موجود ہے؟

جس نے سونگھی ہو تیری زلف سیہ کار کی بو
کیا پسند آئے اسے نافہ تاتار کی بو

(a) تشبیہ (b) استعارہ
(c) مجازمرسل (d) کنایہ

-21 اس شعری میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟

گلشن کی ہر کلی تھی حسن ازل کی حامل
سبزہ ملائمت میں مانند فرش مخمل

(a) استعارہ (b) کنایہ
(c) تشبیہ (d) مجازمرسل

-22 اس شعری میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟

یہ کیفیت سنہری چوڑیوں کی خوش نمائی میں
کرن خورشید کی لپٹی ہو گویا کلائی میں

(a) استعارہ b) مجازمرسل
(c) کنایہ (d) تشبیہ

-23 اس شعری میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟

کسی کا دل دکھانا کافری سے کم نہیں اے حسن
خدا بھی روٹھ جاتا ہے ان بتوں کے روٹھ جانے سے

(a) کنایہ (b) استعارہ
(c) مجازمرسل (d) تشبیہ

-24 علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں موجود ہے؟

کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے
رن ایک طرف چرخ کہن کانپ رہا ہے

(a) استعارہ (b) کنایہ
(c) تشبیہ (d) مجازمرسل

-25 اس شعری میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟

خرام ناز سے او بت نہ آنا میرے مرقد پر
تیری ٹھوکر میں ہے انداز اعجاز مسیحائی
(a) کنایہ (b) تشبیہ
(c) مجازمرسل (d) استعارہ

26- علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں نظر آتی ہے؟
میں اس گل کو پیغام دیتا ہزاروں
ہوا ہو گئی پر صبا کہتے کہتے!
(a) مجازمرسل (b) کنایہ
(c) استعارہ (d) تشبیہ

27- اس شعر میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟
اک روشن دماغ تھا نہ رہا
شہر میں ایک چراغ تھا نہ رہا
(a) تشبیہ (b) استعارہ
(c) مجازمرسل (d) کنایہ

28- اس شعر میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟
پھر میری خبر لینے وہ صیاد نہ آیا
شاید کہ میرا حال اسے یاد نہ آیا
(a) استعارہ (b) تشبیہ
(c) کنایہ (d) مجازمرسل

29- یہ شعر علم بیان کی کس قسم کو ظاہر کر رہا ہے؟
بتوں پہ جا کے دل جتلا نہیں آتا
پکارتا ہوں تو کہتا ہے جا نہیں آتا
(a) کنایہ (b) مجازمرسل
(c) تشبیہ (d) استعارہ

30- علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں نظر آتی ہے؟
مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم
تو نے وہ گنج ہائے گرانمایہ کیا کیے!
(a) کنایہ (b) تشبیہ
(c) استعارہ (d) مجازمرسل

31- اس شعر میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟
نزاکت اس گل رعنا کی دیکھیو انشاء
شمیم صبح جو چھو جائے رنگ ہو میلا
(a) کنایہ (b) استعارہ
(c) مجازمرسل (d) تشبیہ

32- علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں موجود ہے؟
پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو
دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں
(a) استعارہ (b) تشبیہ
(c) مجازمرسل (d) کنایہ

33- علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں نظر آتی ہے؟
میں نے پوچھا اس پری سے کیا ہوا حسن و جمال
ہنس کے بولا وہ صنم، شان خدا تھی میں نہ تھا
(a) مجازمرسل (b) کنایہ
(c) استعارہ (d) تشبیہ

34- اس شعر میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟
گر کوئی کہے یا علی حیدر
بھاگیں کانوں میں انگلیاں دے کر
(a) کنایہ (b) مجازمرسل
(c) استعارہ (d) تشبیہ

35- علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں نظر آتی ہے؟
تیری چشم مست سے ساقیا یہ سیاہ مست جنوں نہ ہوا
کہ مئے دوآتشہ طاق پر جو دھری تھی یوں ہی دھری رہ گئی
(a) کنایہ (b) تشبیہ
(c) مجازمرسل (d) استعارہ

36- اس شعر میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟
غضب آنکھیں، ستم ابرو، عجیب منہ کی صفائی ہے
خدا نے اپنے ہاتھوں سے تری صورت بنائی ہے
(a) کنایہ (b) مجازمرسل
(c) تشبیہ (d) استعارہ

37- علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں موجود ہے؟
کس نے ہاتھ سے ٹپکا ساغر، موسم کی بے کیفی پر
اتنا ٹوٹ کے برسا بادل، ڈوب چلا میخانہ بھی
(a) تشبیہ (b) کنایہ
(c) مجازمرسل (d) استعارہ

38- اس شعر میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟
اس کا کوئی گود کا پالا نہ تھا

گھر میں کوئی گھر کا اجالا نہ تھا
(a) مجازمرسل (b) استعارہ
(c) تشبیہ (d) کنایہ

39- اس شعر میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟
مجھے عادت ہے اپنے گھر نماز شام پڑھنے کی
مری میت کو دفنانا غروب شام سے پہلے
(a) کنایہ (b) استعارہ
(c) مجازمرسل (d) تشبیہ

40- اس شعر میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟
کوئی محرم نہیں ملتا جہاں میں
مجھے کہنا ہے کچھ اپنی زبان میں
(a) کنایہ (b) استعارہ
(c) تشبیہ (d) مجازمرسل

41- علم بیان کی کون سی قسم اس شعر میں موجود ہے؟
کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ
ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا
(a) تشبیہ (b) کنایہ
(c) مجازمرسل (d) استعارہ

42- یہ شعر علم بیان کی کس قسم کو ظاہر کر رہا ہے؟
سگ اصحاب ہوا صحبت انسان سے بشر
آدمی ہو کے بھی انسان تو انساں نہ ہوا
(a) کنایہ (b) مجازمرسل
(c) تشبیہ (d) استعارہ

43- علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں نظر آتی ہے؟
دامن میں آج میر کے داغ شراب ہے
تھا اعتماد ہم کو بہت اس جوان پر
(a) کنایہ (b) استعارہ
(c) مجازمرسل (d) تشبیہ

44- اس شعر میں علم بیان کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟
ساقی بغیر شب نہ پیا آب آتشیں
شعلہ وہ بن کے میرے دہن سے نکل گیا
(a) مجازمرسل (c) کنایہ
(c) تشبیہ (d) استعارہ

45- یہ شعر علم بیان کی کس قسم کو ظاہر کر رہا ہے؟
صبح آیا جانب مشرق نظر
اک نگار آتشیں رخ سر کھلا
(a) مجازمرسل (b) استعارہ
(c) تشبیہ (d) کنایہ

46- علم بیان کی کونسی قسم اس شعر میں نظر آتی ہے؟
بند شیشے میں ہے جو یہ لال لال
اس پری کو قید خانے سے نکال
(a) تشبیہ (b) استعارہ
(c) کنایہ (d) مجازمرسل

آج تم نے میچ کھیلنا ہے
(a) آج تمہیں میچ کھیلنا ہے۔
(b) آج تم کو میچ کھیلنا ہے۔
(c) آج تم ہی کو میچ کھیلنا ہے
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

امی جان نہ تو خود ہی آئی اور نہ ہی خط بھیجا
(a) نہ تو امی جان خود آئی اور نہ ہی خط بھیجا۔
(b) امی جان نہ ہی خود آئی اور خط بھی نہیں بھیجا۔
(c) امی جان نہ خود ہی آئی نہ خط بھیجا۔
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

اس بنگلے کے اندر کون رہتا ہے؟
(a) اس بنگلہ میں کون رہتا ہے؟
(b) اس بنگلہ کے بیچ میں کون رہتا ہے؟
(c) کون اس بنگلہ کے اندر رہتا ہے؟
(d) سبھی

نعمان کا خط عامر جیسا ہے
(a) عامر کا خط نعمان کے خط جیسا ہے۔
(b) نعمان کا خط عامر کا سا ہے۔
(c) نعمان کا خط عارف کی طرح ہے۔
(d) سبھی

ہم جہاں بھی گئے ہمارا پُر جوش استقبال ہوا
(a) ہم جہاں پر گئے ہمارا پُر جوش استقبال ہوا۔
(b) ہم جہاں تک گئے ہمارا پُر جوش استقبال ہوا۔
(c) جہاں پر بھی ہم گئے ہمارا پرجوش استقبال ہوا۔

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-7 ہم اس مہینے کے دوران ٹھیک سے نہیں پڑھ سکے۔
(a) ہم اس مہینے میں ٹھیک سے نہیں پڑھ سکے۔
(b) ہم ٹھیک سے اس مہینے میں نہ پڑھ سکے۔
(c) ہم اس مہینے کے دوران میں ٹھیک سے نہیں پڑھ سکے
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-8 میں ایک سے زیادہ مرتبہ لاہور جا چکا ہوں۔
(a) میں کئی مرتبہ لاہور جا چکا ہوں۔
(b) میں کئی بار لاہور جا چکا ہوں۔
(c) میں بہت بار لاہور جا چکا ہوں۔
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-9 میں کل کام پر نہیں جا سکا، چونکہ مجھے زکام تھا
(a) میں کل کام پر نہیں جا سکا چنانچہ مجھے زکام تھا۔
(b) میں کل کام پر نہیں جا سکا اس لیے مجھے زکام تھا۔
(c) میں کل کام پر نہ جا سکا کیونکہ مجھے زکام تھا۔
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-10 آج کل آپ کہاں ہوتے ہیں؟
(a) آج کل آپ کہاں رہتے ہیں؟
(b) آج کل آپ کہاں ہیں؟
(c) کہاں ہوتے ہیں آپ آج کل؟
(d) (a) اور (b) دونوں

-11 میں گئی رات تک مصروف کام رہا
(a) میں رات گئے تک مصروف کام رہا۔
(b) میں رات گئے تک مصروف کام رہا۔
(c) میں رات گئے تک کام میں مصروف رہا۔
(d) سبھی

-12 یہ آئے روز کا جھگڑا بری بات ہے
(a) یہ آئے یوم کا جھگڑا بری بات ہے۔
(b) یہ آئے دن کا جھگڑا بری بات ہے۔
(c) بری بات ہے آئے روز کا جھگڑا۔
(d) مندرجہ بالا سبھی

13- آپ لندن سے کب واپس لوٹیں گے

(a) آپ لندن سے کب لوٹیں گے۔

(b) آپ لندن سے کب واپس آئیں گے۔

(c) آپ لندن سے کب واپس لوٹ کر آئیں گے۔

(d) (a)اور(b)دونوں

14- یہ کتاب قریب چھ سو صفحات پر مشتمل ہے

(a) یہ کتاب قریب چھ سو صفحوں پر مشتمل ہے۔

(b) یہ کتاب تقریبا چھ سو صفحات پر مشتمل ہے۔

(c) یہ کتاب قریب چھ سو صفحات پر مشتمل ہے۔

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

15- برائے مہربانی کر کے خط کا جواب جلد دیں

(a) براہ مہربانی خط کا جواب جلد دیں۔

(b) برائے مہربانی خط کا جواب جلد دیں۔

(c) مہربانی کر کے خط کا جواب جلد دیں۔

(d) (a)اور(b)دونوں

16- میں اس بلڈنگ میں دس سالوں سے رہ رہا ہوں۔

(a) میں اس بلڈنگ میں دس سال سے رہ رہا ہوں۔

(b) میں اس بلڈنگ میں دس سالوں سے رہ رہا ہوں۔

(c) میں اس بلڈنگ میں پچھلے دس سال سے رہ رہا ہوں۔

(d) سبھی

17- تمام امیدوار درخواستیں بمعہ اسناد کے ارسال کریں۔

(a) سب امیدوار درخواستیں بمعہ اسناد کے ارسال کریں۔

(b) تمام امیدوار درخواستیں مع اسناد کے ارسال کریں۔

(c) تمام امیدوار درخواستیں مع اسناد لے آئیں۔

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

18- امید ہے آپ بخیریت سے ہوں گے

(a) امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔

(b) امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔

(c) (a)اور(b)دونوں

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

19- آپ کی خیریت نیک مطلوب چاہتا ہوں:

(a) آپ کی خیریت نیک مطلوب ہے۔

(b) آپ کی خیریت نیک چاہتا ہوں۔

(c) (a)اور(b)دونوں

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

20- بیٹے! کچھ دن اور یہیں رہ جاؤ:

(a) بیٹے! کچھ دن اور یہاں رہ جاؤ۔

(b) بیٹا! کچھ دن اور یہیں رہ جاؤ۔

(c) بیٹا! کئی دن اور یہاں جاؤ۔

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

21- وہ یوں تو یونہی آئیگا:

(a) وہ یوں تو یوں ہی نہ آئیگا۔

(b) وہ ایسے تو یونہ آئیگا۔

(c) (a)اور(b)دونوں

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

22- دونوں میں دس گیارہ کا فرق ہے:

(a) دونوں میں گیارہ بارہ کا فرق ہے۔

(b) دونوں میں نو دس کا فرق ہے۔

(c) دونوں میں انیس بیس کا فرق ہے۔

(d) سبھی

23- میرے کو بھوک نہیں ہے:

(a) مجھ کو بھوک نہیں ہے۔

(b) مجھے بھوک نہیں ہے۔

(c) میرے کو بھوک نہیں ہے

(d) سبھی

24- یہ لڑکی بہت اچھی گاتی ہے:

(a) یہ لڑکی اچھی گاتی ہے۔

(b) یہ لڑکی کمال اچھی گاتی ہے۔

(c) یہ لڑکی بہت اچھا گاتی ہے۔

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

25- آپ سے ممکن ہو سکے تو میرا کام کر دیجئے:

(a) آپ سے ممکن ہو تو میرا کام کر دیجئے۔

(b) آپ سے ممکن اگر ہو سکے تو میرا کام کر دیجئے۔

(c) آپ سے ہو سکے تو میرا کام کر دیجئے۔

(d) (a)اور(c)

26- اگر تو میں ملتان گیا تو آپ کی کتاب لیتا آؤنگا:

(a) اگر میں ملتان گیا تو آپ کی کتاب لیتا آؤں گا۔

(b) اگر تو میں ملتان گیا تو آپ کی کتاب لے آؤنگا۔

(c) (a)اور(b)دونوں

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

27- آپ کو کس کا خط آیا ہے:

(a) آپ کو کس کا خط ملا ہے۔

(b) آپ کو کس کا خط آیا ہے۔

(c) (a)اور(b)دونوں

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

28- وزیر اعظم راشی ہے

(a) وزیر اعظم رشوت خور ہے (b) وہ راشی ہے۔

(c) وزیر اعظم مرتشی ہے۔ (d) (a)اور(c)

29- اے خدا ہمارے حال پر رحم کر:

(a) خدایا ہمارے حال پر رحم کر۔

(b) اے خدا! ہمارے حال پر رحم کر۔

(c) (a)اور(b)دونوں

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

30- بارش برس رہی ہے

(a) بارش ہو رہی ہے۔ (b) مینہ برس رہا ہے۔

(c) (a)اور(b)دونوں

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

31- یونس کا اجلاس مورخہ چار اپریل کو ہوگا

(a) یونس کا اجلاس مورخہ 4 اپریل کو ہوگا۔

(b) یونس کا اجلاس بتاریخ چار اپریل کو ہوگا۔

(c) یونس کا اجلاس مورخہ چار کو ہوگا۔

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

32- آخرکار عمران نے میدان مار لیا

(a) آخرکار عمران نے میدان مار لیا۔

(b) آخرکار عمران کو میدان مل ہی گیا۔

(c) آخر عمران نے میدان مار ہی لیا۔

(d) مندرجہ بالا سبھی

33- آب زمزم کے پانی میں برکت ہے:

(a) آب زمزم میں برکت ہے۔

(b) زمزم کے پانی میں برکت ہے۔

(c) آب زمزم کے پانی کی برکت ہے۔

(d) (a)اور(b)دونوں

34- لیلۃ القدر کی رات کی بڑی فضیلت ہے:

(a) لیلۃ القدر کی بڑی فضیلت ہے۔

(b) قدر کی رات کی بڑی فضیلت ہے۔

(c) (a)اور(b)دونوں

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

35- کاشف میرا ہم جماعتی ہے:

(a) کاشف میرا ہم جماعتی ہے۔

(b) کاشف میرا ہم جماعت ہے۔

(c) (a)اور(b)دونوں

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

36- میں نے دشمن کو چاقو کے ساتھ قتل کر دیا:

(a) میں نے دشمن کو چاقو سے قتل کر دیا۔

(b) میں نے دشمن کو بذریعہ چاقو قتل کر دیا۔

(c) میں نے چاقو سے اپنے دشمن کو قتل کر دیا۔

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں۔

37- آپ کی بات مجھے سمجھ نہیں آئی:

(a) آپ کی بات مجھے سمجھ نہیں آئی۔

(b) آپ کی بات میرے کو سمجھ نہیں آئی۔

(c) آپ کی بات میری سمجھ میں نہیں آئی۔

(d) مندرجہ بالا سبھی

38- بچوں شور نہ ڈالو، خاموش رہو۔

(a) بچوں شور مت کرو، خاموش رہو

(c) تمہاری آنکھ کا خون سفید ہو گیا ہے جو باپ پر ہاتھ اٹھاتے ہو

(d) تمہارے دیدے کا پانی ڈھل گیا ہے جو باپ پر ہاتھ اٹھاتے ہو

62- یہ لڑکی تو آفت کی پرکالہ ہے

(a) یہ لڑکی تو آفت کی پرکالہ ہے۔

(b) یہ لڑکی آفت کا پرکالہ ہے۔

(c) یہ لڑکی تو آفت کی پرکال ہے۔

(d) یہ لڑکی تو پرکالہ آفت ہے۔

63- میری کامیابی کا سہرا آپ کے سر ہے

(a) میری کامیابی کا سہرا آپ کے سر ہے۔

(b) میری کامیابی کا سایہ آپ کے ماتھے ہے۔

(c) میری کامیابی کا سایہ آپ کو ہے

(d) میری کامیابی کا ہار آپ کے گلے ہے۔

64- تم اس معمولی سی ناکامی پر کیوں دل چھوڑ بیٹھے ہو

(a) تم اس معمولی سی ناکامی پر کیوں دل چھوڑ بیٹھے ہو

(b) تم اس معمولی سی ناکامی پر دل کیوں چھوڑ گئے ہو

(c) تم اس معمولی سی ناکامی سے کیوں دل چھوڑ بیٹھے ہو

(d) تم اس معمولی سی ناکامی پر کیوں دل چھوڑ بیٹھے ہو

65- سارا دن گھر بیٹھے مکھیاں اڑاتے رہتے ہو

(a) سارا دن گھر بیٹھے مچھر اڑاتے رہتے ہو۔

(b) سارا دن گھر بیٹھے مچھر مارتے رہتے ہو۔

(c) سارا دن گھر بیٹھے مکھیاں مارتے رہتے ہو۔

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

66- رضیہ کے منہ کون آئے؟ اس کی گز بھر کی زبان ہے

(a) رضیہ کے منہ کون آئے؟ اس کی فٹ بھر کی زبان ہے

(b) رضیہ کے منہ کون آئے اس کی لوز کی زبان ہے۔

(c) رضیہ کے منہ کون آئے؟ اس کی ہاتھ بھر کی زبان ہے

(d) مندرجہ بالا بھی

67- یہ لڑکا آوارہ ہو کر ہاتھوں سے نکلا جا رہا ہے

(a) یہ لڑکا تو آوارہ ہو کر ہاتھوں سے پھسلا جا رہا ہے

(b) یہ لڑکا تو آوارہ ہو کر ہاتھ سے پھسل گیا ہے

(c) یہ لڑکا تو آوارہ ہو کر ہاتھ سے نکل جا رہا ہے

(d) یہ لڑکا تو آوارہ ہو کر ہاتھ سے نکلا جا رہا ہے

68- میں نے تمہاری سازشوں کے بھانڈے کو پھوڑ دیا ہے

(a) میں نے تمہاری سازشوں کا بھانڈا پھوڑ دیا ہے

(b) میں نے تمہاری سازشوں کا بھانڈا توڑ دیا ہے

(c) میں نے تمہاری سازشوں کے بھانڈے سے توڑ دیا ہے

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

69- جیب کترا سپاہی کو دیکھتے ہی نو تین گیارہ ہو گیا

(a) جیب کترا سپاہی کو دیکھتے ہی تین گیارہ ہو گیا۔

(b) جیب کترا سپاہی کو دیکھتے ہی نو دس گیارہ ہو گیا۔

(c) جیب کترا سپاہی کو دیکھتے ہی تین چار پانچ ہو گیا۔

(d) جیب کترا سپاہی کو دیکھتے ہی نو دو گیارہ ہو گیا

70- منہ میں لگام دو، کیوں بکواس کیے جا رہے ہو

(a) منہ کو لگام دو، کیوں بکواس کیے جا رہے ہو۔

(b) زبان کو لگام دو، کیوں بکواس کیے جا رہے ہو۔

(c) زبان پر لگام لگاؤ کیوں بکواس کیے جا رہے ہو۔

(d) منہ پر لگام لگاؤ، کیوں بکواس کیے جا رہے ہو۔

71- اقبال نے ساری دنیا پر اپنی شاعری کے سکے بٹھا دیے ہیں

(a) اقبال نے ساری دنیا پر اپنی شاعری کا سکہ بٹھا دیا ہے

(b) اقبال نے ساری دنیا پر اپنے شعر کا سکہ بٹھا دیا ہے

(c) اقبال کی شاعری نے ساری دنیا میں اپنے سکے بٹھا دیے

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

72- آپ کو مشورہ دینا سورج کو دیا دکھانا ہے

(a) آپ کو مشورہ دینا سورج پر دیا دکھانا ہے۔

(b) آپ کو مشورہ دینا سورج کو روشنی دینا ہے۔

(c) آپ کو مشورہ دینا سورج کو چراغ دکھانا ہے۔

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

73- آج ملک کے صدر قوم سے خطاب کریں گے

(a) آج ملک کے صدر قوم سے خطاب کریں گے

(b) آج قوم کے صدر قوم سے خطاب کریں گے

(c) آج ملک کے قائم مقام صدر قوم سے خطاب کریں گے

(d) (a) اور (c)

74- پولیس قتل کے کیس کی کارروائی کل تک مکمل کرے گی

(a) پولیس کل تک قتل کے کیس کی کارروائی مکمل کرے گی

(b) پولیس قتل کے کیس کی کارروائی کل تک مکمل کرے گی

(c) کل پولیس قتل کے کیس کی کارروائی مکمل کرے گی

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

75- ہم تو در در کی مٹی چھانتے پھر رہے ہیں

(a) ہم تو دروازے کی مٹی چھانتے پھر رہے ہیں۔

(b) ہم تو در در کی گرد چھانتے پھر رہے ہیں۔

(c) ہم تو در در کی خاک ڈھونڈتے پھر رہے ہیں۔

(d) ہم تو در در کی خاک چھانتے پھر رہے ہیں

76- تم یہ نصیحتیں کر کے میرے زخموں پر نمک نہ ڈالو

(a) تم یہ نصیحتیں کر کے میرے زخموں پر نمک نہ چھڑکو

(b) تم یہ نصیحتیں کر کے میرے زخموں پر مرچ نہ ڈالو

(c) تم یہ نصیحت کر کے میرے زخم پر مرچ نہ لگاؤ

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

77- میں نے اس عبارت میں کوئی لفظ ایزاد نہیں کیا

(a) میں نے اس ابارت میں کوئی لفظ ایزاد نہیں کیا

(b) میں نے اس عبارت میں کوئی لفظ زیادہ نہیں کیا

(c) میں نے اس ابارت میں کوئی لفظ زیادہ نہیں کیا

(d) ان میں سے کوئی نہیں

78- آپ نے مجھ پر احسان کیا اس لیے میں آپ کا مشکور ہوں

(a) آپ نے مجھ پر احسان کیا لہٰذا میں آپ کا مشکور ہوں

(b) آپ نے مجھ پر احسان کیا اس لیے میں آپ کا شکر گزار ہوں

(c) آپ نے احسان کیا سو میں مشکور ہوں

(d) آپ کے احسان کے باعث میں آپ کا مشکور ہوں

79- اسلام آباد پاکستان کا دارالخلافہ ہے

(a) اسلام آباد پاکستان کا دارالسلطنت ہے

(b) اسلام آباد ہی پاکستان کا دارالخلافہ ہے

(c) اسلام آباد پاکستان کا دارالحکومت ہے

(d) پاکستان کا دارالخلافہ اسلام آباد ہے

80- تم بے کار چار پانچ کیوں کر رہے ہو

(a) تم بلاوجہ چھ سات کیوں کر رہے ہو

(b) تم بے وجہ تین چھ کیوں کر رہے ہو

(c) تم بیکار تین سات کیوں کر رہے ہو

(d) تم بیکار تین پانچ کیوں کر رہے ہو

جوابات

1	(b)	2	(a)	3	(c)	4	(a)	5	(b)
6	(b)	7	(c)	8	(a)	9	(c)	10	(d)
11	(c)	12	(b)	13	(d)	14	(b)	15	(d)
16	(a)	17	(b)	18	(c)	19	(c)	20	(b)
21	(a)	22	(c)	23	(b)	24	(c)	25	(d)
26	(a)	27	(a)	28	(d)	29	(c)	30	(c)
31	(b)	32	(c)	33	(d)	34	(a)	35	(b)
36	(a)	37	(c)	38	(a)	39	(d)	40	(b)
41	(a)	42	(a)	43	(b)	44	(c)	45	(c)
46	(b)	47	(d)	48	(b)	49	(a)	50	(c)
51	(d)	52	(c)	53	(b)	54	(b)	55	(a)
56	(b)	57	(d)	58	(b)	59	(b)	60	(a)
61	(d)	62	(b)	63	(a)	64	(d)	65	(c)
66	(c)	67	(d)	68	(a)	69	(d)	70	(b)
71	(a)	72	(c)	73	(a)	74	(b)	75	(d)
76	(a)	77	(b)	78	(b)	79	(c)	80	(d)

-31	لکھنؤ میں کس نے مرثیہ کو ترقی دی؟	میر انیس
-32	درج ذیل محاورے کے معنی بتایئے؟ تمام ہونا	ختم ہونا
-33	درج ذیل فقرے کو درست کریں۔ میر اقلم ہر اصناف سخن پر حاوی ہے۔	میر اقلم ہر صنف سخن پر حاوی ہے۔
-34	درج ذیل شعر میں مجاز مرسل، استعارہ، اور تشبیہ میں سے کیا استعمال ہوا ہے؟ ایک روشن دماغ تھا نہ رہا شہر میں اک چراغ تھا نہ رہا	استعارہ
-35	مندرجہ ذیل شعر میں تشبیہ، استعارہ اور مجاز مرسل میں سے کیا استعمال ہوا ہے؟ نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے	تشبیہ
-36	درج ذیل شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ چمن میں کس نے نگاہ ڈالی الٰہی آج جو گل کھلائی ہے گال کی ہر ایک ڈالی آج	صنعت تجنیس
-37	وہ لفظ یا الفاظ جو قافیے کے بعد آتے ہیں اور جوں کے توں دہرائے جاتے اُسے اہل زبان کس نام سے پکارتے ہیں؟	ردیف
-38	باغ و بہار کس کی تحریر کردہ داستان ہے؟	میر امن دہلوی
-39	فارسی کب تک سرکاری زبان رہی؟	1837ء تک
-40	داستان میں عام طور پر کن باتوں کا ذکر ہوتا ہے؟	مابعد الطبیعات یا ماورائی باتوں کا
-41	علامہ محمد اقبال نے کس عنوان پر پی۔ ایچ۔ ڈی کا مقالہ لکھا؟	The Development of Metaphysics in Persia
-42	"فسانہ عجائب" کس ادیب کی داستان ہے؟	رجب علی بیگ سرور
-43	ناول کی تعریف کریں؟	ناول حقیقت پسندانہ ہوتے ہیں اور انسانی زندگی کے تمام گوشوں پر محیط ہوتے ہیں۔
-44	ڈپٹی نذیر احمد کا پہلا تحریر کردہ ناول کونسا ہے؟	مراۃ العروس
-45	ڈپٹی نذیر احمد کے ناولوں کی اہم خصوصیت کیا ہے؟	مقصدیت اور آسان فہم
-46	"مولانا عبدالحلیم شرر" خواجہ حسن نظامی اور مرزا ہادی علی رسوا" .... کا تعلق اُردو کی اصناف نثر میں سے کس سے ہے؟	ناول
-47	شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کو کہا جاتا ہے مصور مشرق کن کو کہتے ہیں؟	عبدالرحمٰن چغتائی

-48	مصور غم اور طبقہ نسواں کا محسن کن کو کہا جاتا ہے؟	علامہ راشد الخیری
-49	مزاحیہ کردار" خوجی" کن کا ہے؟	سرشار
-50	"مرزا ظاہر دار بیگ اور مرزا ز بردست بیگ" ...... کن کے ناولوں کے کردار ہیں؟	ڈپٹی نذیر احمد
-51	جب تحریر و تقریر میں اصل فعل کے ساتھ کوئی دوسرا فعل آ جائے جس سے اصل فعل کے معنوں میں تھوڑا بہت تغیر پیدا ہو جائے۔ تو اُسے ...... کیا کہتے ہیں؟	امدادی فعل
-52	اُردو کا والٹر اسکاٹ کسے کہا جاتا ہے؟	مولانا عبدالحلیم شرر
-53	اُردو کی پہلی شاعرہ کا نام بتائیں؟	ماہ لقا چندا
-54	"شام اودھ" "ملک العزیز ورجینا" کس کے ناول ہیں؟	مولانا عبدالحلیم شرر
-55	"ہمدرد" کے ایڈیٹر کون تھے؟	مولانا محمد علی جوہر
-56	"بیگمات کے آنسو" کن کا تحریر کردہ ناول ہے؟	خواجہ حسن نظامی
-57	درج ذیل محاورہ کے معنی کیا ہیں؟ "آتش کا پرکالا ہونا"	بہت شرارتی ہونا
-58	علم بیان کی رُو سے مشبہ بہ کسے کہتے ہیں؟	وہ چیز جس کے ساتھ کسی دوسری چیز کو تشبیہ دی جائے۔
-59	"زوال بغداد، ایام عرب اور حسن بن صبا" ...... اُردو ادب کی کس اصناف نثر سے تعلق ظاہر ہوتا ہے؟	ناول
-60	تمام امدادی افعال، بنیادی افعال بھی ہوتے ہیں کیا یہ درست ہے؟	جی ہاں
-61	رموز اوقاف کی رُو سے درج ذیل کو درست کریں۔ قائداعظم کا فرمان: کام، کام اور کام ہمارے لیے آج بھی مشعل راہ ہے۔	قائداعظم کا فرمان "کام، کام، کام" ہمارے لیے آج بھی مشعل راہ ہے۔
-62	"فسانہ آزاد" کس کا ناول ہے؟	پنڈت رتن ناتھ سرشار
-63	مرزا ہادی علی رسوا کی قلم کی زد میں کونسا ناول آیا؟	امراؤ جان ادا
-64	منشی پریم چند کے ناولوں کا موضوع کیا ہے؟	راجپوتوں کی بہادری، دیہات کی فضا اور دیہات کے لوگوں کی ناگفتہ بہ حالت۔
-65	اردو ناولوں کا "گرنتھ صاحب" کسے کہتے ہیں؟	علی پور کا ایلی (ممتاز مفتی)
-66	"آگ کا دریا" کس کا تحریر کردہ ناول ہے؟	قرۃ العین حیدر
-67	پہلے مشہور افسانہ نگار کون تھے؟	سید سجاد حیدر یلدرم
-68	سید سجاد حیدر یلدرم کے افسانوں کا مجموعہ کس نام سے مشہور ہوا؟	خیالستان

نمبر	سوال	جواب
-69	''پریم چند اور راجندر سنگھ بیدی'' کا تعلق کس اصناف نثر سے عیاں ہوتا ہے؟	افسانہ
-70	''مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ'' کس کا تحریر کردہ افسانہ ہے؟	سید سجاد حیدر یلدرم
-71	قرۃ العین حیدر اور سید سجاد حیدر یلدرم کا آپس میں کیا تعلق ہے؟	باپ بیٹی کا
-72	احمد ندیم قاسمی، اشفاق احمد اور بانو قدسیہ کا تعلق کس صنف نثر سے ہے؟	ناول
-73	''آغا حشر کاشمیری، سید امتیاز علی تاج اور امانت لکھنوی'' کس صنف ادب کے ماہر تھے؟	ڈرامہ
-74	''انڈین شیکسپیئر'' کن کو کہا جاتا ہے؟	آغا حشر کاشمیری
-75	اردو زبان میں رموز اوقاف کا آغاز کہاں سے ہوا؟	بغداد، دمشق اور اندلس کے علماء سے۔
-76	''اذے نواب'' کس کا کردار ہے؟	ڈپٹی نذیر احمد
-77	''اندر سبھا'' کس سے منسوب ہے؟	امانت لکھنوی
-78	''مدہوش، یہودی کی لڑکی، کالی بلا'' مندرجہ بالا ڈرامے کس ادیب نے تحریر کیے؟	آغا حشر کاشمیری
-79	''انارکلی'' کن کا ڈرامہ ہے؟	سید امتیاز علی تاج
-80	سید امتیاز علی تاج کے ڈراموں کی نمایاں خصوصیت کیا ہے؟	یہ ریڈیائی ڈرامے ہیں اور اصلاحی بھی ہیں
-81	حکیم احمد شجاع، قرۃ العین حیدر، مرزا ادیب ان ادیبوں کا تعلق کس اصناف نثر سے ہے؟	ڈرامہ
-82	مولوی وحید الدین سلیم کا کونسا خاکہ زیادہ مشہور ہوا؟	''ایک وصیت کی تعمیل''
-83	ابتدائی خاکہ نگاروں میں کن کا نام آتا ہے؟	مرزا فرحت اللہ بیگ
-84	خاکہ کی تعریف کریں؟	خاکہ کسی شخص کے بارے میں ایسی تحریر کو کہا جاتا ہے جس میں نشست و برخاست عادات و اطوار پسند ناپسند کا ذکر ہوتا ہے۔
-85	مولوی نذیر احمد کا کونسا خاکہ اردو ادب میں زیادہ مشہور ہے؟	مولوی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی۔
-86	''مردم دیدہ'' کن کا خاکہ ہے؟	مولانا چراغ حسن حسرت
-87	''چند ہم عصر''، ''آنکھیں ترسیاں ہیں'' اور ''دے صورتیں الٰہی''. مندرجہ ذیل اردو کی کس اصناف نثر سے تعلق رکھتی ہیں؟	خاکہ نگاری
-88	''جناب'' کن کا خاکہ ہے؟	محمد طفیل

نمبر	سوال	جواب
	''[illegible]'' اور ''مکرم محترم آپ'' کن کے مشہور خاکے ہیں؟	محمد طفیل
	''[illegible]'' (چار جلدیں) کن کا خاکہ ہے؟	رام لعل
	درج ذیل محاورہ کے معنی کیا ہیں۔ آدمیت اٹھ جانا	سیرت و کردار کا ختم ہو جانا
	مولوی چراغ علی، مولوی سمیع اللہ اور مولوی ذکاء اللہ. ان ادیبوں کا تعلق کس صنف نثر سے ہے؟	مضمون نگاری
	اردو میں مضمون نگاری کا آغاز کس نے کیا؟	سر سید احمد خان
	تہذیب الاخلاق مشہور رسالہ کس شخصیت سے منسوب ہے؟	سر سید احمد خان
	مضمون کی نوعیت کیسی ہوتی ہے؟	عالمانہ ہوتی ہے
	حافظ محمود شیرانی، مسعود حسن رضوی اور شوکت سبزواری کا تعلق کس صنف نثر سے ہے؟	مقالہ نگاری
	انشائیے میں کن دو ادیبوں کا نام زیادہ نمایاں ہے؟	مشکور حسین یاد اور ڈاکٹر وزیر آغا
	مقالہ کیسا ہوتا ہے؟	مقالہ فاضلانہ ہوتا ہے۔
	انشائیے کی ادبی نوعیت کیسی ہوتی ہے؟	انشائیے میں مصنف کی ذات جھلکتی نظر آتی ہے۔
-10	انشائیے کی زبان کیسی ہوتی ہے؟	[illegible] کی زبان ہوتی ہے
-10	درج ذیل شعر میں استعارہ اور کنایہ میں سے کیا استعمال ہوا ہے؟ ہیں پیٹ کے بچے وہ صدف ساں موتی کی طرح نکل پڑی بات	کنایہ
-102	اردو زبان و ادب کی رو سے حروف تشبیہ کیا ہوتے ہیں؟	وہ حروف جو تشبیہ دینے کے لیے استعمال ہوتے ہیں مثلاً مانند، طرح، مثل، نظیر
-103	درج ذیل فقرات کو درست کریں۔ اس کے چہرے پر داڑھی ہے۔	اس کے چہرہ پر داڑھی ہے۔
-104	یہ خبر سن کر عوام میں غیض و غضب کی لہر دوڑ گی۔	یہ سن کر عوام میں غیظ و غضب کی لہر دوڑ گئی
-105	وہ بے تحاشہ بھاگا۔	وہ بے تحاشا بھاگا۔
-106	وہ میرا ہم عمر ہے۔	وہ میرا ہمعمر ہے۔
-107	ذرا انتظار کرو۔	ذرا انتظار کرو۔
-108	اس مقام پر ایک جنگل ہوا کرتا تھا۔	اس مقام پر ایک جنگل تھا
-109	درج ذیل شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے۔	

نمبر	سوال	جواب
ـ	"یا رب زمانہ مجھ کو مٹاتا ہے کس لیے" ہر شخص مجھکو آنکھ دکھاتا ہے کس لیے	صنعت تضمین
-110	"خوشبو" کس شاعرہ کا مجموعہ کلام ہے؟	پروین شاکر
-111	درج ذیل شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی	صنعت حسن تعلیل
-112	"باپ کا گناہ" کس کا اردو ادب میں ایک مشہور ڈرامہ ہے؟	حکیم احمد شجاع
-113	"جماعت مجاہدین" کس کا خاکہ ہے؟	مولانا غلام رسول مہر
-114	پطرس بخاری، فرحت اللہ بیگ اور مولانا رشید احمد صدیقی کس ایک میدان کے شاہسوار ہیں؟	طنز و مزاح
-115	حیات سعدی، یادگار غالب، حیات جاوید: یہ کس کی لکھی ہوئی کتب ہیں؟	مولانا الطاف حسین حالی
-11	"ذکر اقبال" کے مصنف کون ہیں؟	مولانا عبدالمجید سالک
-11	"ابن الوقت" کس نے تحریر کیا؟	ڈپٹی نذیر احمد
-118	مشتاق احمد یوسفی، کرنل محمد خان اور شفیق الرحمن میں قدر مشترک کیا ہے؟	طنز و مزاح (مزاح نگار)
-119	مولانا ظفر علی خان، مولانا حالی اور محسن کاکوروی کس صنف ادب میں مشہور ہوئے؟	نعت
-120	"مناجات" اصناف نظم میں ان کا موضوع کیا ہے؟	ایسی نظم جس میں بندہ خدا تعالیٰ سے رسول اللہ کے واسطے سے مانگے۔
-121	"منقبت" اصناف نظم میں کیا چیز ہے؟	جس میں صحابہ کرامؓ اور بزرگان دین کی تعریف ہو۔
-122	"حمد" کیا ہے؟	ایسی نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف ہو۔
-123	جوش ملیسانی، عرش ملیسانی اور ہری چند اختر کس ایک کام کی وجہ سے زیادہ مشہور ہوئے؟	نعت گوئی
-124	"قصیدہ" اردو اصناف نظم میں کیا ہے؟	ایسی صنف نظم جس میں کسی کی تعریف میں ایڑی چوٹی کا زور لگایا جاتا ہے۔
-125	امیر مینائی اور ماہر القادری کا نام صنف نظم کے حوالے سے کہاں آتا ہے؟	نعت گوئی
-126	"خاقانی ہند" کس کا لقب ہے؟	ذوق
-127	"ارے نچوا میر اقلم تو لینا میں ذرا اس کی خبر تو لوں یہ مجھے کیا سمجھتا ہے۔" کس ادیب کا قول ہے؟	سودا

نمبر	سوال	جواب
-12	"شکر کریں کہ آپ انگریزی عملداری میں ہیں اگر مغلوں کا زمانہ ہوتا تو آپ کے ہاتھ پاؤں قلم کر دیے جاتے۔" اس کے بعد کس قلم نگار نے اپنے قلم کی نوک دھیمی کر لی؟	پریم چند

رموز اوقاف کی رو سے درج ذیل فقرات کو درست کریں

نمبر	سوال	جواب
-12	قائداعظم کا "فرمان ایمان، اتحاد، تنظیم ہمارے لیے آج بھی مشعل راہ ہے۔"	قائداعظم کا فرمان: "ایمان، اتحاد اور تنظیم" ہمارے لیے آج بھی مشعل راہ ہے۔
-13	باپ نے بیٹے سے کہا بیٹا! محنت کرو، محنت کا اجر بہرحال ملتا ہے۔"	باپ نے بیٹے سے کہا: محنت کرو، محنت کا اجر بہرحال ملتا ہے۔"
-13	"ہائیکو" اردو نظم میں کس چیز کو کہتے ہیں؟	یہ جاپانی صنف نظم ہے اس میں تین مصرعے ہوتے ہیں۔
-132	"مرثیہ" کسے کہتے ہیں؟	ایسی صنف نظم جس میں شاعر کسی مرنے والے کی بہت تعریف کرتا ہے۔
-133	مکتوب نگاری میں اہم ترین نام کس کا ہے؟	مرزا غالب کا
-134	بیگم اختر ریاض الدین، مولانا شبلی نعمانی اور ابن انشا: ان تینوں میں کون سی چیز مشترک ہے؟	سفرنامہ
-135	یوسف خان کمبل پوش نے کونسا سفرنامہ تحریر کیا؟	عجائبات فرنگ
-136	"گل رعنا، شعر الہند اور شعر العجم" ان کا تعلق اصناف نثر کی کس قسم سے ہے؟	تنقید نگاری
-137	"جہان دانش" کے مصنف کون ہیں؟	احسان دانش
-138	"کالا پانی" کس کی خودنوشت ہے؟	مولانا محمد جعفر تھانیسری
-139	"یادوں کی برات، شہاب نامہ اور میرا افسانہ" ان کا تعلق اردو ادب کی کس صنف نثر سے ہے؟	خودنوشت
-140	مولانا حسرت موہانی نے کونسی خودنوشت تحریر کی؟	قید فرنگ
-141	مولانا عبدالمجید سالک، مولانا حالی اور مولانا شبلی نعمانی۔ ان تینوں میں قدر مشترک کیا ہے؟	سوانح عمری
-142	رضوی ادیب اور ابواللیث صدیقی میں کیا جز مشترک ہے؟	انشائیہ نگاری
-143	استعارہ حقیقی ہوتا ہے یا مجازی؟	مجازی

نمبر	سوال	جواب
-144	نظم معریٰ کیا ہے؟	اس میں وزن اور بحر کی پابندی ہوتی ہے مگر قافیہ اور ردیف کی پابندی نہیں کی جاتی۔
-145	ایسی نظم جس کے مصرعے کو چھوٹا بڑا کیا جا سکے ... اُسے کیا کہتے ہیں؟	آزاد نظم
-146	نواب وقار الملک، نواب محسن الملک اور مولوی ذکاء اللہ میں کیا قدر مشترک ہے؟	مضمون نگاری
-147	"گڈریا" کے خالق کا نام بتائیں؟	اشفاق احمد
-148	"چند ہم عصر" کس کی تحریر ہے؟	مولوی عبدالحق (خاکے)
-149	"لہو اور قالین" "فصیل شب" ڈرامے کس نے تحریر کیے؟	مرزا ادیب
-150	"رستم سہراب" "کالی بلا" اور "سفید خون" ان کا تعلق اردو ادب کی کس صنف سے ہے؟	ڈرامہ نگاری
-151	اگر ہوتا وہ مجذوب فرنگی اس زمانے میں تو اقبال اس کو بتاتا کہ مقام کبریا کیا ہے۔ علامہ محمد اقبال نے یہ شعر کس کے بارے میں کہا تھا۔	نطشے
-152	"کلیم" "سیم اور ... اندیش" کس شخصیت کے ناولوں کے اہم کردار ہیں۔	ڈپٹی نذیر احمد
-153	"فسانہ مبتلا" کس کا مشہور ناول ہے؟	ڈپٹی نذیر احمد
-154	بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا ... کون سی صنعت ہوگی۔	صنعت مبالغہ
-155	"لاہور کا جغرافیہ" کس ادیب کا مشہور مضمون ہے؟	احمد شاہ پطرس بخاری
-156	درج ذیل محاورے کے معنی کیا ہیں۔ "پتھر کی لکیر ہونا"؟	پکی بات کرنا
-157	علم بیان کی رو سے ارکان تشبیہ کتنے ہیں؟	ارکان تشبیہ پانچ ہیں۔
-158	دلی زبان کا خصوصی اسلوب بیان کرتے ہوئے درج ذیل روز مرہ کو درست کریں۔ "ناوقت کھانا نہ کھاؤ"	بے وقت کھانا نہ کھاؤ۔
-159	"پادنی" اردو میں کس کو کہتے ہیں؟	آدمی کو
-160	درج ذیل ترکیب کے معانی کیا ہیں "کنکھی چتون کرنا"؟	ترچھی نظر کرکے دیکھنا
-161	مرکب ... کی رو سے کن دو حروف کا ایک ساتھ ملنا غلط ہے؟	ہندی حروف کا عربی فارسی کے ساتھ۔
-162	"مہ طلعت" کیا ہے؟	محبوب جس کا دیدار چاند کی طرح ہو
-163	اہل نحو کی رو سے "ڈالنا" سے فقرہ بنائیے؟	اس نے مجھ سے ہر نو کا حق توڑ ڈالا ہے۔
-164	یہ شعر کس کا ہے۔ پھونکا ہے کس نے گوش محبت میں اے خدا افسون انتظار، تمنا کہیں جسے	غالب

نمبر	سوال	جواب
-165	درج ذیل محاورہ کے معنی بتائیے۔ "پاؤں پھیلانا"	لالچ کرنا
-166	وہ صنعت جس میں دو الفاظ ہوں لیکن معنی مختلف ہوں۔ وہ کونسی صنعت ہوگی۔	صنعت تجنیس
-167	"اندر سبھا" کس کا ڈرامہ ہے؟	امانت لکھنوی
-168	"المامون" کس کی مشہور کتاب ہے؟	شبلی نعمانی
-169	احمد ندیم قاسمی، اشفاق احمد اور بانو قدسیہ: کس صنعت نثر کا خاکہ ذہن پر ابھرتا ہے؟	افسانہ
-170	"توبۃ النصوح" کس کا ناول؟	ڈپٹی نذیر احمد
-171	"کسالت" کے معنی لکھیں؟	کاہلی
-172	"نرگس" اردو زبان میں کس کو کہتے ہیں؟	گدھ کو
-173	"فیچ" کس بات کی علامت ہے؟	ظاہر و باطن میں تضاد کی
-174	"کاستیا" کس کو کہتے ہیں۔	درانتی
-175	"قیس" کس کا نام تھا۔	مجنوں کا نام جو لیلیٰ پر عاشق تھا
-176	"قید محض" کس قید کو کہتے ہیں؟	ایسی قید جو با مشقت ہو
-177	"قیرگوں" کن لوگوں کو کہا جاتا ہے؟	سیاہ فام لوگوں کو
-178	"کاتک" ہندی سال کا کونسا ماہ ہے؟	ساتواں ماہ
-179	"سر پر کفن باندھنا" سے کیا مطلب ہے؟	ہر وقت جان دینے کو تیار رہنا
-180	درج ذیل ترکیب کا معنی کیا ہے؟ "سرنام کرنا"	مشہور کرنا
-181	"دست صبا" کے خالق کون ہیں؟	فیض احمد فیض
-182	ہری سنگھ نے اردو نظم کے حوالے سے کونسی کتاب لکھی؟	بزم عشرت
-183	مسعود حسن، محمد عاشق اور ماجد علی ماجد .... کا تعلق اردو ادب کی کس صنف سے ہے؟	نظم
-184	"تیسری دنیا کے چاند" ... کن کا تحریر کردہ افسانہ ہے؟	یوسف چوہدری
-185	وقار عظیم کی کس مشہور کتاب کا نام بتائیں؟	داستان سے افسانے تک
-186	"شہر افسوس" کس کا افسانہ ہے؟	انتظار حسین
-187	"کلیات بیدی" کے خالق کا نام بتائیں؟	راجندر سنگھ بیدی
-188	"قلعہ کہانی" کا تعلق اصناف نثر میں سے کس سے ہے؟	افسانہ
-189	"ہوا کے نام" ... ایک مشہور افسانہ ہے۔ افسانہ نگار کا نام تحریر کریں؟	بانو قدسیہ
-190	مرزا ادیب نے کونسا مشہور افسانہ تحریر کیا؟	صحرا نورد کے رومان

محاورات، ضرب الامثال و مشکل الفاظ

(آ)

1- "آ بلا گلے پڑ، نہیں پڑتی تو بھی پڑ" اس ضرب المثل سے کیا مراد ہے؟
(a) خواہ مخواہ لڑائی مول لینا
(b) بلا وجہ کسی سے دوستی بڑھانا
(c) مصیبت کا اچانک آنا (d) وبا پھیلنا

2- "آ بے سونے تیری باری، کان چھوڑ کنپٹی ماری" اس ضرب المثل سے کیا مراد ہے؟
(a) کسی کام میں کامیاب ہونا
(b) کسی کام میں لگاتار ناکام ہو کر آخری تدبیر کرنا
(c) بلا وجہ دوستوں سے جھگڑنا
(d) فضول بحث

3- "آب آب کر مر گئے سرہانے دھرا رہا پانی" اس ضرب المثل سے کیا مراد ہے؟
(a) مادری زبان پر دوسری زبان کو ترجیح دینے کی خرابی۔
(b) پانی کی وافر مقدار ہوتے ہوئے پیاسا رہنا۔
(c) کسی خاص بیماری کی وجہ سے پانی کا نہ پینا۔
(d) پانی کا ضائع ہونا۔

4- "آب آب کرنا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) شرمندہ کرنا (b) غصہ دلانا
(c) آپے سے باہر ہونا (d) بہت خوش ہونا

5- "آب آتش رنگ" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) خون کے آنسو (b) پانی کا سرخ ہونا
(c) سونے کی نسبت (d) بہت غصہ ور ہونا۔

6- "آب آورد" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بہت کوشش کرنا (b) آخرت کا پھل
(c) شرمندگی (d) عزت کا پامال ہونا۔

7- "آب آہن" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) شفاف (b) لوہے کی چمک
(c) لوہے کی گرماہٹ (d) لوہے کی سختی۔

8- "آب آئینہ" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) شرمندہ ہونا (b) عزت پر حرف آنا
(c) کسی کی طرف اشارہ کرنا (d) آئینے کی صفائی یا چمک

9- "آب آسیا"
(a) دریائے نیل کا پانی
(b) وہ پانی جس کے زور سے پن چکی چلتی ہے
(c) شدید گرم پانی (d) سرخ رنگ کا پانی

10- "آب حیات" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) وہ پانی جس کے پینے سے نیند نہیں آتی
(b) جس کے پینے سے موت نہیں آتی
(c) خاص پانی سے تیار کردہ محلول جو نشہ آور ہوتا ہے
(d) کیمیائی پانی

11- "آب زلال" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) صاف شفاف پانی (b) گدلا پانی
(c) ابلا ہوا پانی
(d) دواؤں سے جوش دیا ہوا پانی

12- "آب مٹ جانا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) عزت جاتے رہنا (b) آب و تاب جانا
(c) شرمندہ ہونا (d) تنگ دست ہونا

13- "آبرو سے ہیں" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) اچھی صورت میں ہونا (b) عزت سے ہونا
(c) عزت کا لحاظ رکھنا (d) a اور b

14- "آبلہ ڈالنا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) تکلیف دینا (b) چھالے کا اٹھنا
(c) چھالے میں رطوبت کا بھرنا
(d) چھالے میں خراش ہونا

15- "آئی سر اپنے چھوڑ پرائی آس" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) مصیبت میں اپنے دوستوں سے امید نہ رکھنا
(b) ہمیشہ مصیبت میں دوسروں پر انحصار کرنا

(c) ہمیشہ آباؤ اجداد کی ساکھ پر زندہ رہنا
(d) شرمندگی اٹھانا

16- "آپ روپ مہاروپ" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) خدا کا روپ سب سے اعلیٰ ہے
(b) بہت خوبصورت ہونا
(c) شاہ خرچ ہونا
(d) ہر وقت خوش و خرم رہنا

17- "آپ سے اچھا خدا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) اپنی ذات سے زیادہ عزیز سوائے خدا کے کوئی نہیں
(b) آپ سے بڑھ کر خدا کی ذات ہے
(c) a اور b (d) ان میں سے کوئی نہیں

18- "آپ سے بے آپ ہونا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) غصہ میں ہونا (b) بے خود ہونا
(c) بہت خوش ہونا (d) a اور b

19- "آپ سے چلنا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بے خود ہو جانا (b) بہت تیز چلنا
(c) بہت آہستہ چلنا (d) خود سے ڈرنا

20- "آپ کا نوکر ہوں بینگنوں کا نوکر نہیں ہوں" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) کسی کی ہاں میں ہاں ملانا
(b) کسی کو طنزاً اشارہ کرنا
(c) غرور و تکبر ہونا
(d) عاجزی و انکساری سے بھرپور ہونا

21- "آپ کھائے بلی کو بتائے" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بہت زیادہ کھانا کھانا
(b) اپنی غلطی دوسروں کے سر لگانا
(c) کسی کا الزام اپنے سر لینا
(d) کسی سے کوئی تعلق یا واسطہ نہ ہونا

22- "آپ نے تو مجھے مول لے لیا ہے" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) کسی پر بہت بڑا احسان کرنا
(b) کسی کو قیمتاً خرید لینا
(c) شرمندگی اٹھانا
(d) اپنا غصہ دوسروں پر اتارنا

23- "آپ ہی بی بی آپ ہی باندی" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) وہ خاتون جو سارے گھر کا کام خود کرتی ہے
(b) نوکر کیا اور نخرہ کیا
(c) غلامی کی زندگی بسر کرنا (d) ظلم و تشدد کی حد ہونا

24- "آتش کا پرکالا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) آگ کا ٹکڑا (b) چالاک
(c) ہوشیار و شوخ (d) سبھی

25- "آتما ٹھنڈی کرنا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بھوکے کا پیٹ بھرنا
(b) آسائش کی زندگی بسر کرنا
(c) بدلہ لینا (d) بہت خوش ہونا

26- "آتما کی آنچ" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بچوں کی محبت (b) والدین کی محبت
(c) دوستوں کی محبت (d) خود غرضی

27- "آتما میں آگ لگی ہے" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بہت بھوک لگنا
(b) محبت کی آگ کی شدت
(c) روح کا بے چین ہونا (d) a اور b

28- "آتی ہے ہاتھی کے پاؤں اور جاتی ہے چیونٹی کے پاؤں" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بیماری (b) سانس کا تیز چلنا
(c) پسینے کا جلدی خشک ہونا (d) ان میں سے کوئی نہیں

29- "آج کے بنئے کل کے سیٹھ" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) انقلاب زمانہ
(b) حالات کا یکسر بدل جانا
(c) کنجوسی کی انتہا ہونا (d) a اور b

30- "آخر اپنی اصالت پر گیا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) کمینگی کو نہ چھوڑنا (b) خون کا اثر ظاہر ہونا
(c) اچھا جوہر دکھانا (d) شرافت سے [illegible]

31- ''آدم صحرائی'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) جنگلی آدمی (b) وحشی آدمی
(c) شریف آدمی (d) a اور b

32- ''آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) سب آدمی ایک جیسے نہیں ہوتے
(b) سخت جان آدمی
(c) سفر سے تھکا ہوا آدمی (d) مالدار آدمی

33- ''آدمی کے جامے میں آنا'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) شریف بننا (b) اچھا طریقہ اختیار کرنا
(c) اچھا لباس پہننا (d) a اور b

34- ''آدھ سیر آٹے سے لگ جانا'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) کنجوسی کرنا (b) بہت تنگی ہونا
(c) روزی کمانے لگنا (d) بہت کمزور ہو جانا

35- ''آدھے تاشی قد داوہ آدھے باوا آدم'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) اوباش کا زیادہ ہونا (b) بہت پڑھے لکھے ہونا
(c) درویشی کی زندگی بسر کرنا (d) زہد و ریاضت کرنا

36- ''آرزوئے خام'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) خیال خام (b) تلخ تجربہ
(c) خواہش کا مکمل ہونا
(d) خواہش کا دل سے اتر جانا

37- ''آڑھی ترچھی سنانا'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) کسی کو برا بھلا کہنا (b) برا بھلا سننا
(c) کام کا ترتیب سے نہ کرنا (d) ہمیشہ غلط راستہ اپنانا

38- ''آس چھوٹنا'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) ناامید ہونا (b) مایوس ہونا
(c) بھروسہ رکھنا (d) a اور b

39- ''آس پاس برسے دلی پڑی ترسے'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بارش کا بہت زیادہ ہونا (b) خوشحال ہونا
(c) اغیار فائدہ اٹھائیں اور حق دار محروم رہیں (d) خشک سالی ہونا

40- ''آسمان اور زمین شق کیوں نہیں ہو جاتے'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) قیامت کیوں نہیں آ جاتی
(b) گرمی کا بہت زیادہ ہونا
(c) زلزلے کا آنا (d) شدت کا سیلاب آنا

41- ''آسن ڈگانا'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) عبادت کی بیٹھک سے اٹھا دینا
(b) نیت میں فرق ڈالنا
(c) رات گزارنا (d) a اور b

42- ''آشفتہ سری'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) دیوانگی (b) جنون
(c) پاگل پن (d) سبھی

43- ''آشفتہ بیانی'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) فضول باتیں کرنے والا (b) یادداشت کا تجربہ
(c) یادداشت کا جاتے رہنا (d) بیان میں جذبات کا اظہار

44- ''آشوب زمانہ'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) روزگار (b) زمانے کا فتنہ
(c) زمانہ (d) سبھی

45- ''آغوش لبریز ہونا'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) گود میں آنا (b) گود پھیلانا
(c) گود کا بھرا ہونا
(d) چین کی حالت میں ہونا

46- ''آفتاب آمد دلیل آفتاب'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) ظاہر بات کے ثبوت کی ضرورت نہیں
(b) کسی چیز کو دلائل سے ثابت کرنا
(c) بحث کرنا
(d) کسی چیز کا سمجھ میں نہ آنا

47- ''آگ بن دھواں کہاں'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) کسی امر کیلئے وجہ کا ہونا (b) آگ کا بہت تیز ہونا
(c) غصے سے بھڑک اٹھنا (d) رشک کرنا

48- ''آگ جوڑنا'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) آگ سلگانا (b) عداوت رکھنا
(c) حسد کرنا (d) بلاوجہ جھگڑنا

49- ''آگے ہاتھ پیچھے پات'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بہت غریب ہونا (b) بہت امیر ہونا
(c) سردی لگنا
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

50- ''آگے کنواں پیچھے کھائی'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) دونوں طرف سے خطرہ
(b) کام کرنے میں بھی خرابی اور نہ کرنے میں بھی
(c) اپنی وجہ سے دوسروں کی دشمنی مول لینا
(d) a اور b

51- ''آلتی پالتی مارنا'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) چوکڑی مار کر بیٹھنا
(b) اِدھر اُدھر کی باتیں مارنا
(c) کاہل آدمی (d) پھرتیلا آدمی

52- ''آن کا مہمان'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) دنیا سے جلد رخصت ہونا (b) بہت اہم مہمان کا آنا
(c) مستقل مہمان بننا
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

53- ''آن تان میں پورا ہونا'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) شان و شوکت میں کامل ہونا
(b) وضع دار ہونا
(c) شوخ و چنچل ہونا (d) a اور b

54- ''آنچل میں بات باندھنا'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بات پلے باندھنا
(b) کسی کی بات کو اہمیت نہ دینا
(c) کسی کو رسوا کرنا (d) خوشامد کرنا

55- ''آنسوؤں سے منہ دھونا'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) زار و قطار رونا
(b) پانی کا وافر استعمال کرنا
(c) شرمندہ ہونا
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

56- ''آنکھ موند کر کام کرنا'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بلا تدبیر کوئی کام کرنا
(b) آنکھ بند کر کے کام کرنا
(c) آرام کرنا (d) موت کا آنا

57- ''آنکھوں کے ناخن لو'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) غفلت دور کرنا
(b) بہت احتیاط سے کسی کام کو کرنا
(c) آنکھیں خراب ہونا (d) a اور b

(ا)

58- ''اپنا اپنا لبنا ہے'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) اپنا لباس خوبصورت لگتا ہے
(b) کسی عورت کا زیور
(c) قسمت اپنی اپنی
(d) اپنا کام جو اپنے زور بازو سے کیا جائے

59- ''اپنی اپنی گور اپنی اپنی منزل'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) کوئی کسی کا ساتھ نہیں دیتا
(b) ہر ایک کے نیک و بد اعمال اس کی اپنی ذات سے تعلق رکھتے ہیں
(c) مشکل وقت میں سبھی ساتھ چھوڑ جاتے ہیں
(d) a اور b

60- ''اتاولی'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) جلدی، عجلت (b) جلد بازی
(c) لالچی (d) a اور b

61- ''اثاث البیت'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) اسباب خانہ داری (b) منقولہ جائیداد
(c) گھر کا سامان (d) سبھی

62- ''اجگر کے داتا رام'' اس سے کیا مراد ہے؟
(a) جو چلنے پھرنے سے اور کام کرنے سے معذور ہیں ان کو بھی اللہ روزی دیتا ہے

(b) کاہل کو بھی اللہ روزی دیتا ہے
(c) تنگدست (d) a اور b

63- "اجڑے گھر کا بلینڈا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) جہاں سارا گھر تباہ ہو جائے اور ایک نکما آدمی رہ جائے
(b) اجڑے گھر کی اشیاء
(c) مختلف اشیاء کا بکھرے ہونا
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

64- "اچکی ہوئی تقدیر" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) خوش قسمت (b) بلند تقدیر
(c) مفلس (d) a اور b

65- "اراضی معافی" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) وہ زمین جس کی مال گزاری معاف ہو
(b) نئی کاشت کی زمین
(c) سرکاری زمین
(d) وہ زمین جو دریا کی طغیانی میں دب گئی ہو

66- "اوروی بہشت" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) ایرانیوں کا دوسرا مہینہ (b) بہشت کی حور
(c) بہشتی میوہ (d) جنت کی مانند

67- "ارکان ادا کرنا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) اولاد کی طرف فرائض کی ادائیگی
(b) ماں باپ کی طرف سے فرائض کی ادائیگی
(c) عبادت کو اصول و قواعد کے مطابق پورا کرنا
(d) حقوق العباد پر عمل کرنا

68- "ارکان ادا ہونا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) کسی کام کے لوازمات کا پورے ہو جانا
(b) عبادت کرنا
(c) حقوق العباد کی ادائیگی (d) کام میں سستی

69- "اریب کی چال" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) دغا و فریب کی بات (b) ٹیڑھی چال
(c) حقائق سے بھری ہوئی بات
(d) a اور b

70- "ازان گھائی بتانا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) دغا دینا (b) بہکانا
(c) خوشامد کرنا (d) a اور b

71- "اڑس لینا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) داخل کر لینا (b) باہر نکالنا
(c) لٹک جانا (d) گھڑنا

72- "اڑھائی ہاتھ کی ککڑی نو ہاتھ کا بیج" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بچہ شرارت میں ماں سے بھی بڑھا ہوا ہے
(b) کسی کام کا تیزی سے ہونا
(c) شرافت سے بھرپور ہونا (d) مصیبت میں

73- "ازالہ حیثیت عرفی" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) عزت میں خلل ڈالنا (b) شہرت عام بگاڑنا
(c) کسی کو الٹے نام سے پکارنا
(d) a اور b

74- "اژدھے کے منہ میں ہاتھ ڈالنا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) خطرناک کام کرنا
(b) نہایت ضرر رساں شخص کو چھیڑنا
(c) مشکل میں ہونا (d) a اور b

75- "اس کو چیل کوؤں کو دو" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) غصہ میں عورتوں کا کوسنا (b) گوشت کا تقسیم کرنا
(c) صدقہ کرنا (d) کسی کو بددعا دینا

76- "اُشلک" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) تہمت (b) بہتان
(c) شیر (d) a اور b

77- "الٹ کیرا کروٹ نہ لینا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) خبر نہ لینا (b) انتہا کی غفلت کرنا
(c) سوتے میں الٹ پلٹ ہونا (d) a اور b

78- "الٹے کانٹے تولنا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) حق ناحق (b) کم تولنا
(c) بری قسمت (d) الٹا ماتھا

79- "الٹے ملک کے ہو" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) احمق ہونا (b) ذلیل و رسوا ہونا
(c) پشت کی طرف چلنا (d) آگے چلنا

-80 "الٹی مالا پھیرنا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) خلاف دستور کام کرنا (b) الٹی باتیں کرنا
(c) کسی کی ہلاکت کے لیے کچھ پڑھنا
(d) سارے

-81 "اللہ توکل کارخانہ ہے" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) توکل پر بسر اوقات (b) کسی کی مدد نہیں
(c) بے پرواہ (d) سبھی

-82 "اللہ کی سنوار" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) ڈانٹ کا کلمہ (b) اعتراض
(c) بددعا (d) سبھی

-83 "اللہ کے بڑے بڑے ہاتھ ہیں" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) رحمت وسیع ہے
(b) ناامیدی کا کسی انسان سے تعلق چھوڑنا
(c) بیماری میں دعا کرنا
(d) اللہ کی راہ میں خیرات کرنا

-84 "الو کی دم فاختہ" سے کیا مراد ہے؟
(a) نہایت بے وقوف (b) نہایت چالاک
(c) نہایت سست (d) نہایت عقل مند

-85 "الو ماں کا خبطی بیٹا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بیوقوف ماں کا احمق بیٹا
(b) احمق پن کا موروثی ہونا
(c) بہت کنجوس ہونا (d) a اور b

-86 "ام العلوم" سے کیا مراد ہے؟
(a) علم نحو (b) علم صرف
(c) تاریخ نویسی (d) جغرافیہ

-87 "امشب" سے کیا مراد ہے؟
(a) آج کی رات (b) اس رات
(c) بہت اندھیری رات (d) a اور b

-88 "انتفاع" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) فائدہ اٹھانا (b) آمدنی حاصل کرنا
(c) بہت زیادہ خرچ کرنا (d) a اور b

89- "اندھا دربار" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) ظلم و تشدد کا دور
(b) اندھے بادشاہ کی حکومت
(c) پرانا دربار (d) بے دریغ خرچ کرنا

90- "اندھا مولا ٹوٹی مسجد" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) ناقص کو ہر چیز ناقص ملتی ہے
(b) ویران مسجد
(c) زیر تعمیر مسجد (d) مسجد کا اندھا امام

91- "انڈے بول میں بچے مجبور میں" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بدانتظامی (b) نااہلیت
(c) اپنے گھر سے دور ہونا (d) a اور b

92- "انڈے کا شہزادہ" اس سے کیا مراد ہو؟
(a) وہ شخص جو گھر سے باہر نہ نکلا ہے
(b) ناتجربہ کار
(c) ناواقف (d) سبھی

93- "انڈے اڑانا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) جھوٹ بولنا (b) چوری کرنا
(c) بہت زیادہ انڈے کھانا (d) انڈے کا خراب ہونا

94- "انگشت نمائی" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بدنامی (b) رسوائی
(c) حسرت زدہ (d) a اور b

95- "انگلیاں کانوں میں دینا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بیزاری کا اظہار کرنا (b) حیرت کا اظہار کرنا
(c) خوشی کا اظہار کرنا (d) افسوس کا اظہار کرنا

96- "اوپری اوپر" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بالا بالا (b) الگ ہی الگ
(c) پوشیدہ (d) سبھی

97- "اوچھے کی پیت بالو کی بھیت" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) کم ظرف کی دوستی کا اعتبار نہیں (b) شوخ

چنچل ہونا

(c) نازیبا باتیں کرنا (d) مصیبت میں ہونا

98- "اوکھلی میں سر دینا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) خود ہلاکت میں پڑنا (b) خطرہ میں پڑنا

(c) بے موقع آمد (d) a اور b

99- "البیلے گیلے" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) غرور اور ناز و انداز کی چال

(b) کسی کام کیلئے تیار رہنا

(c) بربادی (d) ہلاکت

100- "ایک ایک گھڑی بھاری" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) ایک ایک لمحہ مشکل سے گزارنا

(b) وقت کا تیزی سے گزرنا

(c) وقت کا رک جانا

(d) انتظار کرنا

101- "ایک جان ہے چاہے خدا لے چاہے بندہ" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) مشکل کام کرتے وقت جان کی پرواہ نہ کرنا

(b) کسی کی محبت میں جان دینا

(c) تمام دنیا کی مصیبت کو گلے لگانا

(d) ہر وقت موت کیلئے تیار رہنا

102- "ایک مرغی نو جگہ حلال نہیں ہوتی" سے کیا مراد ہے؟

(a) کسی چیز کا مہنگے ہونا

(b) تمام لوگوں کو ایک جیسا فائدہ نہیں ہو سکتا

(c) ایک چیز بہت سے طلب گاروں میں نہیں بانٹی جا سکتی

(d) ضرورت کا پورا ہونا

(ب)

103- "بات آگے آنا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) کہی ہوئی بات کا پورا ہونا

(b) تجربہ کرنا

(c) کسی بات کو یاد رکھنا

(d) حقیقت کا کھل کر سامنے آنا

104- "بات بدلی سا کھ بدلی" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) وعدہ خلافی سے اعتبار کا جانا

(b) بات میں فرق آنے سے بے اعتباری کا اظہار ہونا

(c) کام کا بگڑنا (d) a اور b

105- "بات کی جڑ پوچھنا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) بال کی کھال نکالنا (b) حقیقت کا نہ ملنا

(c) بات کو اونچی آواز سے پیش کرنا

(d) اچانک کسی راز کا افشاں ہونا

106- "بات جھنڈے پر چڑھانا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) کسی بری بات کا مشہور کرنا

(b) کسی کی بے عزتی کرنا

(c) اپنی طرف سے بات کو بڑھانا

(d) a اور b

107- "بات کھولنا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) راز کھلنا (b) صحیح بات کا پتا لگنا

(c) نصیحت کرنا (d) a اور b

108- "بات کی جان" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) اصل بات (b) حقیقت پہنچی واقعہ

(c) بات کا مشکوک ہونا (d) a اور b

109- "بات میں قند گھولنا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) ہنسی مزاح سے باتیں پر لطف بنانا

(b) نقطہ چینی کرنا

(c) شرارت کا اظہار کرنا (d) سبھی

110- "بادشاہوں اور دریاؤں کا پھیر کس نے پایا ہے" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) بادشاہوں کے خیالات یک سر بدل جاتے ہیں

(b) بڑے لوگوں کی باتیں بڑے ہی جانیں

(c) بادشاہوں کے ہاں گدا گر مہمان نہیں ہوتے

(d) بادشاہوں سے متعلق بادشاہ ہی ہوتے ہیں

111- "بادلا منہ دھے سے نیم نہیں چھپتا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) صورت بدلنے سے سیرت نہیں بدلتی

(b) آسمان کا بادلوں سے صاف ہونا

(c) بادل کا آسمان پر پھیل جانا

(d) بہت زور کی گھٹا چھا جانا

112- "بازدعویٰ" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) دعویٰ سے دستبردار ہونا (b) بار بار دعویٰ کرنا

(c) بازودعویٰ (d) بازیافت

113- "بازار ناپنا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) آوارہ پھرنا

(b) بغیر کسی مقصد کے بازار کے چکر لگانا

(c) بازار کی پیمائش کرنا (d) a اور b

114- "بازودعویٰ" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) بیوی کو ساتھ رکھنے کیلئے عدالت میں دعویٰ کرنا

(b) عورت کا تاوان

(c) مدد دینا (d) سبھی

115- "باسی بچے نہ کتا کھائے" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) بے حد غربت و افلاس میں ہونا

(b) جتنی آمدنی اتنا خرچ

(c) کسی چیز کا اچانک ضائع ہو جانا

(d) a اور b

116- "باسی بھات میں اللہ میاں کا نبوڑا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) ناقص چیز میں احسان کیا جتانا

(b) باسی چیز کسی کو کھانے کو دینا

(c) کسی چیز کا زیادہ جمع کرنا

(d) اپنی آمدنی سے زیادہ خرچ کرنا

117- "بھرے رذیل اور بھوکے اشراف سے ڈرنا چاہیے" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) شریف بھوک کی حالت میں اور رذیل غصے کی حالت میں خطرناک ہوتا ہے

(b) غریب آدمی کی بد دعا سے ڈرنا چاہیے

(c) امیر آدمی کے ظلم سے ڈرنا چاہیے

(d) ہر وقت خوف خدا رکھنا چاہیے

118- "بدر کے بعد ہلال ہے" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) کمال کے بعد زوال ہے

(b) ترقی کے بعد تنزلی ہے

(c) شہرت کا ہمیشہ رہنا (d) a اور b

119- "برسات کھا جانا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) برسات کا اثر قبول کرنا (b) برکھا رُت

(c) بارش کا طول پکڑنا (d) ناپائیدار چیز

120- "بزاخفش (اخفش کا بکرا)" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) بلا سوچے سمجھے کسی کی ہاں میں ہاں ملانا

(b) بے وقوف نا سمجھ

(c) بزدل (d) a اور b

121- "بزرگوں کا ٹھیکرا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) موروثی جائیداد (b) بزرگوں کی بیٹھک

(c) عظمت و شرافت (d) بزرگوں کے لائق

122- "بسم اللہ کا طغرا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) خوش نویسی کا بسم اللہ اس طرح لکھنا کہ خاص شکل بن جائے

(b) کسی چیز پر بسم اللہ کا لکھنا

(c) گنبد پر بسم اللہ کا ہونا

(d) بادشاہ کے چوغ پر بسم اللہ کا لکھنا

123- "بسم اللہ کا گنبد" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) جائے پناہ (b) مقام امن

(c) ابتدائی منزل (d) سبھی

124- "بسم اللہ کے گنبد میں بیٹھنا" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) سلامتی کی جگہ میں بیٹھنا

(b) امن و امان میں رہنا

(c) نا تجربہ کار ہونا (d) سبھی

125- "بسم اللہ سے تمت تک" اس سے کیا مراد ہے؟

(a) شروع سے آخر تک

(b) ابتداء سے انتہا تک
(c) سادہ لوح زندگی بسر کرنا (d) a اور b

126- "بسوہ بس کی گانٹھ" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) گاؤں میں زمین کا حصہ فساد کی جڑ ہے
(b) گاؤں میں زمین کا ہونا قابل عزت ہے
(c) وہ زمین جس پر قرض لیا گیا ہے
(d) بنجر زمین

127- "بن داموں کی لونڈی" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) فرمانبردار عورت (b) نافرمان عورت
(c) خوبصورت عورت
(d) ان میں سے کوئی نہیں

128- "بندر کی کیا آشنائی" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بے مروت کا کیا بھروسہ (b) احمق کی دوستی
(c) حقیر و ذلیل کا تعلق (d) a اور b

129- "بھوت پریت" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) خبیث روحیں (b) سخت غصے میں ہونا
(c) برے کی دوستی (d) بُری صحبت

130- "بے نقط گالیاں دینا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) فحش گالیاں دینا (b) محض برا بھلا کہنا
(c) ناراضگی کا اظہار کرنا (d) بے مروتی

(پ)

131- "پا اُفتادہ" سے کیا مراد ہے؟
(a) بے کس (b) بے سہارا
(c) عاجز (d) سبھی

132- "پابجولاں" سے کیا مراد ہے؟
(a) پاؤں میں بیڑی (b) مجبور
(c) خدمت گار (d) سبھی

133- "پاپیوں کو مارنے کو پاپ مہابلی" مثل سے کیا مراد ہے؟
(a) گناہ گار اپنے گناہوں کی وجہ سے برباد ہوتا ہے
(b) چھوٹے گناہ گار کو بڑا گناہ گار ختم کرتا ہے
(c) گناہ گار کو گناہ پر ندامت نہیں ہوتی
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

134- "پاپ کی پوٹ" سے کیا مراد ہے؟
(a) سراپا گناہ (b) گناہ کی گٹھڑی
(c) مجسم گناہ (d) سبھی

135- "پاپی کی ناؤ ڈوبی پر ڈوبی" مثل سے کیا مراد ہے؟
(a) برائی کا نتیجہ برا ہوتا ہے
(b) گناہگار کی کشتی ڈوبتی ہے
(c) گناہگار مزید گناہ کرتا چلا جاتا ہے
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

136- "پالا چھوڑ کر بھاگ جانا" محاورہ کا کیا مراد ہے؟
(a) مقابلے سے بھاگ جانا
(b) مقابلے سے گریز کرنا
(c) کمیل اُتار دینا (d) a اور b

137- "پانچوں انگلیاں پانچوں چراغ" مثل سے کیا مراد ہے؟
(a) بہت لائق (b) بے عیب
(c) کسی کام کا مکمل ہونا (d) a اور b

138- "پانچوں سواروں میں نام لکھوانا" مثل سے کیا مراد ہے؟
(a) خواہ مخواہ اپنے آپ کو نامورں کے زمرے میں شامل کرنا
(b) لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا
(c) کم ظرف کا شرفا میں شامل ہونا
(d) سبھی

139- "پانی کی لکیر" سے کیا مراد ہے؟
(a) فانی (b) ناپائیدار
(c) کم ظرف (d) a اور b

140- "پانی میں گرہ باندھنا" محاورہ سے کیا مراد ہے؟
(a) ناپائیدار کام کرنا (b) جلدی ہونا
(c) مٹ جانا (d) سبھی

141- "پاؤں اڑانا" محاورہ کا کیا مراد ہے؟
(a) دخل دینا (b) حرام ہونا
(c) پاؤں اکھانا (d) سبھی

"پاؤں کی جوتی سر کو لگنا" محاورہ سے کیا مراد ہے؟
(a) کمینے کا منہ لگنا (b) رذیل کا سر چڑھنا
(c) کمینے شخص کو شریف کا درجہ ملنا (d) سبھی

"پتال کی خبر لانا" محاورہ سے کیا مراد ہے؟
(a) دور کی خبر لانا
(b) بات کی تہہ تک پہنچنا
(c) فراڈ کرنا (d) a اور b

144- "پرے کے پرے صاف کر دینا" محاورہ کا کیا مراد ہے؟
(a) بے انتہا آدمیوں کو قتل کر دینا
(b) بہت زیادہ کھانا کھانا
(c) فصل کی کٹائی (d) صفائی کرنا

145- "پرانا ٹھیکرا اور قلعی کی بھڑک" مثل سے کیا مراد ہے؟
(a) پرانا مقام (b) شرافت
(c) تاریخی عمارت
(d) وہ بوڑھی عورت جو جوانوں کی سی وضع اختیار کرے

146- "پرائے برتے آزاد کرنا" محاورہ سے کیا مراد ہے؟
(a) دوسروں کے مال پر فیاضی کرنا
(b) دوسرے کی کمائی پر فخر کرنا
(c) شاہ خرچ ہونا (d) a اور b

147- "پڑاوے کا پڑاوہ کھنگر ہو جانا" محاورہ سے کیا مراد ہے؟
(a) کسی کام کا مکمل طور پر خراب ہو جانا
(b) ہر ایک کام میں بگاڑ پیدا ہو جانا
(c) فائدہ نہ ہونا (d) a اور b

148- "پشم نہ سمجھنا" محاورہ سے کیا مراد ہے؟
(a) کچھ نہ سمجھنا (b) خاطر میں نہ لانا
(c) پچھتانا (d) a اور b

149- "پکے آم کا ٹپکنے کا ڈر" مثل کا کیا مراد ہے؟
(a) بوڑھے آدمی کے مرنے کا خطرہ
(b) پکا آم کسی وقت بھی گر سکتا ہے
(c) فصل کا پکنا (d) محنت کا پھل ملنا

150- "پلک سے پلک نہ لگنا" محاورہ سے کیا مراد ہے؟
(a) نیند نہ آنا (b) جاگتے رہنا
(c) آنکھوں میں سوزش ہونا (d) a اور b

151- "پلکوں سے زمین جھاڑنا" محاورہ سے کیا مراد ہے؟
(a) بہت عزت کرنا (b) بے حد اطاعت کرنا
(c) بے انتہا محبت رکھنا (d) سبھی

152- "پلنگ کو لات مار کر کھڑا ہونا" محاورہ سے کیا مراد ہے؟
(a) سخت بیماری سے صحت پانا
(b) زچگی سے صحیح سلامت نمٹنا
(c) پلنگ کو گرانا (d) a اور b

153- "پھول سونگھ کے رہنا" محاورہ سے کیا مراد ہے؟
(a) پھول سونگھنے کی عادت (b) بہت کم کھانا
(c) خوشبو کیلئے مارے مارے پھرنا
(d) ورزش کے دوران آہستہ آہستہ چلنا

154- "پیٹ بھرے کی باتیں" کا مطلب واضح کریں؟
(a) پیٹ بھر کر کھانا
(b) دولت مندی کی باتیں
(c) متکبرانہ باتیں (d) b اور c

155- "پیٹ سے پاؤں نکالنا" محاورہ کا مطلب بتائیے؟
(a) بدراہ ہونا
(b) چھپے ہوئے عیب نکالنا
(c) پر پرزے نکالنا (d) سبھی

156- "پیٹ میں پالنا" محاورہ کا مطلب بتائیے؟
(a) کوئی بات دل میں رکھنا (b) فکر ہونا
(c) مطلب نکالنا (d) a اور b

157- "پیٹ میں ڈاڑھی ہونا" محاورہ کا مطلب بتائیے؟
(a) کمسنی میں عقل مندی کی باتیں کرنا
(b) نومولود بچے کی ڈاڑھی ہونا
(c) کند ذہن ہونا (d) عقل مند ہونا

158- "پیچ پاچ کی باتیں" سے کیا مراد ہے؟
(a) چالاکی کی باتیں (b) شرارت کی باتیں

(c) مستقل مزاج آدمی کا تعلق
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-192 ''ثالث بالخیر'' سے کیا مراد ہے؟
(a) غیر جانبدار جج (b) جانبدار ثالث
(c) فریقین کی مرضی کے خلاف ثالث
(d) ادھوری ثالثی کرنے والا

-193 ''ثالث حصری'' سے کیا مراد ہے؟
(a) ایسا ثالث جس کو فیصلہ کا اختیار نہ ہو
(b) ایسا ثالث جس کو فریقین نے معاملے کے فیصلے کا پورا اختیار دے دیا ہو
(c) غیر جانبدار ثالث (d) جانبدار ثالث

-194 ''ثبات رائے'' سے کیا مراد ہے؟
(a) استحکام رائے (b) رائے کی مضبوطی
(c) a اور b (d) حقدار

-195 ''ثوب'' سے کیا مراد ہے؟
(a) ثواب کی جمع (b) لباس
(c) پہاڑ (d) a اور b

(ج)

-196 ''جام سفال'' سے کیا مراد ہے؟
(a) مٹی کا پیالہ (b) ریت کا پیالہ
(c) سونے کا پیالہ (d) چاندی کا پیالہ

-197 ''جان سوکھنا'' محاورے سے کیا مراد ہے؟
(a) خوف آنا (b) دم خشک ہونا
(c) ناگوار گفتگو (d) سبھی

-198 ''جائے استاد خالی است'' مثل سے کیا مراد ہے؟
(a) استاد کی ضرورت ہر وقت رہتی ہے
(b) استاد کی ضرورت ہر وقت نہیں رہتی
(c) استاد ایک نعمت ہے
(d) استاد کی عزت مقدم ہے

-199 ''جس کی آنکھ نہیں اُس کی ساکھ نہیں'' اس مثل سے کیا مراد ہے؟
(a) جس کی آنکھ میں مروت نہیں اس کا اعتبار نہیں کیا جا سکتا
(b) بے یقینی کی حالت (c) خوشامدی آدمی
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-200 ''جگ جانی دیس بکھانی'' اس محاورہ کا مطلب بتائیں؟
(a) بہت مشہور (b) گمنام
(c) بدنام (d) پردیسی

-201 ''جگت گرو'' سے کیا مراد ہے؟
(a) دُنیا کا اُستاد (b) عالم فاضل
(c) a اور b (d) شعبدہ باز

-202 ''جگت ملانا'' اس محاورہ کا مطلب واضح کریں؟
(a) مطلب نکالنا (b) مذاق کرنا
(c) شعبدہ دکھانا (d) تدبیر نکالنا

-203 ''جگرا چھلنا'' محاورے سے کیا مراد ہے؟
(a) بیتاب ہونا (b) خوف کھانا
(c) صدمہ ہونا (d) سبھی

-204 ''جگر مسوس لینا'' محاورے سے کیا مراد ہے؟
(a) صدمے میں بے بس ہونا
(b) ناقابل برداشت
(c) حوصلہ (d) دلیری

-205 ''جگر ناسور ہونا'' سے کیا مراد ہے؟
(a) ناقابل فراموش صدمہ ہونا
(b) خوف آنا (c) دلیری
(d) ہمت توڑنا

-206 ''جل پان کرنا'' سے کیا مراد ہے؟
(a) تھوڑا سا کھانا (b) ناشتہ کرنا
(c) a اور b (d) دھات کا برتن

-207 ''جل کھیلنا'' محاورہ ہے اس کا مطلب بتائیں؟
(a) دھوکے میں ڈالنا (b) فریب دینا
(c) a اور b (d) جھول

-208 ''جلے پاؤں کی بلی'' سے کیا مراد ہے؟
(a) وہ عورت جو گھر گھر پھرے
(b) وہ بلی جس کے پاؤں جلے ہوئے ہوں
(c) وہ عورت جو اپنے گھر ہی میں رہے
(d) خوشامدی عورت

-209 ''جمع کے ذبو آنکھیں کھولو'' اس مثل کا مطلب واضح کریں؟
(a) دغاباز کے ہاتھوں لٹنے والے کو غفلت سے جگانا
(b) غفلت سے جگانا
(c) نیند سے جگانا
(d) غلطی کا احساس دلانا

-210 ''جمع کے سرکار کی اور مرزا کھیلیں پھاگ'' اس مثل کا مطلب واضح کریں؟
(a) بددیانتی کر کے عیش و عشرت کرنا
(b) دوسروں کی کمائی پر عیش کرنا
(c) a اور b
(d) محنت کی کمائی سے عیش کرنا

-211 ''جن جائی انہیں لجائی'' مثل سے کیا مراد ہے؟
(a) ایسی بیٹی جو والدین کی رسوائی کا باعث بنے
(b) نیک بخت بیٹی
(c) جن کی بیٹی (d) منچلی بیٹی

-212 ''جنتری میں کھینچا / جنتری نکالنا'' محاورہ کا مطلب بتائیے؟
(a) کسی آدمی کے کس بل نکل جانا
(b) سیدھا ہو جانا
(c) سونے یا چاندی کے تار کا جنتری میں کھینچا (d) سبھی

-213 ''جنگ زرگری'' سے کیا مراد ہے؟
(a) مصنوعی لڑائی (b) دکھاوے کی لڑائی
(c) لڑائی پر فتح (d) سبھی

-214 ''جنگل کا تیتر'' سے کیا مراد ہے؟
(a) بزدل (b) ڈرپوک
(c) a اور b (d) کوئی بھی نہیں

-215 ''جنم میں تھوکنا'' محاورہ سے کیا مراد ہے؟
(a) عیب نکالنا (b) تہمت لگانا
(c) لعن طعن کرنا (d) سبھی

-216 ''جنم نہ دیکھا بوریا سپنے آئی کھاٹ'' مثل سے کیا مراد ہے؟
(a) غریبی میں امیروں کی ریس کرنا
(b) خواب میں امارت دیکھنا
(c) خواب میں بڑی عمارت کا مالک ہونا
(d) اگلے جنم میں امیر ہونا

-217 ''جو ہانڈی میں سو ڈوئی میں'' مثل کا مطلب واضح کریں؟
(a) جو دل پر ہوتا ہے وہی زبان پر آتا ہے
(b) اصلیت ظاہر ہو کر رہتی ہے
(c) a اور b (d) کوئی بھی نہیں

-218 ''جُوا ڈال دینا'' محاورہ کا مطلب لکھیے؟
(a) ہمت ہار دینا
(b) جوئے کے روپے چھوڑ کر بھاگ جانا
(c) a اور b
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-219 ''جواب باصواب'' سے کیا مراد ہے؟
(a) ایسا جواب جو حسب مراد ہو
(b) معقول جواب
(c) جواب الجواب (d) a اور b

-220 ''جون پور کا قاضی'' سے کیا مراد ہے؟
(a) بیوقوف آدمی (b) لالچی
(c) ایماندار قاضی
(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-221 ''جھنڈے پر چڑھ جانا'' محاورہ ہے اس کا مطلب لکھیں؟
(a) رسوا کرنا (b) بدنام کرنا
(c) مشہور کرنا (d) سبھی

-222 ''جھنڈے تلے کی دوستی'' محاورے کا مطلب کیا ہے؟
(a) اتفاقیہ دوستی (b) راستے کی دوستی
(c) مطلب پرستی (d) a اور b

-223 ''جھوٹ کی پوٹ'' سے کیا مراد ہے؟

(a) سراسر جھوٹ (b) خوشامد کرنا
(c) مطلب نکالنا (d) خود غرضی

-224 "جھل کھانا" سے کیا مراد ہے؟
(a) حسد کرنا (b) رشک کرنا
(c) خوشامد کرنا (d) ریاکاری

-225 "جھوٹوں منہ نہ پوچھنا" محاورہ کا مطلب بتایئے؟
(a) خاطر میں نہ لانا (b) بالکل توجہ نہ دینا
(c) a اور b (d) جھوٹی خوشامد

-226 "جھوٹ جو ایک بار سامنے بار بار" مثل کا مطلب واضح کریں؟
(a) جو بات کہو سچی کہو (b) جھوٹی بات کہنا
(c) خوشامد کرنا (d) a اور c

-227 "جھوٹ کہ" محاورہ کا مطلب بتایئے؟
(a) بے ادبی سے مخاطب ہونا (b) زبان درازی کرنا
(c) گالیاں دینا (d) سبھی

-228 "جیسے بھائی گنگا گئی بھر جائی" مثل سے کیا مراد ہے؟
(a) بھائی نہ ہونے سے بھاوجوں کی کمی نہیں
(b) شہرت یافتہ بھائی
(c) ایک بہن کا بھائی جا چکی ہو
(d) سبھی

(چ)

-229 "چار آنے کی بھلا ہو کہ نہ ہو نیت" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) دانا دشمن نادان دوست سے بہتر ہوتا ہے
(b) ہوشیار چالاک آدمی عقل کا اندھا ہوتا ہے
(c) نادان دوست ہمیشہ نقصان دہ ہوتا ہے
(d) نادان دوست عقل مند دشمن سے بہتر ہوتا ہے

-230 "چار پھول" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) بچوں کا ایک مخصوص کھیل
(b) اونٹ کی ایک چال
(c) بے فکر ہونا (d) دو ہری مثال

-231 "چار چشم ہونا" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) زیادہ واقفیت ہونا (b) محبت ہونا
(c) سامنا ہونا (d) سبھی

-232 "چار آئینہ" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) مختلف سائز کے چار آئینے (b) زرہ بکتر
(c) حیران کرنا (d) سامنا ہونا

-233 "چار بانگ" اس سے کیا مراد ہے؟
(a) ہوشیار (b) عقلمند
(c) نادان (d) a اور b

(a) مرزا ہادی علی رسوا (b) رجب علی بیگ سرور
(c) مسعود حسن رضوی ادیب
(d) مولانا عبدالحلیم شرر

64- "بیگمات کے آنسو" کس کی تصنیف ہے؟
(a) خواجہ حسن نظامی (b) شاہد احمد دہلوی
(c) مولانا عبدالحلیم شرر (d) علامہ راشد الخیری

65- "مجالس النسا" اردو کا ایک مقصدی ناول ہے۔ اس کے مصنف کون ہیں؟
(a) ڈپٹی نذیر احمد (b) خواجہ الطاف حسین حالی
(c) مولانا عبدالحلیم شرر (d) علامہ راشد الخیری

66- "مہر نیمروز" مرزا غالب کی تصنیف ہے، اس کا موضوع ...
(a) جنگ آزادی کے خونیں واقعات
(b) خاندانِ مغلیہ کی ناتمام تاریخ
(c) میرزا کے فارسی خطوط کا مجموعہ
(d) اردو خطوط کا مجموعہ

67- "مٹی کا دیا" کس کی خودنوشت ہے؟
(a) جوش ملیح آبادی (b) احسان دانش
(c) میرزا ادیب (d) دیوان سنگھ مفتون

68- "شوخیٔ تحریر" کس کا مجموعہ کلام ہے؟
(a) سید محمد جعفری (b) سید ضمیر جعفری
(c) ظریف لکھنوی (d) ظریف جبل پوری

69- "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" اردو کا ایک شاہکار ... ہے۔ اس کے مصنف کون ہیں؟
(a) سجاد حیدر یلدرم (b) مولوی عبدالحق
(c) رشید احمد صدیقی (d) مرزا فرحت اللہ بیگ

70- "روشنائی" کس کی تصنیف ہے؟
(a) سر سید احمد خاں (b) سید سجاد ظہیر
(c) جوش ملیح آبادی (d) رشید احمد صدیقی

71- "اعلان جنگ، دورِ حاضر کے خلاف" یہ الفاظ علامہ اقبال کے کس مجموعہ کلام کے سرورق پر درج ہیں؟
(a) بانگ درا (b) بالِ جبریل
(c) ضربِ کلیم (d) ارمغانِ حجاز

72- علامہ اقبال کا سب سے پہلا شعری مجموعہ کون سا ہے؟
(a) بانگ درا (b) بالِ جبریل
(c) اسرارِ خودی (d) رموزِ بے خودی

73- پامال راستوں کو ترک کر کے ایک تخلیقی جذبے کے تحت نئی قدروں کی تلاش میں منہمک ہونے کے عمل کو ادب کی اصطلاح میں کیا نام دیا جاتا ہے؟
(a) کلاسیکیت (b) رومانویت
(c) ارفعیت (d) ایمائیت

74- اردو کلاسیکی اور جدید شاعری کا سنگم کس شاعر کی ذات کو گردانا جاتا ہے؟
(a) مولانا محمد حسین آزاد
(b) مولانا الطاف حسین حالی
(c) مولانا حسرت موہانی (d) علامہ اقبال

75- آخری مغل فرماں روا بہادر شاہ ظفر کے استاد جو ملک الشعراء کے رتبے پر بھی فائز تھے، وہ کون تھے؟
(a) شیخ ابراہیم ذوق (b) مرزا غالب
(c) مولوی امام بخش صہبائی
(d) حکیم مومن خاں مومن

76- مولانا حالی کے خیال میں سب سے مقدم اور ضروری چیز جو شاعر کو دوسرے شعرا سے ممتاز کرتی ہے، کیا ہے؟
(a) تخیل (b) ردیف
(c) قافیہ (d) الفاظ کی روانی

77- جدید اردو نظم کا آغاز کہاں سے ہوا؟
(a) اودھ پنچ (لکھنؤ)
(b) تہذیب الاخلاق (علی گڑھ)
(c) انجمن حمایت اسلام (لاہور)
(d) انجمن پنجاب (لاہور)

78- اردو ادب میں ترقی پسند تحریک کے روحِ رواں کون تھے؟
(a) منشی پریم چند (b) فیض احمد فیض
(c) سید سجاد ظہیر (d) ظہیر کاشمیری

79- علامہ اقبال کی اردو شاعری کا ما حاصل ان کی کس نظم کو کہا جاتا ہے؟
(a) تصویرِ درد (b) ساقی نامہ
(c) طلوعِ اسلام (d) شمع اور شاعر

80- علامہ اقبال نے اپنی شاعری میں کس صنفِ نظم کو سب سے زیادہ برتا ہے؟
(a) غزل (b) ترجیع بند
(c) ترکیب بند (d) مثنوی

81- کسی میڈیکل کالج کے طالب علم کو "ڈاکٹر صاحب" کہنا اصطلاح میں کہلاتا ہے؟
(a) کنایہ (b) تشبیہ
(c) مجازِ مرسل (d) استعارہ

82- "قائداعظم" یا "مادرِ ملت" کے الفاظ قواعد کی رو سے کیا ہیں؟
(a) لقب (b) خطاب
(c) تخلص (d) عرف

83- لفظ "پہناوا" کو قواعد کی رو سے کیا کہیں گے؟
(a) اسم جامد (b) اسم مصدر
(c) فعل متعدی (d) اسم حاصل مصدر

84- پاکستانی، پنجابی، سندھی، بلوچی، دہلوی، بخاری، مدنی، عجمی وغیرہ الفاظ میں مستعمل "ی" کو اصطلاح میں کیا نام دیا جاتا ہے؟
(a) یائے معروف (b) یائے مجہول
(c) یائے نسبتی (d) یائے متکلم

85- "حسنِ یوسف"، "دمِ عیسیٰ"، "یدِ بیضا" کو اردو زبان کی اصطلاح میں کہیں گے؟
(a) تشبیہ (b) استعارہ
(c) تلمیح (d) کنایہ

86- ٹیپ کا مصرع کسے کہتے ہیں؟
(a) نظم کا پہلا مصرع (b) نظم کا آخری مصرع
(c) نظم کا سب سے دلآویز مصرع
(d) ہر بند میں بار بار آنے والا مصرع

-87 خواجہ میر درد شاعر ہیں جب کہ خواجہ حسن نظامی نثر نگار پھر ان دونوں میں قدر مشترک کیا ہے؟

(a) خواجگی (b) دہلویت

(c) تصوف

(d) حضرت نظام الدین اولیاؒ سے نسبت

-88 اہل لاہور کو "زندہ دلانِ لاہور" کا لقب کس نے دیا؟

(a) پطرس بخاری (b) خواجہ حسن نظامی

(c) علامہ اقبال (d) سرسید احمد خاں

-89 علامہ اقبال نے پرندوں میں "شاہین" کو جن صفات کی بنا پر پسند کیا ہے ان میں سے اہم ترین صفت یہ ہے کہ شاہین

(a) پرندوں کا بادشاہ ہے (b) فضا میں شکار کرتا ہے

(c) بلند پرواز ہے

(d) کئی کئی دن بھوکا رہ سکتا ہے

-90 علامہ اقبال اپنے آپ کو کس ہستی کے معنوی شاگرد کہنے پر فخر محسوس کرتے تھے؟

(a) شمس تبریزی (b) شیخ سعدی

(c) حافظ شیرازی (d) مولانا روم

-91 تصدق حسین خالد، ن م راشد اور میرا جی میں قدر مشترک کیا ہے؟

(a) غزل (b) مثنوی

(c) آزاد نظم (d) نظم معریٰ

-92 "(ہرچند) اردو میں سب سے کم سرمایہ چھوڑا ہے مگر کتنا اونچا مقام پایا"۔ رشید احمد صدیقی کا یہ جملہ کس مزاح نگار کی ذات پر صادق آتا ہے؟

(a) پطرس بخاری (b) فرحت اللہ بیگ

(c) شوکت تھانوی (d) ابن انشا

-93 ابن انشا، کرنل محمد خاں اور مشتاق احمد یوسفی میں قدر مشترک کیا ہے؟

(a) خاکہ نگاری (b) سفرنامہ نگاری

(c) فکاہیہ کالم نگاری (d) مزاح نگاری

-94 جب الفاظ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو تو اسے اصطلاح میں کیا کہیں گے؟

(a) تشبیہ (b) استعارہ

(c) مجاز مرسل (d) کنایہ

-95 "گڈریا" اردو افسانوی ادب کا ایک شاہکار افسانہ ہے۔ افسانہ نگار کا نام بتایئے؟

(a) اشفاق احمد (b) بانو قدسیہ

(c) انتظار حسین (d) غلام عباس

-96 بتایئے Platts ، John Shakespeare اور Fallon میں قدر مشترک کیا ہے؟

(a) اردو ناول نگاری (b) اردو قواعد کے خالق

(c) انگریزی اردو لغات کے مرتبین

(d) انگریزی ناولوں کے اردو مترجم

-97 مری قدر کر اے زمینِ سخن! کہ بات میں تجھے آسماں کر دیا
سبک ہو چلی تھی ترازوئے شعر مگر ہم نے پلہ گراں کر دیا
بتایئے ان اشعار کا تعلق کس صنفِ شاعری سے ہے؟

(a) قطعہ (b) رباعی

(c) مثنوی (d) قصیدہ

-98 سوال نمبر 97 کے حوالے سے بتایئے کہ ان اشعار میں قافیہ کیا ہے؟

(a) کر دیا (b) آسماں کر دیا

(c) آسماں، گراں (d) زمیں، آسماں

-99 سوال نمبر 97 کے حوالے سے بتایئے کہ ان اشعار میں ردیف کیا ہے؟

(a) دیا (b) کر دیا

(c) آسماں کر دیا، گراں کر دیا

(d) ردیف نہیں ہے

-100 سوال نمبر 97 کے حوالے سے بتایئے کہ یہ اشعار کس کے ہیں؟

(a) میر تقی میر (b) میر انیس

(c) محمد ابراہیم ذوق (d) میرزا داغ دہلوی

جوابات

1.	(b)	2.	(d)	3.	(a)	4.	(d)
5.	(d)	6.	(d)	7.	(a)	8.	(c)
	(b)	10.	(c)	11.	(d)	12.	(a)

13.	(c)	14.	(b)	15.	(d)	16	(d)
17.	(a)	18.	(b)	19.	(c)	20	(a)
21.	(a)	22.	(b)	23.	(d)	24.	(a)
25.	(c)	26.	(a)	27.	(c)	28.	(a)
29.	(d)	30.	(b)	31.	(c)	32.	(d)
33.	(c)	34.	(c)	35.	(c)	36.	(d)
37.	(b)	38.	(c)	39.	(b)	40.	(a)
41.	(c)	42.	(d)	43.	(c)	44.	(b)
45.	(a)	46.	(b)	47.	(b)	48.	(b)
49.	(c)	50.	(c)	51.	(b)	52.	(c)
53.	(d)	54.	(a)	55.	(d)	56.	(c)
57.	(b)	58.	(a)	59.	(b)	60.	(d)
61.	(b)	62.	(b)	63.	(d)	64	(a)
65.	(b)	66.	(b)	67.	(c)	68.	(a)
69.	(a)	70.	(b)	71.	(c)	72.	(c)
73.	(b)	74.	(b)	75.	(a)	76.	(a)
77.	(d)	78.	(c)	79.	(b)	80.	(d)
81.	(c)	82.	(a)	83.	(b)	84.	(c)
85.	(c)	86.	(d)	87.	(c)	88.	(d)
89.	(c)	90.	(d)	91.	(c)	92.	(a)
93.	(d)	94.	(b)	95.	(a)	96.	(c)
97.	(a)	98.	(c)	99.	(b)	100	(b)

SUBJECT SPECIALIST LECTURER MALE/FEMALE PAPER - 2012

-1 "خدانخواستہ کرے" قواعد کی رُو سے کیا ہے؟

(a) محاورہ ہے (b) روزمرہ ہے

(c) نہ محاورہ ہے اور نہ روزمرہ

(d) محاورہ بھی ہے اور روزمرہ بھی ہے

-2 "بلبل کا بچہ پالنا" محاورہ ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟

(a) کسی چیز کو عزیز رکھنا

(b) کسی روگ کا لگا لینا

(c) ہمہ وقت گنگنانے کی طرف مائل رہنا

(d) خوش گلو ہونا

-3 "کاغذ کھولنا" کا مفہوم کیا ہے؟

(a) مقدمہ دائر کرنا (b) عیب فاش کرنا

(c) نازک اندام ہونا (d) مشترکہ کاروبار شروع کرنا

-4 "شیش محل کا کتا" ضرب المثل ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟

(a) سفید رنگ کا اجلا کتا (b) بہت قیمتی کتا

(c) بوکھلایا ہوا کتا (9d) بادشاہ کا پالتو کتا

-5 "بسم اللہ کے گنبد میں رہنا" کا مفہوم کیا ہے؟

(a) دنیا و مافیہا سے بے خبر رہنا

(b) ماں باپ کا لاڈلا ہونا

(c) ہر وقت سویا پڑا رہنا

(d) ہر آن تلاوت میں منہمک رہنا

-6 "طرح ڈالنا" محاورہ ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟

(a) طرح طرح کے ناز و انداز دکھانا

(b) طرح طرح کے بہانے

(c) کوئی نئی طرز قائم کرنا (d) بنیاد رکھنا

-7 "فحوائے عبارت" کے معنی کیا ہیں؟

(a) عبارت کے بعض نکات

(b) عبارت کا حسن

(c) عبارت کی روانی (d) عبارت کا مفہوم

-8 "کندۂ ناتراش" کا مطلب کیا ہے؟

(a) معصوم، بھولا بھالا (b) بے سلیقہ، اجڈ، گنوار

(c) تجربہ کار، تربیت یافتہ

(d) منقش، مرصع کار

-9 "غلط بحث ہونا" کے معنی کیا ہیں؟

(a) کارآمد بحث (b) بے فائدہ الجھاؤ

(c) نتیجہ خیز الجھاؤ

(d) وقت گزاری کے لیے بحث

-10 "آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا" عام ضرب المثل ہے۔ اس کا مفہوم کیا

ہے؟

(a) لاوارث (b) بے دین

(c) بے خوف و خطر (d) بے باک

11- "مستجاب الدعوات" کی ترکیب اردو میں کثرت سے مستعمل ہے۔اس کے معنی کیا ہیں؟

(a) دعوت قبول کرنے والا

(b) کثرت سے دعوت دینے والا

(c) جس کی دعا بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہو

(d) جس کی دعا کو شرفِ قبولیت حاصل نہ ہو

12- "چاہِ نخشب" کی ترکیب کن معنوں میں مستعمل ہے؟

(a) وہ کنواں جس میں ہاروت ماروت (فرشتے) محبوس ہیں

(b) اندھا کنواں

(c) وہ کنواں جس سے پانی میسر نہ ہو

(d) ٹھوڑی کا گڑھا

13- "بیڑا اٹھانا" محاورہ ہے۔اس کے معنی کیا ہیں؟

(a) شور مچانا (b) ناک بھوں چڑھانا

(c) مشکل کام کے انجام دینے کا ذمہ لینا

(d) چوری کرنا

14- "میل کا بیل بنانا" ضرب المثل ہے۔اس کا مفہوم بتائیے

(a) تنکے سا تھی بنانا (b) بات کا بتنگڑ بنانا

(c) کولھو کے بیل کو سدھانا

(d) بیل کو رہٹ میں جوتنا

15- "معاملہ بندی" ادبی اصطلاح۔اس کا مفہوم کیا ہے؟

(a) جذباتِ عشق کو نظم کرنا

(b) تجارتی معاملات کو منظوم صورت میں لکھنا

(c) تمام معاملاتِ زندگی کو نظم کرنا

(d) جھگڑے کے بعد تصفیے کی شرائط کو نظم کرنا

16- کون سا جملہ درست ہے؟

(a) حادثہ آفت کی پرکالا ہے

(b) حادثہ آفت کی پرکالی ہے

(c) حادثہ آفت کا پرکالا ہے

(d) حادثہ آفت کا پرکالی ہے

17- صحیح جملہ کون سا ہے؟

(a) کس سوچ اور بچار میں پڑے ہو

(b) کس سوچنے اور بچارنے میں پڑے ہو

(c) کس سوچ و بچار میں پڑے ہو

(d) کس سوچ بچار میں پڑے ہو

18- کون سا جملہ درست ہے؟

(a) اسلام علیکم کے بعد عرض

(b) السلام علیکم کے بعد عرض ہے

(c) اسلام علیکم کے بعد عرض ہے

(d) اسلام وعلیکم کے بعد عرض ہے

19- درست جملے کی نشاندہی کیجیے؟

(a) اے خدایا! اپنا کرم کر!

(b) اے خدایا! تو اپنا کرم کر!

(c) خدایا! اپنا کرم فرما

(d) اے خدایا! اپنا کرم فرما!

20- کون سا جملہ درست ہے؟

(a) کیا آپ نے اس کتاب سے استفادہ حاصل کیا؟

(b) کیا آپ نے اس کتاب سے استفادہ حاصل کر لیا؟

(c) کیا آپ نے اس کتاب سے استفادہ کیا؟

(d) کیا آپ نے اس کتاب سے مکمل استفادہ حاصل کیا؟

21- رموزِ اوقاف کے اعتبار سے کون سا جملہ درست ہے؟

(a) باپ نے بیٹے کو سمجھاتے ہوئے کہا، "بیٹا! محنت کرو، محنت کا پھل ضرور ملے گا"۔

(b) باپ نے بیٹے کو سمجھاتے ہوئے کہا، "بیٹا محنت کرو محنت کا پھل ضرور ملے

(c) باپ نے بیٹے کو سمجھاتے ہوئے کہا: بیٹا! محنت کرو، محنت کا پھل ضرور ملے گا"۔

(d) باپ نے بیٹے کو سمجھاتے ہوئے کہا: "بیٹا! محنت کرو، محنت کا پھل ضرور ملے گا"۔

22- رموزِ اوقاف کے اعتبار سے درست جملہ کون سا ہے؟

(a) قائداعظم کا فرمان: "کام، کام اور کام، ہمارے لیے آج بھی مشعلِ راہ ہے۔"

(b) قائداعظم کا فرمان: کام، کام اور کام۔" ہمارے لیے آج بھی مشعلِ راہ ہے۔"

(c) قائداعظم کا فرمان کام، کام اور کام" ہمارے لیے آج بھی مشعلِ راہ ہے۔

(d) قائداعظم کا فرمان "کام، کام اور کام۔ ہمارے لیے آج بھی مشعلِ راہ ہے۔"

23- کسی قائل کا قول من و عن اسی کے الفاظ میں درج کرنے کے لیے رموزِ اوقاف کی کون سی علامت آتی ہے؟

(a) تفصیلیہ (b) فجائیہ

(c) قوسین (d) واوین

24- خواب، خوار، خوامخواہ، خود، خواندگی، خوش، درخواست وغیرہ میں مستعمل "واؤ" کو کیا نام دیا جاتا ہے؟

(a) واؤ معدولہ (b) واؤ معروف

(c) واؤ مجہول

(d) کوئی خاص نام نہیں دیا جاتا

25- گھر جانے کا حوصلہ، تمہیں ہے نہ مجھے
مر جانے کا حوصلہ، تمہیں ہے نہ مجھے
کہتے ہو کہ آؤ کوئے قاتل میں چلیں
پر جانے کا حوصلہ، تمہیں ہے نہ مجھے

ان اشعار میں ردیف کیا ہے؟

(a) تمہیں ہے نہ مجھے (b) ہے نہ مجھے

(c) جانے کا حوصلہ، تمہیں ہے نہ مجھے

(d) مجھے

26- سوال نمبر 25 کے اشعار میں قافیہ کیا ہے؟

(a) گھر، پر، مر (b) جانے کا حوصلہ

(c) تمہیں (d) تمہیں ہے نہ مجھے

27- سوال نمبر 25 کے اشعار کو اصطلاحِ سخن میں کیا نام دیں گے؟

(a) قطعہ (b) رباعی

(c) مربع (d) غزل

28- گو ایک بادشہ کے سب خانہ زاد ہیں
دربار دار لوگ بہم آشنا نہیں
کانوں پہ ہاتھ دھرتے ہیں کرتے ہوئے اسلام
اس سے ہے یہ مراد کہ ہم آشنا نہیں!

ان اشعار کا تعلق کس صنفِ نظم سے ہے؟

(a) قصیدہ (b) قطعہ

(c) رباعی (d) مربع

29- اردو شاعری میں کس صنفِ سخن کا ذخیرہ سب سے زیادہ ہے؟

(a) قصیدہ (b) غزل

(c) مثنوی (d) مرثیہ

30- آسمانِ مرثیہ کے دو ستارے سب سے درخشندہ ہیں۔ وہ کون سے ہیں؟

(a) میر خلیق، میر ضمیر (b) میر نفیس، میر جلیس

(c) مرزا دبیر، میر انیس

(d) جوش ملیح آبادی، نسیم امروہوی

31- کسی زمانے میں صنفِ مرثیہ کی کوئی ادبی حیثیت نہ تھی بلکہ مشہور تھا: بگڑا شاعر مرثیہ گو، بگڑا گویا مرثیہ خواں" مرثیے کو ادبی وقار کس نے بخشا؟

(a) محمد رفیع سودا (b) میر تقی میر

(c) میر حسن (d) امام بخش ناسخ

32- علامہ اقبال کی معروف نظم "ساقی نامہ" (جو ان کی پوری شاعری کا ماحصل ہے) کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

(a) مسدس (b) مثنوی

(c) ترکیب بند (d) ترجیع بند

33- اگر قصیدے یا غزل کا تیسرا اور چوتھا مصرع بھی ہم قافیہ و ہم ردیف ہوں تو اسے اصطلاح میں کیا کہیں گے؟

(a) مطلع ثالث (b) مطلع دیگر

(c) حسنِ مطلع (d) مطلع دوبارہ

34- جاپانی صنفِ نظم "ہائیکو" کی تقلید میں کچھ لوگ اردو میں بھی طبع آزمائی کرتے ہیں۔ بتائیے "ہائیکو" میں کل کتنے مصرع ہوتے ہیں؟

(a) تین (b) چار

(c) پانچ (d) چودہ

35- محمد دین فوق کو "شاعرِ کشمیر" اور "مجدد کشامرہ" کے القاب کس نے عنایت کیے تھے؟

(a) چودھری خوشی محمد ناظر

(b) مولانا ظفر علی خان

(c) عوام الناس (d) علامہ اقبال

36- تصدق حسین خالد، ن۔م۔ راشد اور میرا جی میں قدر مشترک کیا

ہے؟

(a) غزل (b) مثنوی

(c) نظم معریٰ (d) آزاد نظم

37- جانے کا نہیں شور سخن کا مرے ہرگز

تا حشر جہاں میں مرا دیوان رہے گا

اپنے دیوان کے بارے میں یہ پیش گوئی کس نے کی تھی؟

(a) خواجہ میر درد (b) میر تقی میر

(c) خواجہ حیدر علی آتش (d) امام بخش ناسخ

38- آج مجھ سا نہیں زمانے میں

شاعر نغز گوئے خوش گفتار

شاعر نغز گو اور خوش گفتار کی تعلّی کسے زیب دیتی ہے؟

(a) مرزا غالب (b) مومن خاں مومن

(c) محمد ابراہیم ذوق (d) مرزا داغ دہلوی

39- "ارے غنچہ لالا تو قدردان، ذرا میں اس کی خبر تو لوں، یہ مجھ کو سمجھا کیا ہے۔" یہ معروف جملہ کس ہجو نگار کا ہے؟

(a) امانت لکھنوی (b) مومن خاں مومن

(c) محمد رفیع سودا (d) میر تقی میر

40- ہندوستان میں ایک خاندان کی زبان دانی کا سب سے زیادہ چرچا تھا۔ اسی لیے یہ قول مشہور ہوا "اگر زبان سیکھنا ہو تو میر خلیق کے خانوادے میں جاؤ"۔ بتایئے یہ قول کس کا ہے؟

(a) امام بخش ناسخ (b) میر تقی میر

(c) نظیر اکبر آبادی (d) غلام ہمدانی مصحفی

41- ہے داد کا مستحق کلام محروم

لفظوں کا جمال اور معانی کا ہجوم

ہے ان کا سخن مفید و دانش آموز

ان کی نظموں کی ہے بجا ملک میں دھوم

حضرت اکبر الٰہ آبادی نے اس رباعی میں کس شاعر کی طباعی کی تعریف کی ہے؟

(a) مولانا ظفر علی خاں (b) علامہ اقبال

(c) تلوک چند محروم (d) آغا حشر کاشمیری

42- "تمہاری نسبت میرا یہ خیال ہے کہ اگر تم شعر نہ کہو گے تو اپنی طبیعت پر سخت ظلم کرو گے"۔ مرزا غالب نے یہ جملہ اپنے کس شاگرد کو کہا تھا؟

(a) میر مہدی حسین مجروح

(b) خواجہ الطاف حسین حالی

(c) ہرگوپال تفتہ (d) علاؤ الدین علائی

43- اردو قصیدہ نگاری کے حوالے سے بتایئے کہ اردو کے کون سے شاعر "خاقانی ہند" کے لقب سے ملقب ہوئے؟

(a) محمد رفیع سودا (b) مومن خان مومن

(c) محمد ابراہیم ذوق (d) مرزا غالب

44- قصیدے اور غزل کی ہیئت ایک ہے، اس لیے کہ

(a) غزل کسی زمانے میں قصیدہ ہی کا ایک حصہ تھی

(b) غزل گوؤں کو قصیدے کی ہیئت زیادہ پسند آئی

(c) اس ہیئت میں شعر کہنا آسان ہے

(d) کسی خاص بحر کی پابندی نہیں ہوتی

45- غزل علائم و رموز کی زبان ہے۔ بتایئے "شیخ" اردو غزل میں کس بات کی علامت ہے؟

(a) بزرگی اور دانائی کی

(b) شیطنت اور فتنہ فساد برپا کرنے کی

(c) ظاہر و باطن میں تضاد کی

(d) نیکی اور پارسائی کی

46- ہرگز نہ تھا زمانہ سابق میں یہ فلک

جس آسماں کی دھوم تھی، وہ آسماں ہے اب

"آسماں" کس بات کی علامت ہے؟

(a) دوستی (b) دشمنی

(c) عدل و انصاف (d) جرأت و ہمت

47- "موجِ زم زم" اور "شکریہ یورپ" دو معروف نظمیں ہیں جو انجمن حمایت اسلام کے پلیٹ فارم پر پڑھی گئیں۔ بعد ازاں عرصہ دراز تک لوگ یہ نظمیں شاعر کے انداز میں گلیوں گلیوں میں گا کر پڑھتے رہے۔ یہ نظمیں کس کی تخلیق ہیں؟

(a) علامہ اقبال (b) آغا حشر کاشمیری

(c) چودھری خوشی محمد ناظر

(d) سید غلام بھیک نیرنگ

48- "(ہرچند) اردو میں سب سے کم سرمایہ چھوڑا ہے مگر کتنا اونچا مقام پایا"۔ رشید احمد صدیقی کا یہ جملہ کس ظرافت نگار کی ذات پر صادق آتا ہے؟

(a) پطرس بخاری (b) فرحت اللہ بیگ

(c) شوکت تھانوی (d) ابن انشا

49- سید مظفر حسین برنی نے کس ادبی و سیاسی شخصیت کے خطوں کو چار ضخیم جلدوں میں مدون کیا ہے؟

(a) مولانا ظفر علی خاں (b) سید سلیمان ندوی

(c) علامہ اقبال (d) خواجہ حسن نظامی

50- کس ڈراما نویس نے فلسطین اور کشمیر کی تحریک آزادی کے حوالے سے بہت سے ڈرامے لکھے جو مشہور ہوئے؟

(a) آغا حشر (b) حکیم احمد شجاع

(c) امتیاز علی تاج (d) میرزا ادیب

51- مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم!

تو نے وہ گنج ہائے گراں مایہ کیا کیے؟

"گنج ہائے گراں مایہ" خاکوں پر مبنی معروف تصنیف کس کی ہے؟

(a) مولوی عبدالحق (b) مولانا عبدالمجید سالک

(c) مولانا چراغ حسن حسرت

(d) پروفیسر رشید احمد صدیقی

52- "پیر و مرشد! یہ خط لکھنا نہیں ہے، باتیں کرنی ہیں اور یہی سبب ہے کہ میں القاب و آداب نہیں لکھتا"۔ القاب و آداب سے گریز کرتے ہوئے خط لکھنے میں باتیں کرنے کا انداز کس کا وضع کردہ ہے؟

(a) عبدالماجد دریابادی (b) مرزا غالب

(c) سید سلیمان ندوی (d) مولانا ابوالکلام آزاد

53- مولانا محمد جعفر تھانیسری کی کتاب "کالا پانی"، حکیم احمد شجاع کی "خوں بہا" اور میرزا ادیب کی "مٹی کا دیا" کا تعلق کس صنفِ نثر سے ہے؟

(a) انشائیہ (b) سفرنامہ

(c) خودنوشت (d) سوانح عمری

54- "مہر نیمروز" مرزا غالب کی تصنیف ہے۔ اس کا موضوع کیا ہے؟

(a) 1857ء کی جنگ آزادی کے خونیں واقعات

(b) خاندان مغلیہ کی نا تمام تاریخ

(c) مرزا غالب کے فارسی خطوط کا مجموعہ

(d) مرزا غالب کے اردو خطوط کا مجموعہ جو ان کی وفات کے بعد شائع ہوا

55- آنندی، جاڑے کی چاندنی، کن رس اور جزیرۂ سخنوراں، سے کس معروف افسانہ نگار کا نام ذہن میں آتا ہے؟

(a) اشفاق احمد (b) انتظار حسین

(c) ہاجرہ مسرور (d) غلام عباس

56- دھنک پر قدم اور سات سمندر پار، اردو کے معروف سفرنامے ہیں۔ مصنف کا نام بتایئے؟

(a) بیگم اختر ریاض الدین

(b) محمود نظامی

(c) ماہر القادری (d) شیخ منظور الٰہی

57- اُردو کی آخری کتاب، خمار گندم، آوارہ گرد کی ڈائری، دنیا گول ہے، ابن بطوطہ کے تعاقب میں، جیسی شگفتہ تصانیف کے مصنف کون ہیں؟

(a) ابن انشا (b) اشفاق احمد

(c) مشتاق احمد یوسفی (d) شفیق الرحمٰن

58- اٹھو وگرنہ حشر نہیں ہو گا پھر کبھی

دوڑو زمانہ چال قیامت کی چل گیا

یہ شعر کس علمی و ادبی اور نیم سیاسی ماہوار جریدے کی پیشانی پر عرصہ دراز تک لکھا جاتا رہا؟

(a) مخزن (b) ہمایوں

(c) شاہکار (d) ادبی دنیا

59- "گدڑی کا لال، نور خاں" اور "نام دیو۔ مالی" اردو کے سدا بہار خاکے کس کے قلم سے نکلے ہیں؟

(a) محمد طفیل (b) رشید احمد صدیقی

(c) مولوی عبدالحق (d) مولانا غلام رسول مہر

60- مشتاق احمد یوسفی، کرنل محمد خاں اور ابن انشا میں قدر مشترک کیا ہے؟

(a) خاکہ نگاری (b) سفرنامہ نگاری

(c) فکاہیہ کالم نگاری (d) مزاح نگاری

61- خدا نے آج تک اُس قوم کی حالت نہیں بدلی

نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

اس زبان زد خاص و عام شعر کے خالق کون ہیں؟

(a) مولانا ظفر علی خاں (b) مولانا محمد علی جوہر
(c) فیض احمد فیض (d) خواجہ الطاف حسین حالی

62- مجھے اقبال اس سید کے گھر سے فیض پہنچا ہے
پلے جو اُن کے دامن میں، وہی کچھ بن کے نکلے ہیں
علامہ اقبال نے کس سید کے گھر سے فیض حاصل کیا؟
(a) سر سید احمد خاں (b) مولوی سید میر حسن
(c) سید غلام بھیک نیرنگ
(d) سید ذکی شاہ

63- اگر ہوتا وہ مجذوب فرنگی اس زمانے میں
تو اقبال اس کو سمجھاتا، مقام کبریا کیا ہے
یہ مجذوب فرنگی کون تھے؟
(a) پروفیسر آرنلڈ (b) ولیم شیکسپیر
(c) گوئٹے
(d) جرمنی کا مجذوب فلسفی شاعر نطشے

64- دفتر ہستی میں تھی زریں ورق تیری حیات
تھی سراپا دین و دنیا کا سبق تیری حیات
علامہ اقبال نے اس شعر میں کس ہستی کی عظمتوں کا اعتراف کیا ہے؟
(a) والدہ ماجدہ شیخ نور محمد (b) والدہ ماجدہ امام بی بی
(c) استاد گرامی سید میر حسن
(d) برادر بزرگ شیخ عطا محمد

65- لڑکیاں پڑھ رہی ہیں انگریزی
ڈھونڈلی قوم نے فلاح کی راہ
روش مغربی ہے مد نظر
وضع مشرق کو جانتے ہیں گناہ
یہ ڈراما دکھائے گا کیا سین
پردہ اٹھنے کی منتظر ہے نگاہ
یہ اشعار زبان زد خاص و عام ہیں۔ ان کے خالق کا نام بتائیے؟
(a) علامہ اقبال (b) اکبر الہٰ آبادی
(c) مولانا ظفر علی خاں (d) سید محمد جعفری

66- سوال نمبر 65 کے اشعار کو اصناف نظم کے حوالے سے کیا نام دیں گے؟
(a) مسدس (b) قطعہ
(c) ترکیب بند (d) مثنوی

67- قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد
یہ شعر کس کی تخلیق ہے؟
(a) مولانا الطاف حسین حالی
(b) فیض احمد فیض
(c) مولانا ظفر علی خاں (d) مولانا محمد علی جوہر

68- بسکہ فعال مایرید ہے آج
ہر سلحشور انگلستان کا
گھر سے بازار میں نکلتے ہوئے
زہرہ ہوتا ہے آب انساں کا
"فعال مایرید" کا مفہوم کیا ہے؟
(a) مددگار ثابت ہونا
(b) جو ارادہ کرتا ہے، کر لیتا ہے
(c) ظلم و ستم روا رکھتا ہے
(d) اکڑ اکڑ کر چلتا ہے

69- سوال نمبر 68 کے حوالے سے "سلحشور" کے معنی بتائیے؟
(a) اسلحہ خانہ (b) ہتھیار بند (سپاہی)
(c) ہتھیار بنانے والا (d) آلات حرب

70- سوال نمبر 68 ہی کے حوالے سے "زہرہ آب ہونا" کا مفہوم بتائیے؟
(a) حوصلہ پست ہونا (b) حوصلہ بلند ہونا
(c) ثابت قدم رہنا (d) متزلزل ہونا

71- اردو شعری ادب میں تصوف کا سرخیل کسے قرار دیا جاتا ہے؟
(a) مرزا مظہر جان جاناں
(b) قلندر بخش جرأت
(c) سراج اورنگ آبادی (d) خواجہ میر درد

72- میر انیس اور مرزا دبیر نے مرثیہ لکھنے کے لیے کون سی ہیئت نظم استعمال کیا ہے؟
(a) مثنوی (b) مربع
(c) مخمس (d) مسدس

73- آسماں نے دولت غرناطہ جب برباد کی
ابن بدروں کے دل ناشاد نے فریاد کی

اس شعر سے کون سی صنف نظم مترشح ہے؟
(a) شہر آشوب (b) قطعہ
(c) مرثیہ (d) ہجو

74- جب الفاظ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو تو اسے اصطلاح میں کیا کہیں گے؟
(a) تشبیہ (b) استعارہ
(c) مجاز مرسل (d) کنایہ

75- ہر سنگ ریزہ نور سے دُرِ خوش آب تھا
لہریں جو تھیں کرن تو بھنور آفتاب تھا
اس شعر میں کتنی تشبیہیں آئی ہیں؟
(a) کوئی تشبیہ نہیں آئی (b) ایک
(c) دو (d) تین

جوابات

1.	(d)	2.	(b)	3.	(b)	4	(c)
5.	(b)	6.	(d)	7.	(d)	8	(b)
9.	(b)	10.	(a).	11.	(c)	12	(d)
13.	(c)	14.	(b)	15.	(a)	16	(c)
17.	(d)	18.	(a)	19.	(c)	20	(b)
21.	(d)	22.	(b)	23	(d)	24	(a)
25.	(c)	26.	(a)	27	(b)	28.	(b)
29.	(b)	30.	(c)	31.	(a)	32	(b)
33.	(c)	34.	(a)	35.	(d)	36	(d)
37.	(b)	38.	(a)	39.	(c)	40	(a)
41.	(c)	42.	(b)	43	(c)	44	(a)
45.	(c)	46.	(b)	47.	(b)	48	(a)
49.	(c)	50.	(d)	51.	(d)	52	(b)
53.	(c)	54.	(b)	55.	(d)	56	(a)
57.	(a)	58.	(b)	59.	(c)	60	(d)
61.	(a)	62.	(b)	63.	(d)	64	(b)
65.	(a)	66.	(b)	67	(d)	68	(b)
69.	(b)	70.	(a)	71	(d)	72	(d)
73.	(a)	74.	(b)	75.	(d)		

SUBJECT SPECIALIST
LECTURER MALE/FEMALE
PAPER - 2013

1- "دامن تر ہونا" محاورہ ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟
(a) ثواب کمانا (b) گناہ گار ہونا
(c) بدنام ہونا (d) ملوث ہونا

2- "رات بھیگنا" محاورہ ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟
(a) ابتدائی حصہ شب کا گزرنا
(b) رات کو بارش کا ہونا
(c) رات کا بسر ہونا
(d) آدھی رات کے بعد کا عمل ہونا

3- "ہفت خواں سر کرنا" کا مطلب کیا ہے؟
(a) کسی مشکل کام کو انجام دینا
(b) سات پڑھے لکھوں کو مات دینا
(c) سات شہروں کی سیر کرنا
(d) ملکوں ملکوں گھومنا پھرنا

4- "پیر کنعاں" ترکیب ہے جو اردو میں بکثرت مستعمل ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟
(a) پیر حرم (b) پیر مغاں
(c) حضرت یوسفؑ (d) حضرت یعقوبؑ

5- "سینت سینت کر رکھنا" محاورہ ہے۔ اس کا مفہوم بتائیے؟
(a) لاپروائی سے رکھنا (b) حفاظت سے رکھنا
(c) بدنام کر کے رکھ دینا
(d) کسی وقت بھی آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دینا

6- "نقش برآب ہونا" محاورہ ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟
(a) پانی پر جادو کرنا (b) رعب جمانا
(c) بے ثبات ہونا (d) مشکل سے امید کا برآنا

7- "پانی بھرنا" محاورہ ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟
(a) غلامی کرنا (b) کنویں سے پانی نکالنا
(c) پانی لانے کی اجرت پر کام کرنا
(d) مستقبل کی فکر کرنا

8- "سبز قدم ہونا" محاورہ ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟
(a) مبارک ہونا (b) چاروں طرف سبزہ ہونا

(c) سنسان ہونا (d) منحوس ہونا

9- "کندی کرنا" قواعد کی رو سے کیا ہے؟

(a) محاورہ ہے (b) روزمرہ ہے

(c) نہ محاورہ ہے، نہ روزمرہ

(d) محاورہ بھی ہے، روزمرہ بھی ہے

10- "گئی بوئی نیا شوربا" ضرب المثل ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟

(a) کفایت سے خرچ کرنا

(b) گل چھرے اڑانا

(c) فضول خرچی کرنا

(d) بوٹیاں کھانا اور خوب شوربا پینا

11- "نقصان مایہ، شماتتِ ہمسایہ" ضرب المثل ہے۔ اس کا مفہوم بتایئے؟

(a) کسی بگاڑ پر ہمسایوں کا خوش ہونا

(b) جان بوجھ کر اپنا نقصان کر لینا تا کہ ہمسائے خوش ہوں

(c) خرچ کر کے ہمسایوں کا نقصان کرنا

(d) ہمسایوں سے ہر قیمت پر بھلائی کرنا

12- "عصمت بی بی از بے چادری" ضرب المثل ہے جو اردو میں مستعمل ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟

(a) چادر ہوتے ہوئے سر کا نہ ڈھانپنا

(b) بے باکی سے سر کھلا رکھنا

(c) مجبوری کے تحت نیکی کا کام کرنا

(d) عصمت و عفت کا ڈھنڈورا پیٹنا

13- "اونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ" کا مفہوم کیا ہے؟

(a) بہانے بہانے سے نیند پوری کرنا

(b) کسی کام کرنے کو خود ہی نہ چاہنا اور دوسرے کے منع کرنے سے باز رہنا

(c) ہر وقت اونگھتے رہنا

(d) کسی دوسرے کی نیکی اپنے سر منڈھ لینا

14- "سودے کے ساتھ روکھن" کا مفہوم بتایئے؟

(a) ادھار سودا خریدنا

(b) کسی چیز کی وہ مقدار جو اس کے خریدنے کے بعد اوپر سے بلا قیمت لے لینا

(c) ٹھونک بجا کر سودا کرنا

(d) سودے میں کسی وجہ سے بگاڑ واقع ہونا

15- "سر گاڑی پاؤں پہیا کرنا" ضرب المثل ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟

(a) خوب تگ و دو کرنا

(b) بلاضرورت آسرا ڈھونڈنا

(c) اپنے پاؤں پر چل کر جانا

(d) گاڑی کی نسبت راستہ پیدل تیز طے کرنا

16- "پھٹ پڑے سونا جس سے ٹوٹیں کان" ضرب المثل ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟

(a) نمود و نمائش کے لیے جان چھڑکنا

(b) کسی چیز کے حصول کے لیے جان ہلکان کرنا

(c) سراب کو حقیقت سمجھنا

(d) وہ چیز کس کام کی جس سے اذیت پہنچے

17- کون سا جملہ درست ہے؟

(a) آپ نے اس رقم کا بالکل صحیح استمال کیا ہے

(b) آپ نے اس رقم کا بالکل صیح استعمال کیا ہے

(c) آپ نے اس رقم کا بالکل صحیح استعمال کیا ہے

(d) آپ نے اس رقم کا بالکل صحیح استعمال کیا ہے

18- کون سا جملہ ہے؟

(a) محنت کرو ورنہ فاقے مرو گے

(b) محنت کرو ورنہ فاقوں مرو گے

(c) محنت کرو ورنہ فاقے سے مرو گے

(d) محنت کرو ورنہ فاقے کے ساتھ مرو گے

19- کون سا جملہ درست ہے؟

(a) دنیا کے ہر ممالک میں یہ دستور ہے

(b) دنیا کے ہر ایک ممالک میں یہ دستور ہے

(c) دنیا کے ہر ملک میں میں یہی دستور ہے

(d) دنیا کے ایک ایک ممالک میں یہی دستور ہے

20- کون سا جملہ درست ہے؟

(a) وہ یہ خبر سن کر گم صم ہو گیا

(b) وہ یہ خبر سن کر گم سم ہو گیا

(c) وہ یہ خبر سن کر صم گم ہو گیا

(d) وہ یہ خبر سن کر سم گم ہو گیا

21- درست جملے کی نشاندہی کیجیے

(a) میں یہاں بخیریت سے ہوں

(b) میں یہاں بعافیت سے ہوں

(c) میں یہاں بخیریت و عافیت سے ہوں

(d) میں یہاں بخیریت و عافیت ہوں

22- اُردو زبان میں مستعمل حروف ابجد کی تعداد کتنی ہے؟

(a) 36 (b) 37

(c) 38 (d) 39

23- "حسن یوسف"، "دم عیسیٰ"، "ید بیضا" کو اُردو زبان کی اصطلاح میں کیا کہیں گے؟

(a) تشبیہ (b) تلمیح

(c) کنایہ (d) مجاز مرسل

24- کسی میڈیکل کالج کے طالب علم کو "ڈاکٹر صاحب" کہنا اصطلاح میں کیا کہلاتا ہے؟

(a) کنایہ (b) تشبیہ

(c) مجاز مرسل (d) استعارہ

25- وہ ساحلوں پہ گانے والے، کیا ہوئے!

وہ کشتیاں چلانے والے، کیا ہوئے!

اس شعر میں ردیف کیا ہے؟

(a) ہوئے (b) کیا ہوئے

(c) والے کیا ہوئے (d) ردیف نہیں ہے

26- سوال نمبر 25 کے شعر میں قافیہ کیا ہے؟

(a) شعر میں قافیہ نہیں (b) گانے، چلانے

(c) گانے والے، چلانے والے

(d) کیا ہوئے

27- سوال نمبر 25 کے حوالے سے بتایئے کہ غزل کے اس شعر کو ادبی اصطلاح میں کیا نام دیں گے؟

(a) مطلع (b) مقطع

(c) پہلا شعر (d) آخری شعر

28- کوئی کے پسند ہو گیا ہے غالب

دل رک رک کر بند ہو گیا غالب

اللہ کر شب کو نیند آتی ہی نہیں

سونا سوگند ہو گیا ہے غالب

ان اشعار کا تعلق کس صنفِ نظم سے ہے؟

(a) قطعہ (b) رباعی

(c) غزل (d) مربع

29- اصناف نظم میں "قطعہ" کتنے اشعار پر مشتمل ہوتا ہے؟

(a) دو شعر (b) چار شعر

(c) چھے شعر (d) تعداد پر پابندی نہیں

30- ٹیپ کا مصرع کسے کہتے ہیں؟

(a) نظم کا پہلا مصرع

(b) نظم کے ہر بند میں بار بار دہرایا جانے والا مصرع

(c) نظم کا آخری مصرع

(d) نظم کا سب سے دل آویز مصرع

32- ہیں کرنیں ایک ہی مشعل کی بوبکر و عمر، عثمان و علی

ہم مرتبہ ہیں یاراں، نبیؐ کچھ فرق نہیں ان چاروں میں

اس شعر کا تعلق کس صنفِ نظم سے ہے؟

(a) حمد (b) نعت

(c) مناجات (d) منقبت

33- "شہر آشوب" کون سی صنفِ نظم ہے؟

(a) جس میں کسی ایک شہر کے شاعروں کا تذکرہ ہو

(b) جس میں کسی شہر کی تاریخ کا بیان ہو

(c) جس میں کسی شہر پر مسلط جنگوں کا بیان ہو

(d) جس میں کسی شہر کی پریشانی، گردشِ آسمانی اور زمانے کی ناقدری کا ذکر ہو

34- پابند نظم کے لیے لازمی ہے:

(a) ردیف (b) قافیہ

(c) ردیف قافیہ دونوں (d) چھوٹی بحر

35- اُردو طنزیہ و مزاحیہ شاعری کا سب سے بڑا نام کون سا ہے؟

(a) ظریف لکھنوی (b) ظریف جبلپوری

(c) اکبرالہٰ آبادی (d) سید محمد جعفری

36- اکبرالہٰ آبادی کے کلام میں سب سے نمایاں رنگ ... ہے؟

(a) تغزل

(b) مغربی معاشرت کی حمایت

(c) ہجویہ

(b) مغربی تہذیب کی تقلید کی مخالفت

Scanned by CamScanner

37- علامہ اقبال کی منظوم تصانیف میں سے کون سی تصنیف سب سے پہلے شائع ہوئی؟
(a) اسرارِ خودی (b) بانگِ درا
(c) بالِ جبریل (d) پیامِ مشرق

38- اُردو قصیدہ گوئی میں سب سے بڑا نام کون سا شمار ہوتا ہے؟
(a) مومن (b) ذوق
(c) غالب (d) سودا

39- مرزا غالب کے کلام کی مانگ ان کی زندگی ہی میں دلی اور لکھنؤ سے زیادہ پنجاب میں ہوئی۔ کیونکہ
(a) کلام میں ترنم ہے (b) فارسی تراکیب زیادہ ہیں
(c) ان کی زبان میں خاصی چاشنی ہے
(d) فکر و خیال میں ندرت ہے

40- ملک الشعراء مولانا غلام قادر گرامی، جو علامہ اقبال کے دوست بھی تھے، کس زبان کے شاعر تھے؟
(a) اردو، فارسی دونوں (b) عربی
(c) فارسی (d) اُردو

41- "لاہور کا دبستانِ شاعری" کے حوالے سے بتائیے کہ مجید امجد کی شہرت کی سب سے بڑی وجہ کیا ہے؟
(a) ہیئت کے سب سے زیادہ تجربے کیے
(b) حبِ وطن کے موضوع پر سب سے زیادہ نظمیں لکھیں
(c) نئی نئی علامتیں اختراع کیں
(d) کثرت سے لوک داستانوں کو منظوم کیا

42- مرثیہ گوئی اور مرثیہ خوانی میں کیا فرق ہے؟
(a) کچھ فرق نہیں
(b) جو مرثیہ کہتا ہے، وہ پڑھتا بھی ہے
(c) مرثیہ کہتا اور ہے، مرثیہ پڑھتا اور ہے
(d) مرثیہ پڑھنے کے لیے خود مرثیہ کہنا لازمی ہے

43- تم سلامت رہو ہزار برس
ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار
بہادر شاہ ظفر کی شان میں قصیدے کا یہ دعائیہ شعر کس کی تخلیق ہے؟
(a) محمد ابراہیم ذوق (b) مرزا غالب
(c) شاہ نصیر (d) مومن خاں مومن

44- دم واپسیں بر سرِ راہ ہے
عزیزو! اب اللہ ہی اللہ ہے
اپنا یہ شعر انتقال سے پہلے کس کے وردِ زبان تھا؟
(a) مرزا دبیر (b) شاہ عظیم آبادی
(c) مرزا غالب (d) علامہ اقبال

45- وہ معروف استاد کون تھے، جنہوں نے پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج میں سولہ سال تک پڑھایا اور جو خود بھی عربی، فارسی کے قادر الکلام شاعر تھے مولانا شبلی نعمانی، مولانا حالی، وحید الدین سلیم، مولوی عبداللہ ٹونکی اور مولوی ... مختلف اوقات میں ان کے شاگرد رہے۔
(a) حافظ محمود شیرانی
(b) مولانا فیض الحسن سہارنپوری
(c) مولانا محمد حسین آزاد (d) مولانا احمد بخش ...

46- اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے
مرزا غالب کو یہ شعر بہت پسند تھا اور وہ اس کی ... کرتے تھے۔ بتائیے اس شعر کے خالق کون ہیں؟
(a) مرزا غالب (خود) (b) شیخ ...
(c) مومن خاں مومن (d) مرزا محمد ...

47- "ایسے معجز بیان، فصیح اللسان، قدر دان کے اٹھ جانے سے زندگی کا کچھ لطف باقی نہیں رہا۔ اب ایسا ... ہوگا"۔ میر انیس کی وفات پر یہ جملہ کس نے کہا تھا؟
(a) مرزا غالب (b) قربان علی بیگ ...
(c) مرزا دبیر (d) مرزا عشق (...)

48- سنا یارات کو قصہ جو ہیر رانجھے کا
تو اہلِ درد کو پنجابیوں نے لوٹ لیا
انشاء کا یہ شعر پنجابی زبان کے بارے میں کس بات کی ... ہے؟
(a) پنجابی کی لوک داستانیں بڑی دل آویز ہیں
(b) پنجابی میں تصوف بہت کارفرما ہے
(c) اہلِ پنجاب میں پیری مریدی زیادہ ہے
(d) پنجابی ایک قدیم زبان ہے

49- بیس برس سے کھڑے تھے جو اس گاتی نہر کے دوار

جھومتے کھیتوں کی سرحد پر بانکے پہرے دار
گھنے، سہانے، چھاؤں چھڑکتے، بور لدے چھتنار
بیس ہزار میں بک گئے سارے ہرے بھرے اشجار
ان شعروں سے دبستان لاہور کے کس شاعر کا نام ذہن میں آتا ہے، جن کے ہاں "شجر" کی علامت بہت استعمال ہوئی ہے؟
(a) فیض احمد فیض (b) حفیظ جالندھری
(c) مجید امجد (d) اختر شیرانی

گاندھی از گجرات دبھاوے از دکن
ننگے پاؤں، ننگے سر، ننگے بدن
اس معروف پیروڈی کے خالق کون ہیں؟
(a) چراغ حسن حسرت (b) ظفر علی خاں
(c) سید محمد جعفری (d) مجید لاہوری

کل صبح کے مطلعِ تاباں سے جب عالم بقعۂ نور رہا
سب چاند ستارے ماند ہوئے، خورشید کا نور ظہور ہوا
(a) نورِ صبح (b) جوگی
(c) چاند اور تارے (d) سنسار

سوال نمبر 51 کے حوالے سے بتائیے کہ یہ نظم کس کی تخلیق ہے؟
(a) اختر شیرانی (b) محمد دین فوق
(c) علامہ اقبال (d) چودھری خوشی محمد ناظر

ہماری باتیں ہی باتیں ہیں سید کام کرتا تھا
نہ بھولو فرق جو ہے کہنے والے، کرنے والے میں
کہے جو چاہے کوئی میں تو یہ کہتا ہوں اے اکبر
خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں
"سید" سے کون سی ہستی مراد ہے؟
(a) سید میر حسن (b) سید سلیمان ندوی
(c) سید احمد بریلوی (d) سر سید احمد خاں

"میری اُردو تانگے والے کی اُردو ہے"۔ یہ جملہ قائداعظم نے کس کو کہا تھا، جس سے آگے روایت بنا؟
(a) خواجہ حسن نظامی (b) مولوی عبدالحق
(c) میاں بشیر احمد (d) علامہ اقبال

خواجہ میر درد شاعر ہیں جب کہ خواجہ حسن نظامی نثر نگار۔ دونوں کا ... بھی مختلف ہے۔ پھر ان دونوں میں قدرِ مشترک کیا ہے؟
(a) خواجگی (b) دہلویت
(c) تصوف
(d) نظام الدین اولیاء سے نسبت

56- "آندھی، بروزن گاندھی" کس کو کہا جاتا تھا؟
(a) محمد علی جوہر (b) حسرت موہانی
(c) ظفر علی خاں (d) مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری

57- جدید اردو نظم کا آغاز کہاں سے ہوا؟
(a) انجمن پنجاب، 1875ء (لاہور)
(b) انجمن حمایت اسلام (لاہور)
(c) تہذیب الاخلاق (علی گڑھ)
(d) اودھ پنچ (لکھنؤ)

58- تم خیر خواہ دولتِ برطانیہ رہو
سمجھیں جناب قیصرِ ہند اپنا جاں نثار
یہ شعر ابتدا میں کس معروف روزنامے کی پیشانی پر لکھا جاتا رہا؟ یہی روزنامہ بعد میں انگریزوں کا معتوب ٹھہرا
(a) پیسہ اخبار (b) زمیندار
(c) پنجاب ریویو (d) ہمدرد

59- وے صورتیں الٰہی کس دیس بستیاں ہیں
اب جن کے دیکھنے کو آنکھیں ترستیاں ہیں
اس زبان زدِ خاص و عام شعر میں خاکوں پر مبنی کتنی معروف تصانیف کے نام مستور ہیں؟
(a) ایک (b) دو
(c) تین (d) چار

60- علامہ اقبال اپنے آپ کو کس ہستی کا معنوی شاگرد کہنے میں فخر محسوس کرتے تھے؟
(a) شمس تبریزی (b) شیخ سعدی
(c) حافظ شیرازی (d) مولانا روم

61- "ری کنسٹرکشن آف ریلجس تھاٹ ان اسلام (Reconstruction of Relegious Thought in Islam)" بڑی موقر کتاب ہے، جس کا سید نذیر نیازی نے اُردو میں ترجمہ کیا۔ بتائیے یہ کس کی تصنیف ہے؟
(a) محمد علی جوہر (b) سید امیر علی
(c) سید سلیمان ندوی (d) علامہ اقبال

62- "تحقیقاتِ چشتی" آثارِ لاہور کے بارے میں بڑی موقر و معتبر

کتاب ہے۔ یہ کس کی تصنیف ہے؟

(a) حافظ محمود شیرانی (b) مولوی احمد بخش یکدل

(c) مولوی نور احمد (d) مولانا محمد ابراہیم خوشدل

63- "بجنگ آمد"، "بسلامت روی" اور "بزم آرائیاں" جیسی مقبول تصانیف سے کس مصنف کا نام ذہن میں آتا ہے؟

(a) مشتاق احمد یوسفی (b) کرنل محمد خاں

(c) شفیق الرحمٰن (d) اشفاق احمد

64- اہل لاہور کو "زندہ دلانِ لاہور" کا لقب کس نے دیا تھا؟

(a) پطرس بخاری (b) خواجہ حسن نظامی

(c) علامہ اقبال (d) سرسید احمد خاں

65- مولانا شبلی نعمانی، مولوی ذکاء اللہ، مولوی چراغ علی، مولانا حالی، محسن الملک اور مولوی سمیع اللہ وغیرہ سرسید سے کس بارے میں صریحاً اختلاف رکھتے تھے؟

(a) معاشرت (b) مذہب

(c) سیاست (d) جدید تعلیم کی ترویج

66- مولانا عبدالحلیم شرر نے کچھ اور متوازی رسالوں کے ساتھ ساتھ ایک جریدہ عرصہ دراز تک جاری رکھا، جس کا بڑا چرچا تھا۔ اس جریدے کا نام کیا تھا؟

(a) دلگداز (b) اودھ پنچ

(c) مہذب (d) سویرا

67- علامہ اقبال نے پرندوں میں "شاہین" کو جن صفات کی بنا پر پسند کیا ہے، ان میں سے ایک اہم صفت یہ ہے کہ شاہین

(a) پرندوں کا بادشاہ ہے

(b) صرف فضا میں شکار کرتا ہے

(c) بلند پرواز ہے

(d) کئی کئی دن بھوکا رہ سکتا ہے

68- "آثار الصنادید" سرسید کی معروف تصنیف ہے۔ اس کا موضوع کیا ہے؟

(a) دلی کی قدیم تاریخ

(b) قدیم اُردو شعرا کا تذکرہ

(c) جنگ آزادی کے اسباب و علل بیان ہوئے ہیں

(d) دلی کے آثار قدیمہ، معروف مقبات اور کاملین فن کا تذکرہ ہے

69- غزل کی زبان کسی ہوتی ہے؟

(a) ملائم و پرسوز کی زبان (b) غم و آلام کی زبان

(c) ہجر و فراق کی زبان

(d) شان و شکوہ اور تزک و احتشام کی زبان

70- اُردو ناولوں کا "گرنتھ صاحب" کس ناول کو کہا جاتا ہے؟

(a) راجہ گدھ از بانو قدسیہ

(b) خدا کی بستی از شوکت صدیقی

(c) آنگن از خدیجہ مستور

(d) علی پور کا ایلی از ممتاز مفتی

71- "دہلی کا ایک یادگار مشاعرہ" مرزا فرحت اللہ کا ایک ناقابلِ فراموش طویل مضمون ہے۔ یہی مضمون ایک دوسرے نام سے بھی کتابی صورت میں زیورِ طبع سے کئی بار آراستہ ہو چکا ہے۔ اس کا دوسرا نام کیا ہے؟

(a) دلی کی آخری شمع (b) پھول والوں کی سیر

(c) ایک وصیت کی تعمیل

(d) بہادر شاہ ظفر کے زمانے کی دلی

72- سید سجاد ظہیر کی، جو اُردو ادب میں ترقی پسند تحریک کے روحِ رواں تھے، معروف ترین تصنیف کا نام کیا ہے؟

(a) ادب اور فن (b) روشنائی

(c) ادب اور زندگی

(d) اردو ادب میں ترقی پسند تحریک

73- رات کو آگ اور دن کو دھوپ
بھاڑ میں جائیں ایسے لیل و نہار (غالب)

اس شعر میں متضاد الفاظ کتنی بار آئے ہیں؟

(a) متضاد الفاظ نہیں آئے

(b) تین بار

(c) دو بار (d) فقط ایک بار

74- یہی شیخ حرم ہے جو چرا کر بیچ کھاتا ہے
گلیم بوذر و دلقِ اویس و چادرِ زہرا (اقبال)

اس شعر میں "مرکب اضافی" کا استعمال کتنی بار ہوا ہے؟

(a) چار بار (b) تین بار

(c) دو بار (d) ایک بار بھی نہیں

75- ع ہے مشقِ سخن جاری، چکی کی مشقت بھی

اس مصرعے سے کس شاعر کا نام ذہن میں آتا ہے جس نے قید و بند کی بڑی صعوبتیں برداشت کیں؟

(a) فیض احمد فیض (b) حسرت موہانی

(c) مولانا ظفر علی خاں (d) مولانا محمد علی جوہر

جوابات							
1.	(b)	2.	(d)	3.	(a)	4	(d)
5.	(b)	6.	(c)	7	(a)	8	(d)
9.	(d)	10.	(a)	11.	(a)	12.	(c)
13.	(b)	14.	(b)	15.	(a)	16	(d)
17.	(d)	18.	(b)	19.	(c)	20	(a)
21.	(d)	22.	(b)	23	(b)	24.	(c)
25.	(c)	26.	(b)	27.	(a)	28	(b)
29.	(d)	30.	(b)	31.	(c)	32.	(b)
33.	(d)	34.	(b)	35.	(c)	36	(d)
37.	(a)	38.	(d)	39.	(d)	40	(c)
41.	(a)	42.	(c)	43	(b)	44	(c)
45.	(b)	46	(b)	47	(c)	48	(a)
49.	(c)	50.	(b)	51.	(b)	52	(d)
53.	(d)	54.	(b)	55.	(c)	56	(c)
57.	(a)	58.	(b)	59.	(b)	60	(d)
61.	(b)	62.	(c)	63.	(b)	64.	(d)
65.	(b)	66.	(a)	67.	(c)	68	(d)
69.	(a)	70.	(d)	71.	(a)	72	(b)
73.	(c)	74.	(a)	75.	(b)		

SUBJECT SPECIALIST LECTURER MALE/FEMALE

PAPER - 2014

1- "کتے کو گھی ہضم نہیں ہوتا" ضرب المثل ہے۔ اس کی کیا مراد ہے؟

(a) ہوشیار آدمی

(b) کمینے آدمی میں حوصلہ کم ہوتا ہے

(c) بے وقوف ضدی آدمی

(d) بے بس مجبور آدمی

2- "الٹے بانس بریلی کو" اس ضرب المثل سے کیا مراد ہے؟

(a) کام کو ترتیب سے کرنا

(b) کام کو چھوڑ چھوڑ کر کرنا

(c) کام میں خرابی پیدا ہو جانا

(d) الٹا کام کرنا

3- "جونپور کا قاضی" ضرب المثل ہے۔ اس سے کیا مراد لیا جاتا ہے؟

(a) انتہائی سمجھدار (b) ترت فیصلہ کرنے والا

(c) بے وقوف، احمق (d) فیصلے کو لٹکانے والا

4- "بسا اوقات" کی ترکیب اُردو میں روز مرہ بول چال کا حصہ ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟

(a) اکثر اوقات (b) مستثنیٰ حالتوں میں

(c) بعض اوقات (d) ایک دن چھوڑ کر

5- "نالش کرنا" محاورہ ہے، اس کے معنی کیا ہیں؟

(a) آہ و زاری کرنا (b) صلح صفائی کا ڈول ڈالنا

(c) ڈانٹ ڈپٹ کرنا (d) دعویٰ دائر کرنا

6- "ہوا نخش" کی ترکیب اُردو میں کن معنوں میں مستعمل ہے؟

(a) تیز و طرار شخص

(b) بے سوچے سمجھے ہاں میں ہاں ملانے والا

(c) ہر وقت بے چین رہنے والا

(d) ہر وقت پیچھے پیچھے پھرنے والا

7- "بھان متی کا کنبہ" ضرب المثل ہے۔ اس سے کیا مراد ہے؟

(a) ادنیٰ ذات کے ہندوؤں (شودروں) کا کنبہ

(b) محض شور مچانے والوں کا گروہ

(c) واہی تباہی لوگوں کا مجمع

(d) وہ خاندان جس میں ہر عمر کے افراد ہوں

8- "فتر بود کرنا" محاورہ ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟

(a) بلیغ انداز اختیار کرنا (b) جھگڑے کی بنیاد رکھنا

(c) شیر و شکر کرنا (d) خلط ملط کر دینا

9- "صاحب فراش" کی ترکیب روز مرہ بول چال میں کثرت سے مستعمل ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟

(a) وہ بیمار جو بستر سے نہ اٹھ سکے
(b) صاحب اختیار
(c) صاحب کمال
(d) فراش (فرش صاف کرنے والا ملازم)

10- "دام تزویر" کی ترکیب بھی اُردو میں بکثرت مستعمل ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟
(a) پنچھی پکھیرو پکڑنے کے لیے صیاد کا جال
(b) سادہ لوح لوگوں کو پھانسنے کا پھندا
(c) مچھلیاں پکڑنے کا جال
(d) مکروفریب کا جال

11- "آدھ جل گگری چھلکت جائے" ضرب المثل ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟
(a) وہ چیز جو جلنے کے قریب ہو زیادہ مزیدار ہوتی ہے
(b) زور کی بھوک میں نیم پخت کھانے بھی غنیمت ہوتے ہیں
(c) آدھ سیر وزن کے برتن میں آدھ سیر ہی سماتا ہے
(d) کم ظرف آدمی تھوڑا سا مقدور ہونے پر اترانے لگتا ہے

12- "گونگے کا خواب" محاورہ ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟
(a) وہ خواب جس کی تعبیر فوراً نظر آ جائے
(b) وہ خواب جسے دیکھ کر آدمی خوشی سے پھولے نہ سمائے
(c) وہ بات جسے آدمی دیکھے مگر زبان سے نہ کہہ سکے
(d) خوفناک اور ڈراونا خواب

13- "مسجد ٹھنڈی کرنا" محاورہ ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟
(a) مسجد کو منہدم کرنا
(b) مسجد میں نماز پنجگانہ باجماعت ادا ہونا
(c) مسجد میں بیشتر نمازوں کا باجماعت ادا نہ ہونا
(d) مسجد کی خوب دیکھ بھال کرنا

14- "نمازی کا ٹکا" ضرب المثل ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟
(a) نمازی کا انعام و اکرام
(b) فعل بد کی سزا ضرور ملتی ہے
(c) پرہیزگار نمازی کی طرف سے نذرانہ
(d) نمازی کا سکہ جیب میں رکھنے سے دولت آتی ہے

15- "نخاس چڑھنا" محاورہ ہے۔ اس کا مفہوم بتائیے؟
(a) رسوائے عام ہونا (b) بازار کا مندا ہونا
(c) بازار کا تیز ہونا (بھاؤ چڑھنا)
(d) گھڑ سواری کرنا

16- "نو تیرہ بائیس بتانا" محاورہ ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟
(a) صاف جواب دے دینا
(b) ٹال دینا
(c) ناچ تماشا کر کے دکھانا
(d) لڑائی کا ڈول ڈالنا

17- "جز رسی کرنا" محاورہ ہے۔ اس سے کیا مراد ہے؟
(a) سخاوت کرنا (b) مکمل انصاف کرنا
(c) کنجوسی کرنا
(d) حقدار کو اس کا حق پہنچانے کی کوشش کرنا

18- "دیدہ و دید" ترکیب ہے جو اُردو میں بکثرت مستعمل ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟
(a) تاک جھانک کرنا (b) دیکھتے ہی آنکھیں چار
(c) ایک کا دوسرے کی ملاقات کو جانا
(d) آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا

19- "تائیں تائیں فش" محاورہ ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟
(a) زبانی جمع خرچ بہت مگر نتیجہ کچھ نہیں
(b) ہمسایوں کی لڑائی
(c) بے جوڑ لوگوں کا ساتھ
(d) محض کاغذی کارروائی

20- "جلے پاؤں کی بلی" ضرب المثل ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟
(a) جلے پھپھولے پھوڑنا اور ستائے ہوؤں کو مزید ستانا
(b) وہ عورت جسے ایک جگہ ٹھہرنا مشکل اور پھرنے کے سوا کوئی دوسرا کام نہ ہو
(c) وہ عورت جو ہر بات کا غلط جواب دے
(d) وہ عورت جو دوسروں کے دُکھ میں برابر کی شریک ہو

21- "دعوتِ سمرقندی" کی ترکیب اُردو میں کن معنوں میں مستعمل ہے؟
(a) پرتکلف ضیافت (b) نا قبول دعوت
(c) بے تکلفی کی دعوت (دعوتِ شیراز)
(d) وہ دعوت جو تہِ دل اور حبِ باطن سے نہ ہو

22- "مشتری ہوشیار باش!" قانونی اصطلاح ہے۔ یہ کن معنوں میں آتی ہے؟

(a) جائیداد کے خریدار کو متوجہ کرنے کے لیے
(b) دشمن کو للکارنے کے معنوں میں
(c) دوست سے مذاق کرتے وقت اسے متنبہ کرنے کے لیے
(d) جائیداد کا نیلامی بولتے وقت

23- ضرب المثل میں خالی جگہ پر کیجیے
"روپے رکھے غریبوں نے تو دن ___ ہو گئے"۔
(a) آسان (b) بھاری
(c) بڑے (d) چھوٹے

24- ہجوں کے اعتبار سے کون سا لفظ درست ہے؟
(a) چوھدری (b) چودھری
(c) چوہدری (d) چودہری

25- "قائداعظم" کا لفظ قواعد کی رُو سے کیا ہے؟
(a) لقب (b) خطاب
(c) تخلص (d) عرف

26- لفظ "پہناوا" کو قواعد کی رُو سے کیا کہیں گے؟
(a) اسم جامد (b) اسم مصدر
(c) فعل متعدی (d) اسم حاصل مصدر

27- کون سا جملہ درست ہے؟
(a) آپ کی ناراضگی کی وجہ کیا ہے
(b) آپ کی ناراضگی کا سبب کیا ہے
(c) آپ کی ناراضی کا سبب کیا ہے
(d) آپ کی ناراضی کا باعث کیا ہے

28- کون سا جملہ درست ہے؟
(a) کبیر دانستہ طور پر غیر حاضر ہے
(b) کبیر دانستہ غیر حاضر ہے
(c) اکبر نادانستہ طور پر غیر حاضر ہے
(d) اکبر دانستہ طور پر حاضر ہے

29- رموز اوقاف کے اعتبار سے کون سا جملہ درست ہے؟
(a) ماں نے بیٹے سے کہا: "بیٹا! محنت نہیں کرو گے تو فاقوں مرو گے"۔
(b) ماں نے بیٹے سے کہا، "بیٹا، محنت نہیں کرو گے تو فاقوں مروں گے"۔
(c) ماں نے بیٹے سے کہا، "بیٹا محنت نہیں کرو گے تو فاقوں مرو گے"۔
(d) "ماں نے بیٹے سے کہا بیٹا محنت نہیں کرو گے تو فاقوں مرو گے"۔

30- رموز اوقاف کے اعتبار سے کون سا جملہ درست ہے؟
(a) میں اور مجلسِ اقبال سے یوں تشنہ کام آؤں؟
(b) "میں اور مجلسِ اقبال سے یوں تشنہ کام آؤں"
(c) میں اور مجلسِ اقبال سے یوں تشنہ کام آؤں"
(d) میں اور مجلسِ اقبال سے یوں تشنہ کام آؤں!

31- اُردو زبان میں مستعمل غیر منقوط حروف ابجد بشمول ہمزہ (ء) کی تعداد کتنی ہے؟
(a) بیس (b) بائیس
(c) سولہ (d) اٹھارہ

32- بتائیے پاکستان کا قومی ترانہ کل کتنے مصرعوں پر مشتمل ہے؟
(a) دس (b) پندرہ
(c) بیس (d) پچیس

33- "آثار الصنادید" سرسید احمد خاں کی معروف تصنیف ہے۔ بتائیے آثار الصنادید کے معنی کیا ہیں؟
(a) شعرائے قدیم کے اذکار
(b) ہنرمندوں کے احوال
(c) بزرگوں کی نشانیاں (d) پرانے کھنڈرات

34- "ان کے خطوط کی تعداد کا اندازہ کم و بیش ایک لاکھ سے اوپر ہے"۔ یہ بات وثوق سے ساتھ کس ہستی کے بارے میں کہی جا سکتی ہے؟
(a) مرزا غالب (b) علامہ اقبال
(c) سرسید احمد خاں (d) مولوی عبدالحق

35- "مار ڈالا یار تیری جواب طلبی نے! اس چرخ کج رفتار کا برا ہو، ہم نے اس کا کیا بگاڑا تھا؟ ملک و مال و جاہ و جلال کچھ نہیں رکھتے تھے۔ ایک گوشہ توشہ تھا، چند مفلس و بے نوا ایک جگہ فراہم ہو کر کچھ ہنس بول لیتے تھے۔"
مکتوب نگاری کے اس اندازِ تحریر سے کس مکتوب نگار کا نام ذہن میں آتا ہے۔
(a) مولوی عبدالحق (b) میرزا غالب

(c) مولانا عبدالماجد دریابادی

(d) سید سلیمان ندوی

36- "گزشتہ لکھنو" مولانا عبدالحلیم شرر کی معروف تصنیف ہے۔ اس کا موضوع کیا ہے؟

(a) لکھنو کا تمدن اور معاشرہ

(b) لکھنو کی قدیم تاریخ

(c) شاہانِ اودھ کی تاریخ

(d) واجد علی شاہ کے زمانے کے لکھنو کے احوال

37- مولانا محمد علی جوہر "ہمدرد" کے متوازی وہ کون سا انگریزی اخبار نکالتے تھے، جس کی زبان دانی کے انگریز بھی معترف تھے؟

(a) پائنیر (Pioneer) (b) کامریڈ (Comrade)

(c) سپیکٹیٹر (Spectator)

(d) ٹیٹلر (Tattler)

38- مذہبی، ادبی اور سیاسی مضامین کا حامل ایک جریدہ "اردوئے معلیٰ" اس قدر وقیع تھا کہ تیلی عمانی جیسے ثقہ لوگ صرف اسے پڑھتے تھے بلکہ اس کے مضامین کی داد دیتے تھے۔ یہ جریدہ کون نکالتا تھا؟

(a) سر عبدالقادر (b) مولوی عبدالحق

(c) مولانا حسرت موہانی (d) میاں بشیر احمد

39- اندھیری شب ہے جدا اپنے قافلے سے ہے تو

ترے لیے ہے مرا شعلۂ نوا قندیل (اقبال)

یہ شعر قیامِ پاکستان کے بعد ایک عرصہ تک ایک ہر دلعزیز ادبی اور نیم سیاسی ہفت روزہ جریدے کی پیشانی پر لکھا جاتا تھا۔ اس جریدے کا نام بتایئے؟

(a) لیل و نہار (b) ادبِ لطیف

(c) چٹان (d) قندیل

40- کرنل ہالرائیڈ (ڈائریکٹر آف پبلک انسٹرکشن پنجاب) کا اُردو زبان پر سب سے بڑا احسان کیا ہے؟

(a) اُردو کو سرکاری زبان قرار دیا

(b) انجمن پنجاب (1874ء) کی تشکیل ان کی سرپرستی میں ہوئی

(c) لاہور سے اردو اخبار "پیسہ اخبار" جاری کیا

(d) اُردو کلاسیکی ادب کی ان گنت کتابیں شائع کرائیں

41- Dr Fallon، John T Platts اور John Shakespeare کے اُردو زبان پر کیا احسانات ہیں؟

(a) انگریزی داستانوں کے اُردو تراجم کیے

(b) انگریزی صنفِ ناول کو اردو میں متعارف کرایا

(c) انگریزی طرز پر اُردو قواعد کے اصول مرتب کیے

(d) انگریزی اُردو لغات مدون کیں

42- علامہ اقبال کی اس تصنیف کا نام کیا ہے، جو اقتصادیات پر اردو کی پہلی تصنیف ہے؟

(a) اسلام اور معاشیات (b) علم الاقتصاد

(c) تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ

(d) ہم اور ہماری اقتصادی حالت

43- رجب علی بیگ سرور کی تصنیف "فسانۂ عجائب" کی بنیادی خوبی کیا ہے؟

(a) مسجع مقفیٰ اسلوب بیان

(b) مافوق الفطرت معاشرے کا بیان

(c) سہل اور آسان عبارت

(d) لکھنوی مجلسی زندگی کی رنگا رنگی کا ذکر

44- میر امن کی شہرۂ آفاق تصنیف "باغ و بہار" میں کس تہذیب کی جھلک دکھائی دیتی ہے؟

(a) مغلوں کے دورِ عروج کی تہذیب

(b) باغ و بہار کے زمانۂ تصنیف کے کلکتہ کی معاشرت

(c) میر امن کے زمانے کی دہلی کی تہذیب

(d) شاہانِ اودھ کے زمانے کی لکھنو کی تہذیب

45- ڈپٹی نذیر احمد کے پیشِ نظر ناول لکھنے کا بڑا مقصد کیا تھا؟

(a) اردو زبان و ادب کا فروغ

(b) مسلمانوں کے یہاں مروجہ غلط رسوم و رواج کی اصلاح

(c) برصغیر کے مسلمانوں کو سیاسی طور پر متحد کرنا

(d) مسلمان اشراف گھرانوں کی بہو بیٹیوں کی تعلیم کی ضرورت کو پورا کرنا

46- قائداعظم کے انتقال پُر ملال کے موقع پر لکھی جانے والی نظم میں اس عظیم ہستی کے بارے میں "قندیل" کا لفظ استعمال ہوا ہے، شاید ہی کوئی اور نظم لکھی گئی ہو۔ اس نظم کے شاعر کون تھے؟

(a) حفیظ جالندھری (b) مولانا ظفر علی خاں

(c) فیض احمد فیض (d) سید عابد علی عابد

47- اردو کے وہ کون سے مسلم الثبوت شاعر تھے، جو اپنی خاندانی سپاہیانہ وضع کو بڑھاپے تک بدستور نباہتے رہے، یہاں تک کہ مشاعروں میں بھی تلوار باندھ کر جاتے تھے؟

(a) مرزا غالب (b) خواجہ حیدر علی آتش

(c) مرزا داغ دہلوی (d) نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ

48- دبستان لاہور کے کس شاعر نے موضوعاتی نظموں کے علاوہ رباعی، قطعہ اور دوہے کی اصناف میں بڑا نام کمایا؟ خراجِ عقیدت کے طور پر لاہور کی ایک معروف سڑک کا نام بھی ان کے نام کی نسبت سے معنون ہے

(a) حسرت موہانی (b) مولانا ظفر علی خاں

(c) خواجہ دل محمد (d) علامہ اقبال

49- "اعلان جنگ، دورِ حاضر کے خلاف" جلی حروف میں یہ الفاظ علامہ اقبال کے کس مجموعہ کلام کے سرورق پر درج ہیں؟

(a) بانگِ درا (b) بالِ جبریل

(c) ضربِ کلیم (d) ارمغانِ حجاز

50- علامہ اقبال کی ایک نظم ایسی ولولہ خیز اور ہیجان انگیز ہے، جس کا ترجمہ، بقول خلیفہ عبدالحکیم، نظم کے جذبے کو برقرار رکھتے ہوئے روسی زبان میں لینن کے سامنے پیش ہو جاتا تو وہ اسے اشتراکیت کا ترانہ بنا دیتا۔ اس نظم کا عنوان کیا ہے؟

(a) الارض للہ (b) لینن... خدا کے حضور

(c) فرشتوں کا گیت

(d) فرمانِ خدا فرشتوں سے

51- نادان ہیں، کس طرف سے باہر نکلیں

انسان ہیں، کس طرف سے باہر نکلیں

زنداں وہ کا کوئی دروازہ نہیں

حیران ہیں، کس طرف سے باہر نکلیں

بتایئے ان اشعار میں ردیف کیا ہے؟

(a) اشعار میں ردیف نہیں ہے

(b) نکلیں

(c) کس طرف سے باہر نکلیں

(d) ہیں، کس طرف سے باہر نکلیں

52- سوال نمبر 51 کے اشعار میں قافیہ کیا ہے؟

(a) نادان، انسان، حیران

(b) ہیں

(c) باہر نکلیں (d) کس طرف سے باہر نکلیں

53- سوال نمبر 51 ہی کے حوالے بتایئے کہ ان اشعار کا تعلق کس صنفِ نظم سے ہے؟

(a) قطعہ (b) غزل

(c) رباعی (d) مربع

54- "بارہ ماسہ" کون سی صنفِ نظم ہے؟

(a) وہ ہندی صنفِ نظم جس میں عورت کی زبان سے بارہ مہینوں کی کیفیتِ فراق بیان کی جاتی ہے

(b) بارہ مصرعوں پر مشتمل نظم، جس میں کسی موضوع پر مربوط اظہارِ خیال کیا جاتا ہے

(c) بارہ اشعار کی حامل نظم، جس میں کسی تاریخی واقعہ یا لوک داستان کا مذکور ہوتا ہے

(d) مثنوی کا دوسرا نام ہے

55- زمانے کے انداز بدلے گئے

نیا راگ ہے، ساز بدلے گئے

ہوا اس طرح فاش رازِ فرنگ

کہ حیرت میں ہے شیشہ بازِ فرنگ

پرانی سیاست گری خوار ہے

زمیں میر و سلطاں سے بیزار ہے

علامہ اقبال کے ان اشعار کا تعلق کس صنفِ شاعری سے ہے؟

(a) قطعہ (b) مثنوی

(c) شہر آشوب (d) مرثیہ

56- ریختے کے تمہیں استاد نہیں ہو غالب

کہتے ہیں اگلے زمانے میں کوئی میر بھی تھا

گویا اردو کا قدیم نام "ریختہ" ہے۔ بتایئے "ریختی" کون سی صنفِ نظم ہے؟

(a) ایسی صنف جس میں قدیم اُردو کے الفاظ کثرت سے ہوں

(b) ایسی صنف جس میں شکایت زمانہ کے موضوع پر اظہارِ خیال کیا گیا ہو

(c) کوئی صنف نظم نہیں۔ یہ لفظ "ریختہ" کا مونث ہے

(d) ایسی صنف جس میں عورت کی طرف سے اظہار محبت کیا گیا ہے

57- اے دعا ہاں عرض کر عرش الٰہی تھام کے
بے صدا ایچھ، بے رخ گردش ایام کے (آغا حشر)

اس شعر سے کون سی صنف نظم کا تصور ذہن میں آتا ہے؟

(a) مناجات (b) منقبت
(c) نعت (d) حمد

58- "سحر البیان" اور "گلزار نسیم" اردو کی معروف مثنویاں ہیں۔
بتائیے ان کا سب سے بڑا وصف کیا ہے؟

(a) مافوق الفطرت عناصر کا بیان
(b) پرشکوہ بیان
(c) زبان و بیان کی سادگی اور بے ساختگی
(d) واقعات کا تسلسل اور ربط

59- ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

علامہ اقبال کا یہ شعر ان کی اس نظم کا حاصل شعر ہے۔ ان کی اس نظم کا عنوان کیا ہے؟

(a) ہمدردی (b) ماں کا خواب
(c) پرندے کی فریاد (d) بچے کی دعا

60- میر انیس کے کلام کی مبالغہ آرائی

(a) ان کی شاعری کی بڑی خامی ہے
(b) ان کی شاعری کی نمایاں خوبی ہے
(c) ان کی شاعری کی بڑی خامی ہے
(d) محض معمولی سی ہے، جو گراں نہیں گزرتی

61- علامہ اقبال نے اپنی شاعری میں کس صنف نظم کو سب سے زیادہ برتا ہے؟

(a) غزل (b) ترجیع بند
(c) مثنوی (d) ترکیب بند

62- "شاہ بیت" شعری اصطلاح ہے۔ اس سے کیا مراد لیا جاتا ہے؟

(a) غزل کا عین وسطی شعر
(b) غزل کا سب سے عمدہ اور دلآویز شعر
(c) غزل میں مطلع کے بعد آنے والا شعر
(d) غزل میں مقطع سے پہلے آنے والا شعر

63- شاعری میں سوقیانہ، فرسودہ پشت اور پامال الفاظ کا استعمال شعری اصطلاح میں کیا کہلاتا ہے؟

(a) غرابت (b) ایہام
(c) ترفع (d) ابتذال

(c) استاد ابراہیم ذوق (d) مرزا غالب

79- تندیِ بادِ مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب!
یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کے لیے
یہ شعر کس کا ہے؟
(a) مولانا ظفر علی خاں
(b) ✓ صادق حسین کاظمی
(c) اسد ملتانی (d) امین حزیں سیالکوٹی

80- ہندوستان میں ایک خاندان کی زبان دانی کا سب سے زیادہ چرچا تھا۔ اسی لیے یہ قول مشہور رہا "اگر زبان سیکھنا ہو تو میر خلیق کے خانوادے میں جاؤ"۔ بتایئے یہ قول کس کا ہے؟
(a) ✓ امام بخش ناسخ (b) میر تقی میر
(c) نظیر اکبر آبادی (d) غلام ہمدانی مصحفی

81- "تمہاری نسبت میرا یہ خیال ہے کہ اگر تم شعر نہ کہو گے تو اپنی طبیعت پر سخت ظلم کرو گے"۔ مرزا غالب نے یہ جملہ اپنے کس شاگرد کو کہا تھا؟
(a) میر مہدی حسین مجروح
(b) ✓ خواجہ الطاف حسین حالی
(c) ہرگوپال تفتہ (d) علاؤ الدین علائی

82- جب الفاظ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو تو اسے اصطلاح میں کیا کہیں گے؟
(a) تشبیہ (b) ✓ استعارہ
(c) مجاز مرسل (d) کنایہ

83- مرزا غالب کے کلام کی مانگ ان کی زندگی ہی میں دلی اور لکھنؤ سے زیادہ پنجاب میں ہوئی۔ کیونکہ
(a) کلام میں ترنم ہے
(b) فارسی تراکیب زیادہ ہیں
(c) ان کی زبان میں خاصی چاشنی ہے
(d) ✓ فکروخیال میں ندرت ہے

84- دم واپسیں برسرِ راہ ہے
عزیزو! اب اللہ ہی اللہ ہے
اپنا یہ شعر انتقال سے پہلے کس کے ورد زبان تھا؟
(a) مرزا دبیر (b) شاہ عظیم آبادی
(c) ✓ مرزا غالب (d) علامہ اقبال

85- ملک الشعرا مولانا غلام قادر گرامی جو علامہ اقبال کے دوست بھی تھے، کس زبان کے شاعر تھے؟
(a) ✓ فارسی (b) اردو
(c) فارسی اردو دونوں (d) عربی

86- "کھیت رہنا" محاورہ ہے، اس کے معنی کیا ہیں؟
(a) ستانے کے لیے کھیت میں بیٹھ رہنا
(b) کھیت کو اجاڑ دینا
(c) کھیت کا سرسبز و شاداب ہونا
(d) ✓ لڑائی میں مارے جانا

87- "سمندر بلونا" محاورہ ہے۔ اسے کن معنوں میں لیا جاتا ہے؟
(a) سمندری جھاگ حاصل کرنا
(b) ✓ نہایت تلاش و جستجو کرنا
(c) سمندر کا تیراک ہونا (d) سمندر میں مچھلیاں پکڑنا

88- "الل ٹپ" کی ترکیب زبان زدِ خاص و عام ہے۔ اس سے کیا معنی مراد لیے جاتے ہیں؟
(a) ✓ بے سوچے سمجھے (b) راز کی بات
(c) خوب سوچ بچار کے بعد
(d) عوام کی زبان پر چڑھی ہوئی بات

89- "طرح دینا" محاورہ ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟
(a) دھوکا دینا (b) ✓ چشم پوشی کرنا
(c) غیظ و غضب کا نشانہ بنانا
(d) دوستی نبھانا

90- "یوسف بے کارواں" مفہوم کیا ہے؟
(a) مظلوم و معتوب (b) ✓ اکیلا
(c) لاثانی (d) رہبر و رہنما

91- "روباہ خصال" کی ترکیب اردو میں کن معنوں میں مستعمل ہے؟
(a) نیک سرشت (b) منصف مزاج
(c) ✓ مکروفریب سے کام لینے والا
(d) ہاں میں ہاں ملانے والا

"دخترِ رز" کی ترکیب اردو میں مستعمل ہے، جس کا مفہوم ہے۔
(a) کسان کی بیٹی (b) مے فروش کی بیٹی
(c) ✓ انگور کی بیٹی (شراب)
(d) سودخور کی بیٹی

"شیخ و شاب" کی ترکیب کا مفہوم ہے۔
(a) آقا اور غلام (b) متقی اور پرہیزگار
(c) رند اور پارسا (d) ✓ بوڑھے اور جوان

"مرورِ ایام" کی ترکیب کا مفہوم کیا ہے؟
(a) آنے والے دن (b) ✓ گزرے ہوئے دن
(c) زمانہ حال (d) ناامیدی کے دن

"اتمامِ حجت" کی ترکیب اردو میں عام مستعمل ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟
(a) دلیل پر دلیل دینا
(b) باتوں باتوں میں لڑائی کرنا
(c) ✓ کسی امر میں آخری مرتبہ سمجھانا
(d) کسی امر میں بحث تمام نہ کرنا

"نان شعیر" کے کیا معنی ہیں؟
(a) ✓ جو کی روٹی (b) خمیری روٹی
(c) بیوی بچوں کا خرچ (d) لذیذ روٹی

96- "گرگ باراں دیدہ" کی ترکیب کا مفہوم کیا ہے؟
(a) تیز طرار شاگرد (b) ✓ آزمودہ کار
(c) چھپا ہوا دشمن (d) بارہ آنکھوں والا بھیڑیا

97- "مہرِ نیمروز" مرزا غالب کی تصنیف ہے۔ اس کا موضوع کیا ہے؟
(a) 1857ء کی جنگ آزادی کے خونیں واقعات
(b) ✓ خاندانِ مغلیہ کی ناتمام تاریخ
(c) مرزا غالب کے فارسی خطوط کا مجموعہ
(d) مرزا غالب کے اردو خطوط کا مجموعہ جو ان کی وفات کے بعد شائع ہوا

98- قتلِ حسین اصل میں مرگِ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد
یہ شعر کس کی تخلیق ہے؟
(a) مولانا الطاف حسین حالی
(b) فیض احمد فیض
(c) مولانا ظفر علی خاں (d) ✓ مولانا محمد علی جوہر

99- آسماں نے دولتِ غرناطہ جب برباد کی
ابنِ بدروں کے دلِ ناشاد نے فریاد کی
اس شعر سے کون سی صنفِ نظم مترشح ہے؟
(a) ✓ شہر آشوب (b) قطعہ
(c) مرثیہ (d) ہجو

100- "غتربود کرنا" محاورہ ہے۔ اس کا مفہوم کیا ہے؟
(a) بلیغ انداز اختیار کرنا (b) جھگڑے کی بنیاد رکھنا
(c) شیر و شکر کرنا (d) ✓ خلط ملط کر دینا

PUNJAB PUBLIC SERVICE COMMISSION/NTS

MODEL PAPER URDU

-1 اُردو زبان میں نثر کی تدریس کے لیے مناسب ترین طریق تدریس ہے۔

(a) بحث ومباحثہ (b) لیکچر
(c) سبق خوانی (d) سوال جواب

-2 اُردو زبان کو صحیح طور پر سیکھنے کے لیے سب سے موزوں ہے:

(a) گرامر کی تدریس (b) تسہیل الاملاء
(c) مضمون نویسی (d) تدریس نظم

-3 "خدائی فوجدار" کے اُردو میں کیا معنی مراد لیے جاتے ہیں؟

(a) خستہ وخراب حال
(b) خدا کی عظمت کے گن گانے والا
(c) ہر بات میں ٹانگ اڑانے والا
(d) خدمتِ خلق کے جذبے سے سرشار

-4 "پیکِ اجل" کے کیا معنی ہیں؟

(a) موت کا قاصد (b) ناگہانی موت
(c) حیاتِ مستعار (d) مرنے کے لائق

-5 "کندۂ ناتراش" کا مفہوم کیا ہے؟

(a) معصوم، بھولا بھالا (b) بے سلیقہ، گنوار
(c) تجربہ کار، ہنرمند (d) منقش، مرصع کار

-6 "بے نیل مرام" سے کیا مراد ہے؟

(a) بغیر کسی طلب کے (b) بے وفا
(c) بے ادب (d) ناکام ونامراد

-7 "دلندیزی گفتگو" کے کیا معنی ہیں؟

(a) ڈینگ کی گفتگو (b) مخربِ اخلاق گفتگو
(c) عجز وانکساری گفتگو (d) لیت ولعل کی گفتگو

-8 "پیرِ کنعاں" کی ترکیب کا مفہوم کیا ہے؟

(a) پیرِ حرم (b) پیرِ مغاں
(c) حضرت یعقوبؑ (d) حضرت یوسفؑ

-9 "گرگِ باراں دیدہ" کے معنی کیا ہیں؟

(a) ہونہار (b) آزمودہ کار
(c) پوشیدہ دشمن
(d) بارہ آنکھوں والا بھیریا

-10 "روباہ خصال" کی ترکیب کا مفہوم کیا ہے؟

(a) نیک سیرت (b) منصف مزاج
(c) فریبی ومکار (d) ظالم وجابر

-11 "کاغذ کھولنا" محاورہ ہے اس کا مطلب ہے

(a) درخواست لکھنا (b) عیب فاش کرنا
(c) یادداشت کے طور پر کاغذ پر لکھنا
(d) کاغذ کے پرزے اڑانا

-12 "حرزِ جاں بنانا" کا مفہوم کیا ہے؟

(a) جان کا دشمن بنانا (b) جان کی پرواہ نہ کرنا
(c) جان وقف کر دینا (d) بہت عزیز رکھنا

-13 "آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا" ضرب المثل ہے۔ اس کا مفہوم ہے

(a) لاوارث (b) بے دین
(c) بے خوف وخطر (d) بے باک

-14 انگریزی صنفِ نظم سانیٹ (Sonnet) کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے؟

(a) پانچ (b) چھے
(c) دس (d) چودہ

-15 مولانا محمد حسین آزاد کی تصنیف "آبِ حیات" کا موضوع کیا ہے؟

(a) تذکرہ (b) تنقید
(c) اردو غزل (d) متنوع مضامین

-16 "غبارِ خاطر" کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟

(a) مضمون (b) مکاتیب
(c) انشائیہ (d) ڈراما

-17 "ذکرِ میر" کس کی خودنوشت ہے؟

(a) میر درد (b) میر انیس
(c) میر تقی میر (d) میر حسن

-18 "تخلصِ شیریں" کے شاعر کا نام لکھیے

(a) اختر شیرانی (b) حفیظ جالندھری
(c) حسرت موہانی (d) اصغر گونڈوی

-19 "...شور انگیز" کے مصنف کا نام لکھیے

(a) نظم طباطبائی (b) غلام رسول مہر
(c) شمس الرحمٰن فاروقی (d) مولانا شبلی نعمانی

-20 "موازنہ انیس ودبیر" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) مولانا حالی (b) مولانا شبلی نعمانی
(c) کلیم الدین احمد (d) امداد امام اثر

-21 "روشنائی" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) سجاد ظہیر (b) علی سردار جعفری
(c) پروفیسر احمد علی (d) احتشام حسین

-22 "تسہیل البلاغت" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) سید عابد علی عابد (b) نجم الغنی
(c) امداد امام اثر (d) محمد سجاد مرزا بیگ

-23 "...الفصاحت" کا مصنف کون ہے؟

(a) مولوی عبدالحق (b) نجم الغنی
(c) ڈاکٹر ابواللیث صدیقی (d) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں

-24 "ہجر کی رات کا ستارہ" ناصر کاظمی کے حوالے سے کتاب کس نے ترتیب دی ہے؟

(a) احمد مشتاق (b) انتظار حسین
(c) سلیم الرحمٰن (d) ڈاکٹر سہیل احمد خاں

-25 "قلم کا سپاہی" (امرت رائے) کس ادبی شخصیت کے متعلق ہے؟

(a) پریم چند (b) منشی سجاد
(c) ناجی (d) پطرس

-26 "داستان سے افسانے تک" کس کی تصنیف ہے؟

(a) خواجہ محمد زکریا (b) وقار عظیم
(c) اے بی اشرف (d) ڈاکٹر سید عبداللہ

-27 "تحقیقاتِ چشتی" آثارِ لاہور کے بارے میں بڑی مستند و معتبر کتاب ہے۔ یہ کس کی تصنیف ہے؟

(a) حافظ محمود شیرانی
(b) مولوی احمد بخش یکدل
(c) مولوی محمد ابراہیم خوشدل
(d) مولوی نور احمد

-28 "نقدِ میر" کس کی تصنیف ہے؟

(a) ڈاکٹر وحید قریشی (b) ڈاکٹر سید عبداللہ
(c) عبداللہ چغتائی (d) حافظ محمود شیرانی

-29 "مجالس النسا" اردو کا ایک مقصدی ناول ہے۔ اس کے مصنف کون ہیں؟

(a) ڈپٹی نذیر احمد
(b) مولانا الطاف حسین حالی
(c) عبدالحلیم شرر (d) علامہ راشد الخیری

-30 "نسخہ ہائے وفا" کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(a) فیض احمد فیض (b) ناصر کاظمی
(c) منیر نیازی (d) امجد اسلام امجد

-31 مشرقی تمدن کا آخری نمونہ (گزشتہ لکھنو) کے مصنف کون ہیں؟

(a) مولانا عبدالحلیم شرر (b) مرزا ہادی علی رسوا
(c) رجب علی بیگ سرور
(d) مسعود حسن رضوی ادیب

-32 "عجائباتِ فرنگ" کا موضوع کیا ہے؟

(a) سفرنامہ (b) آپ بیتی
(c) سوانح عمری (d) تاریخ برطانیہ

-33 اردو ناولوں کا "گرنتھ صاحب" کس ناول کو کہا جاتا ہے؟

(a) راجہ گدھ (b) خدا کی بستی

(c) آنگن (d) علی پور کا ایلی

-34 علامہ اقبال کی نظم "ابلیس کی مجلسِ شوریٰ" ان کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(a) بانگِ درا (b) بال جبریل

(c) ضربِ کلیم (d) ارمغانِ حجاز

-35 نالہ کش شیراز کا بلبل ہوا بغداد پر
داغ رویا خون کے آنسو جہان آباد پر
(اقبال)

"شیراز کا بلبل" سے مراد کون ہیں؟

(a) حافظ شیرازی (b) شیخ سعدی

(c) ابن بدروں (d) فردوسی طوسی

-36 سوال نمبر 35 کے حوالے بتائیے کہ "جہان آباد" سے کیا مراد ہے؟

(a) دنیا جہان (b) بغداد

(c) وطنِ مالوف (d) دلّی

-37 مولانا حالی کے خیال میں شاعری کی حیثیت سے اردو شاعری کو سب سے زیادہ الفاظ کس نے دیے؟

(a) امام بخش ناسخ (b) غلام ہمدانی مصحفی

(c) نظیر آبادی (d) میر انیس

-38 علامہ اقبال کی شاہکار نظم "ساقی نامہ" کس ہیئت میں ہے؟

(a) مخمس (b) مسدّس

(c) مثنوی (d) ترکیب بند

-39 "مخزن" کے مدیر کون تھے؟

(a) مولانا محمد علی جوہر (b) عبدالماجد دریابادی

(c) حسرت موہانی (d) سر عبدالقادر

-40 "بدرِ منیر" کس مثنوی کا کردار ہے؟

(a) گلزارِ نسیم (b) سحر البیان

(c) زہرِ عشق (d) خواب و خیال

-41 "دیوانِ غالب" کو کس نقاد نے الہامی کتاب قرار دیا ہے؟

(a) مولانا حالی (b) محمد حسین آزاد

(c) عبدالرحمٰن بجنوری (d) محمد اکرام

-42 سید سجاد حیدر یلدرم کے افسانوں کا مجموعہ کونسا ہے؟

(a) خیالستان (b) کن رس

(c) لاجونتی (d) پھندے

-43 "بے نقط شاعری" سے کیا مراد ہے؟

(a) جس میں نقطہ نہ آئے

(b) بے سراپا شاعری

(c) مسلسل مفہوم کی حامل شاعری

(d) جس میں برا بھلا کہا گیا ہو

-44 "قرۃ العین حیدر" اردو کے کس معروف ادیب کی صاحبزادی کا نام ہے؟

(a) حیدر بخش حیدری (b) حیدر علی آتش

(c) امجد حیدر آبادی (d) سجاد حیدر یلدرم

-45 قصیدے میں گریز سے پہلے کونسا فنی عنصر لایا جاتا ہے؟

(a) تشبیب (b) مدح

(c) دعا (d) حسنِ طلب

-46 اقبال کس کے عشق کا یہ فیضِ عام ہے
رومی فنا ہوا حبشی کو دوام ہے

حبشی سے کون سی ذات گرامی مراد ہے؟

(a) نجاشی (حبشہ کا حکمران)

(b) حبشہ (افریقہ) کا باشندہ

(c) حضرت بلالؓ (d) حضرت لقمان

-47 سوال نمبر 46 کے حوالے سے بتائیے کہ "رومی" سے کون مراد ہے؟

(a) سکندر رومی (b) مولانا روم

(c) روم کا بادشاہ (d) روم کا باشندہ

-48 علامہ اقبال کی معروف نظم "والدہ مرحومہ کی یاد میں" ان کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(a) بانگِ درا (b) بال جبریل

(c) ضربِ کلیم (d) ارمغانِ حجاز

-49 "حسن کوزہ گر" شاہکار نظم ہے۔ یہ کس کی تخلیق ہے؟

(a) فیض احمد فیض (b) ن م راشد

(c) میراجی (d) تصدق حسین خالد

-50 "تعلیم بالغاں" اور "مرزا غالب بندر روڈ پر" ڈرامے کس کی تخلیق ہیں؟

(a) حسینہ معین (b) خواجہ معین الدین

(c) فاطمہ ثریا بجیا (d) اشفاق احمد

-51 "آگ کا دریا"، "میرے بھی صنم خانے"، "چاندنی بیگم"، "آخرِ شب کے ہم سفر" ناول کس کی تخلیق ہیں؟

(a) عصمت چغتائی (b) بانو قدسیہ

(c) قرۃ العین حیدر (d) انتظار حسین

-52 اردو غزل کا عہدِ زریں کس شاعر کے دور کو کہا جاتا ہے؟

(a) میر تقی میر (b) ولی دکنی

(c) فیض احمد فیض (d) مرزا غالب

-53 "اعلانِ جنگ، دورِ حاضر کے خلاف" یہ الفاظ علامہ اقبال کے کس شعری مجموعے کے سرورق پر درج ہیں؟

(a) بانگِ درا (b) بال جبریل

(c) ضربِ کلیم (d) ارمغانِ حجاز

-54 میر انیس کے کلام میں مبالغہ آرائی

(a) ان کی شاعری کی بڑی خامی ہے

(b) شاعری کی نمایاں خوبی ہے

(c) قطعاً نہیں ہے

(d) معمولی ہے جو گراں نہیں گزرتی

-55 پامال راستوں کو ترک کرکے ایک تخلیقی جذبے کے تحت نئی قدروں میں منہمک ہونے کے عمل کو اصطلاح میں کیا کہیں گے؟

(a) کلاسیکیت (b) رومانویت

(c) ارفعیت (d) ایمائیت

-56 "خانہ بگوش" کس ادیب کا قلمی نام ہے؟

(a) مظفر علی سید (b) مشفق خواجہ

(c) ڈاکٹر جمیل جالبی (d) انتظار حسین

-57 اردو میں بشمول ہمزہ غیر منقوطہ حروف کی تعداد کتنی ہے؟

(a) 18 (b) 19

(c) 20 (d) 21

-58 ایسی نظم کو، جس میں بحر اور وزن کی پابندی تو ہو مگر ردیف قافیے کی قید سے آزاد ہو۔ کیا کہتے ہیں؟

(a) آزاد نظم (b) نظمِ معریٰ

(c) نثری نظم

(d) ان میں سے کوئی جواب درست نہیں

-59 بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

مرزا غالب کی ایک غزل کے اس شعر کو اصطلاح میں کیا کہیں گے؟

(a) مطلع (b) حسنِ مطلع

(c) مطلع ثانی (d) مقطع

-60 سوال نمبر 59 کے شعر میں قافیہ کیا ہے؟

(a) آساں، انساں

(b) آساں ہونا، انساں ہونا

(c) کا آساں ہونا، نہیں انساں ہونا

(d) شعر میں قافیہ نہیں ہے

-61 سوال نمبر 59 کے شعر میں ردیف کیا ہے؟

(a) ہونا (b) آساں، انساں

(c) آساں ہونا، انساں ہونا

(d) شعر میں ردیف نہیں ہے

-62 کونسا جملہ درست ہے؟

(a) وہ ناعاقبت اندیش ہے

(b) وہ بدعاقبت اندیش ہے
(c) وہ واقبت نااندیش ہے
(d) وہ واقبت بداندیش ہے

-63 خواجہ میر درد اور خواجہ حسن نظامی میں قدر مشترک کیا ہے؟
(a) نظام الدین اولیا سے نسبت
(b) دہلویت
(c) خواجگی (d) تصوف

-64 اردو ظریفانہ شاعری میں سید محمد ضمیر جعفری کا نام بہت نمایاں ہے۔ان کے مجموعہ کلام کا کیا نام ہے؟
(a) نمکدان (b) شوخیِ تحریر
(c) چاند نگر (d) مافی الضمیر

-65 رشید احمد صدیقی، ابن انشا اور مشتاق یوسفی میں قدر مشترک کیا ہے؟
(a) مزاح نگاری (b) خاکہ نگاری
(c) تکابیہ کالم نگاری (d) سفرنامہ نگاری

-66
؎ خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں
اکبر الہ آبادی نے کس کی خوبیوں کا اعتراف کیا ہے؟
(a) نواب وقار الملک (b) نواب محسن الملک
(c) مولوی سمیع اللہ (d) سر سید احمد خاں

-67 اردو میں ترقی پسند تحریک کے روح رواں کون تھے؟
(a) منشی پریم چند (b) فیض احمد فیض
(c) سید سجاد ظہیر (d) ظہیر کاشمیری

-68 ؎ سر کوہ آدم سے تا کوہ بیضا
جہاں جاؤ گے کھوج پاؤ گے اُن کا
" کوہ آدم" کہاں واقع ہے؟
(a) افغانستان میں (b) سری لنکا میں
(c) ایران کے شمال میں
(d) عدن (یمن) کے نواح میں

-69 سوال نمبر 68 کے حوالے سے بتائیے کہ کوہ بیضا (Mount Solorius) کس ملک کا پہاڑ ہے؟
(a) ہسپانیہ (سپین) (b) ترکی
(c) لبنان (d) ایران

-70 کسی عبارت کی تلخیص کا مسلمہ اصول ہے کہ تلخیص اصل عبارت کے:
(a) نصف کے قریب ہو (b) ایک تہائی سے زیادہ
(c) ایک چوتھائی کے قریب ہو
(d) برابر ہونی چاہیے

-71 "خوجی" کس کا وضع کردہ کردار ہے؟
(a) رتن ناتھ سرشار (b) عبدالحلیم شرر
(c) منشی سجاد حسین (d) شوکت تھانوی

-72 "چچا چھکن" جیسے لافانی کردار کے خالق کون ہیں؟
(a) قرۃ العین حیدر (b) امتیاز علی تاج
(c) شوکت تھانوی (d) حجاب امتیاز علی

-73 کلام میں کسی لفظ کے دو معنی نکلتے ہوں اور آدمی کچھ ... جائے کہ کون سے معنی مراد ہیں تو ایسی صنعت کو اصطلاح ... کیا کہتے ہیں؟
(a) صنعتِ تضاد (b) صنعت مبالغہ
(c) صنعتِ تفریق (d) صنعت ایہام

-74 "جہانِ دانش"، "یادوں کی برات" اور "شہاب نامہ" ... تعلق کس صنفِ نثر سے ہے؟
(a) سفرنامہ (b) آپ بیتی
(c) سوانح نگاری (d) خاکہ نگاری

-75 خواجہ حسن نظامی کی تصنیف "سی پارۂ دل" کے مضامین ... بنیادی خاصیت کیا ہے؟
(a) مضامین میں تصوف کارفرما ہے
(b) 1857ء کی جنگِ آزادی کا ذکر ہے
(c) تمام مضامین ترجمہ شدہ ہیں

(d) بزرگانِ دین کے حالات پر مبنی ہیں

-76 زمرد، حسین، شیخ علی وجودی، طور معنی، کاظم جنوبی کس تاریخی ناول کے معروف کردار ہیں؟
(a) زوال بغداد (b)
(c) فردوسِ بریں (d) ملک العزیز

-77 طوائف کے موضوع پر اردو میں پہلا معروف ناول کونسا ہے؟
(a) بازارِ حسن (b) شاہد رعنا
(c) شریف زادہ (d) امراؤ جان ادا

-78 "ہجو" ایسی صنفِ نظم ہے جس میں
(a) برا بھلا کہا گیا ہو (b) تعریف و توصیف ہو
(c) کسی واقعہ کا بیان ہو
(d) کہیں مذمت، کہیں مدح ہو

-79 "بابائے اردو" مولوی عبدالحق کا لقب ہے۔ بتائیے "بابائے صحافت" کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) محمد علی جوہر (b) ظفر علی خاں
(c) عبدالمجید سالک (d) چراغ حسن حسرت

-80 محمود نظامی، ابن انشا اور مستنصر حسین تارڑ میں قدر مشترک کیا ہے؟
(a) کالم نگاری (b) شاعری
(c) سفرنامہ (d) مزاح نگاری

-81 عبدالماجد کی شہرت کی بڑی وجہ کیا ہے؟
(a) ہیئت کے زیادہ تجربے کیے
(b) حب وطن کے موضوع پر نظمیں کہیں
(c) نت نئی علامتوں کا اختراع
(d) لوک داستانوں کو منظوم کیا

-82 مولانا حالی کی طویل نظم "مسدسِ حالی" کا موضوع کیا ہے؟
(a) مسلمانوں کا تابناک ماضی
(b) مدوجزر اسلام
(c) حیاتِ طیبہ
(d) خلفائے راشدین کا تذکرہ

-83 ؎ یا رب دلِ مسلم کو وہ زندہ تمنا دے
جو قلب کو گرما دے، جو روح ...
اس شعر سے کس صنفِ نظم کا اظہار ہوتا ہے؟
(a) حمد (b) نعت
(c) مناجات (d) منقبت

-84 ؎ ملّت کا پاسبان ہے محمد علی جناح
ملّت ہے جسم جاں ہے محمد علی جناح
یہ شعر کس کی تخلیق ہے؟
(a) مولانا ظفر علی خاں (b) اکبر لاہوری
(c) عابد علی عابد (d) میاں بشیر احمد

-85 ؎ جو آکے نہ جائے وہ بڑھاپا دیکھا
جو جاکے نہ آئے وہ جوانی دیکھی
اس شعر میں صنعتِ تضاد کا استعمال کتنی بار ہوا ہے؟
(a) فقط ایک بار (b) دو بار
(c) تین بار (d) چار بار

-86 ؎ ہرگز نہ تھا زمانہ سابق میں یہ فلک
جس آسماں کی دھوم تھی، وہ آسماں ہے اب
اردو غزل میں "آسماں" کس بات کی علامت ہے؟
(a) دوستی (b) دشمنی
(c) حسن و زیبائی (d) شہرت اور ناموری

-87 ؎ پیاسی جو تھی سپاہِ خدا تین رات کی
ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی
اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
(a) مراعاۃ النظیر (b) لف و نشر
(c) حسنِ تعلیل
(d) کسی صنعت کا استعمال نہیں ہوا

-88 "نقوشِ سلیمانی" کس کی تصنیف ہے؟
(a) سید سلیمان ندوی (b) شبلی
(c) حالی (d) سرسید

-89 حکیم قدرت اللہ قاسم کی "مجموعہ نغز" 1933ء، پنجاب یونیورسٹی سے شائع ہوئی اس کے مرتب کون تھے؟
(a) سید عبداللہ (b) محمود شیرانی

(c) علامہ اقبال (d) وحیدالدین

-90 "تاریخ اودھ" کس کی تصنیف ہے؟

(a) نجم الغنی خاں (b) سرسید

(c) حالی (d) شبلی

-91 "تذکرہ ہندی" اور "ریاض الفصحا" کے خالق کون ہیں؟

(a) شبلی (b) محمد حسین آزاد

(c) غلام ہمدانی مصحفی (d) سرسید

-92 دریائے لطافت تو انشاءاللہ خاں انشا کی کتاب ہے بتایئے مجمع الفوائد کس کی تصنیف ہے؟

(a) میر (b) مصحفی

(c) ذوق (d) غالب

-93 قلندر بخش جرات کس دبستان کے نمائندہ شاعر ہیں؟

(a) لکھنؤ (b) دہلی

(c) لاہور (d) الہ آباد

-94 "عقدِ ثریا" جو کہ مولوی عبدالحق نے مرتب کی اس کے خالق کا نام بتایئے؟

(a) مصحفی (b) میر

(c) ذوق (d) غالب

-95 "شعرائے ہندی" کس کا مشہور تذکرہ ہے؟

(a) میر (b) میرحسن

(c) ذوق (d) غالب

-96 "دستور الفصاحت" کس کی مشہور کتاب ہے؟

(a) احمد علی یکتا (b) محمد حسین آزاد

(c) سرسید (d) شبلی

-97 مصحفی نے "عقدِ ثریا" کس کی تحریک پر لکھا؟

(a) مرزا قتیل (b) حسرت

(c) قمرالدین (d) حشمت

-98 مشہور کتاب "اردو مثنوی شمالی ہند میں" کس کی تصنیف ہے؟

(a) مالک رام (b) گیان چند

(c) مسعود حسن رضوی (d) خلیل احمد صدیقی

-99 "کلاسکی ادب کی فرہنگ" کس کی مشہور کتاب ہے؟

(a) رشید حسن خاں (b) کلیم الدین

(c) سید عبداللہ (d) جمیل جالبی

-100 "انتظار کھینچنا" سے کیا مراد ہے؟

(a) انتظار کرنا (b) انتظار نہ کرنا

(c) تھک جانا (d) ان میں سے کوئی نہیں

جوابات

1.	(a)	2.	(a)	3.	(c)	4.	(a)
5.	(b)	6.	(d)	7.	(a)	8.	(c)
9.	(b)	10.	(c)	11.	(b)	12.	(d)
13.	(a)	14.	(d)	15.	(b)	16.	(a)
17.	(c)	18.	(b)	19.	(c)	20.	(b)
21.	(a)	22.	(d)	23.	(b)	24.	(d)
25.	(a)	26.	(b)	27.	(d)	28.	(b)
29.	(b)	30.	(a)	31.	(a)	32.	(a)
33.	(d)	34.	(d)	35.	(b)	36.	(d)
37.	(d)	38.	(d)	39.	(d)	40.	(b)
41.	(c)	42.	(a)	43.	(b)	44.	(d)
45.	(a)	46.	(c)	47.	(c)	48.	(a)
49.	(b)	50.	(b)	51.	(c)	52.	(a)
53.	(c)	54.	(a)	55.	(c)	56.	(b)
57.	(a)	58.	(b)	59	(a)	60.	(a)
61.	(a)	62.	(c)	63.	(d)	64.	(d)
65.	(a)	66.	(d)	67.	(c)	68.	(b)
69.	(a)	70.	(b)	71.	(a)	72.	(b)
73.	(d)	74.	(b)	75.	(a)	76.	(c)
77.	(d)	78.	(a)	79.	(b)	80.	(c)
81.	(a)	82.	(b)	83.	(c)	84.	(d)
85.	(b)	86.	(b)	87.	(c)	88.	(a)
89.	(b)	90.	(a)	91.	(c)	92.	(b)
93.	(a)	94.	(a)	95.	(b)	96.	(a)
97.	(a)	98.	(b)	99.	(a)	100	(a)

ماڈل پیپرز برائے لیکچرار اُردو

(Male/Female)

ماڈل پیپر-1

-1 دام ہر موج میں ہے حلقۂ صد کامِ نہنگ
دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہونے تک
اس شعر میں "نہنگ" کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟

(a) صدف (b) موتی

(c) سیپ (d)✓ مگرمچھ

-2 سعادت حسن منٹو کے افسانے "تماشا" کا پس منظر کون سا واقعہ ہے؟

(a) 1947ء کے فسادات

(b) 1965ء کی پاک بھارت جنگ

(c)✓ جلیانوالہ باغ کا سانحہ

(d) 1945-46ء کے انتخابات

-3 عصمت چغتائی کے شہرۂ آفاق ناول "ٹیڑھی لکیر" کے مرکزی کردار کا کیا نام ہے؟

(a) ثریا (b) نسیم

(c) فاطمہ (d)✓ شمن

-4 ع بحرِ ظلمات میں دوڑا دیے گھوڑے ہم نے (اقبال)
مذکورہ بالا "بحرِ ظلمات" کس سمندر کو کہتے تھے؟

(a) بحرِ اکاہل (b)✓ بحرِ اوقیانوس

(c) بحرِ ہند (d) بحیرۂ روم

-5 گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کے تحقیقی مجلے کا نام کیا ہے؟

(a) محور (b) بنیاد

(c)✓ تحقیق نامہ (d) دریافت

-6 عالمی ادب میں تنقید کے حوالے سے پہلی کتاب کون سی شمار ہوتی ہے؟

(a)✓ Poetics (b) The Republic

(c) Biography Literaria

(d) The use of poetry and the use of criticism

-7 "شیخ علی وجودی" کا کردار کس کا تخلیق کردہ ہے؟

(a) ڈپٹی نذیر احمد (b)✓ مولانا عبدالحلیم شرر

(c) شوکت تھانوی (d) رتن ناتھ سرشار

-8 جوش ملیح آبادی کا اصل نام کیا تھا؟

(a) مسعود الحسن (b)✓ شبیر حسن خان

(c) عبدالکریم (d) عطا حسین

-9 سن ولادت 1817ء اور سن وفات 1898ء ہے، جدید اردو ادب کے ارکانِ خمسہ میں سے کس کا نام ذہن میں آتا ہے؟

(a)✓ سرسید احمد خاں (b) خواجہ الطاف حسین حالی

(c) مولانا شبلی نعمانی (d) مولانا محمد حسین آزاد

-10 ن۔م۔ راشد جدید اُردو شاعری کا اہم نام ہے۔ بتایئے ن۔م۔ کس نام کا مخفف ہے؟

(a) نور محمد (b)✓ نذر محمد

(c) نوید ملک (d) ناصر محمود

-11 "صبحِ بنارس شامِ ..... " ضرب المثل مکمل کیجیے

(a) کشمیر (b) پنجاب

(c) آگرہ (d)✓ اودھ

-12 اُردو میں "طبقۂ نسواں کا محسن" کسے کہا جاتا ہے؟

(a)✓ علامہ راشد الخیری (b) ہاجرہ مسرور

(c) خدیجہ مستور (d) ڈپٹی نذیر احمد

-13 "حسنِ انجلینا"، "ایامِ عرب"، "فتح اندلس"، اور "فلورا فلورنڈا" قبیل کے تاریخی ناولوں سے کس ناول نویس کا نام ذہن میں آتا ہے؟

(a) نسیم حجازی (b) ایم اسلم

(c)✓ عبدالحلیم شرر (d) قمر اجنالوی

-14 آخری مغل فرماں روا بہادر شاہ ظفر نے "خاقانیِ ہند" کا خطاب کسے عطا کیا تھا؟

(a) شاہ نصیر (b)✓ شیخ ابراہیم ذوق

(c) مومن خاں مومن (d) مرزا غالب

-15 اُردو میں "شاعرِ مزدور" کسے کہا جاتا ہے؟

(a) افضل پرویز (b) تنویر سپرا
(c) سید علی صبا (d)✓ احسان دانش

16- اُردو کے اولین افسانہ نویس پریم چند کا اصل نام کیا تھا؟
(a)✓ دھنپت رائے (b) رگھوپتی سہائے
(c) رتن ناتھ (d) دیا شنکر

17- وہ اُردو کا کون سا ناول نویس ہے جس کے کردار بالعموم اسم بامسمّیٰ ہیں؟
(a) رتن ناتھ سرشار (b) محمد سعید دہلوی
(c) عبدالحلیم شرر (d)✓ ڈپٹی نذیر احمد

18- "چہارشنبہ" ہفتے کا کون سا دن ہے؟
(a) منگل (b)✓ بدھ
(c) جمعرات (d) جمعہ

19- سرسید احمد خاں کس معروف شاعر سے اپنی کتاب کا دیباچہ لکھوانا چاہتے تھے؟
(a) غلام ہمدانی مصحفی (b) شیخ ابراہیم ذوق
(c)✓ مرزا غالب (d) نواب مصطفیٰ شیفتہ

20- "گزشتہ لکھنؤ" عمرانیات کے موضوع پر اُردو کی اولین کتاب ہے، مصنف کا نام بتائیے؟
(a)✓ عبدالحلیم شرر (b) علامہ اقبال
(c) خواجہ حسن نظامی (d) عبدالماجد دریابادی

21- پھر اس انداز سے بہار آئی
کہ ہوئے مہر و مہ تماشائی
مرزا غالب کی ایک غزل کے اس شعر کو اصطلاح میں کیا کہیں گے؟
(a)✓ مطلع (b) مطلع ثانی
(c) حسن مطلع (d) مقطع

22- پھر اس انداز سے بہار آئی
کہ ہوئے مہر و مہ تماشائی
شعر میں قافیہ کیا ہے؟
(a) انداز سے بہار آئی، مہر و مہ تماشائی
(b)✓ آئی، تماشائی
(c) بہار، تماشائی (d) شعر میں قافیہ نہیں

23- پھر اس انداز سے بہار آئی
کہ ہوئے مہر و مہ تماشائی
شعر میں ردیف کیا ہے؟
(a) آئی، تماشائی (b) بہار آئی، ہوئے تماشائی
(c) انداز سے بہار آئی، مہر و مہ تماشائی
(d)✓ شعر میں ردیف نہیں ہے

24- "فرہنگِ آصفیہ" کے مصنف کون ہیں؟
(a) عبداللہ خان خویشگی (b) وارث سرہندی
(c)✓ سید احمد دہلوی (d) مولوی نور الحسن نیر

25- قتلِ حسین اصل میں مرگِ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد
یہ زبان زدِ عام شعر کس کی تخلیق ہے؟
(a)✓ مولانا محمد علی جوہر (b) فیض احمد فیض
(c) مولانا حالی (d) مولانا ظفر علی خاں

26- مولانا محمد حسین آزاد کہاں مدفون ہیں؟
(a) دہلی (b) بنارس
(c)✓ لاہور (d) لکھنؤ

27- "ذکرِ میر" کس کی خودنوشت ہے؟
(a) میر درد (b)✓ میر تقی میر
(c) میر انیس (d) میر حسن

28- "تحقیقاتِ چشتی" آثارِ لاہور کے بارے میں بڑی موقر کتاب ہے، یہ کس کی تصنیف ہے؟
(a) حافظ محمود شیرانی (b) مولوی احمد بخش
(c) مولوی محمد ابراہیم خوشدل
(d)✓ مولوی نور احمد

29- "عجائباتِ فرنگ" کا موضوع کیا ہے؟
(a)✓ سفرنامہ (b) آپ بیتی
(c) سوانح عمری (d) تاریخِ برطانیہ

30- علامہ اقبال کی نظم "ابلیس کی مجلسِ شوریٰ" ان کے کس مجموعے میں شامل ہے؟
(a) بانگِ درا (b) بالِ جبریل
(c) ضربِ کلیم (d)✓ ارمغانِ حجاز

31- غزل کا زبان زدِ خاص و عام یہ شعر کس شاعر کا ہے؟
ملو جو ہم سے تو مل لو کہ ہم بہ نوکِ گیاہ

مثال قطرۂ شبنم، رہے رہے، نہ رہے
(a)✓ نظیر اکبرآبادی (b) میر تقی میر
(c) مرزا محمد رفیع سودا (d) خواجہ میر درد

32- "منہ وَل کعبے شریف" کس ادیب کا سفرنامہ حج ہے؟
(a) خواجہ حسن نظامی (b)✓ مستنصر حسین تارڑ
(c) بشریٰ رحمٰن (d) ممتاز مفتی

33- یعنی "گویا"، "شاید" اور "لیکن" ایک ہی شاعر کے شعری مجموعوں کے نام ہیں، شاعر بتائیے؟
(a) رئیس امروہوی (b) اسلم کوثر
(c) انور شعور (d)✓ جون ایلیا

34- ڈاکٹر سلیم اختر کی آپ بیتی کا نام کیا ہے؟
(a) بندگی میں شام (b) یادِ عہدِ رفتہ
(c) مرے ماہ و سال (d)✓ نشانِ جگر سوختہ

35- "آنگن" قیام پاکستان کے موضوع پر اُردو کا معروف ناول ہے، مصنفہ کا نام بتائیے؟
(a) ہاجرہ مسرور (b)✓ خدیجہ مستور
(c) الطاف فاطمہ (d) جیلانی بانو

36- اردو کے ناولوں "تذکرہ"، "آگے سمندر ہے"، "بستی"، اور "چاند گہن" کے نام سے کس ناول نویس کا نام ذہن میں آتا ہے؟
(a) شوکت صدیقی (b) احسن فاروقی
(c)✓ انتظار حسین (d) راجندر سنگھ بیدی

37- کیا ہنسی آتی ہے مجھ کو حضرتِ انسان پر
فعلِ بد تو ان سے ہو لعنت کریں شیطان پر
یہ شعر کس کی تخلیق ہے؟
(a)✓ انشاء اللہ خاں (b) اکبر الٰہ آبادی
(c) سید محمد جعفری (d) نذیر احمد شیخ

38- یاس یگانہ چنگیزی کا اصل نام کیا ہے؟
(a) مرزا عاشق حسین (b)✓ مرزا واجد حسین
(c) مرزا منظور حسین (d) مرزا شریف حسین

39- اردو کے کس شاعر کو "خیام الہند" کہا جاتا ہے؟
(a) عبدالحمید عدم (b) جوش ملیح آبادی
(c) احسان دانش (d)✓ بیدل حیدری

40- کسی ایسے لفظ یا جملے کے بعد، جس سے حیرت، خوف، ندامت، نفرت وغیرہ کا اظہار ہو، رموزِ اوقاف کی کون سی علامت لگائی جاتی ہے؟
(a) ندائیہ (b)✓ فجائیہ
(c) وقفہ (d) رابطہ

41- اُردو کا پہلا سفرنامہ نگار کسے شمار کیا جاتا ہے؟
(a) محمود نظامی (b) خواجہ حسن نظامی
(c)✓ یوسف خاں کمبل پوش (d) سر عبدالقادر

42- اُردو تحقیق کے معلم اوّل کس کو کہا جاتا ہے؟
(a) مولوی عبدالحق (b) رشید حسن خاں
(c) مولانا امتیاز علی عرشی (d)✓ حافظ محمود شیرانی

43- "مغرب کے تنقیدی اصول" کس کی لکھی کتاب ہے؟
(a)✓ ڈاکٹر سجاد باقر رضوی
(b) ڈاکٹر وحید قریشی
(c) ڈاکٹر جمیل جالبی (d) ڈاکٹر سید عبداللہ

44- شاعری میں صنعتِ ایہام سے کیا مراد لیا جاتا ہے؟
(a) شعری محاسن کی نفی (b) شعری نظامت
(c)✓ شعر کی ذو معنویت (d) شعری توازن

45- "کاشف الحقائق" کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(a) مولوی وحید الدین سلیم
(b)✓ امداد امام اثر
(c) ڈاکٹر سید عبداللہ (d) ڈاکٹر تبسم کاشمیری

46- داورِ محشر مرا نامہ اعمال نہ دیکھ
اس میں کچھ پردہ نشینوں کے نام آتے ہیں
اس شعر کے خالق کون ہیں؟
(a) چراغ حسن حسرت (b) حفیظ ہوشیار پوری
(c)✓ محمد دین تاثیر (d) سید عابد علی عابد

47- باقی صدیقی کا اصل نام کیا ہے؟
(a) محمد اشرف (b) امجد اسلم
(c) محمد امیر (d)✓ محمد افضل

48- "چک اٹھی لفظوں کی چھاگل" کس کا شعری کلیات ہے؟
(a) شکیب جلالی (b)✓ وزیر آغا

(c) سید علی صبا (d) اقبال ساجد

49- "اندر سبھا" کو بعض ناقدین اُردو کا پہلا ڈراما قرار دیتے ہیں، اس کے مصنف کون ہیں؟

(a) ✓ امانت لکھنوی (b) واجد علی شاہ

(c) آغا حشر کاشمیری (d) حکیم احمد شجاع

50- "ارسطو سے ایلیٹ تک" کس کی مرتبہ کتاب ہے؟

(a) محمد علی صدیقی (b) محمد حسن عسکری

(c) ✓ ڈاکٹر جمیل جالبی (d) سلیم احمد

51- ڈاکٹر طاہر مسعود کی کتاب "یہ صورت گر کچھ خوابوں کے" کس نوعیت کی کتاب ہے؟

(a) انشائیے (b) مضامین

(c) اخباری کالم (d) ✓ مصاحبے (انٹرویوز)

52- ع کل چودھویں کی رات تھی، شب بھر رہا چرچا تیرا

یہ کس شاعر کی ایک معروف غزل کے مطلع کا مصرع اوّل ہے؟

(a) قتیل شفائی (b) ✓ ابن انشا

(c) منیر نیازی (d) ساحر لدھیانوی

53- "روزنِ دیوار سے" کے عنوان کے تحت اخباری کالم کون لکھتے ہیں؟

(a) ✓ عطاء الحق قاسمی (b) نذیر ناجی

(c) حسن نثار (d) امجد اسلام امجد

54- "یادِ صحبتِ نازک خیالاں" خاکوں کا مجموعہ ہے۔ یہ کس کی تصنیف ہے؟

(a) صابر لودھی (b) ڈاکٹر اسلم فرخی

(c) ✓ ڈاکٹر آفتاب احمد (d) رحیم گل

55- مزاحیہ ماہنامے "نمکدان" کے مدیر کون تھے؟

(a) چراغ حسن حسرت (b) ابراہیم جلیس

(c) عبدالمجید سالک (d) ✓ مجید لاہوری

56- "اخبارِ اُردو" کس ادارے کا ماہنامہ جریدہ ہے؟

(a) ✓ ادارہ فروغِ اردو (b) اکادمی ادبیات پاکستان

(c) اُردو سائنس بورڈ (d) انجمن ترقی اُردو

57- احمد ندیم قاسمی کس عہد ساز ادبی جریدے کے مدیر تھے؟

(a) اوراق (b) ✓ فنون

(c) تخلیق (d) ادبِ لطیف

58- "جلال و جمال"، "محیط"، "شعلۂ گل" اور "لوحِ خاک" یہ شعری مجموعوں کے نام سے کس شاعر کا نام ذہن میں آتا ہے؟

(a) ✓ احمد ندیم قاسمی (b) قتیل شفائی

(c) فارغ بخاری (d) ساحر لدھیانوی

59- "انگلیاں فگار اپنی" کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(a) محمود سرحدی (b) ✓ دلاور فگار

(c) نیاز سواتی (d) مجید لاہوری

60- معروف ادبی ماہنامے "نگار" کے بانی مدیر کون تھے؟

(a) مجنوں گورکھ پوری (b) فرمان فتح پوری

(c) غلام احمد پرویز (d) ✓ نیاز فتح پوری

61- ساحر لدھیانوی کا اصل نام کیا ہے؟

(a) عبداللہ (b) عبدالباقی

(c) ✓ عبدالحئی (d) عبدالستار

62- افسانہ "گڈریا" کس افسانہ نویس کی تخلیق ہے؟

(a) ✓ اشفاق احمد (b) اے حمید

(c) بانو قدسیہ (d) ممتاز مفتی

63- "میرے ہم سفر" اور "میرے ہم قدم" کس کے لکھے ہوؤں کے مجموعے ہیں؟

(a) محمد طفیل (b) ✓ احمد ندیم قاسمی

(c) انور سدید (d) جوش ملیح آبادی

64- "آبِ حیات" کے مصنف مولانا محمد حسین آزاد نے اردو کا ماخذ کون سی زبان کو قرار دیا ہے؟

(a) دراوڑی (b) دیوناگری

(c) سنسکرت (d) ✓ برج بھاشا

65- "بنت العنب" سے کیا مراد ہے؟

(a) سپاہی کی بیٹی (b) مزدور کی بیٹی

(c) ✓ شراب (d) کوزہ گر کی بیٹی

66- جہاں تیرا نقشِ قدم دیکھتے ہیں
خیاباں خیاباں ارم دیکھتے ہیں

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(a) ✓ صنعتِ تکرار (b) صنعت تضاد

(c) صنعت ایہام (d) صنعت لف و نشر

67- "شوق ہم سفر میرا" کس کا لکھا سفرنامہ ہے؟

(a) ✓ داؤد طاہر (b) بشریٰ رحمان

(c) جمیل یوسف (d) مستنصر حسین تارڑ

68- سوال: کوبرا کا دن سن محرم کے یہ دن
کر دیا ملت کے قائد کو ستم گر نے شہید

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(a) صنعت تضمین (b) ✓ صنعت تاریخ

(c) صنعت تجنیس (d) صنعت مراعات النظیر

69- یادداشتوں پر مبنی کتاب "بند گلی میں شام" کس کی تصنیف ہے؟

(a) ڈاکٹر سلیم اختر (b) انتظار حسین

(c) ✓ توصیف تبسم (d) رشید امجد

70- نیرنگیِ سیاستِ دوراں تو دیکھیے
منزل انہیں ملی جو شریکِ سفر نہ تھے

یہ شعر کس کی تخلیق ہے؟

(a) ✓ محسن بھوپالی (b) عبدالرب نشتر

(c) شورش کاشمیری (d) تابش الوری

71- "تجاہلِ عارفانہ" کی ترکیب اردو میں کن معنوں میں مستعمل ہے؟

(a) کچھ معلوم نہ ہونا (b) ✓ جان بوجھ کر انجان بننا

(c) عارفانہ گفتگو کرنا (d) جہالت کی باتیں کرنا

72- "ہفت اُستاد" عام ترکیب ہے، اس کا مفہوم کیا ہے؟

(a) معمولی شخص (b) سنجیدہ شخص

(c) ✓ بہت بڑا کاری گر (d) ناتجربہ کار

73- مرے ہم صفیر اسے بھی اثرِ بہار سمجھے
انہیں کیا خبر کہ کیا ہے یہ نوائے عاشقانہ

"ہم صفیر" سے کیا مراد ہے؟

(a) ہم سفر (b) ہم عصر

(c) ہم جماعت (d) ✓ ہم آواز

74- "خلف الرشید" اردو ترکیب ہے، اس کا مفہوم کیا ہے؟

(a) ✓ فرماں بردار بیٹا (b) تیز طرار بیٹا

(c) وعدہ خلاف (d) دھوکے باز

75- "طفلِ مکتب" کی ترکیب اردو میں کثرت سے مستعمل ہے، اس کا مفہوم کیا ہے؟

(a) سکول میں داخل شدہ بچہ

(b) ✓ ناتجربہ کار

(c) سکول کا سب سے ریگولر بچہ

(d) فارغ التحصیل

76- "آنکھوں پر ٹھیکری رکھنا" محاورہ ہے، اس کا مفہوم ہے

(a) اندھا ہونا (b) ✓ بے شرم بن جانا

(c) بے وفائی کرنا (d) نظریں چرانا

77- "آڑے آنا" محاورہ ہے، اس کا مفہوم کیا ہے؟

(a) روڑے اٹکانا (b) اچانک مصیبت آن پڑنا

(c) خوب خبر لینا (d) ✓ مشکل میں کام آنا

78- "بے بھاؤ کی پڑنا" محاورہ ہے، اس کے معنی ہیں

(a) ✓ بہت مار پڑنا (b) واسطہ پڑنا

(c) برباد ہو جانا (d) حملہ آور ہونا

79- "ٹسوے بہانا" محاورہ ہے، اس کا مفہوم ہے

(a) خوشی کے آنسو (b) زار و قطار رونا

(c) ✓ جھوٹ موٹ کا رونا (d) ندامت کے آنسو

80- "طومار باندھنا" محاورہ ہے۔ اس کا مطلب ہے

(a) لگاتار گالیاں بکنا (b) ✓ بات بڑھا کر بیان کرنا

(c) شیخی بگھارنا

(d) ناقابلِ یقین بات بیان کرنا

81- "مجرا کرنا" محاورہ ہے۔ اس کا مفہوم ہے

(a) آداب بجالانا (b) گانے بجانے کا کام کرنا

(c) ✓ حساب میں سے وضع کرنا

(d) تکبر کرنا

82- "روغنِ قاز ملنا" محاورہ ہے، اس کا مطلب ہے

(a) تعریف کرنا (b) دکھی کو مزید ستانا

(c) مبالغہ آرائی کرنا (d) ✓ خوشامد کرنا

83- "بغلیں جھانکنا" محاورہ ہے، اس کے معنی ہیں

(a) پریشان دکھائی دینا (b) ✓ جواب نہ بن پڑنا

(c) بے حد خوش و خرم ہونا

(d) وعدہ خلافی کرنا

84- "بھائیں بھائیں کرنا" محاورہ ہے، اس کا مفہوم کیا ہے؟

(a) رونا دھونا (b) شور شرابا کرنا

(c) ✓ ویران ہونا (d) بھوک کا سامنا کرنا

-85 "لوہا ماننا" محاورہ ہے، اس کا مفہوم ہے

(a) کسی پر فریفتہ ہونا (b) حیران ہو جانا

(c) شکست تسلیم کرنا (d)✓ کسی کے ہنر کا قائل ہونا

-86 "راہ ہونا" محاورہ ہے، اس کا مطلب ہے

(a) کھسک جانا (b)✓ محبت ہونا

(c) اپنے کام سے کام رکھنا

(d) اپنے لیے الگ راستے کا انتخاب کرنا

-87 "داغ بیل ڈالنا" محاورہ ہے، اس کا مفہوم ہے

(a) سجانا سنوارنا (b) ویرانے میں رونق کر دینا

(c) احتیاط سے کام لینا (d)✓ بنیاد رکھنا

-88 کون سی ضرب المثل درست ہے؟

(a) نیکی کر سمندر میں ڈال

(b)✓ نیکی کر دریا میں ڈال

(c) نیکی کر تالاب میں ڈال

(d) نیکی کر کنویں میں ڈال

-89 کون سی ضرب المثل درست ہے؟

(a) گیہوں کے ساتھ جَو بھی پس جاتے ہیں

(b) جَو کے ساتھ گیہوں بھی پس جاتے ہیں

(c)✓ گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے

(d) چنوں کے ساتھ گیہوں بھی پس جاتے ہیں

-90 کون سی ضرب المثل درست ہے؟

(a)✓ ڈھاک کے وہی تین پات

(b) ڈھاک کے وہی دو پات

(c) ڈھاک کے وہی پانچ پات

(d) ڈھاک کے وہی چار پات

-91 گھبراہٹ، ملاوٹ، سجاوٹ، بناوٹ وغیرہ الفاظ قواعد کی رو سے کیا ہیں؟

(a) اسم معرفہ (b)✓ اسم حاصل مصدر

(c) اسم جامد (d) اسم نکرہ

-92 کتابچہ، باغیچہ، صندوقچہ وغیرہ الفاظ قواعد کی رو سے کیا ہیں؟

(a) اسم خاص (b) اسم عام

(c)✓ اسم مصغر (d) اسم مکبر

-93 درست تلفظ کی نشان دہی کیجیے

(a)✓ مُشاعَرہ (b) مُشاعِرہ

(c) مَشاعَرہ (d) مشاعِرہ

-94 فعل متعدی کون سا فعل ہے؟

(a) جو صرف فاعل کو چاہے

(b)✓ جو فاعل کے ساتھ ساتھ مفعول کو بھی چاہیے

(c) فعل ناقص کا دوسرا نام ہے

(d) ان میں سے کوئی بیان درست نہیں

-95 آمد ہے کربلا کے نیستاں میں شیر کی

اس مصرعے میں علمِ بیان کی کون سی صورت استعمال ہوئی ہے

(a) تشبیہ (b)✓ استعارہ

(c) مجازِ مرسل (d) کنایہ

-96 پانی تھا آگ، گرمیِ روزِ حساب تھی

ماہی جو سیخِ موج تک آئی کباب تھی

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(a) صنعت تضاد (b) صنعت مراعات النظیر

(c) صنعت ایہام (d)✓ صنعت مبالغہ

-97 "خامہ بگوش" کس مزاح نگار کا قلمی نام ہے؟

(a)✓ مشفق خواجہ (b) شوکت تھانوی

(c) کرنل محمد خاں (d) طفیل احمد جمالی

-98 "دعوتِ شیراز" کا مفہوم کیا ہے؟

(a)✓ بے تکلفی کی دعوت (b) سادہ کھانا

(c) دکھاوے کی دعوت (d) پرتکلف دعوت

-99 وزن، بحر و تقطیع کا فن اصطلاح میں کیا کہلاتا ہے؟

(a) علمِ صرف (b) علمِ نحو

(c)✓ علمِ عروض (d) علمِ بدیع

-100 "جامِ جم" کس انشا پرداز کی پہلی تصنیف ہے؟

(a) عبدالحلیم شرر (b)✓ سر سید احمد خاں

(c) علامہ راشد الخیری (d) رتن ناتھ سرشار

ماڈل پیپر-2

ایسی نظم کو جس کے ہر بند میں آخری مصرع یا شعر بار بار دہرایا جائے، اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟

(a) ترکیب بند (b)✓ ترجیع بند

(c) مخمس (d) مسدس

اردو کے سب سے زیادہ متنازع نقاد کون ہیں؟

(a) وارث علوی (b)✓ کلیم الدین احمد

(c) گوپی چند نارنگ (d) احتشام حسین

پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج کے تحقیقی مجلے کا نام کیا ہے؟

(a) محور (b) تحقیق نامہ

(c) بنیاد (d)✓ بازیافت

اردو اصناف سخن میں "ہجو گوئی" میں اولیت کا درجہ کسے حاصل ہے؟

(a) قلندر بخش جرأت (b) غلام ہمدانی مصحفی

(c)✓ مرزا رفیع سودا (d) خواجہ حیدر علی آتش

"دریائے لطافت" اردو میں قواعد کی پہلی کتاب شمار ہوتی ہے، اس کے مصنف کون ہیں؟

(a)✓ انشاءاللہ خاں انشا (b) میر امن

(c) میر تقی میر (d) امام بخش ناسخ

سرسید احمد خاں شاعر بھی تھے، وہ کیا تخلص کرتے تھے؟

(a) احمد (b)✓ آہی

(c) سید (d) خیال

اردو میں تاریخی ناول لکھنے کے حوالے سے اولیت کا سہرا کس کے سر باندھا جاتا ہے؟

(a) نسیم حجازی (b) ڈپٹی نذیر احمد

(c) علامہ راشد الخیری (d)✓ مولانا عبدالحلیم شرر

قاضی عبدالودود کا کردار کس کا تخلیق کردہ ہے؟

(a) رتن ناتھ سرشار (b)✓ مشتاق احمد یوسفی

(c) اشفاق احمد (d) عبدالحلیم شرر

"گنجہائے گرانمایہ" اور "ہم نفسانِ رفتہ" خاکوں کے مجموعے ہیں، مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) مولوی عبدالحق (b) مولانا عبدالمجید سالک

(c)✓ رشید احمد صدیقی (d) محمد طفیل

-10 منصور موہنا، قیس ولبنیٰ، یوسف نجمہ اور ملک العزیز ورجنا قبیل کے تاریخی ناولوں سے کس ناول نویس کا نام ذہن میں آتا ہے؟

(a) نسیم حجازی (b) ایم اسلم

(c) قمر اجنالوی (d)✓ عبدالحلیم شرر

-11 روحِ ادب، شعلہ و شبنم، نقش و نگار اور حرف و حکایت منظومات کے مجموعے ہیں، شاعر کا نام لکھیے

(a) حفیظ جالندھری (b)✓ جوش ملیح آبادی

(c) عارف عبدالمتین (d) ظہیر کاشمیری

-12 شیخ محمد اکرام کی تصانیف آبِ کوثر، موجِ کوثر اور رودِ کوثر کا موضوع کیا ہے؟

(a) اسلامی تاریخ (b) تنقیدِ ادب

(c) شعر و شاعری (d)✓ تاریخِ ادب

-13 فارسی میں شیخ سعدی کو "بلبلِ شیراز" کہا جاتا ہے اُردو میں مرزا غالب کے علاوہ "بلبلِ ہند" لقب کسے حاصل ہے؟

(a)✓ داغ دہلوی (b) ابراہیم ذوق

(c) مومن خاں مومن (d) مصطفیٰ خاں شیفتہ

-14 مسدسِ حالی خواجہ الطاف حسین حالی کی طویل نظم ہے، اس کا موضوع کیا ہے؟

(a) مسلمانوں کی عظمتِ رفتہ

(b) مسلمانوں کا زمانہ حال

(c)✓ مدوجزرِ اسلام

(d) مسلمانوں کا تابناک مستقبل

-15 "بچوں کا شاعر" کسے کہا جاتا ہے؟

(a) حامد اللہ افسر (b)✓ اسماعیل میرٹھی

(c) صوفی تبسم (d) قیوم نظر

-16 "بابائے اُردو" مولوی عبدالحق کا لقب ہے۔ "آقائے اُردو" کن کو کہا جاتا ہے؟

(a)✓ مولانا محمد حسین آزاد (b) مولانا حالی

(c) مولانا شبلی نعمانی (d) سرسید احمد خاں

17- "یک شنبہ" ہفتے کا کون سا دن ہے؟

(a) ہفتہ (b)✓ اتوار

(c) بدھ (d) منگل

18- نہ گلِ نغمہ ہوں، نہ پردۂ ساز
میں ہوں اپنی شکست کی آواز
مرزا غالب کی ایک غزل کے اس شعر کو اصطلاح میں کیا کہیں گے؟

(a)✓ مطلع (b) حسنِ مطلع

(c) مطلع ثانی (d) مقطع

19- نہ گلِ نغمہ ہوں، نہ پردۂ ساز
میں ہوں اپنی شکست کی آواز
شعر میں قافیہ کیا ہے؟

(a) ساز، آواز (b)✓ پردۂ ساز، کی آواز

(c) نہ پردۂ ساز، شکست کی آواز

(d) شعر میں قافیہ نہیں ہے

20- نہ گلِ نغمہ ہوں، نہ پردۂ ساز
میں ہوں اپنی شکست کی آواز
شعر میں ردیف کیا ہے؟

(a) ساز، آواز (b) پردۂ ساز، کی آواز

(c) نہ پردۂ ساز، شکست کی آواز

(d)✓ شعر میں ردیف نہیں ہے

21- اقبالیات کے سو سال کے مرتبین کون ہیں؟

(a) ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی

(b) محمد سہیل عمر

(c) ڈاکٹر وحید عشرت

(d)✓ مندرجہ بالا سبھی

22- "روشنائی" کے مصنف کا نام بتایئے؟

(a)✓ سجاد ظہیر (b) علی سردار جعفری

(c) پروفیسر احمد علی (d) احتشام حسین

23- "دیوانِ غالب" کو کس نقاد نے الہامی کتاب قرار دیا ہے؟

(a) مولانا حالی (b) محمد حسین آزاد

(c)✓ عبدالرحمٰن بجنوری (d) شیخ محمد اکرام

24- "قرۃ العین حیدر" اردو کے کس معروف ادیب کی صاحبزادی کا نام ہے؟

(a) خواجہ حیدر علی آتش (b) امجد حیدر آبادی

(c) حیدر بخش حیدری (d)✓ سجاد حیدر یلدرم

25- قصیدے میں گریز سے پہلے کون سا فنی عنصر لایا جاتا ہے؟

(a)✓ تشبیب (b) مدح

(c) دُعا (d) حسنِ طلب

26- اُردو غزل کا عہدِ زریں کس شاعر کے دور کو کہا جاتا ہے؟

(a) میر تقی میر (b) فیض احمد فیض

(c) ولی دکنی (d)✓ مرزا غالب

27- علامہ اقبال کی نظم "مرزا غالب" ان کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟

(a)✓ بانگِ درا (b) بالِ جبریل

(c) ارمغانِ حجاز (d) اسرارِ خودی

28- پروفیسر قاضی عبدالقدوس ایم اے بی ٹی کس مزاح نگار کا معروف کردار ہے؟

(a) کرنل محمد خان (b)✓ مشتاق احمد یوسفی

(c) شفیق الرحمٰن (d) ابنِ انشا

29- اچھا خاصا بیٹھے بیٹھے گم ہو جاتا ہوں
اب میں اکثر میں نہیں رہتا تم ہو جاتا ہوں
یہ منفرد شعر کس شاعر کا ہے؟

(a)✓ انور شعور (b) جون ایلیا

(c) صابر ظفر (d) رئیس امروہوی

30- لکھنوی ہونے کے باوجود کس شاعر کے کلام میں دہلوی دبستان کی خصوصیت (داخلیت) بھی کثرت سے موجود ہے؟

(a) امام بخش ناسخ (b) خواجہ حیدر علی آتش

(c) انشاءاللہ خاں انشا (d)✓ غلام ہمدانی مصحفی

31- "سریلے بول" کس شاعر کی نظموں کا مجموعہ ہے؟

(a) میراجی (b) اسد محمد خاں

(c)✓ عظمت اللہ خاں (d) یاس یگانہ چنگیزی

32- "جستجو کیا ہے" کس ادیب کی آپ بیتی کا نام ہے؟

(a) اشفاق احمد (b) دیوان سنگھ مفتون

(c) مرزا ادیب (d)✓ انتظار حسین

33- ...بکرو آبادی اُردو طنز و مزاحیہ شاعری کے امام گردانے جاتے ہیں ان کے استادِ گرامی کا نام کیا ہے؟

(a)✓ وحید الہ آبادی (b) مضطر خیر آبادی

(c) داغ دہلوی (d) جگر مراد آبادی

34- شاعرِ رومان اختر شیرانی کا اصل نام کیا ہے؟

(a) محمد محمود خاں (b) محمد افضل خاں

(c)✓ محمد داؤد خاں (d) ثناء اللہ خاں

35- "نورِ جہاں" کس شاعرہ کا اصل نام ہے؟

(a) زہرہ نگاہ (b)✓ ادا جعفری

(c) کشور ناہید (d) شبنم شکیل

36- "معیار" پاکستان کی کس یونیورسٹی کا تحقیقی مجلہ ہے؟

(a) قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد

(b) پنجاب یونیورسٹی لاہور

(c) بہاءالدین زکریا یونیورسٹی ملتان

(d)✓ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

37- اُردو شاعری کا باوا آدم کسے قرار دیا جاتا ہے؟

(a)✓ قلی قطب شاہ (b) میر تقی میر

(c) ولی دکنی (d) مرزا غالب

38- ابوالکلام آزاد کی کتاب "غبارِ خاطر" کا تعلق کس صنفِ نثر سے ہے؟

(a) مضمون (b) افسانہ

(c)✓ مکتوب نگاری (d) آپ بیتی

39- سید امتیاز علی تاج کے ڈرامے "انارکلی" کے مرکزی کردار انارکلی کا اصل نام کیا ہے؟

(a) دلآرام (b)✓ نادرہ بیگم

(c) ثریا (d) مروارید

40- غلام عباس کے معروف افسانے "کتبہ" کا مرکزی کردار کون ہے؟

(a) مرید حسین (b) کاظم حسین

(c) زاہد حسین (d)✓ شریف حسین

41- قرۃ العین حیدر نے بنگلہ دیش کے قیام کے موضوع پر کون سا ناول لکھا ہے؟

(a)✓ آخرِ شب کے ہم سفر

(b) چاندنی بیگم

(c) کارِ جہاں دراز ہے (d) آگ کا دریا

42- "دہلی کا دبستانِ شاعری" کا شمار اہم تحقیقی کتابوں میں ہوتا ہے۔ اس کتاب کے مصنف کا نام بتایئے

(a) ڈاکٹر وحید قریشی (b) ڈاکٹر سلیم اختر

(c)✓ نورالحسن ہاشمی (d) ڈاکٹر انور سدید

43- "منٹو نوری نہ ناری" کس خاتون نقاد کی کتاب کا نام ہے؟

(a)✓ ممتاز شیریں (b) شاہین مفتی

(c) ڈاکٹر عقیلہ شاہین (d) ڈاکٹر ناہید قاسمی

44- رسالہ "معارف" کے بانی اور پہلے مدیر کون تھے!

(a) ابوالکلام آزاد (b)✓ سید سلیمان ندوی

(c) علامہ عنایت اللہ مشرقی

(d) ابوالاعلیٰ مودودی

45- ناصر کاظمی کا وہ کون سا شعری مجموعہ ہے جو ایک ہی غزلِ مسلسل پر مشتمل ہے؟

(a) دیوان (b) برگِ نَے

(c)✓ پہلی بارش (d) کوئی نام درست نہیں

46- حجاب امتیاز علی کا اصل نام کیا ہے؟

(a)✓ عطیہ بیگم (b) فاطمہ بیگم

(c) زینب بیگم (d) طاہرہ بیگم

47- پنڈت دیا شنکر ناتھ نسیم کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(a) غزل (b) قصیدہ

(c) مرثیہ (d)✓ مثنوی

48- "جہانِ معلوم" کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(a) انور شعور (b)✓ افتخار عارف

(c) عزیز حامد مدنی (d) شہزاد احمد

-49 "نکات الشعرا" کس کا لکھا تذکرہ ہے؟
(a) عبدالغفور نساخ (b) امیر مینائی
(c) مولوی کریم الدین احمد
(d) ✓ میر تقی میر

-50 "مخزن" کس لائبریری کا جریدہ ہے؟
(a) پنجاب پبلک لائبریری لاہور
(b) ✓ قائداعظم لائبریری لاہور
(c) دیال سنگھ لائبریری لاہور
(d) نیشنل لائبریری آف پاکستان (NPL) اسلام آباد

-51 "ماہ رخ" کس معروف مثنوی کا کردار ہے؟
(a) گلزار نسیم (b) ✓ سحر البیان
(c) گل رعنا (d) زہر عشق

-52 ڈاکٹر وزیر آغا کے جریدے "اوراق" نے کس نثری صنف کے فروغ کے لیے قابل قدر خدمات انجام دیں؟
(a) مضمون (b) سفرنامہ
(c) خاکہ نگاری (d) ✓ انشائیہ

-53 "ماہِ تمام" کس شاعرہ کا شعری کلیات ہے؟
(a) شبنم شکیل (b) پروین فنا سید
(c) ✓ پروین شاکر (d) فہمیدہ ریاض

-54 "صحرانورد کے خطوط" اور "صحرانورد کے رومان" کس کے افسانوی مجموعے ہیں؟
(a) ✓ میرزا ادیب (b) اے حمید
(c) سجاد حیدر یلدرم (d) حجاب امتیاز علی تاج

-55 "یا خدا"، "ماں جی" اور "نفسانے" کس کی تصانیف ہیں؟
(a) اشفاق احمد (b) ✓ قدرت اللہ شہاب
(c) ممتاز مفتی (d) شوکت صدیقی

-56 ہم کو شاہوں سے عدالت کی توقع تو نہیں
آپ کہتے ہیں تو زنجیر ہلا دیتے ہیں
یہ شعر کس کی تخلیق ہے؟
(a) حبیب اللہ جالب (b) احمد فراز
(c) فارغ بخاری (d) ✓ عبدالحمید عدم

-57 چار جلدوں پر مبنی کتاب "شعر شور انگیز" کس کی تصنیف ہے؟
(a) ✓ شمس الرحمٰن فاروقی (b) گوپی چند نارنگ
(c) شمیم حنفی (d) ابوالکلام قاسمی

-58 جگر مراد آبادی کا اصل نام کیا ہے؟
(a) علی نظر (b) علی احمد
(c) ✓ علی سکندر (d) علی شان

-59 اُردو کی رومانوی تحریک کا ترجمان کس جریدے کو قرار دیا جاتا ہے؟
(a) ✓ مخزن (b) ہمایوں
(c) عالمگیر (d) ساقی

-60 "نوطرزِ مرصّع" اُردو کے ابتدائی زمانے کی معروف تصنیف ہے اس کے مصنف کون ہیں؟
(a) فضل علی فضلی (b) ✓ عطا حسین خاں تحسین
(c) محمد امین ایا فی (d) مرزا ہجا پوری

-61 غزل اس نے چھیڑی، مجھے ساز دینا
ذرا عمرِ رفتہ کو آواز دینا
یہ مشہور شعر کس شاعر کی تخلیق ہے؟
(a) جعفر علی اثر لکھنوی (b) ثاقب لکھنوی
(c) ✓ صفی لکھنوی (d) ناطق لکھنوی

-62 "دانشوری کی گفت گو" سے کیا مراد ہے؟
(a) عجز و انکسار کی گفت گو
(b) اخلاق سے گری ہوئی باتیں
(c) لیت و لعل پر مبنی گفتگو (d) ✓ ڈینگ کی گفت گو

-63 "نانِ شیر" سے کیا مراد ہے؟
(a) لذیذ روٹی (b) ✓ نرم روٹی
(c) خمیری روٹی (d) باسی روٹی

-64 "ٹکسالی زبان" سے کیا مراد ہے؟
(a) نامکمل زبان (b) اغلاط سے پُر زبان
(c) ✓ فصیح و مستند زبان (d) غیر مستند زبان

-65 "عروجِ اقبال" کس کی تصنیف ہے؟

(a) ✓ ڈاکٹر افتخار صدیقی (b) ڈاکٹر سلیم اختر
(c) ڈاکٹر حسین فراقی (d) ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی

[illegible] میں سے [illegible] ہے جو گل سو رہ کف
[illegible] رستے میں لٹایا خزانہ کیا
اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
(a) صنعت تضاد (b) صنعت مراعات النظیر
(c) ✓ صنعت تجنیس (d) صنعت لف و نشر

[illegible] بیان و بدیع کے موضوع پر مشہور کتاب "[illegible] الفصاحت" کس کی تصنیف ہے؟
(a) ✓ نجم الغنی (b) خوب محمد چشتی
(c) امام بخش صہبائی (d) انشاء اللہ خاں انشا

[illegible] بولیوں میں سے ایک بولی ترقی پا کر اُردو کے پیکر میں ڈھل گئی۔" یہ کس ماہر لسانیات کا نظریہ ہے؟
(a) ڈاکٹر سہیل بخاری (b) ✓ ڈاکٹر شوکت سبزواری
(c) مسعود حسن رضوی ادیب
(d) عین الحق فرید کوٹی

"اعمال نامہ" کے زیر عنوان کس ادیب نے اپنی آپ بیتی لکھی؟
(a) ✓ سر رضا علی (b) حکیم احمد شجاع
(c) مولانا جعفری تھانیسری
(d) قاضی عبدالغفار

"نکات سخن" فن شعر پر مستند کتاب ہے، یہ کس کی تصنیف ہے؟
(a) طالب انصاری (b) عدیم صراحی
(c) ✓ حسرت موہانی (d) نظم طباطبائی

"الزبیر" اُردو کا موقر سہ ماہی جریدہ ہے، اس کا تعلق کس ادارے سے ہے؟
(a) نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد
(b) اردو سائنس بورڈ، لاہور
(c) پاکستان آرٹس کونسل، پشاور
(d) ✓ اردو اکیڈمی، بہاولپور

کسی کا قول من و عن اسی کے الفاظ میں درج کرنے کے لیے رموز اوقاف کی کون سی علامت استعمال کی جاتی ہے؟
(a) توسین (b) ندائیہ
(c) لجائیہ (d) ✓ ان میں سے کوئی نہیں

-73 جاپانی صنفِ نظم "ہائیکو" میں جو اُردو میں بھی لکھی جاتی ہے، کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟
(a) تین مصرعے (b) پانچ مصرعے
(c) چھے مصرعے (d) ✓ چودہ مصرعے

-74 "نرگسِ بیمار" کی ترکیب اُردو میں کن معنوں میں رائج ہے؟
(a) آشوبِ چشم (b) ✓ مست آنکھ
(c) دیدۂ بینا (d) کور چشم

-75 "کندۂ ناتراش" کی ترکیب اُردو میں کن معنوں میں رائج ہے؟
(a) ✓ بے وقوف (b) نکما
(c) ناہنجار (d) کم عمر

-76 "چراغِ سحری" کی ترکیب کا مفہوم کیا ہے؟
(a) نومولود (b) مبلغ
(c) ✓ قریبِ مرگ (d) نیکوکار

-77 "برآشفتہ" کی ترکیب کے کیا معنی ہیں؟
(a) خوش و خرم (b) آہستہ خرام
(c) چالاک و مکار (d) ✓ غصے سے بھرا ہوا

-78 "سبزۂ بیگانہ" کی ترکیب کن معنوں میں مستعمل ہے؟
(a) ✓ خودرو سبزہ (b) سرسبز و شاداب
(c) کانٹوں بھری جھاڑیاں
(d) پھولوں سے لدے پھندے پودے

-79 "عذرِ لنگ" کی ترکیب اُردو میں کن معنوں میں استعمال ہوتی ہے؟
(a) معقول عذر (b) ✓ فضول عذر
(c) لنگڑاتا ہوا (d) زخم خوردہ

-80 "گولر کا پھول کھلنا" محاورہ ہے، اس کا مفہوم ہے
(a) بہار کی آمد آمد ہونا (b) ✓ انہونی بات ہونا
(c) دل کی کلی کھلنا
(d) چاروں طرف خوشبو کا پھیل جانا

-81 "گونگے کا گڑ کھانا" محاورہ ہے، اس کا مفہوم کیا ہے؟

(a) بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا
(b) آئیں بائیں شائیں کرنا
(c) ✓ چپ سادھنا (d) حیرت کا اظہار کرنا

-82 "پیٹ کاٹنا" محاورہ ہے، اس کا مطلب کیا ہے؟
(a) پیٹ کا آپریشن کرنا (b) پیٹ میں چھرا گھونپنا
(c) خون بہانا (d) ✓ اخراجات میں کمی کرنا

-83 "تصور بنا دینا" کا محاورہ ہے، اس کے معنی کیا ہیں؟
(a) ✓ حیرت میں ڈال دینا (b) جھگڑا کرنا
(c) منظر کشی کرنا
(d) رنگوں کا استعمال بڑی احتیاط سے کرنا

-84 "تحمل کرنا" محاورہ ہے، اس کا مفہوم کیا ہے؟
(a) پانی کا چھڑکاؤ کرنا (b) ✓ چالاکی کرنا
(c) ہوا دینا (d) ذاتی ذہنیت کرنا

-85 "سبز قدم ہونا" محاورہ ہے، اس کا مفہوم ہے؟
(a) کسی کی تقلید کرنے کے آگے بڑھنا
(b) مبارک ہونا
(c) تیز تیز قدم اٹھانا (d) ✓ منحوس ہونا

-86 کون سی ضرب المثل درست ہے؟
(a) ایک انار ہزار بیمار (b) ایک انار ہزاروں بیمار
(c) ✓ ایک انار سو بیمار (d) ایک انار ایک صد بیمار

-87 ضرب المثل درست کیجیے
(a) آسمان سے گرا کوٹھے پر اٹکا
(b) آسمان سے گرا چھت پر اٹکا
(c) آسمان سے گرا درخت میں اٹکا
(d) ✓ آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا

-88 کون سی ضرب المثل درست ہے؟
(a) بکرے کی دادی کب تک خیر منائے گی
(b) ✓ بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی
(c) بکرے کی نانی کب تک خیر منائے گی
(d) بکرے کی بہن کب تک خیر منائے گی

-89 کون سی ضرب المثل درست ہے؟
(a) سمندر میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر
(b) تالاب میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر
(c) ✓ دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر
(d) پانی میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر

-90 کون سی ضرب المثل درست ہے؟
(a) ✓ نہ نو من تیل ہوگا، نہ رادھا ناچے گی
(b) نہ دس من تیل ہوگا، نہ رادھا ناچے گی
(c) نہ بارہ من تیل ہوگا، نہ رادھا ناچے گی
(d) نہ دو من تیل ہوگا، نہ رادھا ناچے گی

-91 فعل لازم کون سا فعل ہے؟
(a) جو فاعل کے ساتھ مفعول کو بھی چاہے
(b) ✓ جو صرف فاعل کو چاہے
(c) فعل ناقص کا دوسرا نام ہے
(d) ان میں سے کوئی بیان درست نہیں

-92 درست لفظ کی نشان دہی کیجیے
(a) ✓ مُناظرہ (b) مناظرہ
(c) مناظَرہ (d) مناظرہ

-93 امت، امر، انگ، اچھوت الفاظ میں کون کی علامت [illegible]
ہوئی ہے؟
(a) ✓ سابقہ (b) لاحقہ
(c) سابقہ اور لاحقہ دونوں
(d) ان میں سے کوئی بیان درست نہیں

-94 صاحب نظر، صاحب دل، صاحب علم، صاحب [illegible]
"صاحب" کو قواعد کی رو سے کیا کہیں گے؟
(a) لاحقہ (b) ✓ سابقہ
(c) حاصل مصدر (d) اسم مشتق

-95 صبح، شام، دن، رات کو قواعد کی رو سے کیا کہیں گے؟
(a) اسم ظرف مکاں (b) ✓ اسم ظرف زماں
(c) اسم نکرہ (d) اسم معرفہ

-96 قائد ملت، شہید ملت، مادر ملت کو قواعد کی رو سے کیا کہیں گے؟
(a) تخلص (b) عرف

(c) [illegible]
(d) ✓ لقب

[illegible]
(c) خطاب

[illegible] عمر کہ باریک و تیرہ و زنداں ہے
[illegible] ت دل تنگ یوسف جاں ہے
[illegible] اس شعر میں علم بیان کی کون سی صورت استعمال ہوئی ہے؟
(a) تشبیہ (b) استعارہ
(c) مجاز مرسل (d) کنایہ

[illegible] بلبل چہک رہا تھا ریاض رسول میں
[illegible] اس مصرعے میں علم بیان کی کون سی صورت استعمال ہوئی ہے؟
(a) تشبیہ (b) ✓ استعارہ
(c) مجاز مرسل (d) کنایہ

[illegible] جگ کی کیوں کر کروں بیاں
[illegible] کر مثل شمع نہ جلنے لگے زباں
